ترقیمے، مہریں، عرض دیدے

ترقیمے، مہریں، عرض دید سمینار ۲۸- ۳۰ ستمبر ۱۹۹۴ء کے مقالات اور روداد

خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ

Marfat.com

Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi
Preserved in Punjab University Library.

پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ
پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ

Marfat.com

Marfat.com

ترقیمے، مہریں، عرض دیدے

ترقیمے، مہریں، عرض دیدے سمینار ۲۸- ۳۰ ستمبر ۱۹۹۴ء کے مقالات اور روداد

خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ

Marfat.com

138197

اشاعت : ۱۹۹۸ء
قیمت : ۲۵۰/- دو سو پچاس رُپے
غیر ممالک کے لیے : بارہ ڈالر

جے۔ ٹی۔ ایس پرنٹرس، لنگر ٹولی، پٹنہ ۸۰۰۰۰۴ میں طبع ہوئی۔

Marfat.com

حرفے چند

مخطوطات سے متعلق عمومی باتوں میں گیرائی تو آجاتی ہے، پر ضروری امور پر گہرائی سے بات نہیں ہو پاتی۔ ہر اہم جہت پر تفصیل سے بحث ہو تو بہت مفید نکتے سامنے آجاتے ہیں اسلیے ہم نے یہ خیال کیا کہ مخطوطات کی ایک خاص جہت یعنی "ترقیموں، مہروں اور عرض دیدوں" پر ایک پورا سمینار کیوں نہ منعقد ہو، تاکہ مفید نتائج نکل سکیں۔

سمینار (۲۸-۳۰ ستمبر ۱۹۹۴ء) ہوا اور اچھے نتائج بھی نکلے، بحث میں بھی اور مباحثہ بھی، جیسا کہ ہر اچھے سمینار کی خصوصیت ہوتی ہے۔ لوگ سوچتے ہوئے گئے، مطمئن مگر بیچین سوچ۔

اب یہ مقالات اور بحث کے نکتے آپ کی خدمت میں پیش ہیں۔

—— عرب

Marfat.com

Marfat.com

فہرست

✡ خطبہ استقبالیہ	ڈاکٹر عابد رضا بیدار	۱
✡ خطبہ افتتاحیہ	ڈاکٹر راجندر پرشاد	۴
✡ صدارتی ارشادات	پروفیسر عطا کاکوی	۹
✡ کچھ اہم عرض دیدے، کچھ مہریں اور تتمے	پروفیسر امیر حسن عابدی	۱۱
✡ مہریں، ترقیمے، عرض دیدے، یادداشتیں	ڈاکٹر ضیاء الدین ڈیسائی	۴۳
✡ مہریں۔ ترقیمے۔ متفرق تحریریں	پروفیسر محمد انصار اللہ	۸۳
✡ چند اہم عربی مخطوطات۔ ایک تعارف! عرض دیدہ مہروں اور کالوفن کی صراحت کے ساتھ	پروفیسر عبدالباری	۱۳۱
✡ کتابخانہ خدابخش کے چند فارسی مخطوطوں کے ترقیموں اور مہروں کا ایک مختصر جائزہ	پروفیسر انوار احمد	۱۴۲
✡ تیموری مغلوں کے کتابخانوں میں مہریں، ترقیمے اور عرض دیدے	جناب سید فرخ جلالی	۱۴۷

Marfat.com

✡ چند اہم ترقیمے	ڈاکٹر شریف حسین قاسمی	۱۶۲
✡ عربی فارسی مخطوطات کا خصوصی مطالعہ: مہر، عرضدیدہ، ترقیمہ	جناب مہر الٰہی	۱۷۰
✡ عرض دیدہ کیا ہے؟	ڈاکٹر عطا خورشید	۱۸۳
✡ ترقیمہ: اہمیت و افادیت	ڈاکٹر عتیق الرحمٰن	۱۸۸
✡ ترقیمہ اور اس کی افادیت	جناب مصباح الحق عمادی	۲۰۶
✡ خدا بخش فارسی مخطوطات کے ترقیمے میں تاریخی شواہد	ڈاکٹر افتخار احمد مدنی	۲۱۲
✡ مثنوی خسرو و شیریں، از مرزا جعفر بیگ	جناب محمد بدرالدین	۲۱۹
✡ مآثر رحیمی کا ایک اہم نسخہ	جناب محمد شاہ جہاں قاسمی	۲۲۱
کچھ عرض دیدے، کچھ مہریں اور کچھ ترقیمے (بغیر تعارف)	پروفیسر حکیم سید ظل الرحمٰن	۲۲۷
✡ مباحثے		۳۰۵

انگریزی مقالات

✡ مخطوطات کے ایک عظیم مرکز مولانا آزاد لائبریری علیگڑھ کے اہم عرض دیدے، ترقیمے اور مہریں	پروفیسر نور الحسن خاں ڈاکٹر عطا خورشید ڈاکٹر شائستہ خاں	۱
✡ عربی و فارسی مخطوطات پر مہریں، عرض دیدے اور دیگر متعلقہ عبارتیں - ایک تعارف	پروفیسر ابو محفوظ الکریم المعصومی	۶۸
✡ ترقیمے، عرضدیدے اور مہریں: مخطوطات کا ایک مطالعہ	ڈاکٹر رحمت علی خاں	۷۵
✡ کچھ مہریں، ترقیمے اور عرض دیدے: ایک مطالعہ	ڈاکٹر سید اعجاز حسین	۱۰۵

✡✡✡

Marfat.com

ترقیمے، مہریں، عرض دیدے

ترقیمے، مہریں، عرض دیدے سمینار ۲۸-۳۰ ستمبر ۱۹۹۴ء کے مقالات اور روداد

Marfat.com

Marfat.com

خطبہ استقبالیہ

ڈاکٹر غابد رضا بیدار

مہروں، عرضدیدوں اور ترقیموں پر اس سمینار میں شریک ہونے والوں کا ہم استقبال کرتے ہیں۔ آج ملک کے جو حالات ہیں ان کا مقابلہ ان اسکالرز کو بھی کرنا ہے جو مہروں اور ترقیموں پر کام کرتے ہیں ورنہ کہا یہی جائے گا جو مولانا آزاد نے غبار خاطر میں لکھا تھا کہ جب دشمن کی فوجیں حد پار کر کے عین شہر میں داخل ہونے کے بعد توپوں سے قلعوں کو مسمار کر رہی تھیں اس وقت علما اپنے خواجگان میں مصروف تھے یا ایک اور روایت کے مطابق جب ایک اور موقع تھا کہ جب مسلمان زندہ قوم تھے تو عیسائی علما یہ بحث کر رہے تھے کہ ایک سوئی کی نوک پر کتنے فرشتے بیٹھ سکتے ہیں اگر کچھ Genu-ine حالات ہوں۔ ترقیمہ، مہر، عرضدیدہ پر بحث کرنا ایسے وقت میں کہ جب پورے ملک میں آگ لگی ہوئی ہو، ایودھیا کو دو سال بھی نہ بیتے ہوں اس سے فائدہ اٹھانے والے پہلے بمبئی کو جلائیں۔ اس کے بعد دو سب سے قریب پڑوسی کے ملکوں میں ایک دوسرے کے خلاف آگ لگاتے رہیں تاکہ اپنا حلوہ مانڈہ تو کم از کم محفوظ رہے۔ ایک دوڑ ہے کہ کون اس بات پر ووٹ زیادہ لے لیتا ہے کہ میں تمہاری بات مانوں گا تم میرے لیڈر ہو، میں تمہارا لیڈر نہیں ہوں۔ تم ادھر میری گردن موڑو گے میں مڑ جاؤں گا۔ میں تمہیں رہنمائی کرنے والا کوئی نہیں ہوں۔ ہر لیڈر اس دوڑ میں آگے بڑھ رہا ہے کہ عوام کس طرف لے جانا چاہتے ہیں اور اس میں سیکولر پارٹیاں Socalled کمیونل پارٹیوں سے مسابقت میں آمادہ ہیں کون آگے بڑھ جائے تاکہ زیادہ ووٹ مل جائے۔ ایسے موقع پر ہم یہ بحث کریں کہ کولوفن کی رو سے کوئی مخطوطہ کس حد تک صحیح بیٹھتا ہے یا کس حد تک جعلی ہے، چیز جو Erase کی گئی ہے اس کا مقصد کیا ہے عرضدیدہ صرف Slock Verifier ہی استعمال کرتے تھے یا دوسرے لوگ بھی، صرف بادشاہوں کے لیے مخصوص تھا یا عام طور سے لائبریریوں میں اس کا استعمال تھا۔ عرضدیدہ کے ساتھ ہی کلاسیفکیشن دے دیا

Marfat.com

جاتا تھا یا وہ Separately independent discipline تھا، ۱، ۲، ۵
جوا عداد ملتے ہیں۔ کیا اگر ترقیمہ تاریخ کے ساتھ ہو، نام کے ساتھ ہو تو کیا، ہمیں ایسے ہی مان لینا چاہیے
جیسے کہ وہ کہہ رہا ہے یا اس کی جستجو کرنی چاہیے کہ اس کے پیچھے کیا ہے وہ ہمیں دھوکہ دینے کے لیے تو نہیں
کہہ رہا ہے۔ اس کا مقصد وہ تو نہیں ہے جو مشہور جعلسازوں کا تھا جو انھوں نے کاغذ زمین کے نیچے دفن کر
دیا تھا لکھ کر اور یکایک گیارہویں یا تیرہویں سال روایت کے مطابق کھدائی ہوئی وہاں، اور وہ
پنے دریافت ہوے اور وہ لاکھوں میں بکے۔ پھر موت کے وقت جب وہ پادری کے پاس جاتا ہے
تو حلفیہ اقرار کرتا ہے کہ میں نے یہ دھوکہ بازی کی تھی کیونکہ مجھے لاکھ پونڈ کی یافت ہو رہی تھی تو یہ
سلسلہ ہر جگہ چلتا ہے۔ یہ بحثیں کس حد تک ریلیونٹ ہیں کیا ہم سوسائٹی کے سامنے مجرم تو نہیں ٹھہریں
گے۔ کچھ دن بعد کہ خدا بخش لائبریری میں اس وقت جب ایسے حالات تھے تو لوگ یہ بحثیں کر رہے تھے
کہ ترقیمہ، عرضدیدہ اور مہریں ان سے مخطوطات کے مطالعے میں کیا مدد لے سکتے ہیں، جب بال کی
کھال نکالنے کا زمانہ بڑھتا چلا جا رہا ہے تو مخطوطہ صرف مخطوطہ ہی کی حد تک کیوں رہ جائے اور اس کے
Dimensions جو ہیں اس پر بحث کیوں نہ ہو۔ آنے والی نسلیں ہمیں کس نام سے یاد کریں گی۔
سماج کے بہت بڑے مجرم کی حیثیت سے یا پھر کچھ اور تجزیہ کر کے ہمارے بارے میں کچھ اور فیصلہ کریں گے
کچھ لوگوں کا خیال یہ ہے کہ اگر ہر حلقہ، ہر شخص، ہر ادارہ، ہر سماج اس کو جو کام سونپے گئے ہیں وہ اچھے
طریقے سے کر لے۔ اپنی اپنی جگہ پر اگر ہر شخص اچھا بن جائے دوسروں کو نہ بنائے کوئی ذمہ داری نہ لے
صرف وہ شخص اپنی جگہ اچھا بن جائے۔ اگر ہر حلقہ اپنی جگہ صرف وہ کام کرلے جو اس کا منصب ہے اور
ایسا کام کرلے جو اس کا حق ہے اور ستائش کی تمنا اور صلے کی پرواہ کیے بغیر کام کرے تو اس کا وہ حق
وہ فرض ادا ہو گیا جو سماج نے دیا تھا اور ایسا بھی نہیں ہے کہ آپ اور ہم ترقیمے پر بحث کریں تو یہ سماجی
عمل میں ہم داخل نہیں ہوے ہیں۔ ایک تو ہم نے اپنا منصب پورا کیا ہے اس عہد میں جب ڈاکٹر
کلینک میں نہیں ملے گا وہ اس وقت لیبر منسٹر کے یہاں بیٹھا ہوگا، اس وقت جب آبپاشی محکمے کا انجنیر
اپنی سیٹ پر نہیں ہوگا تو اس وقت وہ ایریگیشن منسٹر کے یہاں حاضری دے رہا ہوگا وہ اس وقت
اگلے الیکشن کے لیے اسے سیٹ کیسے مل جائے اس میں مصروف ہوگا۔ ایسے وقت میں اگر اپنے اپنے منصب
کو پورا کرلے کوئی تو یہ بہت بڑی بات ہے۔ دوڑ ہے اس بات کی کہ کیسے سیاست میں داخل ہو آدمی

Marfat.com

کیونکہ اس میں آسانی کے ساتھ منصب مل جاتا ہے اور منصب، طاقت، یہ دونوں پیسہ جنریٹ کرتی ہے اور کبھی کبھی پیسہ طاقت جنریٹ کرتا ہے۔ یہ دونوں تینوں پلٹے ہوئے ہیں ایک دوسرے سے، کیا کیجیے زمانہ یہی ہے تو اگر خدا بخش لائبریری یہ بحث کرتی ہے آج کہ الکشن کیسے ہونا چاہیے۔ پروپورشنل ریپریزنٹیشن ہونا چاہیے۔ پریسیڈنشیل ٹائپ کی حکومت ہونی چاہیے یا پارلیامنٹری سسٹم آف گورنمنٹ ہونا چاہیے۔ یہ اس کے لیے بہت اچھا موضوع نہیں ہے۔ اس نے اپنے منصب سے گریز کیا ہے۔ کیونکہ اس کے پیچھے تو سب لگے ہوئے ہیں۔ خدا بخش لائبریری بھی اگر مخطوطات پر بحث نہیں کرتی ہے اور آپ جو اس کے ماہرین ہیں صبح اخبار جب پڑھتے ہیں تو ایک گھنٹہ اس پر بحث کرتے ہیں۔ تو اپنے آپ کو دوسروں کے سامنے محجوب اور شرمسار سمجھنے کی کوئی وجہ نہیں ہے اگر اپنا حق ادا کرتا ہے اور یہ بھی کہ کہاں تک دوسرے مسئلوں میں پڑے رہیں گے۔ مجھے خوشی ہے کہ یہ سمینار اس موضوع پر برپا ہو سکا۔

ڈاکٹر راجندر پرشاد صاحب آئی آئی ٹی میں فلاسفی کے چیئرمین رہ چکے ہیں۔ وہ تشریف لے آئے ہیں۔ رسل نے کہا تھا کہ اب ایج وہ آگئی ہے کہ ہم فلاسفی کے ٹیچرس پیدا کر سکتے ہیں۔ فلاسفر پیدا نہیں کر سکتے، سوچنے کی ایج ختم ہوگئی۔ ہمارے ایک بہت اچھے ناول نگار عبداللہ حسین نے ایک ناول کے ایک چیپٹر کا خاتمہ اس طرح کیا تھا کہ سوچو مت سوچنے سے کنویں میں زہر پھیل جاتا ہے۔ فضائیں سم آلود ہو جاتی ہیں۔ سوچو مت یہ نمائندگی کر رہا تھا اس ایج کی جس میں سوچنا گناہ ہو گیا ہے۔ سوچنے کا وقت بھی کہاں ملتا ہے۔ ایسے میں اگر ہمارے محترم دوست راجندر پرشاد صاحب جیسے لوگ پٹنہ میں میسر آجائیں تو یہ ہمارے لیے بڑی نعمت ہے۔ ایسی نعمتوں پر ہم خدا کا شکر ادا کرتے ہیں کیونکہ اگر شکر بھی ادا نہ کریں تو اللہ ناشکروں کو پسند نہیں کرتا۔ یہ سمینار جو اسپیشلسٹ کا سمینار ہے، جس میں لوگ مخطوطات کی بات کرنے آگئے ہیں انھیں بھی ہم ڈاکٹر راجندر پرشاد صاحب کی باتوں سے محروم نہ رکھیں۔ ان کی باتوں میں انسپائریشن ملتا ہے۔ آپ کی باتیں دور دور تک سنی جانی چاہئیں۔ اس سمینار کا افتتاح ڈاکٹر راجندر پرشاد کے افتتاحی کلمات سے ہوگا اور جلسے کی صدارت پروفیسر عطاء الرحمٰن عطا کاکوی صاحب فرمائیں گے۔

Marfat.com

خطبہ افتتاحیہ

ڈاکٹر راجندر پرشاد

مخطوطات کے ساتھ ہمیں کس طرح کا ویوہار (سلوک) کرنا چاہیئے اور منوسکرپٹ کی طرف کس نظر کس مطلب سے دیکھنا چاہیئے۔ آپ دیکھیں گے کہ جب کوئی رائٹر کچھ لکھتا ہے تو اپنی ساری باتیں وہ نہیں کہتا جنھیں وہ کہنا چاہتا ہے، وہ نہ کہہ سکتا ہے اور نہ کہنا چاہیئے۔ اگر وہ ساری باتیں کہنے لگے تو منوسکرپٹ کا آکار (سائز) بڑھ جائے گا اور کبھی کبھی وہ اتنا بے ڈھنگا ہو جائے گا کہ پڑھنے والے سنبھال نہیں پائیں گے۔ اس لئے ہر رائٹر کچھ چیزوں کو بنا کہے ہوئے کہہ دیتا ہے اگر پڑھنے والا اچھی طرح ان کو سمجھنے کی کوشش کرے۔ ہر منوسکرپٹ میں کچھ Omissions ہوتے ہیں۔ یہ کئی وجہوں سے ہو سکتے ہیں، ایک وجہ یہ ہوتی ہے کہ لکھنے والے کیلئے یہ چیزیں قیمت نہیں رکھتی ہیں۔ دوسری بات یہ کہ اتنی سہج، اتنی مانی ہوئی، جانی ہوئی بات ہو کہ کہنے کی ضرورت نہیں ہو، پڑھنے والا خود جان جائے گا۔ اسے Assumption کہتے ہیں۔ وہ Assume کرے گا۔ تیسری بات یہ کہ ہر لیکھک (مصنف) کے سامنے اپنی بات کہنے کے لئے کچھ ٹولز ہوتے ہیں۔ یہ ٹولز کانسیپٹ ہوتے ہیں، جن کے میڈیم سے اپنی باتیں ہم کہتے ہیں اور ایک Developed age کی پہچان ہے کہ اس کے پاس کانسیپٹ کا بہت Rich اسٹاک ہوتا ہے۔ جب ہمارا اسٹاک کمزور ہوگا تو کچھ باتوں کو ہم نہیں کہہ پائیں گے۔ دوسرے ایج میں کانسیپٹ ڈولپ کئے جائیں گے تب اپنی باتیں ہم کہہ پائیں گے۔ گریک لیکھکوں کے زمانے میں کچھ کانسیپٹ نہیں تھے، چیزیں تھیں کہنے کی لیکن ان چیزوں کو کہنے کا میڈیم نہیں تھا۔ وہ کہہ نہیں پائے۔ بعد کے سوچنے والوں نے کانسیپٹ ڈولپ کیا اور ان باتوں کو پورا کیا۔ اسی طرح سے جو نالج کا ڈولپمنٹ ہے وہ آگے ہمیشہ بڑھتا جاتا ہے۔ تیسری وجہ Omission کی ہوتی ہے اس لیکھک کے پاس ویسے کانسیپٹ نہیں تھے، جن کے میڈیم سے وہ اپنی باتیں کہہ سکتا تھا۔

Marfat.com

اور اپنی بات وہ کہنا چاہتا ہے، اس لیے وہ اپنے کو بڑے پس و پیش میں پاتا ہے۔ کیسے کہوں، کیا کہوں اگر اسکے Thought اتنے مضبوط ہیں کہ وہ کہے بنا نہیں رہ سکتا ہے تو کہہ ڈالے گا کسی اور میڈیم سے جب ایکدوسرے زمانے کا آدمی پڑھے گا تو اپنے کانسیپٹ لگا کر دیکھنا چاہے گا اور اس کو سمجھنے میں دقت ہو جائے گی تو کسی منوسکرپٹ میں کچھ Omissions ہوتے ہیں، جس کے کئی حصے ہوتے ہیں۔ ایک تو یہ کہ لکھنے والے کی نظر میں اس چیز کی اہمیت نہیں ہو، دوسری وجہ یہ کہ وہ چیز اتنی جانی مانی ہو کہ، پڑھنے والا خود Assume کر لیتا ہو، تیسری بات اس کے پاس ان چیزوں کے کہنے کے لیے کانسیپٹ نہیں ہیں۔ اگر ہم کوئی پرانا منوسکرپٹ پڑھیں تو ہمیں کیا کرنا چاہیئے۔ اس کے دو پرنسپل ہیں۔ پہلا پرنسپل یہ ہونا چاہیئے کہ لکھنے والا اپنی تحریر میں ایماندار ہو، یعنی لیکھک نے اپنی بات کو Systemetic ڈھنگ سے کہنے کی کوشش کی ہے۔ جسے Law میں In-principle کہتے ہیں کسی بھی آدمی کو Inconsistency اچھی نہیں لگتی ہے۔ یہ انسانی فطرت ہے کہ ہم Consistency کو پسند کرتے ہیں لیکھک بھی چاہتا ہے کہ اپنی بات کو ہم Systemetic ڈھنگ سے کہیں۔ اتنا ماننا اپنے اوپر بہت بڑی ذمہ داری کو لینا ہے۔ میں نے ایک منوسکرپٹ لیا۔ میں نے In-principle مان لیا کہ لیکھک بھی اپنی بات کو Systemetic ڈھنگ سے کہنے کی کوشش کر رہا ہے۔ تو میرا فرض ہوتا ہے کہ میں اس کی تحریر میں Consistency ڈھونڈوں۔ مطلب یہ کہ Interpretation کے پیچھے ایک گائیڈ لائن ہونی چاہیئے کہ منوسکرپٹ کا انٹرپریٹیشن اس طریقے سے کیا جائے تاکہ وہ منوسکریٹ ایک Systemeticness کے روپ میں ابھر کر سامنے آجائے۔ کہیں کہیں آپ دیکھیں گے نہیں ہے۔ لیکھک منوسکرپٹ کے ایک صفحے پر کچھ کہتا ہے، دوسرے صفحہ پر کچھ اور کہتا ہے۔ اور اس کی کہی ہوئی باتوں میں کچھ نہ کچھ Inconsistency دکھائی دیتی ہے۔ تو کیا ہم اس Inconsistency کو بھلا دیں نہ لکھیں، یا اس کو اجاگر کریں اور یہیں پر ایک Able، ایک Incompetent interprator کی پہچان ہو جاتی ہے۔ ایک کمپٹنٹ انٹرپریٹر اس میں Consistency کس طرح ڈھونڈے گا ایک اور سدھانت ہے — Principle of text & context کوئی بھی ٹکسٹ کوئی منوسکرپٹ اپنے آپ میں پورا نہیں ہوتا ہے۔ ہر ایک ٹکسٹ ایک Context میں لکھا جاتا ہے تو انٹرپریٹر کو دیکھنا ہوگا کہ وہ Context کیا تھا۔ جس کنٹکسٹ میں منوسکرپٹ لکھا گیا Inprinciple ہم،

Marfat.com

یہ مان کر چلتے ہیں کہ منوسکرپٹ میں Systemeticness ہے، لیکن کہیں کہیں Inconsistency بھی دکھائی پڑتی ہے تو ہم کیا کریں، ایسے حالات میں ہمیں لانا پڑے گا۔ Principle of text & context کیونکہ ہر ایک ٹکسٹ ایک Context میں لکھا جاتا ہے۔ اب دیکھنا پڑے گا۔ کس Context میں یہ مخطوطہ لکھا گیا۔ Context کہاں سے ملے گا Context ملنے کے تین طریقے ہوتے ہیں۔ ایک اس آتھر کے دوسرے ٹکسٹ کو دیکھنا دوسرے منوسکرپٹ اگر مطبوعہ یا غیر مطبوعہ ملے گا۔ دوسرا سورس ہے اس کے معاصرین کی تحریریں، اس زمانے کے معاصرین اس موضوع پر کیسے لکھتے تھے۔ ان کے سوچنے کا ڈھنگ کیا تھا۔ تیسرا اس زمانے کے بارے میں ہمارا اپنا نالج، اپنی معلومات کہ اس زمانے کی کیا Methodology تھی تو Consistency ڈھونڈھنے کیلئے ہمیں Context میں جانا پڑے گا۔ ان تینوں چیزوں کو جٹا کر ہمارے سامنے Context کا پورا پکچر آجائے گا۔ تب Inconsistency دور ہو جائے گی۔ کیونکہ اب تک اس رچنا پر ہم ادھوری روشنی ڈال رہے تھے جب Context میں ٹکسٹ کو رکھ دیں گے تو روشنی پوری پڑ جائے گی اور Inconsistencies زیادہ تر ختم ہو جائے گی۔ اب اس میں ایک اور چیز چلی آتی ہے۔ جیسے مان لیجئے میں نے کوئی منوسکرپٹ لیا۔ اس ٹکسٹ کو کنٹکسٹ میں رکھ کر میں نے دیکھا اور میں نے اس پر جہاں تک ممکن ہے ایک Consistent انٹرپریٹیشن دینے کی کوشش کی، اس کے بعد ہم اس کوشش میں کبھی کبھی ناکام ہو سکتے ہیں۔ کہ تمام تر کوششوں کے باوجود اس گرنتھ میں کئی جگہ کچھ نہ کچھ Inconsistency رہ جاتی ہے تو کیا ہم اسے جیوں کا تیوں چھوڑ دیں، اب ہمیں کیا کرنا چاہیئے۔ یہاں بھی میں ایک پرنسپل رکھنا چاہوں گا۔ ٹکسٹ کو انٹرپریٹ کرنے کا اور اسے میں اس طریقے سے کہنا چاہتا ہوں کہ Construal verses Construction پہلے ہر سبجکٹ میں ٹکسٹ کا انٹرپریٹیشن کرنے والے لوگ فیلولوجسٹ لنگویج اکسپرٹ ہوتے تھے تو فیلولوجسٹ یا ہسٹورین کا زور Construal پر ہوتا ہے کہ میں انٹرپریٹیشن میں Faithful ہوں۔ جو ٹکسٹ میں ہے بنا کسی ملاوٹ کے جیوں کا تیوں میں نے رکھ دیا اور میرا کام ختم ہو گیا یہ تھا Emphasis on Construal کہ میں نے کیا میں نے سمجھا اور پوری ایمانداری سے آپ کے سامنے رکھ دیا۔

Marfat.com

انٹرپریٹیشن کا یہ ٹریڈیشن ہندستان میں کافی زمانے تک چلا ہے، انگریزوں کے زمانے سے شروع ہوا اور انگریزوں کے بعد بھی آج بھی ہندستان میں اس آئیڈیل کو ماننے والے لوگ ہیں. خاص کر وہ لوگ جو کسی نہ کسی لنگویج فارسی، عربی، سنسکرت پالی پراکرت کے ماہر ہیں. وہ یہی کہتے ہیں کہ میں بھاشا کا اسکالر ہوں. میں نے پوری ایمانداری سے اس گرنتھ کا انٹرپریٹیشن کر دیا اور میرا کام ختم ہوگیا اس ٹریڈیشن کو چلانے میں آج کل کٹھنائی بھی ہوتی ہے. کیونکہ زبان کے ماہر نہیں ملتے ہیں، لیکن اس متھڈولوجی کو اپنانے میں کہیں دشواری ہوتی ہے تو اس میں گھبراتے کی بات نہیں ہے. میری نظر میں یہ ٹریڈیشن بہت اونچا ٹریڈیشن نہیں ہے. دوسرا ٹریڈیشن ہے. کنسٹرکشن کا وہ بھی ہمارے یہاں زور نہیں پکڑ پایا ہے لیکن اس کو زور پکڑنا چاہئے. مان لیجئے میں نے کسی منوسکرپٹ کو لیا اور پوری ایمانداری سے ٹکسٹ کو کنٹکسٹ میں رکھ کر اس کا انٹرپریٹیشن کیا. اس کے بعد مجھے کچھ Insonsistencies مل گیئں، تو جس آدمی کا زور کنسٹرکشن پر ہے، وہاں رکے گا نہیں، وہ کچھ اور طرح کا کام شروع کرنا چاہے گا. وہ دیکھے گا کہ inconsistency کیوں آئی. رائٹر کے سامنے کون کون سے پرابلم تھے. وہ کیوں ناکام ہوا، وہ کیوں ان Inconsistencies کو دور نہیں کر سکا. اس کے Concept کمزور تھے، یا پرابلم کو ٹھیک سے نہیں دیکھ پایا. ایک پرابلم کو دوسرے سے ملا دیا. دونوں میں فرق نہیں کر پایا تو جو Question لے کر رائٹر چلا تھا اس کے ٹولز اس کے کانسپٹ کو لے کر اور پوری ایمانداری کے ساتھ یہ دیکھے کہ کہاں رائٹر چوک سکتا ہے اور اس کے وجوہات کیا ہیں. اتنا دیکھ کر ہم آگے بڑھ جائیں گے. ہم کہیں گے اس رائٹر کے ان ان تھوٹ ان ان سوالات کے ساتھ اگر ہم .. Deal کریں اور اس میں ایسے ایسے کانسپٹ لگائیں تو اس طرح کی رچنا ہو جائے گی. اسے کہتے ہیں کنسٹرکشن یعنی انٹرپریٹر صرف Construal پر نہیں بلکہ کنسٹرکشن پر زور دے گا. Construal کو Ignore نہیں کرے گا. وہ Construal کو کنسٹرکشن میں بدلنے کی کوشش کرے گا. جب یہ کام ہوگا تو اس ملک میں اس زمانے میں Creativity آجائے گی، جس دھارا کو لے کر رائٹر چلا تھا وہ آگے بڑھے گی. نئی نئی رچنائیں ہونگی. نئے نئے وچار ہوں گے اور گیان کی جو اسٹریم ہے وہ سوکھنے نہیں پائے گی. میں اسی پر زور دینا چاہوں گا. ہم Faithful بنیں. جہاں تک ہو سکے رائٹر

Marfat.com

کو پروٹکٹ کریں۔ اس طرح انٹرپریٹیشن دیں کہ اس کے جو Thoughts ہیں وہ Distort نہ ہونے پائیں۔ ٹھیک ٹھیک سامنے آجائیں۔ اگر ہم اس طرح عمل کریں گے تو منوسکرپٹ ہمارے لئے Dead fossiles نہیں ہوں گے بلکہ سوچنے کے Stimulus بن جائیں گے اور کسی بھی منوسکرپٹ کو اس کے Proper perspective میں دیکھنے کا مطلب ہوتا ہے کہ منوسکرپٹ کو ایک Stimulus مانیں، ایک میوزیم کا Peace نہ مانیں۔ ہم نے منوسکرپٹ کو ایک میوزیم پیس مان لیا ہے۔ میوزیم میں اگر کوئی چیز رکھی گئی ہے تو اس کا مطلب اتنا ہی بھر ہے کہ ہمارے ملک میں فلاں زمانے میں ایسے کام ہوا کرتے تھے اس کے علاوہ کچھ نہیں اس پیس سے میوزیم کے ٹکڑے سے ہم آگے نہیں بڑھتے ہیں۔ منوسکرپٹ میوزیم پیس نہیں ہیں۔ اس لئے میں کہوں گا کہ Construal اور کنسٹرکشن دونوں پر دھیان رکھ کر ٹکسٹ کو کنٹکسٹ میں ڈال کر اگر ہم دیکھیں گے تو ہمارا انٹرپریٹیشن دونوں نقطۂ نظر سے Faithful بھی ہوگا، Save the author بھی ہوگا، اور Systemeticness کی بھی وہاں پر بنیاد رہ جائے گی اور آگے ہم کنسٹرکشن بھی کر سکیں گے۔

خدا بخش خاں کی خواہش تھی کہ منوسکرپٹ کی حفاظت ہو اور ان پر کام ہونا چاہئے۔ یہ سیمینار اسی کے لیے ہے کہ منوسکرپٹ پر کس طریقے سے اچھا کام ہو سکے۔ میں سمجھتا ہوں کہ خدا بخش خاں بھی اس وقت ضرور موجود ہوں گے اور جب تک ان کے من کے مطابق کام ہوتا رہے گا۔ وہ ہمارے کام میں ہمیشہ شریک رہیں گے۔ ایک گذارش میں کرنا چاہوں گا کہ منوسکرپٹ کے Utilisation پر جو یہ سیمینار ہو رہا ہے مناسب ہے، ایک کام اور ہونا چاہئے۔ Textual works of Mss. کچھ منوسکرپٹ رکھ دیے جائیں، دو چار اسکالر بیٹھیں اور کہیں ایسے ایسے ہم آگے بڑھیں گے، ایسے ایسے ہمیں کرنا ہے تو اس طرح سے ایک Practical demonstration ہو جائے گا۔

Marfat.com

صدارتی ارشادات

پروفیسر عطا کاکوی

خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو اگلے لوگوں کے علوم و فنون سے بہت کم واقف رہے، اس میں علمائے فضلا، حکما، علم کے ابن سینا یہ انتقال کر گئے۔ ان کی تصانیف کا بھی یہ عالم ہے کہ لائبریریوں نے اسے مقفل کر دیا ہے۔ خود بھی مقفل تھے۔ آج وہ بھی خوش ہیں کہ بیدار صاحب نے سب کو بیدار کر دیا ہے۔ علوم و فنون کا یہ ذخیرہ سارے ہندستان میں ریسرچ کرنے والوں کے لیے پریشان کن بھی ہے۔ تحقیق کا سرمایہ محفوظ ہے۔ مخطوطات ہی نہیں آجکل مطبوعات کا بھی یہ عالم ہے کہ سائنس کی ترقی کے بعد بھی پروفیسر عبدالمنان صاحب بیدکل حج کے لیے تشریف لے گئے، ان کی عمر اسّی سال سے بھی زیادہ تھی، تو اخبار میں خبر شائع ہوئی، عبدالمنان صاحب پیدل حج کو روانہ ہوئے۔ لوگوں نے کہا اس بڑھاپے میں کیا سوجھی تھی، ان کو کہ پیدل گئے، لوگ ہوائی جہاز سے جاتے ہیں، گاڑی ہے، سب کچھ ہے، پیدل کیا سوجھی ان کو جانے کی۔ معلوم ہوا پیدل نہیں۔ بیدل تخلص ہے ان کا۔ یہ عالم ہے آجکل۔ کاتب ایک سے ایک تھے اور بڑے قابل مصنف کو بھی ٹوک دیتے تھے کہ آپ نے غلط لکھا ہے۔ یہ اردو فارسی عربی کا تعلق نقطوں سے ہے اور یہ زبر سے ہے۔ اس قدر تکلیف دہ بھی ہے۔ مشکل بھی ہے حیران کن بھی ہے۔ ایک لفظ ہے بیچش، نقطہ اگر نہیں دیا گیا، الٹ پلٹ ہو گیا۔ تو اس کو بیحس سمجھے، کیا کیا سمجھے۔ زیر کا بھی یہی حال ہے۔ اقبال کا یہ شعر پڑھے لکھے لوگوں سے بھی آج تک ہم نے سنا۔ "کبھی اے حقیقت منتظر۔" زبر زیر نہیں دیا گیا تو پڑھنے والے کو کیا معلوم منتظر ہے یا منتظِر۔

Marfat.com

خدابخش لائبریری سے میرا تعلق پچھتر سال سے ہے، یہاں کی بہت سی کتابیں پڑھیں ایڈٹ کرنے کا بھی موقع ملا، دو نسخے ایسے ملے جو دنیا میں واحد ہیں۔ ہم نے اسی کو چن لیا۔ مگر واحد نسخے پر کام کرنا مشکل کام بھی ہے اور بہت آسان بھی۔ بھگوان داس ہندی کا تذکرہ "تذکرہ ہندی" اور "ترکوں کا تذکرہ" یہ نایاب تذکرے صرف خدابخش لائبریری میں ہیں اور کہیں نہیں۔ اس پر کام کیا ہے میں نے برا یا بھلا۔

منوسکرپٹ کا معاملہ کیا ہے کہ کسی کے پاس کوئی منوسکرپٹ آگیا، مہر کی بات آگئی کہ مہر دیکھ کر لوگ گمراہ ہو جاتے ہیں۔ ابھی جائیے بازار میں شاہجہاں کی مہر چھپوا کر لے آیئے۔ کسی کتاب پر مہر دیدیجئے، کہئے کہ شاہجہاں کے وقت کی مہر موجود ہے، یہی عالم ہے کالوفن وغیرہ کا بھی۔ بڑے بڑے جعل ہیں۔ ایک نسخہ ہمیں ملا، آدھی کتاب لکھتے لکھتے اس میں لکھا ہوا ہے کہ کاتب کا انتقال ہوگیا، اس کے بعد کتاب مکمل تھی بالکل ایک خط میں، کوئی فرق نہیں نقطے کا اسٹائل کا۔ نئے باب کی تکمیل کی اور دونوں میں کوئی فرق نہیں۔ بڑی محنت کی ضرورت ہے۔ اس کو جانچیں کہ وہ کب کا لگتا ہے۔ بہت خوش ہیں کہ منوسکرپٹ مل گیا اور دیکھا گیا کہ کاغذ پر ہے۔ اس زمانے میں بازار میں کاغذ نہیں ملتا تھا۔ تو کاغذ روشنائی دیکھنے کی ضرورت ہے۔ اس حیثیت سے منوسکرپٹ کو پہلے جانچنا چاہیئے، ہمارے استاد شاد عظیم آبادی نے بیدل پر کچھ حالات لکھے۔ ایک کنجڑینی جو ترکاری وغیرہ بیچتی تھی۔ بیدل کے محلے میں رہتی تھی۔ اس کے متعلق لکھا ہے بیدل پٹنہ سے جانے لگے تو اس کو بڑا صدمہ ہوا۔ اس نے ایک شعر کہا:

ع اپنی نگری چھوڑ کے اب بیدل چلے بدیس

شاد نے لکھ دیا لیکن اب جو تحقیق کی جاتی ہے کہ بیدل نے پٹنہ کب چھوڑا، جس زمانے میں بیدل نے پٹنہ چھوڑا ان کا تخلص بیدل نہیں تھا، کسی کنجڑے کو کیا معلوم کہ عبدالقادر ہیں یا بیدل ہیں یا کیا ہیں۔ جب وہ دلی گئے اور اپنا کلام دکھایا تو انھوں نے تخلص بیدل کیا۔ تو وقت، زمانے کے لحاظ سے بھی اسکو جانچنا چاہیئے۔ اس کا میٹریل دیکھنا چاہیئے، اس کی اہمیت دیکھنی چاہیئے، کس نے لکھا، کسے لکھا کب لکھا۔ کسی نے لکھدیا، فلاں شخص موجود تھے۔ حالانکہ ان کا انتقال پہلے ہی ہو چکا ہے۔ خوشی کی بات یہ ہے کہ پہلے لوگ علم حاصل کرنے کیلئے باہر جاتے تھے اب سارے علما پٹنہ میں اکٹھا ہیں ایک شعر ایسے موقع کیلئے ؎

آپ آگئے تو ہوش کہاں میزباں ہو کون
آج اپنے گھر میں لگتے ہیں مہمان کی طرح۔ ●●

Marfat.com

پروفیسر سید امیر حسن عابدی
دہلی یونیورسٹی

کچھ اہم عرض دیدے، کچھ مہریں اور تتمے

بے شمار کتابیں چھپ کر سامنے آگئی ہیں، پھر بھی ان کے قلمی نسخوں کی اہمیت اپنی جگہ پر باقی رہتی ہے۔ شاہنامہ گلستاں و بوستاں، دیوان حافظ، مثنوی مولانا روم وغیرہ کے بے شمار مطبوعہ اور قلمی نسخے دنیا کے میوزیم اور کتبخانوں میں موجود ہیں۔ پھر بھی آج ان مطبوعہ کتابوں کے ایسی قلمی نسخوں کی تلاش جاری ہے جو کسی نہ کسی اہمیت کے حامل ہیں۔ ہم قلمی نسخوں کو کاتب، کتابت، زمان و مکان، خط، مہر، عرض دیدہ، مینا تور مذہب اور غیر مذہب، اصیل اور غیر اصیل، غرض طرح طرح کے نقطۂ نظر سے دیکھتے اور پرکھتے ہیں۔ دیوان حافظ، گلستان و بوستان، شاہنامہ، مثنوی مولانا روم، منطق الطیر، تذکرۃ الاولیا کے کتنے بے شمار نسخے موجود ہیں، خاص طور سے اسلیے کہ ان کو قدیم زمانہ سے پڑھا اور پڑھایا جاتا تھا۔ شاہنامہ کا کوئی دو قلمی نسخہ ایک طرح کا نہیں ملے گا، اسلیے کہ قدیم ترین نسخے بھی فردوسی کے تین سو برس کے بعد کے لکھے ہوئے ہیں۔ یہی حال اور مشہور فارسی کلاسیکی ادب کے شاہکاروں کا ہے۔ اب یہاں میں اس سمینار کی مناسبت سے صرف چند قلمی نسخوں کی نشاندہی کروں گا، جو غیر معمولی اہمیت کے حامل ہیں۔

قصاید انوری[1] کے بے شمار قلمی اور چھپے ہوئے نسخے ملتے ہیں اور یونیورسٹیوں میں پڑھائے جاتے ہیں۔ مرحوم استاد محمد تقی مدرس رضوی نے دو جلدوں میں بڑی محنت سے اسے ایڈٹ اور مرتب کیا ہے[2]۔ پھر بھی چونکہ ہندستانی نسخوں سے استفادہ نہ ہو سکا، اسلیے بہت سا کلام اشاعت سے رہ گیا۔ میں نے، سہ نسخۂ خطی پر ارزش دیوان انوری، کے عنوان سے ایک مفصل مقالہ لکھ کر نو دریافت کلام کا اضافہ کیا ہے[3]۔ نیز تین عمدہ نسخوں کی نشاندہی کی گئی ہے، جنھیں یہاں دہرایا جا رہا ہے۔

---

[1] اوحد الدین محمد بن محمد انوری ملقب بہ حجۃ الحق۔ وفات: ۵۹۳ ہجری/۱۱۹۷ عیسوی۔ [2] دیوان انوری ۲ جلد، باہتمام محمد تقی مدرس رضوی بنگاہ ترجمہ و نشر کتاب، چاپ دوم، ۱۹۵۹ عیسوی، شرکت انتشارات علمی و فرہنگی، تہران، ۱۳۶۴ ھ ش۔ [3] مجموعہ سخن رانیہای نخستین سمینار پیوستگیہای فرہنگی ایران و شبہ قارہ، جلد اول، مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان، اسلام آباد ۱۹۹۳ء

Marfat.com

دیوان انوری کا ایک مطلا و مذہب قلمی نسخہ نیشنل میوزیم[1]، نئی دہلی میں ہے، جو محمد قلی قطبشاہ[2] کے حکم سے لکھا گیا تھا۔ کاتب آخر میں لکھتا ہے:

"در محلی کہ حضرت نواب نامداری، مملکت مداری، خورشید اشتہاری، ولی النعمی ام، محمد قلی قطبشاہ ... در منزل آہن پوش نزول فرمودند و بندہ نیز در ملازمت بودم، حسب الفرمودہ دیوان حکیم انوری را در پای درخت چنار آہن پوش در قید کتابت در آوردہ۔ کتبہ العبد المذنب محمد الکاتب۔"

نسخہ کے شروع میں یہ عبارت ہے:

"میر سید محمد شاہ المعروف بہ سید آقا میر بتاریخ ۸ شہر رجب المرجب، محمد عالم۔"

اس نسخہ میں کچھ فارسی اور ہندی کے اشعار بھی ہیں۔ دوسرا نسخہ بھی نیشنل میوزیم[3]، نئی دہلی میں ہے۔ جس کے آخر میں کاتب نے لکھا ہے:

"تم .... صفر .... ۱۰۳۵ علی ید الفقیر ... ابن نجم محمود خطیب منصور۔" اس کے علاوہ اسمیں کچھ مہریں بھی ہیں، جو ٹھیک سے پڑھی نہ جا سکیں۔

تیسرا نسخہ کاما اورینٹل انسٹی ٹیوٹ بمبئی میں ہے[4] اس مطلا و مذہب نسخہ میں ایک مقدمہ بھی ہے، جس میں مرتب لکھتا ہے:

"مہترین شعلی کہ اصحاب نطق و درایت بدان نازند ... حمد خداوندیست ... چوں چنین نظمی را دیدم، پراگندگی بر آن راہ یافتہ ... لازم شناخت تم آن ترتیبی ساختن۔"

پھر کاتب نسخہ کے اختتام پر لکھتا ہے:

"تمت کلیات انوری بید الفقیر ۹۸۹ ... قاضی وجیہ الدین قریشی۔"

تذکرۃ الاولیا کے بے شمار قلمی اور مطبوعہ نسخے ملتے ہیں۔ ڈاکٹر استعلامی نے بڑی محنت سے اس کو ۶۹۲ ہجری/ ۱۲۹۳ عیسوی کے قلمی نسخہ کی بنیاد پر ایڈٹ کیا ہے[5] لیکن انھوں نے ہندستانی نسخوں سے فائدہ نہیں اٹھایا۔

---

[1] شمارہ ۵۴۰۲۸/۳، [2] ۹۸۸ — ۱۰۲۰ ہجری/ ۱۵۸۰ — ۱۶۱۲ عیسوی، [3] شمارہ ۲۵۵ ۷۴۰

[4] کلیات انوری، شمارہ ۱۲۴ — R-۷۱۱

[5] شیخ فریدالدین عطار نیشاپوری، تذکرۃ الاولیا، بررسی، تصحیح متن، توضیحات و نہارس، از دکتر محمد استعلامی، کتابفروشی زوار چاپ سوم، تہران ۱۳۶۵ ھ ش۔

Marfat.com

عنقریب عطارؒ پر ایک بین الاقوامی سمینار ہونے والا ہے، جسکے لیے خوش قسمتی سے مجھے نیشنل میوزیم نئی دہلی میں اس تذکرہ کا سب سے پرانا نسخہ ملاؒ جو قونیہ میں لکھا گیا تھا۔ اس خط نسخ میں لکھے ہوئے نسخے کے آخر میں یہ عبارت ہے:

"تمت الکتاب۔۔۔ فی اوایل شہر محرم الحرام ثلث عشر وستمایہ ۔۔۔ کتبہ بندہ العبد الراجی برحمۃ ربہ الکریم ابراہیم بن محمد بن الحاج حامد الخطیب بمدینۃ القونیۃ المحروسہ ۔۔۔"

اسکے بعد آخری صفحہ پر یہ عبارت ہے:

"برسم مطالعۃ الحضرۃ الامیر المعظم العالم العادل المویدالمنصور المظفر قامع المتمردون/ الغربا ۔۔۔۔"

اس کے علاوہ اس نسخہ میں صفحہ اول پر حسب ذیل تاریخیں اور مہریں دی ہوئی ہیں:

"۱۷ ذیقعدہ ۱۱۳۶ [۱۷۲۵] عرض دیدہ شد در مستقر الملک اکبرآباد" پانزدہم رجب المرجب ۱۱۱۸ در ملک غازی درآمدہ" "قیمت ۵۴ روپیہ نصف ۲۷ روپیہ" [مہر] عبداللہ"

آخری صفحہ پر یہ مہریں اور عبارت ہے:

[مہر]۱۱۰۰ بندہ حسین، ۱۱۰۰ میرزا ہد منشی" "بتاریخ غرہ شہر محرم الحرام ۱۰۹۹ در اورنگ آباد از پیش لعل بیگ سوداگر کتاب فروش بمعرفت عبداللطیف ابتیاع نمودہ شد، سبع وعشرین روپیہ، سبع وعشرین۔"

اس نسخہ کی ایک خصوصیت ہے کہ اس میں "ذ" فارسی کا استعمال کیا گیا ہے، جو قدیم زمانہ میں ایران میں رائج تھا۔ علاوہ برایں کاتب بجائے "زبان" "زفان" لکھتا ہے۔ نسخۂ قونیہ میں ہمیشہ کسی بزرگ کے نام کے ساتھ رضی اللہ عنہ ملتا ہے، جبکہ نسخۂ استعلامی میں "رحمۃ علیہ" دیا جاتا ہے۔

مرحوم استاد نفیسی نے اس تذکرہ کی تالیف کا سال ۶۱۷ ہجری/ ۱۲۲۰ عیسوی دیا ہے[1]، جبکہ قونیہ کے نسخہ میں وضاحتاً ۶۱۳ ہجری دیا ہوا ہے، بلکہ ممکن ہے کہ یہ سال کتابت ہو، جسکا مطلب یہ ہے کہ اس نسخہ کی کتابت ۶۱۳ ہجری/ ۱۲۱۶ عیسوی میں ہوئی ہے۔

اس میوزیم میں تاریخ فیروز شاہی کا وہ اصلی اور سب سے پرانا نسخہ موجود ہے[2]، جس کو ضیاء الدین برنی نے بادشاہ وقت کے لیے تیار کیا تھا، نیز اس پر لکھا ہوا ہے: "پیش شدنی بہ سلطان فیروز شاہ تغلق ۷۵۸ھ۔"

تذکرۃ الاولیا میں بعد میں لوگوں نے اضافے کیے ہیں اور دوسرے بزرگوں کے نام شامل کر دیئے گئے ہیں۔

---

[1] وفات: ۶۲۷ ہجری/ ۱۲۳۰ عیسوی، [2] سعید نفیسی جستجو در احوال و آثار فریدالدین عطار نیشاپوری ۱/۱۵، ۵۴۰ بسرمایہ کتاب فروشی و چاپخانۂ اقبال، تہران، ۱۳۴۰ ھ ش، نمبر ۵۹۰ ۱۳۵

Marfat.com

اسلیے ہمیں ایسے نسخوں کی تلاش ہے جو اصیل ہوں۔ بہرحال اصیل نسخوں میں ایک نسخہ کاما انسٹی ٹیوٹ[1] بمبئی میں ہے، جس کی کتابت سنبھل ضلع مرادآباد میں ۹۸۴ ہجری/۱۵۷۶ عیسوی میں ہوئی تھی۔ اسی نیشنل میوزیم میں تاریخ فیروز شاہی کا وہ اصلی اور سب سے پرانا نسخہ موجود ہے[2] جس کو ضیاء الدین برنی نے بادشاہ وقت کے لیے تیار کیا تھا، نیز اس پر لکھا ہوا ہے:

"پیش شدنی بہ سلطان فیروز شاہ تغلق[3] محررہ ۷۵۸"

اس میوزیم میں ایک اور بہت اہم بیاض ہے[4]، جس میں پچاس مطلا و مذہب اوراق، نیز اس کا سائز 16.5 x 10.4 Cm. ہے۔ یہ بیاض غالباً ہرات میں تیار ہوئی تھی۔ اس کے بہت سے اوراق غائب ہوگئے ہیں، پھر بھی اس وقت اس میں ۶ تصویریں باقی ہیں اسکی کتابت ملا میر علی نے کی تھی اور تصویریں سلطان محمد کی بنائی ہوئی ہیں۔ یہ بیاض شاہ طہماسپ کو پیش کی گئی تھی۔ جسکا پتہ اس عبارت سے چلتا ہے، جو اس میں درج ہے:

"بخط ملا میر علی[5] پنجاہ دو فرد، با تصاویر سلطان محمد[6]، بحضرت سلطان طہماسپ[7] مدظلہ تقدیم شدہ است"

معلوم ہوتا ہے کہ جب ہمایوں[8] ایران گئے تھے تو شاہ طہماسپ نے ان کو یہ بیاض ہدیتاً دی تھی۔ اس پر حمیدہ بانو بیگم[9] یعنی ہمایوں کی بیوی کی مہر بھی ہے، جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ ہمایوں نے اس بیاض کو اپنی بیوی کو دیا تھا۔

اس میوزیم میں جامی[10] کی تفسیر سورہ یوسف کا وہ قلمی نسخہ بھی ہے[11]، جسکی کتابت بابر بادشاہ[12] کی چھوٹی بہن مہر بانو بیگم[13] نے کی تھی۔ نیز خود جامی کی اس پر اصلاحیں ہیں۔

اس میوزیم میں حضرت امیر خسرو کی مثنوی "دیول رانی خضر خاں"[14] بھی ہے، جسکی کتابت سلطان بایزید نے ۹۷۶ ہجری/۱۵۸۶ عیسوی میں کی تھی اور جس میں بیجاپور اسکول کی دو تصویریں، نیز شاہجہاں اور جہانگیری، شاہجہانی اور عالمگیری امرا کی مہریں ہیں۔

---

[1] شمارہ ۲ — ۱۱۱ — D ، [2] شمارہ ۱۳۵ ۵۹۰ ، [3] ۱۳۵۱ — ۱۳۸۸ عیسوی ، [4] ۶/۱۱ ۴۸۰

[5] میر علی تبریزی (وفات: ۸۵۰ ہجری/۱۴۴۶ عیسوی) کو خط نستعلیق کا موجد مانا جاتا ہے۔ [6] سلطان محمد (قرن ۱۰ ہجری/قرن ۱۶ عیسوی) ایران کے سب سے بڑے مصوروں میں شمار ہوتے ہیں، جو سلطان حسین بایقرا، شاہ اسماعیل اور شاہ طہماسپ کے معاصر اور درباری تھے۔ [7] ۹۳۰ — ۹۸۴ ہجری/۱۵۲۴ — ۱۵۷۶ عیسوی۔ [8] ۹۳۷ — ۹۶۲ ہجری/۱۵۳۰ — ۱۵۵۵ عیسوی ،

[9] حمیدہ بانو، حاجی بیگم، مریم مکانی، وفات: ۱۰۱۲ ہجری/۱۶۰۳ عیسوی۔ [10] وفات: ۸۹۸ ہجری/۱۴۹۳ عیسوی۔ [11] نمبر ۵۰۲۷۲

[12] ۹۳۲ — ۹۳۷ ہجری/۱۵۲۶ — ۱۵۳۰ عیسوی ، [13] مہر بانو بیگم بابر بادشاہ سے ۸ برس چھوٹی تھیں، اس لیے ان کی ولادت ۸۹۶ ہجری/۱۴۹۱ عیسوی میں ہوئی ہوگی۔ [14] نمبر ۲/۷ ۵۳۰ ۔

Marfat.com

اس میوزیم میں رباعیات عمر خیّام کا وہ نسخہ بھی ہے[1] جسکی کتابت عبدالرحیم بن عبداللہ القریشی نے ۱۰۹۰ ہجری/ ۱۶۷۹ عیسوی میں کی تھی۔ اور اس کو عالمگیر دوم[2] نے بیگم سکندر بخت کو بطور تحفہ کے عطا کیا تھا۔ نیز یہ نسخہ دارا شکوہ[3] کے فرزند سلیمان شکوہ کے پاس رہ چکا ہے۔

کلکتہ یونیورسٹی کے کتبخانے میں اکبر نامہ کا وہ نسخہ ہے[4] جسے خود ابوالفضل کے بیٹے نے لکھا تھا۔ تتمہ کی عبارت یہ ہے: "اکبر نامہ، بخط شیخ محمد غیاث ابن شیخ ابوالفضل بتاریخ ہژدہم ماہ شعبان المعظم ۱۳ از جلوس، علی ید فقیر شیخ محمد غیاث ابن شیخ ابوالفضل التاسی المولد عرف افادت مند خاں"۔

اس سے بھی زیادہ اہم اکبر نامہ کا وہ نسخہ ہے، جو آندھرا پردیش گورنمنٹ سنٹرل لائبریری اور ریسرچ انسٹی ٹیوٹ میں ہے۔ اس پر کسی نے لکھا ہے:

"مخطوطہ ہذا اینوجہ قابل قدر ہے کہ مصنف کی حین حیات ہی میں لکھا گیا ہے اور مصنف ہی کے نسخہ سے اس کی صحت کی گئی یعنی مصنف موصوف ہی نے بذات خود نظر ثانی کر کے مبیضہ پر اکثر جگہ عبارت قلمزد کر کے اسکے عوض دوسری عبارت خود اپنے قلم سے تحریر کی ہے"۔

پٹیالہ کی پبلک لائبریری میں ایک بیاض ہے[5] جو کبھی عبدالرحیم خانخاناں[6] کے کتبخانہ میں رہی تھی۔ اس کے متن میں غزلیات رومی، دیوان سلمان ساوجی، غزلیات شیخ اوحدی اور خسرو و شیریں نظامی ہیں اور حاشیہ میں اسرار نامۂ شیخ عطّار، دیوان خواجو، غزلیات عراقی اور قطعات ابن یمین ہیں۔ یہ فہرست خود خانخاناں نے اپنے ہاتھ سے لکھی تھی، جو اس نسخہ کے شروع میں دی ہوئی ہے۔ اس نسخہ کی کتابت ہمام منشی مرشدی نے ۸۴۹ ہجری/ ۴۶-۱۴۴۵ عیسوی میں کی تھی۔ خاتمہ پر یہ عبارت ہے:

"تم الکتاب ... علی ... ید ہمام المنشی المرشدی فی سنہ تسع و اربعین و ثمانمایہ الہجریہ النبویہ"۔

اس پر عبدالرحیم خانخاناں اور عماد خاں کی مہریں ہیں، نیز اس میں حسب ذیل تاریخیں دی ہوئی ہیں، جن سے پتہ چلتا ہے کہ اس کو مختلف بادشاہوں اور امرا نے پڑھا اور انکی نظر سے گذرا تھا:

"۱۴ شہر صفر ۱۰۶۹، ۵ جمادی الثانی ۲۹ ۲۶ رجب سنہ ۱۰۶۹ عرض دیدہ شد"۔

---

[1] ۳۵۶ . ۶۰ ، [2] ۱۷۵۴ — ۱۷۵۹ عیسوی ، [3] ۱۰۲۴ — ۱۰۶۹ ہجری/ ۱۶۱۵ — ۱۶۵۹ عیسوی

[4] نمبر ۹۲ AF ۹۵۴ر۰۲۲ ، [5] نمبر ۱۹۵ ، [6] نمبر ۲۴۳۶ ، [7] ۹۶۴-۱۰۳۶ ہجری/ ۱۵۵۶ — ۱۶۲۷ عیسوی -

Marfat.com

یہ نسخہ گوا سے احمد آباد لایا گیا تھا اور اس میں حسب ذیل تحریریں ہیں :

اللہ اکبر

" در تاریخ سنہ ہزار و نود و سہ کہ در احمد آباد بود، بعضی از خدمتگاران را بجہت ابتیاع اسباب بہ گودہ فرستادہ بود باز گودہ ... بطریق پیش کش این کتاب را فرستادہ بود و استدعائی کہ نمودہ بود موافق ارادہ اشرف بانجام رسید۔

حررہ عبدالرحیم بن محمد بیرم عفی عنہ"

اللہ اکبر

در وقتی کہ جہانگیر بادشاہ این غریب را بخدمت دکن ہمراہ شاہزادہ پرویز فرستاد، متن این کلیات نواب خانخاناں بہ برخوردار عبدالرحمٰن الملقب بخان عالم فرستاد۔"

"مجموعہ مشتمل بر ہشت نسخہ مطابق تفصیل صدر بخط خانخاناں متن خطائی، وغیرہ، حاشیہ سفید داغدار آں رسیدہ با اکثر جا کرم خوردہ و خط سوختہ است۔ سر لوح و جدول طلائی رنگ اند۔ این متن و حاشیہ بخط ہمام منشی است۔ جلد سختان سرخ کج و ترنج گلنار، مہری زدہ فرسودہ مستعمل یعنی احوال خانعالم، بتاریخ ۷ صفر سنہ ۲۷ از وجوہ عین تحویل منصور شد۔ حال شب ... محمد جانی مشرف۔"

انھیں خانخاناں کے کتبخانے کا ایک اور قلمی نسخہ "تعبیر الرویا" ہے جو پہلے بیرم خاں[1] کے کتبخانے میں تھا اور جسے شہنشاہ اکبر[2] نے ۲۴ سنہ جلوس میں عبدالرحیم خانخاناں کو عطا کیا تھا۔ اب اسٹیٹ سنٹرل لائبریری، حیدرآباد میں ہے[3] نسخہ کے شروع میں یہ تحریر ہے :

" اللہ اکبر جل جلالہ جل شانہ این کتاب مستطاب از کتبخانہ والدی مغفوری خانخاناں بیرم خاں است، از عطایات سلطان المعظم شاہنشاہ جلال الدین اکبر سنہ ۲۴ جلوس والا

العبد الحقیر

عبدالرحیم "

اسی کتبخانہ میں ایک اہم بیاض "یا مجمع الاشعار" کا وہ قلمی نسخہ ہے جو ۹۸۲ھ/۱۵۷۴ء میں بخارا میں لکھا گیا۔ پھر ۹۹۱ ہجری/ ۱۵۸۳ عیسوی میں اسی نسخہ میں فیضی[4] نے اضافہ کیا ہے۔ حکیم سید محب حسین[5] نے اس نسخہ کے شروع میں لکھا ہے : "قصائد و غزلیات جمع کردہ ابوالفیض فیضی بخط خود و بعض نوشتہ دیگر بخط میر حسین کاتب در شہر فاخرہ بخارا سنہ ۹۸۲"

---

[1] وفات : ۹۶۸ ہجری/ ۱۵۶۱ عیسوی ، [2] ۹۶۳ — ۱۰۱۴ ہجری/ ۱۵۵۶ — ۱۶۰۵ عیسوی ، [3] نمبر ۲۴۷، ص ۹۵۴ — ۱۰۰۴ ہجری/ ۱۵۴۷ — ۱۵۹۵ عیسوی۔

Marfat.com

نیز ورق ۲۷ کے صفحہ دوم پر تحریر ہے :

"تحریر یافت در بلدۂ فاخرہ بخارا بتاریخ غرّہ ماہ محرم الحرام ۹۸۲ھ وقت گل سرخ در روضۂ منورہ حضرت قطب الاقطاب خواجہ نقشبندؒ"

آخر میں ایک صفحہ پر کچھ اشعار ہیں، جس کے بعد آخر میں یہ عبارت ہے :

"بواسطہ ضیق وقت تمام نوشتہ شد۔ قائلہ وکاتبہ ابوالفیض فیضی ۹۹۱ھ"

مشہور اور مطبوعہ فہرست شدہ میوزیم اور کتبخانوں کے علاوہ اس طویل و عریض اور رنگارنگ ملک میں بے شمار ایسے ادارے اور شخصی میوزیم اور کتبخانے ہیں، جہاں مصور اور غیر مصور مطلا و مذہب اور غیر مطلا و مذہب قلمی نسخے موجود ہیں اور جہاں اب تک ہم سب کی رسائی نہیں ہوئی ہے۔ مثال کے طور سے میں یہاں صرف انکلیشور کے انعام دار ہاؤس کا ذکر کروں گا، جہاں ایک عرصہ ہوا میں گیا اور وہاں کے شخصی کتبخانہ کو دیکھا نیز سید محمد علی غلام علی انعام دار صاحب کا مہمان تھا۔

ان کے بزرگوں میں سید عبدالحلیم شاہ صاحبؒ[1] جو حضرت عبدالقادر جیلانیؒ کی نسل میں تھے بحیثیت ایک صوفی درویش کے بغداد سے دسویں صدی ہجری / سولہویں عیسوی میں آکر انکلیشور میں مقیم ہوئے۔ جہانگیرؒ آپ سے ملا اور جاگیر عطا کی، مگر آپ نے قبول نہیں کیا۔ آپ کے وصال کے بعد جہانگیر نے آپ کے صاحبزادے عبدالقادر صاحب کو دو گاؤں عطا کیے۔ دوسرے صاحبزادے سید محمود بالاپور میں مقیم ہوئے اور وہیں خانقاہ قادریہ اور آپ کا مزار ہے۔

اس گھریلو کتبخانے میں یحییٰ ابن عیسیٰؑ کے لکھے ہوئے "تقویم الابدان" کا ایک قلمی نسخہ ہے، جس کی کتابت محمد بن عمر بن عبدالجبار الورزقینی نے ۵۸۸ ہجری / ۱۱۹۲ عیسوی میں کی تھی۔ نیز اس پر حکیم روح اللہ اوّل، روح اللہ ثانی، اکبری دربار کے محمد بن حسن المصری الحکیم، ابوالفتح فتح اللہ کی مہریں ہیں۔ آخر میں یہ عبارت ہے :

"الفقیر الحقیر ابوالمکارم الحسینی فی محروسہ بندر سورت بن . . . محمد شریف فی ذی الحجہ ۱۰۴۵ھ"

انھیں ورزقینی کے ہاتھ کی ۲۶ رمضان ۵۸۹ (۱۱۹۳ عیسوی) کی لکھی ہوئی کتاب "مختصر جالینوس" بھی ہے۔

بہت سے خاتموں اور تمتوں سے تاریخی جزئیات کا پتہ چلتا ہے۔ حضرت امیر خسروؒ[2] کی نثر میں اعجاز خسروی چھپ

---

[1] وفات : ۱۰۰۶ ہجری / ۳-۱۵۹۲ عیسوی ، [2] ۴۷۱-۵۶۱ ہجری / ۱۰۷۸ - ۱۱۶۶ عیسوی ، [3] ۱۰۱۴ - ۱۰۳۷ ہجری / ۱۶۰۵ - ۱۶۲۷ عیسوی ، [4] وفات : ۴۹۳ ہجری / ۱۱۰۰ عیسوی [5] ۱۲۳۶ عیسوی - [6] ۶۵۱-۲۵ ہجری / ۱۲۵۳ - ۱۲۲۵ عیسوی۔

Marfat.com

چکی ہے، نیز اس کا انگریزی ترجمہ عنقریب امریکہ میں پروفیسر نذیر احمد صاحب کی سرپرستی میں شائع ہوجائے گا۔ پھر بھی اس کا ایک قلمی نسخہ[1] ہندستان کی تاریخ کے ایک گوشہ کو روشن کرسکتا ہے۔ اس کے تتمہ میں کاتب نے لکھا ہے:

"نویدایں بیاض ... المسمی باعجاز خسروی فی التاریخ یازدھم شہر محرم الحرام سنہ سبع و دوازجلوس بادشاہ ... بدست فقیر عبدالقادر ... وبادشاہ دیں پناہ عالمگیراز تسخیر حیدرآباد و بیجاپور فراغ حاصل نمودہ رایات عالیات دربیجاپور اقامت داشت۔"

اسی کتبخانہ میں "دیوان طوسی" کا ایک بہت خوبصورت مطلّا و مذہب قلمی نسخہ[2] ہے، جو کبھی سلطان قطبشاہ[3] کے شاہی کتبخانہ کی زینت تھا۔ آخر میں یہ عبارت ہے، جس سے پتہ چلتا ہے کہ یہ نسخہ ۱۰۲۴ ھجری/ ۱۶۲۵ عیسوی میں لکھا گیا تھا: "درکتابخانہ عامرۂ سلطان محمد قطبشاہ در دارالسلطنت حیدرآباد، بخط حسن بن عبدالحسین، برادرزادۂ مولانا بیکس، بیست و ہفتم ربیع الاوّل ۱۰۲۴ھ۔"

اب دنیا زیادہ سے زیادہ بیدار ہوتی جارہی اور ممالک ایک دوسرے سے قریب ہوتے جارہے ہیں، جس سے علمی سرمایہ میں روز بروز اضافہ ہورہا ہے، نیز دنیا کے گوشہ سے جواہر پارے اور شاہکار ہمارے سامنے آتے جارہے ہیں۔ ابھی حال میں میرے عزیز دوست اور میرے سینٹ اسٹفنس کالج (St.Stephen's College) کے ہونہار شاگرد اکھیلیش متل (Akhilesh Mittal) صاحب نے گرنڈلیز بینک (ANZ Grindlays Bank) کی مالی مدد سے ستمبر ۱۹۹۳ء میں وہ مرقع شائع کیا ہے، جو دارا شکوہ نے اپنی بیوی نادرہ بیگم کو بطور تحفہ کے دیا تھا۔ اس کے شروع میں یہ عبارت ہے:

"ایں مرقع خاص بانیس خاص و ہمدم ہمراز با ختصاص نادرہ بانو بیگم دادہ شد۔ محمد دارا شکوہ ابن شاہجہاں بادشاہ غازی۔ ۱۰۵۶ھ"

یہ مرقع مختلف کتبخانوں میں رہا ہے، نیز اس میں ایک اہم مہر ہے۔ اس البم میں بڑے بڑے کاتبوں کی تحریریں اور بڑے بڑے مصوّروں کی بنائی ہوئی تصویریں ہیں۔ بدقسمتی سے اسے خریدا نہیں جاسکتا، صرف تحفہ کے طور پر تیار کیا گیا ہے، البتہ خدابخش لائبریری میں اسکا نسخہ موجود ہے۔

ابھی حال میں میرا ایک مضمون "یک نسخۂ خطّی پرارزش دیوان ظہوری" شائع ہوا ہے[4]۔ یہ نسخہ بمبئی یونیورسٹی

---

[1] نمبر ۲۳/۳۲۶، کتبخانہ جامع مسجد بمبئی، [2] نمبر ۲۲/۳۲۸، [3] ۱۰۲۰-۱۰۳۵ھ/ ۱۶۱۲-۱۶۲۶ عیسوی، [4] تتبع پارسی، رایزنی فرہنگی سفارت جمہوری اسلامی ایران، دہلی نو، مئی ۱۹۹۴ء۔

Marfat.com

کے کتبخانہ میں موجود ہے[1]۔ جس کی ایک امتیازی خصوصیت یہ ہے کہ یہ نسخہ شاعر کی نظر سے گذرا ہے، نیز ظہوری[2] نے اس میں بہت سے اشعار کا اضافہ کیا ہے۔ اس کے پہلے صفحہ پر لکھا ہوا ہے:

"دیوان افضل الشعرا مولانا ظہوری علیہ الرحمۃ والمغفرۃ وجا بجا بخط شریف ایشانست واز اول تا آخر بنظر فیض اثر ایشان گذشتہ"

اسی صفحہ میں یہ مہر بھی ہے:

"محمد رستم خانہ زاد عالمگیر سنہ ۱۰۴۰"

اسی زمانہ میں میرا ایک اور مضمون "بیاض والہ داغستانی" کے عنوان سے شائع ہوا ہے[3]۔ یہ بیاض خود علی قلی والہ داغستانی[4] کے ہاتھ کی لکھی ہوئی ہے۔ اسکے علاوہ میر شمس الدین فقیر دہلوی[5] کی مشہور مثنوی "والہ سلطان" بھی شائع ہوگئی ہے[6]۔ اس مطبوعہ مثنوی کے شروع میں ایک صفحہ ہے، جس میں "نمونہ ای از خط و مہر والہ داغستانی" دیا ہوا ہے جس قلمی نسخہ کا عکس شائع ہوا ہے، وہ ۱۱۶۱ ہجری/(۱۷۴۸ عیسوی) کا لکھا ہوا اور اس کا کاتب محمد رفیع ہے۔ اس کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ یہ نسخہ تصحیح کیلئے خود فقیر کی نظر سے گذرا اور اس پر ان کی مہر بھی ہے۔

• •

---

[1] شمارہ ۹۲ (جلد ۵۰)، [2] وفات: ۱۰۲۵ ھجری/۱۶۱۶ عیسوی، [3] غالب نامہ، غالب انسٹی ٹیوٹ، نئی دہلی جنوری ۱۹۶۴ء

[4] ۱۱۲۴ — ۱۱۰۰ ھجری/۱۷۱۲ — ۱۶۵۶ عیسوی، [5] ۱۱۱۰ — ۱۰۹۸ ہجری/۱۶۹۸ — ۱۷ عیسوی۔

[6] مثنوی والہ سلطان، اثر میر شمس الدین فقیر دہلوی، با مقدمہ ای از مہر و خت پرومند، انتشارات بنیاد فرہنگ ایران، ۱۳۵۴ ھ ش

Marfat.com



"دیوان انوری" کا آخری صفحہ۔ نسخۂ خطی نمبر ۲/۲۸ - ۵۴
نیشنل میوزیم۔ نئی دہلی

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com



Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

بقیہ فہرست اسامی الکبار من

یوسف بن الحسین روح اللہ روحہ	ابو حفص حداد ازقہ اللہ لقاہ	حمدون قصار رحمہ اللہ علیہ رحمۃ واسعۃ	[illegible]
احمد بن عاصم انطاکی عصمہ اللہ	عبد اللہ بن الحسین رفعہ اللہ شانہ فی مقعد الصدق	جنید البغدادی بوأہ اللہ اعلی غرف الجنان	عمرو بن عثمان مکی غفر اللہ لہ
ابو سعید خراز جعلہ اللہ وجیہا فی الدنیا والآخرۃ	ابو الحسن نوری نور اللہ سرہ بنور التوحید	عثمان حیری زادہ اللہ حیرۃ فی اللہ	احمد رویم حشرہ اللہ مع النبیین والصدیقین والشہداء والصالحین
ابن عطا اعطاہ اللہ سولہ فی العقبی	ابو عبد اللہ بن الجلا کشف اللہ لہ الغطاء عن وجہ الحق	ابراہیم فی جعلہ اللہ باقیا	بالحق فی مقعد صدق
یوسف بن کرباط بسط اللہ قربہ وعزہ	ابو یعقوب اسحق نہرجوری نشر اللہ علیہ لواء رحمتہ	سمنون عجب اعطاہ اللہ منتہی مدارج	
	المحبین		

ذکر امام جعفر [illegible]

ان سلطان ملت المصطفوی ان برہان [illegible]



Marfat.com



Marfat.com



"تذکرۃ الاولیا" نمبر۲ - D. III کاما انسٹی ٹیوٹ، بمبئی۔

Marfat.com

بیاض کا پہلا ورق (الف) نسخۂ خطّی نمبر ۱۱/۶ - ۴۸، نیشنل میوزیم، نئی دہلی

Marfat.com



بیاض کا پہلا ورق (ب)، نسخہ خطی نمبر ۱۱/۶ - ۸۴ نیشنل میوزیم، نئی دہلی۔

Marfat.com

بیاض کی ایک تصویر، نسخۂ خطّی نمبر ۱۱/۶ - ۴۸، نیشنل میوزیم، نئی دہلی

Marfat.com



بیاض کا آخری صفحہ، جس میں خطاط (ملا میر علی)، مصوّر (سلطان محمد) اور شاہ طہماسپ کا نام ہے، جس کو یہ بیاض پیش کی گئی تھی۔ نسخۂ خطّی شمارہ ۱۱/۶ - ۸۴ نیشنل میوزیم، نئی دہلی۔

Marfat.com

نامی هذه المجموعه

از اسرار نامه شیخ عطار در حاشیه	غزلیات حضرت مولوی رومی در متن	از دیوان خواجو در حاشیه	دیوان سلمان در متن
غزلیات شیخ عراقی در حاشیه	غزلیات شیخ اوحدی در متن	مقطعات ابن یمین در حاشیه	خسرو و شیرین شیخ نظامی در متن

الله اکبر

[illegible]

الله اکبر

در وقتی که جهانگیر پادشاه این غزل را [illegible]

[illegible]

صفحهٔ اول "جنگ دواوین" قلمی نمبر ۲۴۳۶-

سنٹرل پبلک لائبریری، پٹیالہ

Marfat.com



صفحۂ آخر "جنگ دواوین" قلمی نمبر ۲۴۳۶
سنٹرل پبلک لائبریری، پٹیالہ

Marfat.com



Marfat.com

Marfat.com



عکس صفحهٔ اوّل نسخهٔ خطّی «دیوان ظهوری» در دانشگاه مبنی



خواستم که دهی باحترامش ‌ ‌ ‌ تشریف قبول خاص و عامش

گوش دل ازین فسانه پر باد ‌ ‌ ‌ وز شهرت او زمانه پر باد

آمین آمین آمین بحق محمد و آله الطاهرین

تمت مثنوی المسمی بواله سلطان

بخط کمترین بندها محمد رفیع

غفر الله ذنوبه و ستر عیوبه

فی سنه ۱۱۶۱ در سنه احمد شاه پادشاه غازی خلد الله ملکه و سلطانه من هجرة النبی صلی الله علیه و آله و سلم باتمام رسید هر که خواند دعا طمع دارم زانکه من بنده گنهکارم

بر در تو آمدم امیدوار

از کرم خویش امیدم بر آر

بکرمک و بفضلک

و بحق محمد حبیبک

و آله الاطهار

صل علیه و آله

اجمعین

Marfat.com

ڈاکٹر ضیاء الدین ڈیسائی
احمد آباد

مہریں، ترقیمے، عرض دیدے، یادداشتیں

مخطوطہ شناسی میں یہ اصطلاحیں عام طور پر رائج ہیں لیکن ان کے بارے میں کماحقہ تفصیلی معلومات فراہم کرنے کی اس سمینار کے ذریعے جو کوشش کی جارہی ہے وہ ازحد ضروری اور واقعی قابل تعریف ہے۔ ان اصطلاحوں کے ساتھ ایک اور اصطلاح کا شمول اس موضوع کی افادیت میں اضافہ کرتا اور وہ ہے کسی مخطوطے کے سرورق یا کسی اور صفحے پر اس کے مالک یا قاری کی تحریر یا یادداشت۔

کسی بھی مخطوطے پر مہروں، عرض دیدوں، ترقیموں اور یادداشتوں کی موجودگی اس کے متن کی اپنی اہمیت کے باوجود کئی حیثیت سے مفید اور مختلف نقطۂ نظر سے دلچسپی کا باعث ہوتی ہے، گو اس میں ان سب چیزوں کا یا کسی ایک یا زیادہ چیزوں کا ہونا ضروری نہیں۔ دوسری قابل توجہ بات یہ ہے کہ ترقیمہ برخلاف مہروں، عرض دیدوں اور یادداشتوں کے مخطوطے کا ہی جزو ہے۔ میں اس مقالے میں اپنی معروضات مہروں کے بیان سے شروع کرتا ہوں۔

مہریں:

دنیا میں مہریں لگانے کا رواج اتنا ہی قدیم ہے جتنا انسانی معاشرے میں ملکیت و تملیک اور کسی چیز کے تحفظ یا امانت کے طور پر رکھنے کی خواہش اور چلن۔ یہ صرف کتابوں تک ہی محدود نہ تھا بلکہ یوں کہیے کہ کتابوں کا رواج تو بہت بعد میں آیا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجی جانے والی اشیا بہ شمول خطوط کے بنڈلوں، گٹھریوں یا لفافوں پر مہریں لگانے کا رواج تاریخی عہد سے پایا جاتا ہے چنانچہ بابل، مصر، موہن جوڈرو، ہڑپہ وغیرہ قدیم تہذیبوں کے مشہور و معروف مقامات سے برآمد شدہ آثار میں مہریں بھی شامل ہیں جہاں کہیں بھی کسی شخص کی مالک یا مرسل کی حیثیت سے قطعی اور بلاشبہ شناسائی اور پہچان مقصود یا ضروری سمجھی جاتی تھی وہاں دستخط کی علامت کے طور پر مہریں استعمال میں لائی جاتی رہی ہیں۔ یہ رواج کم و بیش ہمارے ملک میں بھی انیسویں صدی عیسوی یا موجودہ صدی کے ابتدائی سالوں تک پایا جاتا ہے۔

اسی طرح جیسا کہ آج کل مطبوعہ کتاب کا خریدار یا مالک اس پر اپنا نام لکھتا ہے، مخطوطہ پر بھی اس کا

Marfat.com

مالک، اور اگر یہ کسی کتابخانے کی ہے تو مذکورہ ادارے کا ناظم اس پر اپنا نام اور لقب لکھنے کے بجائے اپنی مخصوص مہر لگا دیتا تھا۔ اسی طرح شاہی فرمانوں اور دیگر دستاویزوں پر بھی ان کی تصدیق و توثیق کے لیے بادشاہ، شاہزادہ، شاہزادی، امیر، صدر، قاضی وغیرہ کی مہر لگائی جاتی تھی۔ شکل میں عام طور پر یہ مہر مدور ہوتی تھی لیکن مربع، مستطیل اور ایسے کسی ہندسی تزئینی شکل کی مہریں بھی پائی گئی ہیں۔

ان مہروں کے مقصد کے پیش نظر ان کی عبارت صاحب مہر کے نام مع یا بدون لقب اور ان کے کندہ کیے جانے کے ہندسوں میں سن ہجری پر مشتمل ہوتی تھی۔ مغلیہ سلطنت کے عہد میں بادشاہوں، امیروں یا دیگر عہدہ داروں کی مہروں میں سن ہجری کے علاوہ بادشاہ کا سن جلوس بھی عبارت کا جزو ہوتا تھا۔ یہ التزام ان بادشاہوں کے سکوں میں بھی ملتا ہے۔ یہ دونوں سن بغیر کسی سنہ ہجری یا سنہ جلوس جیسے تشخیصی فقرے کے ہندسوں میں دیے جاتے تھے، بادشاہوں کی مہروں پر انکا لقب، کنیت اور نام مع سن جلوس اور سن ہجری درج ہوتے تھے۔ مثلاً جہانگیر کی مہر پر نورالدین محمد جہانگیر بادشاہ غازی سنہ احد ۱۰۱۴، اول سن جلوس کے لیے عربی لفظ احد کا استعمال اس لیے ہوتا تھا کہ ہندسے میں لکھنے سے اس پر الف کا دھوکہ نہ ہو۔ یہ مہریں ان کی تخت نشینی کے ساتھ ہی تیار کرائی جاتی تھیں اور عام طور پر ان میں تبدیلی نہیں کی جاتی تھی۔ چونکہ بادشاہ کی مہر اس کے احکام یا ارادوں یا مرضی کی تعمیل یا توثیق و تاکید کا واحد آلہ تھی اس لیے اس کی مخصوص مہر "اوزک" کی حفاظت میں زیادہ سے زیادہ احتیاط برتا جاتا تھا اور عام طور پر یہ اس کی اپنی یا حسب ضرورت اپنی چہیتی بیگم یا شاہزادی کی تحویل میں رہتی تھی۔ مثلاً شاہجہاں کی مہر اوزک ممتاز محل کی تحویل میں تھی اور اس کے انتقال کے بعد جہان آرا عرف بیگم صاحب کی تحویل میں دی گئی۔ ابتدائی تخت نشینی کے دنوں میں جب شاہجہاں تنہا تھا تو یہ مہر کچھ دنوں اس کے خسر اور وزیر اعظم مرزا ابوالحسن بن اعتماد الدولہ المخاطب بہ یمین الدولہ آصف خان کے پاس رہی۔

شاہی امرا یا حکام یا عہدے داروں کی مہروں میں ان کے نام یا لقب یا خطاب اور نسبت کندہ کیے جاتے تھے۔ ان کی عبارت میں بھی سن جلوس اور سن ہجری درج ہوتے تھے۔ کوئی امیر یا حاکم یا عہدے دار نئے عہدے یا خطاب سے سرفراز ہوتا تھا تو نئے خطاب یا عہدے اور سنوں والی نئی مہر بنواتا تھا ورنہ عام طور پر اس کی مہر کی عبارت یا شکل و صورت میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی تھی ایک دو مثالیں پیش خدمت ہیں:

مغلیہ شاہی کتابخانہ میں اول درجہ کے خوش نویسوں کا تقرر ہوتا تھا۔ ان میں عبدالحق بن قاسم شیرازی بھی

Marfat.com

ہے جس نے اکبر کے مقبرے، شاہی مسجد، تاج محل آگرہ اور اس کی اپنی بنوائی ہوئی ضلع امرتسر میں واقع سرائے امانت خان کے نہایت خوشخط کتبے لکھے تھے۔ اس کی دو قسم کی مہریں ملتی ہیں: ایک عبدالحق بن قاسم شیرازی عبارت والی (جس کی شائع شدہ مہروں میں سن کی موجودگی کا پتہ نہیں چلتا) اور دوسری امانت خان شاہجہانی مع سن جلوس و ہجری عبارت والی۔ دوسری مہر اس نے تاج محل کے کتبوں کی تحریر کے سلسلے میں امانت خان کا خطاب پانے کے بعد بنوائی تھی۔ دوسری مثال لکھنؤ کے مہاراجہ ٹکیت رائے کی ہے جو خدا بخش لائبریری کے کلیات ابن یمین پر ثبت شدہ دو مہروں میں پائی جاتی ہے ایک مہر میں اس کا نام راجہ ٹکیت رای ۱۱۹۲ ملتا ہے اور دوسری میں مہاراجہ ٹکیت رای ۱۲۰۲۔ اس کے معنی یہ ہوئے کہ اس نے دوسری مہر مہاراجہ کا خطاب ملنے پر بنوائی۔ کبھی مالک مہر دوسرے بادشاہ کے زمانے میں اپنے عہدے اور منصب پر بحال ہوتا تھا تو وہ اپنی نئی مہر بنواتا تھا مثلاً غضنفر خانہ زاد عالمگیر بادشاہ ۴۸ - ۱۱۱۷ اور غضنفر خانہ زاد شاہ عالم بادشاہ احد - ۱۱۱۹۔ اس قسم کی کئی مثالیں پیش کی جا سکتی ہیں۔

مہروں کی عبارات مخطوطے کے نام یا بالخصوص سن، ترقیمہ یا کسی دیگر قراین کی عدم موجودگی میں مخطوطے کا سن تصنیف یا سال کتابت کی تعیین میں ممد و معاون ثابت ہوتا ہے۔ البتہ اس سلسلے میں ایک بات کا خیال ملحوظ رہے کہ یہ ضروری نہیں کہ مخطوطہ اسی سن میں کتابت کیا گیا ہے جو اس کی مہر میں درج ہے۔ یہ اس سن میں یا اس کے کچھ سال پہلے لکھا گیا ہوگا لیکن کسی صورت میں مہر میں مذکور شدہ سنہ کے بعد وجود میں نہیں آیا۔

مہروں کی عبارتوں کے بارے میں چند باتیں گوش گذار کرنے کی اجازت چاہتا ہوں۔ کچھ مہروں میں صرف نام اور بالعموم سن ہوتا ہے مثلاً پالتو بیگ ۱۰۹۳، نظام الدین محمد ۱۱۴۱، شیخ عبدالقادر ۱۱۹۴، محمد باقر ۱۲۰۵ وغیرہ۔ کچھ میں مالک مہر کے نام کے ساتھ اس کی ولدیت اور نسبت کی بھی نشاندہی پائی جاتی ہے مثلاً عبدالرحیم بن بیرم ۹۹۴ (اکبری اور جہانگیری عہد کا مشہور امیر مرزا عبدالرحیم خان خانان)، عبدالحق بن قاسم شیرازی احد ۱۰۳۷، جان سپار خان بن رستم علی خان ۱۱۷۲ وغیرہ۔ کچھ میں ناموں سے پہلے خاکساری جتانے والے فقرے بھی پائے جاتے ہیں مثلاً احقر العباد محمد ہادی بن محمد جعفر... کچھ میں ان کا امرازی لقب بھی نظر آتا ہے مثلاً زبدۃ العلما شیخ الاسلام خاں ۱۱۸۹، زین الدین خان بہادر ۱۲۲۹ وغیرہ۔ کچھ مہروں میں مخطوطے کے کاتب کے نام کی بھی نشاندہی کی گئی ہے۔ مثلاً شیخ عظمت اللہ کاتب ۱۱۷۱، وغیرہ۔ ایسی

Marfat.com

مہروں میں بسا اوقات مالک مہر کے بارے میں کچھ مزید معلومات ملتی ہیں۔ مثلاً ایک مہر کی عبارت ہے:
مالکہ المجازی میرزا رضی علی نقی نسب حیدری مذہب.....

امرا، حکام، قضاۃ اور دیگر عہدے داروں کی مہروں میں عموماً ان کے نام خطاب لقب یا عہدے کے بعد بادشاہ وقت کی نسبت 'بندہ، غلام، مریدِ فدوی' خانہ زاد وغیرہ مخصوص الفاظ کے ذریعے جتائی جاتی ہے۔ ہمارے محدود علم میں جو مواد آیا ہے اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اکبری عہد کے امرا کی مہروں کی عبارت ان کے نام تک محدود تھی۔ مثلاً صاحب طبقات اکبری کی مہر کی عبارت ہے: العبد نظام الدین احمد بن خواجہ مقیم ...، میر محمد معصوم نامی بکری کی مہر کی عبارت ہے: عبد محمد معصوم بن سید صفائی .....
اور ملک الشعراء فیضی کی مہر کی عبارت (جو عکس سے اچھی طرح واضح نہیں ہے) ابو الفیض فیضی .....
وغیرہ لیکن اکبری عہد کے امرا کی مہروں میں ایک نادر عبارت والی مہر کا ذکر کرنا ضروری ہے۔ اکبر کے دین الٰہی کے پیروؤں کے درجات مشخص کرنے والی عبارت کی حامل کم از کم ایک مہر جو ایک سے زیادہ مخطوطوں پر ثبت ہے ہمارے سامنے ہے۔ یہ ہمایوں اور اکبر کے مشہور مصور خواجہ عبد الصمد شیریں رقم کے بیٹے اور جہانگیر کے حواری محمد شریف کی ہے جو بعد میں امیر الامراء بنایا گیا ہے، اس مہر کی جس عبارت کو پڑھنے اور اسکے معنی سمجھنے میں فہرست نگاروں اور مصوری کے ماہرین کو سہو ہوا ہے وہ یہ ہے: مرید پای برجادر چہار مرتبۂ اخلاص شریف .... نورجہاں کے والد اعتماد الدولہ کی مہر کی عبارت تھی: عبدہ اعتماد الدولہ۔

مذکور الذکر مخصوص الفاظ 'بندہ' وغیرہ میں مرید اور خانہ زاد وضاحت طلب ہیں۔ یہاں مرید کے معنی تو وہی اصطلاحی پیری مریدی والے ہیں لیکن اس کا استعمال اس لیے کیا جاتا تھا کہ بادشاہ کو شاہزادوں سے لیکر عوام تک اپنا پیر و مرشد کہتے تھے ورنہ رشد و ارشاد کو ان میں کوئی دخل نہیں تھا۔ خانہ زاد کا لفظ جتنا عام ہے اتنا ہی لوگ اس کے معنی سے ناآشنا ہیں۔ جیسا کہ اس کے لغوی معنی، خانہ یعنی گھر اور زاد یعنی پیدا شدہ = گھر میں پیدا شدہ کے معنی سے ظاہر ہے 'لفظ خانہ زاد کا اطلاق تاریخوں اور مکتوبات کی طرح مہروں میں بھی ان مغل امرا یا بندگان پر ہوتا تھا جن کے والدان کی پیدائش کے وقت شاہی ملازمت سے منسلک تھے۔ ان مخصوص الفاظ والی مہروں کی چند مثالیں حاضر ہیں: اعتماد خان بندۂ شاہ جہان ۲۶-۱۰۶۳ــ مرشد بندۂ شاہ جہان احد ۱۰۳۷ــ یوسف غلام حضرت اورنگ زیب عالمگیر بادشاہ غازی .. ۱۰۷۰ــ اردشیر مرید جہانگیر بادشاہ ۱۰۳۱ــ حکیم صالح خان مرید شاہجہان ۱۶-۱۰۵۳ــ احمد مرید با اخلاص شاہ جہان بادشاہ ..ــ ...ــ العبد ابراہیم الھروی مرید

Marfat.com

عالمگیر بادشاہ ... ـــ ..... ـــ سید علی الحسینی ۔ بیدعالمگیر بادشاہ ۸ ـ ۱۰۷۶ اور ۳۸ ـ ۱۱۰۵ ـ میر سلطان حسین فدوی احمد شاہ بادشاہ غازی ۱۱۶۴-۲ ـ حفیظ اللہ خان بخشی فدوی سرکار مہاراجہ ہولکر ... ـ لطف اللہ خان خانہ زاد عالمگیر بادشاہ .. ـ ۱۰۷۶ (یہ شاہ جہاں کے وزیر اعظم علامہ سعد اللہ خان کے بیٹے کی مہر ہے)۔ محمد ہادی الملقب بہ شاہ میرزا خانہ زاد عالم گیر بادشاہ ۵ ... ـ ۱۰۸۷ ـ قابل خان خانہ زاد عالم گیر بادشاہ ۲۹ ـ ۱۰۹۷ عضنفر خانہ زاد عالم گیر بادشاہ غازی ۴۸ ـ ۱۱۱۶ ـ غضنفر خانہ زاد شاہ عالم بادشاہ غازی احد ـ ۱۱۱۹ ـ ارشد خان خانہ زاد شاہ عالم بادشاہ ۲ ـ ۱۱۲۰ وغیرہ مہروں کی جن عبارت میں مالک مہر کی نسبت بادشاہ کے نام سے جتائی گئی ہے اس کے چند نمونے یہ ہیں : امانت خان شاہجہانی ۴ ـ ۱۰۴۱ ـ عنایت خان شاہجہانی ... ـ ..... ـ اعتماد خان شاہجہانی .. .. ـ اعتقاد خان شاہجہانی .. ـ .... (ان دو ناموں بلکہ لقبوں سے ظاہر ہے کہ یہ جواہر خانہ یا خاص اشیاء کی نگرانی کے لیے مامور تھے)۔ علی بیگ عالم گیر شاہی .. ـ .... ـ اللہ وردی خان عالمگیر شاہی .. ـ ۱۰۷۱ وغیرہ ۔ یہ مہریں جس طرح مخطوطوں پر ثبت ہیں اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان کے مالک کتابخانے میں کتابدار تحویلدار یا داروغہ جیسے اہم عہدوں پر مامور ہوتے تھے۔ ان مہروں سے ان کی ملازمت یا کتابخانے سے وابستگی کی میعاد زمانہ بھی معلوم ہوتی ہے۔

مہروں کی عبارتیں صرف سادہ نثر میں ہی نہیں ہوا کرتی تھیں بلکہ وہ نثر مسجع اور نظم، ایک مصرع یا پوری ایک بیت پر بھی مشتمل ہوتی تھیں۔ مقفع و مسجع نثر کی چند مثالیں ملاحظہ ہو المتوکل علی اللہ الناصر علی بن محمد طاہر ۹۹۸ ـ اقل العباد عابد المعبود ۱۰۲۰ ـ افقر فقراء باب اللہ الغنی مہدی ابن جانباز خان الحسنی ۲۳-۱۰۶۰ ـ المفتقر الی اللہ الکافی ابوبکر بن عبدالباقی ۱۰۷۳ ـ کمترین آفاق حسن مرید شاہ اسحٰق ۱۰۷۴ ـ خادم شرع محمد علیہ السلام قاضی شیخ الاسلام ۲۰ ـ ۱۰۸۷ ـ المتوکل علی اللہ العلام محمد رفیع بن شیخ الاسلام ۱۱۳۰ ـ المفتقر الی اللہ عبدالقادر بن عبداللہ ۱۱۳۴ ـ ذرۂ حقیر شمس اللہ فقیر ـ المتوکل علی اللہ الملک الصمد قطب الدین محمد ... ـ بندۂ بیمقدار جلال کتابدار ... ـ الواثق بمالک المعبود علی بن مسعود ... ـ جان غلام آل علی امام وردی بن داود قلی ـ وغیرہ ۔

منظوم یک مصرعی عبارتوں کی جن کو عرف عام میں سجع بھی کہتے ہیں، بے شمار مثالیں ملتی ہیں۔ یوں تو اکثر بیشتر سجع سے مالک مہر کا نام اور اس کا پیشہ (اگر ہے)، عقیدہ وغیرہ معلوم ہو جاتا ہے مگر کچھ سجع میں شاعرانہ تخیل اور رعایت لفظی کی وجہ سے مالک مہر کے نام کو تعین کرنا اتنا آسان نہیں ہوتا۔

Marfat.com

سجع امرا اور عام لوگ سب کی مہروں میں پایا جاتا ہے، امرا کی مہروں کے سجع کی کچھ مثالیں یہ ہیں :
بندۂ شاہ جہان عبدالرشید دیلمی ۱۲ ـ ۱۰۴۸ (یہ مشہور ایرانی خطاط نستعلیق میر عماد کا ہمشیر زادہ تھا اور شاہ جہان کے کتابخانے میں ملازم ـ صادق از جان بندۂ شاہ جہان .. ـ ۱۰۴۴ خاک راہ اہل دل عبداللطیف احد ۱۰۳۷ (مشہور و معروف مثنوی مولانا روم کی متن کے مرتب اور شارح اور مورخ اور شاہ جہان کے دیوان تن عبداللطیف بن عبداللہ عباسی کی مہر) مومن از جان بندۂ شاہ جہان .. ـ .... ـ غلام شاہ جہان بادشاہ شمس الدین .. ـ .... ـ بندہ شاہجہاں ہست زجان ابراہیم .. ـ .... ـ بندۂ شاہ جہان میر بزرگ .. ـ .... شاہ جہان مرشد صالح بود .. ـ .... محب دوستان حق منوچہر .. ـ ۱۰۴۶ (یہ مرزا عبدالرحیم خان خانان کے بیٹے میرزا ایرج کا لڑکا ہے) ـ بندۂ شاہ جہان میرک حسین .. ـ .... مرید شاہ جہاں بادشاہ شد عارف .. ـ ۱۰۴۵ ـ بندۂ درگاہ محمد معصوم .... ـ .... شاہ عالم گیر را فدوی محمد میرک است .. ـ ۱۰۸۹ ـ غضنفران زمان خانہ زاد عالم گیر ۴۸ ـ ۱۱۱۶ ـ یافت منصور مراتب زشہِ عالم گیر ۴۶ ـ ۱۱۰۴ وغیرہ ۔

قبل از مغل عہد کے بہت کم امرا کی مہریں دیکھنے میں آئی ہیں۔ خدا بخش لائبریری میں علامہ جاراللہ زمخشری کی الکشاف پر مشہور بہمنی وزیر خواجہ محمود گاوان کی دو دلچسپ مہریں ثبت ہیں۔ ایک اس وقت کی جب بہمنی سلطان نے اسے ملک التجار کا لقب دیا تھا اور دوسری اس زمانے کی یادگار ہے جب اس کو بہمنی سلطان کی جانب سے خواجہ جہان کا خطاب ملا تھا۔ ان کی عبارتیں نثر سجع میں ہیں: پہلی مہر کی عبارت یہ ہے: الواثق بعنایت ؟ الملک الغفار محمود المخاطب من الحضرت العالیہ بملک التجار اور دوسری یہ ہے: الم... (یہ لفظ نہیں پڑھا گیا) الی اللہ المستعان محمود المخاطب من الحضرت العالیہ بخواجہ جہان .. ان میں سن صاف نہیں ہے لیکن موخر الذکر مہر ۲۹ شعبان ۸۷۶ کے عرض دیدہ پر ثبت ہے۔ یہاں جملہ معترضہ کے طور پر یہ عرض کر دوں کہ خواجہ جہان کی مہر والے صفحے کے نیچے والے حصہ میں ترقیمہ کی طرح دو لکیروں کا الٹا تکون بنا ہوا ہے اور اس کی دونوں بازو پر خط کوفی میں اسد اللہ الغالب بن ابی طالب کی ایک نہایت نفیس چھوٹی مہر لگائی گئی ہے جو بظاہر اس کے کسی مالک کی ہوگی۔

قاضیوں کی بیشمار مہریں دستاویزوں پر پائی جاتی ہیں، مخطوطوں پر بھی کافی مہریں ملتی ہیں۔ یہ عموماً سجع کی عبارت والی ہوتی ہیں۔ چند مثالیں ملاحظہ ہو: خادم شرع محمدؐ شریف .... ـ تابع شرع محمدؐ یعقوب .... ـ قاضی شرع محمدؐ صالح .... ـ خادم شرع نبی خیر الدین ۱۰۸۷ وغیرہ ۔

Marfat.com

دیگر حضرات کی مہروں کے بیشمار سجعوں میں سے کچھ یہاں پیش کیے جاتے ہیں: بندۂ شاہ ولایت سلمان ۱۰۱۵۔ خاک راہ آل محمدؐ سعید ۱۰۵۰ ۔ بندۂ آل محمدؐ قاسم ۱۰۷۷۔ خاک راہ آل محمدؐ رضا ۱۰۸۰۔ متمسک بلطف اوست مقیم ۱۰۸۵ ۔ زبعد محمدؐ علی اکبر است ۱۰۹۷۔ قوام الدین بمحشر سربلند است ۱۱۰۵ (رعایت لفظی ملاحظہ ہو)۔ دارد امید شفاعت زمحمدؐ داؤد ۱۱۱۶۔ ابوالقاسم شفیع بے نظیر است ۱۱۲۱۔ محمدؐ ابوالفتح ازمرتضیٰ شد ۱۱۳۵ ۔ غلام محمد محمد رضا ۱۱۵۳ ۔ براعدای دین شد مظفر حسین ۱۱۸۷ ۔ جمال دین نبی شد جلال از حیدر ۱۲۳۰۔ بود یاور ہر دو عالم علی ۱۲۳۷۔ بود جانشین محمدؐ علی ۱۲۳۷۔ ابوسعید زآل امام دین احمد۔ منم از جان غلام محی الدین در ہر دو جہاں مرشد ما محمود است ۔ در عرصۂ دو عالم سلطان محمدؐ است۔ گل از بوستانِ مرادِ عظیم ۔ محمدؐ شفیع محمدؐ شفیع ۔ پیرو دین محمدؐ عزت ۔ خاک نعلین محمدؐ جعفر است۔ دارد امید شفاعت زمحمدؐ سردار ۔ نازم بہ بخت خود کہ غلام محمدؐم ۔ نظام کار دو عالم محمدِؐ عربی است ۔ خاک راہ اہل دل عبدالرحیم ۔ گرد نعلین علی موسیٰ رضا۔ وغیرہ۔

پوری بیت یا شعر والی مہروں کی عبارتیں نسبتاً کم ملتی ہیں۔ اس کی غالباً بڑی وجہ یہ ہے کہ مہر کی چھوٹی سطح میں دو مصرعوں کو سمیٹ کر لکھنا قدرے مشکل ہے۔ ہمارے سامنے جو مواد ہے اس کے پیش نظر یہ کہہ سکتے ہیں کہ قبل از مغل عہد میں بہمنیوں کو چھوڑ کر سلاطین دکن، سلاطین گجرات اور سلاطین اودھ کی مہروں کی عبارت یک شعری ہے۔ سلاطین گجرات کی مہروں میں نثر والی عبارت بھی ملتی ہے۔ بہمنی سلاطین دکن میں سے کسی کی مہر میری نظر سے گذری ہو ایسا یاد نہیں پڑتا۔ ابھی کشاف کے جس مخطوطے کا ذکر کیا اس پر بہمنی وزیر خواجہ جہان کی مذکور الصدر دو مہروں کے علاوہ ایک اور اسی طرز اور خط کی مہر ہے جس کی عبارت یہ ہے:

"من کتب خزانۃ السلطان الاعظم شاہ رخ بہادر" بادی النظر میں اسے کسی بہمنی سلطان کی طرف منسوب کرنے کو جی چاہتا ہے لیکن جیسا کہ فہرست نگار نے بتایا ہے وہ اصل میں شاہ رخ بہادر کی مہر ہے جس سے مراد شاہ رخ بن تیمور ہے۔

اس کے برعکس سلاطین مغل کی مہریں نثری عبارت والی ہیں حالانکہ ان کے سکوں کی منظوم عبارتیں بھی ملتی ہیں۔ اکبر کی والدہ اور ہمایوں کی بیگم حمیدہ بانو کی دو دریافت شدہ مہروں میں ایک کی عبارت منظوم یک شعری ہے جیسا کہ عنقریب عرض کیا جائیگا۔

گجرات کے سلاطین میں تین بادشاہوں کی مہریں ملی ہیں جن میں سلطان احمد شاہ اول اور اس کے بیٹے اور جانشین محمد شاہ دوم کی مہریں نثری عبارت والی ہیں۔ اول الذکر کی مہر کی عبارت ہے: احمد شاہ

Marfat.com

بن محمد شاہ بن مظفر شاہ السلطان خلد اللہ ملکہ وسلطانہٗ جبکہ اس کے بیٹے کی مہر کی عبارت ہے:
غیاث الدنیا والدین ابو المحامد محمد شاہ بن احمد شاہ بن محمد شاہ بن مظفر شاہ السلطان خلد اللہ ملکہ۔
موخر الذکر محمد شاہ دوم کے بیٹے محمود شاہ اوّل عرف بیگڑہ کی دو قسم کی مہروں میں ایک منظوم ہے جسکی عبارت یہ ہے: جاودان بادانشانِ خاتم محمود شاہ تابلوح آسماں باشد منور مہر وماہ۔ اس کی دوسری قسم کی مہر کی عبارت نثر میں ہے: "السلطان الاعظم محمود شاہ بن محمد شاہ بن احمد شاہ بن مظفر شاہ السلطان" سالار جنگ کے فہرست نگار نے ایک قطب الدین بن سلطان محمد نام والی مہر کو گجرات کے سلطان محمود بیگڑہ کے بڑے بھائی اور پیشرو قطب الدین احمد شاہ دوم کی طرف منسوب کی ہے جو غلط ہے۔

دکن کے کم از کم سات بادشاہوں کی مہروں کی عبارت منظوم ہے جبکہ دو کی نثر مسجع میں، گولکونڈہ حیدر آباد کے ابراہیم قطبشاہ کی مہر کی عبارت اس طرح ہے: شہی کہ نقش نگین ساخت مہر آل مقیم بود سپہر کرم قطب شاہ ابراہیم۔ بانی شہر حیدر آباد محمد قلی قطب شاہ کی مہر میں یہ شعر ہے: ملک جہاں مراکہ بزیر نگیں شد۔ از حکم بادشاہ جہان آفریں شدہ۔ اس کے ساتھ اس کا نام نثر میں ہے العبد محمد قلی قطب شاہ۔
اس کے جانشین محمد قطب شاہ کی مہر کی یک شعری عبارت یہ ہے: مہر سلیمان زحق گشتہ میسّر مرا نقش نگین دلست حیدر مفدر مرا۔ اس بیت کے ساتھ اس کے نام کا سجع بھی ہے: بندۂ شاہ نجف سلطان محمد قطب شاہ۔ گویا اس بادشاہ نے اپنی شیعیت کا پرزور طور پر اعلان کیا ہے۔ سلطان عبد اللہ قطب شاہ کی مہر کی عبارت میں کوئی شعر نہیں ہے بلکہ یہ ندرت سے خالی نہیں۔ اس نے اپنے نام کی رعایت سے قرآن شریف کی مشہور آیت کا ٹکڑا انی عبد اللہ آتانی الکتاب کا اپنی مہر کی عبارت کے لیے انتخاب کیا اور ساتھ ہی ایران کے شاہ عباس صفوی کے تتبع میں بندۂ شاہ ولایت قطب شاہ ۱۰۳۵ کے سجع کا اضافہ کیا۔ آخری قطبشاہی سلطان ابو الحسن کی ایک مخطوطے پر اس شعر والی مہر ہے: گلی کہ ہر ورقش آب روی نہ چمن است نشان خاتم سلطان دین ابو الحسن است۔ اسی سلطان کے ایک پتھر پر منقوش فرمان کی مہر حیدر آباد میں میاں مشک شاہی کلیدار کے روضہ سے متعلق ایک عمارت پر نظر آتی ہے۔ یہ بھی منظوم عبارت والی ہے لیکن اس کا شعر قدرے مختلف ہے: مودئے کہ بتائید حق شہ دکن است نجان محب علی قطب [شہ] ابو الحسن است۔

بیجاپور کے دونوں عادل شاہی بادشاہوں کی مہریں منظوم عبارت کی حامل ہیں۔ ایک تو گول گنبد بیجاپور والے محمد عادل شاہ کی جس کی بیت یہ ہے: وارد از لطفِ حق سرافرازی شاہ سلطان محمد غازی۔

Marfat.com

دوسری اس کے جانشین علی عادلشاہ کی جس کی عبارت میں یہ شعر ہے: درخشاں دین برحق شد زسعی ہای ظل اللہ۔ علی ابن محمد ابن ابراہیم عادلشاہ ۱۰۶۸ یاد رہے کہ علی عادلشاہ شعر بھی کہتا تھا اور اس کا تخلص ظل اللہ تھا۔

احمدنگر کے صرف ایک نظام شاہی فرمانروا کی مہر کا پتہ چلا ہے۔ اس کی عبارت منظوم نہیں لیکن مسجع نثر میں ہے: المویّد بالنصر من عند اللہ عبدہ نظام شاہ بن نظام شاہ۔ سالار جنگ کے فہرست نگار نے اس مہر کو حسین نظام شاہ کی طرف منسوب کیا ہے لیکن موصوف نے اس کے لیے کوئی ثبوت پیش نہیں کیا۔ عکس میں سن کی عدم موجودگی میں مالک مہر کے بارے میں یقینی طور پر کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ بیدر دکن کے تقریباً خود مختار برید ممالک [ملک قاسم برید] کی مہر والے دو مخطوطے ہمارے علم میں آئے ہیں۔ ایک تو خدا بخش لائبریری کا ابھی جس کا ذکر ہوا وہ زمخشری کی تفسیر الکشاف اور دوسری لاہور کے عالم اجل اور محقق مرحوم پرنسپل ڈاکٹر محمد شفیع کے ذاتی ذخیرے کا دیوان قاسم انوار کا نسخہ دونوں مہروں کی عبارت ایک ہی ہے جو نثر مسجع میں ہے۔ پرنسپل شفیع صاحب نے اسے اس طرح پڑھا ہے: اللہ المالک المستعین مجلس مکرم ممالک برید ۸۹۷۔ اس کی صحیح قرأت یہ ہے: المستعین من اللہ المالک مجلس مکرم برید ممالک خدا بخش کتب خانے کے فہرست نگار نے دیگر کم اہم مہروں کے ساتھ اسکو درخور ذکر نہیں سمجھا۔ آخری بہمن شاہیوں کے وزیر خود مختار ملک قاسم وغیرہ کا لقب برید ممالک تھا۔ کشاف کا یہ نسخہ ابراہیم عادل شاہ نے بیدر کو برید شاہیوں سے جب فتح کیا تو ان کی کتابوں کے ساتھ کشاف کا یہ نسخہ بھی عادل شاہی کتب خانے میں جمع کیا گیا۔ جیسا کہ اس عادل شاہی کتابدار کی یادداشت سے پتہ چلتا ہے۔ دیوان قاسم انوار پر اس کے ایک مالک نے مہر کے نیچے لکھا ہے کہ "سکۂ قاسم برید بزرگ"۔

جونپور کے سلاطین شرقی کی کوئی مہر میری نظر سے نہیں گذری لیکن یہاں خدا بخش لائبریری کے خمسۂ نظامی کے نسخے پر ایک مہر کو میں نے شہزادی ملکہ راجی رقیہ کی بتایا ہے بدقسمتی سے جلد بندی میں تقریباً آدھی ۴۰ حصہ کٹ گیا ہے اور باقی نصف بھی اتنا صاف نہیں۔ بہرحال اس مہر اور اس کے ساتھ والی اہم عبارتوں پر کسی کی نظر نہیں پڑی یا انھیں درخور اعتنا نہیں سمجھا گیا۔ اس کی عبارت میں صرف یہ الفاظ پڑھے جا سکتے ہیں جو راجی رقیہ کے اس مہر کی مالکہ ہونے کا ثبوت مہیا کرتے ہیں: "راجی رقیہ حرم محروسہ....." یہ مخطوطہ جونپور کے عہد اکبری کے گورنر علی قلی خان زمان اور اس کے بھائی بہادر خان کی سرکشی اور جنگ میں قتل ہو جانے کے بعد اکبر کے تصرف میں آئی چنانچہ بہادر خان کے اموال کے ساتھ آئی ہوئی یہ کتاب ۲۴ فروری ۱۵۶۶ء میں اکبر کے کتابدار عنایت اللہ کی تحویل میں آئی

Marfat.com

دیگر منظوم یک شعری عبارت والی مہروں میں شاہان اودھ کی مہروں کا نام لیا جا سکتا ہے۔ شاہان اودھ کے کتابخانوں کے متعدد نسخے ہندستان اور دیگر ممالک کے کتابخانوں میں پائے جاتے ہیں۔ ان کتابوں پر تین چار بادشاہوں کی مہریں ثبت ہیں۔ مثلاً امریکہ کے لاس انجلس کاؤنٹی میوزیم آف آرٹ میں فرسی کی منظوم تاریخ قطبشاہی "نسب نامہ" کا دارالسلطنت حیدرآباد میں ۱۰۱۹ھ میں کتابت شدہ نسخہ پایا جاتا ہے جس پر چار بادشاہوں کی مہریں ہیں۔ ان مہروں میں ایک تو نصیر الدین حیدر بن غازی الدین حیدر کی ہے جسکی عبارت یہ ہے:

خوش است مہر کتب خانۂ سلیمان جاہ بہر کتاب مزین چو نقش بسم اللہ ، ۱۲۴۴۔

اسکے بھتیجے محمد علی شاہ کی مہر کی عبارت میں یہ شعر ہے :

زہی مہر سلطان والا جناب کہ زیبا بود بر جبین کتاب ۱۲۵۳۔

(اس مہر کو سالار جنگ کے فہرست نگار نے کسی محمد شاہی امیر کی بتایا ہے جو صحیح نہیں ہے)۔ امجد علی شاہ کی مہر کی بیت یہ ہے:

ناسخ ہر مہر شد چو شد مزین بر کتاب خاتم امجد علی شاہِ زماں عالی جناب ۱۲۵۶۔

آخری بادشاہ اودھ واجد علی شاہ کی مہر کی عبارت میں یہ شعر ہے :

خاتم واجد علی سلطان عالم در کتاب ثابت و پر نور باد تا فروغ آفتاب۔ (عکس میں سن نہیں پڑھا جاتا)۔

سلاطین مغل کے فرامین وغیرہ پر اور مخطوطات پر ثبت شدہ مہریں مختلف ہیں جہاں تک مخطوطات کی مہروں کا تعلق ہے مجھے گذشتہ چالیس سال کے دوران ہندستان کے نامی کتب خانوں کے سیکڑوں مخطوطات بالخصوص ان کی مہروں اور یادداشتوں کو دیکھنے کا موقعہ ملا ہے لیکن آج تک بابر ہمایوں اور اکبر کی مہریں دیکھنے میں نہیں آئیں۔ شاہجہاں اور اورنگ زیب کی مہریں ملتی ہیں۔ سلاطین متأخرین کی مہریں میری نظر سے نہیں گزریں۔ ہمارے فاضل دوست پروفیسر ڈاکٹر سید فرخ جلالی صاحب نے ہمارے ساتھ تیموری مغلوں کے کتابخانوں کی سیر کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ لندن میں شاہنامہ کا ایک خاص نسخہ ہے جس کے ایک سرورق پر چھ مغل بادشاہوں بہ شمول بابر ہمایوں اور اکبر کی مہریں ثبت ہیں۔ جلالی صاحب نے نہ اس صفحہ کا عکس دیا ہے نہ انھوں نے اس نسخۂ شاہنامہ کے جلے وقوع وغیرہ کے بارے میں کوئی تفصیل دی ہے۔ گمان غالب ہے کہ جلالی صاحب کی مراد شاہنامہ کے اس مصور نسخہ سے ہے جو جے۔ وی ایس ولکنسن نے لارنس بنین کے اس کی تصویروں پر مبسوط مقدمہ کے ساتھ شائع کیا ہے۔ سردست یہ کتاب پیش نظر نہیں ہے اس لیے ان بادشاہوں کی مہروں کی عبارتوں کے بارے میں کچھ کہنے سے قاصر ہوں۔ اکبر کی ایک مہر کا ذکر مرحوم مظہر الحق صاحب نے کلکتہ کے ذخیرۂ گھوش کے خطاطی کے نمونوں پر اپنی کتاب میں کیا ہے لیکن یہ کتاب بھی سردست میرے

Marfat.com

سامنے نہ ہونے کی وجہ سے اکبر کی مہر کے بارے میں کچھ کہہ نہیں سکتا۔ جہانگیر کی بھی کوئی مہر میری نظر سے نہیں گذری۔ اس کی تحریریں کئی مخطوطوں پر پائی جاتی ہیں لیکن ان پر اس کی مہر ثبت نہیں حتیٰ کہ خدا بخش لائبریری کے دیوان کامران پر بھی اس کی تحریر کے ساتھ کوئی مہر نہیں ہے۔ شاہ جہان کی مہر کے الفاظ ہیں۔ صاحب قران ثانی شاہجہاں بادشاہ غازی جبکہ اورنگ زیب کی مہر پر ہے: ابوالمظفر محی الدین محمد اورنگ زیب بادشاہ غازی احد ۱۰۶۸ھ۔

تیموری مغل شاہزادوں میں ابتدائی عہد کی صرف بابر کے بیٹے مرزا کامران کی ایک مہر کا میں نے انکشاف کیا ہے۔ یہ ایک مخطوطے کے سرورق پر ہمایوں کی بیگم اور اکبر کی والدہ حمیدہ بانو بیگم کی مہر کے ساتھ چسپاں ہے۔ اس کی عبارت میں یہ سجع ہے: فرماں روای ہر دو جہاں کامران بود۔ اس میں سن نظر نہیں آتا۔ مرزا کامران نے اپنے والد کے انتقال کے بعد کابل میں اپنی مستقل حکومت کا اعلان کیا تھا۔ غالباً اس وقت کی یہ مہر ہے۔ یہ ورق امریکہ میں بیورلی ہلز لاس انجلس کے ایک صاحب کے تصرف میں ہے۔

یہ بڑے تعجب کی بات ہے کہ تیموری شاہزادوں کی کم از کم ابتدائی عہد کی بہت کم مہریں دستیاب ہوتی ہیں۔ میری اطلاعات اس معاملہ میں نہایت محدود ہیں۔ دارا شکوہ بن شاہجہاں تیموری شاہزادوں میں علم و فضل میں امتیازی حیثیت کا مالک، صاحب تصانیف اور کتابیں جمع کرنے کا شایق تھا۔ اس کی خطاطی کی وصلیاں بھی ملتی ہیں لیکن اس کی مہر آج تک میرے علم میں نہیں آئی۔ رامپور رضا لائبریری میں مولانا عبدالرحمٰن جامی کی نفحات الانس کے سرورق پر جس کا عکس جلالی صاحب کے مقالے میں آپ حضرات کی نظر سے گذرا ہوگا اس کی تحریریں ہیں لیکن مہر نہیں۔ خدا بخش لائبریری کے مخطوطوں پر عہد متاخرین کے چار مغل شاہزادوں کی مہریں ثبت ہیں: (۱) میرزا رضی الدین بن میرزا محمد معظم بن جہاندار ولی عہد بہادر ۱۲۲۸ (۲) میرزا طہماسپ ابن میرزا محمد معظم ابن جہاندار شاہ بن شاہ عالم بادشاہ غازی ۱۲۴۸ (۳) میرزا خرم بخت بہادر اور (۴) مرزا زین العابدین، موخر الذکر دو شاہزادوں کے پورے نام ان کی ان مہروں سے تصدیق شدہ تحریروں میں اس طرح قلمبند ہوئے ہیں: میرزا محمد خرم بخت بہادر گورگانی حنفی قادری ابن جہاندار شاہ بہادر ولی عہد [بہادر شاہ ثانی] ۲۳۔ ۱۲۷۷ اور میرزا محمد زین العابدین احسن بخت بہادر حنفی قادری گورگانی ... . ان دو شاہزادوں کا اپنے آپ کو حنفی قادری ظاہر کرنا ایک نہایت ہی دلچسپ اور اہم بات ہے جس سے بہادر شاہ ثانی کے اودھ کے بادشاہ وزیروں کی ایما پر تشیع اختیار کرنے والے مسئلے پر کچھ روشنی پڑتی ہے۔ یہاں

Marfat.com

اس کی تفصیل میں جانے کا موقع نہیں۔

اس سلسلے میں بیگمات تیموری کی مہروں کا ذکر بیجا نہ ہوگا۔ حمیدہ بانو بیگم زوجہ ہمایوں بادشاہ کی کم از کم دو قسم کی مہریں ملی ہیں: ایک منثور عبارت والی اور ایک منظوم عبارت والی منثور عبارت یہ ہے: حمیدہ بانو بنت علی اکبر۔ اس نہایت خوبصورت خوش خط پھول بوٹوں والی مہر میں جسکا عکس فرخ جلالی صاحب نے شائع کیا ہے سن نہیں ہے۔ لندن برٹش میوزیم میں تاریخ فیروز شاہی کے نسخے پر بھی اسی عبارت والی مہر ہے جس کا سن فہرست نگار نے ۹۵۷ دیا ہے۔ سید اکبر علی صاحب ترمذی نے اپنی کتاب مغل حرم کے فرامین میں حمیدہ بانو کے حکم کو دیوان بہادر کرشنا لال جھویری کی کتاب شاہی فرامین سے نقل کیا ہے اور غالباً اسی کے عکس کا فوٹو اپنی کتاب میں دیا ہے جو سر دست میرے سامنے ہے۔ ترمذی صاحب والے عکس میں مہر بالکل نظر نہیں آتی اس لیے اس کے سن کے بارے میں کچھ کہنا مشکل ہے۔ حمیدہ بانو کی منظوم عبارت والی مہر کم از کم دو جگہ میری نظر سے گذری ہے۔ ایک تو مذکور الصدر مرزا کامران کی مہر والے ورق پر اور ایک نیشنل میوزیم نئی دھلی میں مخزونہ بیاض پر جو شاہ طہماسپ فرمان روائے ایران کو اس کے بیٹے نے نذر گذرانی تھی اور جس پر میرے بزرگ کرمفرما پروفیسر ڈاکٹر سید امیر حسن عابدی صاحب نے ایک فاضلانہ مضمون شائع کیا تھا۔ چونکہ اس بیاض میں مہر کا نقش اتنا صاف ابھر نہیں آیا ہے اس لیے عابدی صاحب کے مضمون میں اس مہر کی پوری عبارت نقل نہیں ہو پائی ہے۔ پورے ایک شعر پر مشتمل اسکی عبارت یوں ہے: خاتم مہر کہ توقیع محبت باشد۔ حمیدہ بانو بیگم ۹۶۸ ۔ مہر آئینہ سپہرۂ دولت باشد۔ حمیدہ بانو بیگم کی مہر نیشنل میوزیم کراچی کی کتاب احکام امام نووی پر اور معارف اعظم گڑھ کے اکتوبر ۱۹۶۵ء میں شائع شدہ ایک مضمون کے مطابق دیوان ہجری پر بھی پائی جاتی ہے لیکن ان کی تفصیل کے عدم موجودگی میں یہ کہنا مشکل ہے کہ آیا وہ مہر ان دو مہروں سے مختلف ہے یا مذکور الصدر منظوم یا منثور عبارت والی مہر ہے۔ حیدرآباد کے مشہور مجلہ اسلامک کلچر کے اکتوبر ۱۹۶۸ء کے شمارے میں بھی ایک مضمون اس بیاض پر شائع ہوا ہے لیکن اس کی تفصیلات اب ذہن میں نہیں۔ [اور یہ لکھتے وقت میرے کرم فرما ڈاکٹر عابد رضا بیدار صاحب کی وساطت سے اس مضمون کی زیراکس کاپی میرے سامنے ہے، یہ مضمون بخاری صاحب کا ہے اور مہر کی عبارت کے علاوہ پورا مضمون بدقسمتی سے کافی گنجلک سا ہے۔]

نور جہاں بیگم کی بھی غالباً کسی کتاب پر مہر ہے لیکن اس وقت ذہن میں نہیں۔ درگاہ حضرت پیر محمد شاہؒ احمد آباد کے کتابخانے میں حضرت علی ہجویری کی کشف المحجوب کا نویں صدی ہجری کا جو نسخہ ہے اس

Marfat.com

پر دو جگہ اللہ نور السموات والارض ۱۰۱۸ کی عبارت والی مہر ثبت ہے۔ میں نے اپنے ایک مضمون میں جو کلکتہ کے انڈو ایرانیکا کے مخصوص یادگاری شمارے میں زیر اشاعت ہے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ یہ مہر نور جہاں کی ہے جو اس نے اپنی جہانگیر سے شادی ہونے پر نور محل خطاب ملنے پر بنوائی تھی۔ البتہ اس کے نور جہاں بیگم اور نور جہاں بادشاہ بیگم کی دو مہر والے تقریباً نصف درجن فرامین شائع ہوئے ہیں جن کی عبارتیں ایک دوسرے سے قدرے مختلف ہیں۔ ایک کی عبارت ہے: زمہر شاہ جہانگیر شد چو ماہ فروزان نگین نور جہاں بادشاہ بیگم دوران ۱۰۱۹' اور دوسری یوں ہے: زنور مہر جہانگیر بادشاہ جہانبان نگین نور جہاں بادشاہ گشت فروزان ۱۹ - ۱۰۳۳ ۔

شاہ جہاں کی بیگم ارجمند بانو عرف ممتاز محل کی مہر کا حامل کوئی مخطوطہ تو نظر سے نہیں گذرا مگر مہاراشٹر کے دھولیہ (اب دھولے) شہر میں واقع راجواڑے سنشودھن سنستھان (ادارۂ تحقیق راجواڑے) کے ایک حکم میں اس کی مہر ہے۔ سب سے پہلے اس حکم کی طرف پونہ کے آنجہانی پروفیسر ڈاکٹر بھگوت دیال ورمانے بمبئی کے ٹائمز آف انڈیا کے جون ۴، ۱۹۴۵ء کے شمارے میں قارئین کی توجہ دلائی تھی۔ اس کا متن اور عکس ترمذی صاحب نے مذکور الصدر اپنی کتاب میں پروفیسر ورما کی دریافت کا حوالہ دئے بغیر شائع کیا ہے لیکن موصوف مہر کو صحیح طور پر نہیں پڑھ پائے۔ مہر کی عبارت یہ ہے: ممتاز محل زلطف حق در عالم باظل خدا شاہِ جہان شد ہمدم

دیگر بیگمات تیموری میں میرے علم میں صرف ایک اور مہر ہے۔ یہ ہے نواب ملکہ زمانیہ بیگم ۱۱۷۲ کی عبارت والی مغل بادشاہ فرخ سیر کی بیٹی اور محمد شاہ کی بیگم ملکہ زمانیہ بیگم کی جو سالار جنگ میوزیم حیدرآباد کے ایک مخطوطے پر ثبت ہے۔

تیموری شاہزادیوں میں جہاں آرا بنت شاہجہاں کی مہر خدا بخش لائبریری میں شاہنشاہ نامۂ حسینی کے نسخے پر بتائی گئی ہے (فہرست فارسی جلد سوم صفحہ ۱) لیکن فہرست نگار نے نہ اس کی عبارت نقل کی ہے نہ اسکو دیکھنے کا مجھے اتفاق ہوا ہے۔ یہ لکھتے وقت محرمی پروفیسر ڈاکٹر مختار الدین احمد صاحب علیگڑھ کا مضمون 'شہزادی جہاں آرا کی تحریریں'' مجلۂ علوم اسلامیہ علیگڑھ دسمبر ۱۹۶۵ء میرے سامنے ہے جو موصوف نے ازراہ بندہ نوازی میری استدعا پر ارسال فرمایا ہے۔ اس میں مہر کی عبارت اور عکس دونوں شائع ہوئے ہیں مہر میں سنہ ہے جو عکس میں بالکل صاف نہ آنے کی وجہ سے ناخوانا ہے۔ شائع شدہ عبارت میں سن درج نہیں ہے اسی طرح میں نے اپنی یادداشت میں مہاراشٹر میں ستارہ شہر کے میوزیم کے ایک مخطوطے پر ہونا لکھا ہے لیکن تفصیل

Marfat.com

درج نہیں۔ اورنگ زیب کی بیٹی زیب النسار کی شائع شدہ ایک مہر پر صرف اس کا نام اور سنہ درج ہے۔ یعنی زیب النسار بیگم ۱۱۰۰۔ یہ آکسفرڈ کی بادلاین لائبریری کے گلستان کے نہایت اعلیٰ نسخے پر ثبت ہے۔ شیرانی کلکشن دانشگاہ پنجاب لاہور کے فہرست نگار کے مطابق تکملہ روضۃ الریاضی کے ۱۱۱۱ھ کے کتابت شدہ نسخے پر زیب النسار بیگم ۱۰۸۳ کی مہر لگی ہے۔ مذکورہ گلستان والی ۱۱۰۰ کی مہر کے بجائے ۱۰۸۳ کی مہر کا استعمال کچھ عجیب سا لگتا ہے۔

امرا اور دیگر افراد کی بھی منظوم مہریں کافی تعداد میں ملتی ہیں۔ قطب شاہی امیر ملک امین الملک کی مہر کی بیت اس طرح ہے: از عطای کریم مالک ملک شد محب علی امین الملک۔ احمد نگر کے برہان نظام شاہ سوم کے کتابخانے کی انتخاب بوستان پر جواب خدا بخش لائبریری کی زینت ہے اس کے امیر یا لائبریرین کی مہر کی ایک شعر پر مشتمل عبارت اس طرح ہے: شدہ پولاد از الطاف یزدان مقیم آستان شاہ برہان ۱۰۲۴۔ فہرست نگار کو مقیم آستان شاہ برہان کے فقرے سے دھوکہ ہوا اور وہ پولاد کو کسی عارف شاہ برہان نامی کے آستانے کا مقیم اور مرید سمجھے اس مہر کے ساتھ جو عبارت ہے وہ تقریباً مٹائی جانے کی وجہ سے ہر ایک شخص اس مہر کی عبارت سے یہی نتیجہ نکالتا۔ لیکن اس عبارت کو جب میں نے پڑھا تو اس میں یہ لکھا ہوا پایا کہ یہ انتخاب بوستان برہان نظام شاہ کے کتب خانے میں ۱۰۴۴ میں داخل کی گئی۔ اس سے پولاد خان کی صحیح حیثیت کا راز کھلا۔ اس پر میرا مفصل مضمون خدا بخش لائبریری جرنل کے شمارہ ۵ میں شائع ہو چکا ہے۔

شاہ جہاں کے ایک امیر تربیت خان کی مہر کی عبارت جو اس کے اس خطاب پانے کی گویا تاریخ ہے ملاحظہ ہو: یافت فخر الدین خطاب تربیت خان در جہان تربیت چون کرد لطف ثانی صاحب قران [۳]۔ ۱۰۳۹۔ محمد عادل شاہ کے پیشوا اور وزیر خان محمد کی مہروں والی ایک سے زیادہ کتابیں سالار جنگ میوزیم لائبریری میں ہیں۔ اس مہر کی بیت یہ ہے: کار ملکی بہ خان بہائی داد۔ شاہ سلطان محمد عادل ۱۰۴۵۔ فہرست نگار نے نہ صرف شعر کو غلط پڑھا ہے بلکہ خان بہائی کو خانِ بہانی پڑھا ہے۔ خان بہائی خان محمد کا عرف تھا جو مقامی دکھنی زبان کے چلن کو ظاہر کرتا ہے۔ اورنگ زیب کے مشہور امیر، شاعر، مصنف اور مورخ میر مبارک اللہ المتخلص بہ واضح کی مہر کی یہ بیت:

برارادات عدوی دین شدم چوں فتحیاب شاہ عالم گیر غازی دادا رادت خان خطاب ۱۱۰۸-۴۰ گویا اسکے خطاب پانے کی تاریخ بھی ہے۔ اسی مبارک اللہ واضح کی ایک کافی لمبی چوڑی مہر کی عبارت کتابخانۂ سالار جنگ کی فہرست میں درج ہے جس میں اس نے اپنے دادا تک کا نسب مع خطابات وغیرہ بیان کیا ہے: واما بنعمت ربک فحدث۔ میر مبارک اللہ ارادت خان عالم گیری بن میر اسحٰق ارادت خان شاہ جہانی بن میر محمد باقر ارادت خان واعظم خان

Marfat.com

شاہ جہانی و جہانگیری ۴۰ - ۱۱۰۸ - اورنگ زیب کے ایک اور امیر کی منظوم عبارت والی مہر کا فہرست کتابخانۂ سالار جنگ میں ذکر ملتا ہے جہاں شعر کی یہ قرات دی ہے : از لطف حق چون شد بفخر الدین نصیب مرید خاص سلطان جہان اورنگ زیب ۔ بظاہر یہ شعر غلط نقل ہوا ہے ۔ مہر کا عکس پیش نظر نہ ہونے کی وجہ سے قطعی طور پر کوئی حکم نہیں لگایا جا سکتا لیکن کوئی تعجب نہیں یہ شعر یوں ہو : لطف حق چوں شد بفخر الدین نصیب خاصِ سلطان جہان اورنگ زیب ۔ ایک اور یک شعری عبارت ملاحظہ فرمائیں : تا قیامت باد ز آسیب حوادث در امان ۔ خواجہ شمس الدین محمد آصف صاحب قران' یہ بھی سالار جنگ کے ایک مخطوطے پر ہے لیکن فہرست میں سنہ کی عدم موجودگی میں اس صاحب قران کے وزیر کا تعین کرنا مشکل ہے ۔ ایک ایرانی صفوی امیر کی مہر بھی اسی کتابخانے کے ایک مخطوطے پر پائی جاتی ہے ۔ اس کی بیت یہ ہے :

مرا کہ نقش علی مہر خاتم جان است خطا بم از در او مرتضیٰ قلی خان است

اس عبارت کی قرأت میں فہرست نگار کو سہو ہوا ہے اور اس لیے وہ صاحب مہر کی صحیح نشاندہی نہ کر سکے ۔

دیگر افراد کی مہروں کی منظوم عبارتیں یہ ہیں : در ضمیر غلام محی الدین ۔ حسبی اللہ جاودان تضمین ۱۰۸۲ گنہ گار و عاجز محمد رفیع ۔ بحسن مصطفیٰ را ندارد شفیع وغیرہ ۔

کچھ مہروں کی عبارتوں میں مالک مہر کے پیشے کی طرف بھی اشارہ پایا جاتا ہے ۔ مثلاً : بندہ بے مقدار میر جلال کتابدار یا شیخ عظمت اللہ کاتب ۱۱۷۱ ۔ کچھ مخطوطات پر ان کے کاتب کی مہریں بھی ملتی ہیں ۔ مثلاً خدا بخش لائبریری میں گلشن راز کے کاتب کی مہر جس کی عبارت یہ ہے : سید محمد امیر میرزا عرف ابو الموسوی الرضوی' یا احمد آباد کی درگاہ حضرت پیر محمد شاہ کے کتابخانے کی ایک کتاب کے کاتب کی یہ مہر : بندۂ شاہ ولایت سلمان ۔ ترقیمہ میں اس کا پورا نام سلمان ابن شیخ شاہ اردبیلی قلمبند ہوا ہے ۔

کچھ مہروں کی عبارتوں میں قرآن شریف کی آیت کے ٹکڑوں یا عربی فقروں سے کام لیا جاتا تھا ۔ مثلاً ولقد آتینا ابراہیم ... ۱۰۵۱ - ربِ اتمم لنا نورنا واغفر لنا ۱۰۹۰ و ۱۱۰۹ ہدیت من المہدی ۱۱۰۳ - الحق واضح ۱۱۰۵ (میر مبارک اللہ واضح کی مہر) ۔ یا معین الضعفاء ۱۱۰۷ - یا محمود ۱۱۲۰ - انا من حسین و حسین منّی ۱۱۱۳ - یا محمد ۱۱۲۰ (تاریخ محمدی اور دیگر کتابوں کے مشہور مصنف میرزا محمد بن رستم معتمد خان حادثی بدخشی کی مہر جو حافظ سخاوی کی الضوء للامع کے ناقص الآخر حصے پر ہے) ۔ اول ما خلق اللہ نور محمد ۱۱۳۲ - تعز من تشاء ۱۱۳۵ - یا حمید بکرار ۱۱۵۵ .. سبحانہ اعظم ما شانہ ۱۱۵۷ - اتخذ اللہ ابراہیم خلیلا ۱۲۰۲ - اللھم صلی علی محمد افضل الصلوٰۃ

Marfat.com

۱۲۱۹ ۔ ہوالحی الاحد ۔ اللہ لطیف بعبادہ ۔ رب نجنی لمحمد وعلی ۔ یاامام موسی کاظم ۔ ہوالعلی الاکبر ۔ رب اجعلنی مقیم الصلوۃ ۔ العطار من اللہ تعالے وغیرہ ۔

کچھ مخطوطات پر ان کے کتابخانوں کی مہریں لگی ہوئی ہیں ۔ خراسان ایران کے مشہور عارف شیخ احمد جام کے روضہ کے لیے وقف شدہ کتاب المسلسلات کے مصنف کے شاگرد کے تحریر کردہ ۴۲۰ھ کے نسخے پر ۱۸ جگہ "وقف روضۂ احمد جامی" عبارت والی مہر ثبت ہے ۔ دوسری کچھ اس قسم کی مہروں پر یہ عبارت ہے : از کتب خانۂ مولوی رضی حسن خان بہادر ۔ مہر کتابخانۂ بخشی خان ۔ از کتابخانۂ سید ولایت علی خاں ۱۲۰۹ وغیرہ ایسی مہروں کی عبارت کبھی سجع کی حامل ہوتی ہے مثلاً : ایں مہر کتب خانۂ زید و حسن است یا رونق صد مہر دفاتر شکن ۔ مہر کتب خانۂ شاہ زمن ۔ یہ غالباً شاہان اودھ کے کتابخانے کی مہر ہے ۔

مہروں کی ایک قسم کا جو تقریباً غیر معروف ہے ذکر کرنا بیجا نہ ہوگا ۔ کچھ مہروں کی عبارتوں میں انہیں مہر عدم تبدیل کہا گیا ہے ۔ مثلاً اکبر و جہانگیر کے مشہور امیر اور سپہ سالار مرزا عبدالرحیم خان خاناں کی دوسری مہروں کے علاوہ مہر عدم تبدیل عبدالرحیم خان (فہرست نگار نے سنہ نہیں دیا) ۔ مہر عدم تبدیل ہمت خان عالم گیری ۱۵ ۔ ۱۰۸۳ ۔ مہر عدم تبدیل والاجاہ ۱۱۸۵ ۔ ان مہروں کی غرض و غایت کے بارے میں قطعی اور صحیح معلومات نہیں ملتیں ۔ ان کا استعمال کن حالات اور کب کیا جاتا تھا اس کے بارے میں ماہرین مہر شناسی خاموش ہیں مہر عدم تبدیل کے معنی ہیں وہ مہر جو بدلی نہ جا سکے ۔ مخطوطوں پر مثلاً عبدالرحیم خان خاناں کی دوسری مہروں کے ساتھ اس مہر کی موجودگی کوئی خاص صورتحال میں ان کے استعمال ہونے کے التزام کے بالکل منافی ہے ۔ شاید اس معاملے میں حاضرین میں سے کوئی صاحب میری رہنمائی کر سکیں ۔

مہروں کی عبارت کے خط کے بارے میں بھی چند باتیں گوش گذار کرنے کی اجازت چاہتا ہوں ۔ کتبوں کی طرح بالعموم قبل از مغل عہد کے ہندستان کی مہروں کی عبارت خط نسخ یا خط ثلث میں لکھی جاتی تھی ۔ ان میں اور بیرون ہند کی مہروں میں کوئی خاص فرق نہیں ہوتا تھا جیسا کہ الکشاف کی خواجہ جہان محمود گاوان اور شاہ رخ کی مہروں کے خط پر سے معلوم ہوتا ہے ۔ مغل عہد کی مہریں خط نستعلیق میں ہیں ۔ البتہ ان میں کچھ بطور استثنا نسخ میں بھی پائی جاتی ہیں ۔ مثلاً عبدالحق بن قاسم شیرازی کی مہر جو نہایت خوبصورت نسخ میں بطور طغرہ بنائی گئی ہے ۔ نستعلیق خط والی مہریں بالعموم خطاطی کا اچھا نمونہ مہیا کرتی ہیں اور ان میں حمیدہ بانو بیگم کی منشور عبارت والی مہر تو شاہکار کا درجہ رکھتی ہے ۔

Marfat.com

تحقیق کے کسی شعبے کی طرح مہروں کے معاملے میں بھی محنت اور جانفشانی ضروری ہے۔ ان کا پڑھنا نہایت دقت طلب اور مشکل کام ہے خاص طور پر اس لیے کہ جگہ کی بہ نسبت عبارت بڑی ہونے کی وجہ سے حروف طغرہ کی طرح آگے پیچھے اور ایک دوسرے پر لکھے جاتے ہیں۔ اس کو صحیح طور پر پڑھنے کے لیے اوّل تو زبان کی استعداد اچھی خاصی ہونی چاہیئے اس کے ساتھ ساتھ تاریخ اور تاریخ سے متعلق علوم سے بھی اچھی واقفیت ہونی چاہیئے۔ سہل انگاری سے کام نہیں چلتا۔ ایک دو مثال آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں۔ ہمارے فاضل دوست پروفیسر ڈاکٹر فرخ جلالی صاحب نے اپنے مقالے میں عبدالرحیم خان خاناں کا ذکر کرتے ہوئے اس کے والد کا نام بیرم علی لکھا ہے (تقسیم شدہ مقالہ صفحہ ۱۱)۔ اس مہر کے عکس میں بیرم کے بعد دعائیہ کلمہ عفی عنہما ہے نہ کہ علی ... یہ کلمہ بالکل صاف ہے اس لیے جلالی صاحب جیسے مخطوطات کے ماہر سے یہ سہو سہل انگاری کے سوا کسی چیز سے منسوب نہیں کیا جا سکتا۔ اسی طرح ڈاکٹر انوار الحق صاحب نے اپنے مقالے میں خدا بخش لائبریری کی فہرست مرآۃ العلوم جلد سوم کے حوالے سے کچھ مخطوطات کی مہروں کا ذکر کرتے ہوئے تین مخطوطات پر ایک ہی شخص کے بارے میں مالک مہر کا نام یوسف آل محمد بتایا ہے یہ بادی النظر میں صحیح نہیں معلوم ہوتا۔ اگر پروفیسر صاحب تصحیح قیاسی سے کام لے کر اس شخص کے صحیح نام قائم کرنے کی کوشش کرتے یا کم از کم ان مہروں کو غور سے دیکھنے کی فرصت نکالتے تو اس بظاہر سجع والی عبارت کو صحیح پڑھنے میں زیادہ وقت نہ لگتا اور وہ فوراً اس نتیجہ پر پہنچتے کہ یہ عبارت بندۂ آل محمد یوسف ہے اور مالک مہر کے محمد یوسف نام کا سجع ہے۔ غرض ان معاملات میں احتیاط برتنے کی اشد ضرورت ہے۔

میں نے اپنی معروضات میں اکثر و بیشتر مثالیں سالار جنگ میوزیم کے کتابخانے کی فہرست سے لی ہیں۔ ان میں بہت ہی کم مہروں کے عکس دیئے ہیں۔ ان مہروں کی عبارت پڑھنے میں فہرست نگار مرحوم محمد اشرف صاحب جو میرے بزرگ اور کرمفرما تھے ان سے کافی غلطیاں سرزد ہوئی ہیں۔ شاید آپ میں سے بہت کم لوگوں کو یہ علم ہو کہ مرحوم تعلیم اور پیشے کے اعتبار سے انجنیئر تھے اور سالار جنگ کے عربی فارسی مخطوطات کی تقریباً ڈیڑھ درجن فہرست مرتب کرنا کارنامہ سے کم نہیں۔ سب سے بڑی بات تو یہ ہے کہ غالباً وہ تنہا فہرست نگار ہیں جنھوں نے یہ التزام کیا ہے کہ وہ مہروں اور ان سے توثیق شدہ تحریروں کا بالالتزام اپنی فہرست میں اندراج کریں۔ دوسرے فہرست نگاروں کو اس کی تقلید کرنی چاہیئے۔ درگاہ حضرت پیر محمد شاہ کے کتابخانے کی فہرستوں میں اس کی طرف توجہ دی جا رہی ہے جو خوشی اور اطمینان کی بات ہے۔

Marfat.com

ترقیمے:

سمینار کے دوسرے موضوع ترقیمے پر پروفیسر ڈاکٹر محمد انصار اللہ صاحب کا جن کا تبحر علم کسی تعارف کا محتاج نہیں مفصل اور پر از معلوماتی مقالہ آپ حضرات نے سنا، بدقسمتی سے مقالہ پڑھے جانے کے وقت میں حاضر نہ تھا اس لیے اس سے کماحقہ استفادہ نہ کر سکا۔ اس جامع مقالے کی کاپیاں تقسیم ہو چکی ہیں۔ اس موضوع پر مزید اظہار خیال کرنے کی گنجائش نہیں ہے اس لیے میں یہاں موصوف کے مقالے کے سرسری مطالعہ کے دوران جو باتیں میرے ذہن میں آئی ہیں ان میں سے کچھ آپ حضرات کی خدمت میں پیش کرنے کی اجازت چاہتا ہوں۔

انصار اللہ صاحب کے مقالے کی جامعیت اور بے انتہا افادیت کا اعتراف کرتے ہوئے ان کے کچھ بیانات میں اس ناچیز کی ناقص رائے میں اختلاف کی گنجائش ہے۔ اوّل ترقیمہ کے معنی ہی کو لیجئے۔ یہ لفظ مونث ہے ترقیم کا اور ترقیم اسم مصدر ہے رَقّمَ کا جس کے اصل معنی لغت میں لکھنے اور رقم کرنے کے نہیں ہیں۔ اس کے معنی رنگ بہ رنگ کرنا مزین کرنا خط اور لکیر کھینچنا وغیرہ کے ہیں متن کے اختتام پر اس کا ناقل اس کی کتابت ختم ہونے کی ایک یا زیادہ لفظوں یا جملوں میں جو روداد بیان کرنا چاہتا تھا اس کو متن کے اختتام پر، جس میں بسا اوقات جیسا کہ ملا علی قاری، مولانا عبدالرحمٰن جامی وغیرہ کی طرح مصنف اس کا سال اور گاہے مقام تصنیف بیان کرتا تھا۔ التباس نہ ہو اس احتیاط کے طور پر وہ الٹے تکون کی ہندی شکل کی ایک یا دو لکیروں کی جدولی لکیریں کھینچتا تھا۔ مثال کے طور پر خدا بخش لائبریری کے ابھی جن کا ذکر ہوا وہ الکشاف یا انتخاب بوستان اور دیگر کئی نسخے ملاحظہ فرمائیں۔ پھر لکیروں کا التزام نہ رہا لیکن ترقیمہ اسی طرح الٹے تکون کی شکل والی زمین میں لکھا جاتا رہا۔ بعد میں اس سے بھی صرف نظر ہوا۔ اس حقیقت کی روشنی میں انگریزی لفظ colophon کے لیے ترقیمہ کی اصطلاح نہایت ہی موزوں اور برمحل ہے۔ انگریزی میں اس لفظ کے معنی ہیں کتاب کے اختتام پر کسی کتاب یا مخطوطے کے نام، موضوع، مصنف کے نام وغیرہ پر

Marfat.com

مشتمل عبارت کے جو امتیازی صورت میں درج ہوتی تھی۔

انصار اللہ صاحب نے عربی فارسی اردو وغیرہ زبانوں کے زمانے کے تعین کی طرف شروع سے ہی توجہ دینے کی قابل فخر روایات کا ذکر کیا ہے۔ آپ حضرات کے علم میں یہ بات ہو یا نہ ہو یہ روایت ہندستان میں عربی فارسی کے رواج پانے سے سینکڑوں سال قبل موجود تھی۔ سنسکرت اور دیگر زبانوں کے کچھ تو رسالوں کی حجم کے لمبے کتبوں میں جو اعلیٰ درجہ کی شاعری یا نثر کا نمونہ پیش کرتے ہیں ان کا مصنف بالعموم اختتام متن کے بعد اپنا اور کتبہ نصب کرانے والے کا حسب نسب زمانہ وغیرہ بیان کرتا ہے جسے ترقیمہ بھی کہا جا سکتا ہے۔ نیز کم از کم مغربی ہندستان یعنی راجستھان میں پراکرت راجستھانی اور قدیم گجراتی کے مخطوطات بالخصوص جین پوتھیوں میں ترقیمے پائے جاتے ہیں بلکہ ترقیموں پر ڈاکٹریٹ کی سند کے لیے ریسرچ بھی ہوتا رہا ہے۔

انصار اللہ صاحب نے ترقیمہ کو ان کے مطالب وغیرہ کی روشنی میں پانچ صنفوں میں تقسیم کیا ہے اور مثالیں دے کر ان کی نوعیت اور افادیت پر تفصیل سے بحث کی ہے۔ اس ضمن میں انھوں نے جو کچھ کہا ہے وہ فی نفسہ صحیح ہے لیکن مفرد اور مرکب ترقیموں جیسی جو اصطلاحیں وضع کی ہیں وہ موشگافی کے زمرے میں آتی ہیں۔ ترقیمہ صرف ترقیمہ ہے چاہے ایک لفظ تم پر مشتمل ہو یا کئی جملوں پر۔ ترقیموں کو ان کی اطلاعات کی کمی بیشی اور نوعیت کے نقطۂ نظر سے ایک سے زیادہ صنفوں میں تقسیم کرنا پیچیدگی کا باعث اور غالباً سعی لاحاصل ہے۔ بہرحال یہ اپنی اپنی ذاتی رائے کا معاملہ ہے۔

انصار اللہ صاحب نے ایک جگہ فرمایا ہے کہ کاتب زیر کتابت متن کو مکمل کر لینے کے بعد اپنا نام یا دستخط کرتا ہے۔ دستخط جیسے لفظ کے مروجہ معنی جیسی چیز کسی ترقیمہ میں میری نظر سے نہیں گذری۔ مخطوطوں پر ان کے مالک وغیرہ کی یادداشتوں میں بھی دستخط شاذ و نادر ہی دیکھنے میں آئے ہیں۔ انصار اللہ صاحب نے مفرد ترقیموں کی پانچویں مثال یہ دی ہے: "الحمد للہ علی احسانہ کہ یہ مثنوی مسمی بہ طلسم اعظم چودہ گھنٹہ میں آغاز ہو کر انجام کو پہنچی۔ اس مثنوی کے ناظرین سے یہ امید ہے کہ جب اس مثنوی کو پڑھیں تو مصنف کو دعائے خیر سے یاد فرمائیں"۔ بہ صورت موجودہ یہ عبارت ترقیمہ کی نہیں بلکہ اختتام متن کی ہے، چاہے کتاب کا مصنف کاتب ہی کیوں نہ سہی۔ اس صورت میں بھی کاتب اپنا نام یا لفظ کاتب کو بجائے مصنف کے دعائے خیر کے طالبوں میں درج کرتا۔ غرض یہ عبارت ترقیمہ نہیں بلکہ متن کتاب کے اختتام کے ذیل میں آتی ہے۔

اسی طرح مفرد ترقیموں کی ہمپٹی صنف، کتاب، کی ملکیت کی دو مثالیں بھی غور طلب ہیں:

Marfat.com

(۱) تمام شد۔ مالک این کتاب منشی سید حسن علی ساکن بلگرام (۲) مالک نواب وزیر صاحب (معتمد الدولہ آغا میر)۔ بادی النظر میں ان کتابوں کے مالک کا کاتب یا ناقل سے کوئی تعلق نظر نہیں آتا۔ مخطوطے کے آخر میں کتاب کے مالک ، کاتب سے علیحدہ شخص ، کی تحریریں بیسیوں نسخوں میں ملینگی۔ البتہ اگر مالک کی عبارت کا خط وہی ہے جو متن کتاب کا تو کاتب و مالک ایک ہی شخص ہوگا لیکن اس صورت میں بھی یہ دیکھا گیا ہے کہ وہاں " کاتبہ و مالکہ " فقرے کا استعمال ترقیمے میں ہوتا ہے۔ بصورت دیگر ایسی عبارتوں کو ترقیمہ میں شامل کرنا صحیح نہ ہوگا۔

کتاب کے تعارف کی سرخی کے تحت یہ بیان ملتا ہے : عام طور سے ترقیموں میں کتاب کا نام لکھا ہوا ہوتا ہے۔ جہاں تک میری معلومات کا تعلق ہے عربی مخطوطات کے بارے میں یہ کافی حد تک اور فارسی مخطوطوں میں ایک حد تک صحیح ہے ۔عام طور پر کہنا صحیح نہ ہوگا۔ نیز یہ قول بھی محل نظر ہے کہ بعض کاتب کتاب کا مجمل سا تعارف بھی کرا دیتے ہیں جس میں کتاب کے مصنف کا نام اس کے موضوع اور بعض وقت بنیادی ماخذ کا بھی ذکر ہوتا ہے میرے خیال میں معاملہ اس کے برعکس ہے۔ یہ استثنا کے ذیل میں آتا ہے، جب کاتب مصنف کا شاگرد یا مرید ہو یا اس قسم کی نسبت رکھتا ہو تب ترقیمے میں ان چیزوں کا وہ ذکر کرتا ہے یا اس کی فرمائش پر اس نے کتابت کی ہو۔ اس لیے یہ ترقیمہ نہیں کہی جائیں گی خواہ وہ کتاب کے متن کے اختتام پر تحریر ہوئی ہو۔ انہیں مالک کتاب کی یادداشت کہنا زیادہ مناسب ہوگا۔ مالک نے اگر اپنی اس یادداشت میں کاتب کا نام لیا ہے تو بھی وہ ترقیمہ نہیں کہی جائیگی۔

مرکب ترقیموں کی شق ۴ میں غالباً دو مثالیں درج ہیں۔ پہلی مثال " شیخ ملان حسین مرحوم کے " پر ختم ہوتی ہے اور دوسری مثال جس پر (ب) لکھنا چھوٹ گیا ہے (؟) مالکہ حلیمہ الخ ہے۔ پہلی مثال اگر کاتب متن کے خط میں ہے تو بلا شبہ یہ ترقیمہ ہے جس میں کاتب خود مالک کا نام لیتا ہے۔ لیکن اس عبارت سے یہ کاتب کی نہیں بلکہ خود مالک کی تحریر معلوم ہوتی ہے جس میں وہ کاتب کا نام اس کی ولدیت اور اس کے استاد کی بابت اطلاع بہم پہنچاتا ہے۔ دوسری مثال کی عبارت صاف نہیں ہے۔ اس میں ایک سے زیادہ مالکوں کے نام ملتے ہیں یعنی حلیمہ بنت صبغۃ اللہ عبدالقادر بن شرف الدولہ وغیرہ۔ معلوم ہوتا ہے کہ تذکرۂ مخطوطات اردو جلد اول میں جہاں سے اس مثال کو نقل کیا ہے یہ عبارت صحیح نقل نہیں ہوئی۔ بہرحال اسے بھی ترقیمہ کہنا صحیح نہیں ہے۔

Marfat.com

دوہرے ترقیموں کی جو اچھی اور معروف پہلی مثال دی گئی ہے وہ بظاہر ناقص یا کم از کم مبہم ہے۔ اول تو اس سے صاف پتہ نہیں چلتا کہ کاتب نے نسخۂ اصلی کے پورے ترقیمہ کو یا اس کے کسی جزو کو اپنے ترقیمہ کا جزو بنا لیا ہے۔ مذکورہ مثال میں جس اصل کتاب کے ترقیمہ کی طرف اشارہ ہے۔ وہ بظاہر ایک نہیں دو کتابوں کے ترقیمے معلوم ہوتے ہیں اکھروتی اور بیوگ ساگر، جب کہ انصار اللہ صاحب اور میرے مرحوم کرمفرما اور دوست پروفیسر سید حسن عسکری کی رائے میں یہ ایک ہی کتاب کا ترقیمہ ہے۔ اس میں پوتھی اکھروتی بزبان ملک محمد جایسی کہا گیا ہے اور بعد میں پوتھی بیوگ ساگر کی عبارت میں سال ہے اور مہینہ کا دن لیکن کاتب کا نام ندارد ہے۔ اگر مخطوطے اور ترقیمے کا خط یکساں ہے تو دونوں کا کاتب ایک ہی شخص ہوگا پھر بھی ترقیمہ کا گنجلکپن اپنی جگہ برقرار رہتا ہے۔ اس ضمن کی دوسری مثال بھی قدرے گنجلک ہے: اس کے پہلے حصّہ کی عبارت جس کو پہلا ترقیمہ تصور کیا گیا ہے وہ یہ ہے: تمت الکتاب چہارشنبہ شہادت بدست مولف روایات شہادت شیخ احمد حسرت ماہ صفر المظفر آخری چہارشنبہ ۱۲۶۶ ہجری اور دوسرا حصہ ہے مالک ایں کتاب حکیم بایزید... ساکن شہر کڑپہ سنہ ۱۳۰۰ ہجری من نقل کردم تمام شد وقت عصر ماہ رمضان شریف بہ تاریخ یکم۔ فہرست آصفیہ جہاں سے یہ مثال نقل کی گئی ہے میرے دسترس میں نہیں اس لیے یہ معلوم نہیں کہ چہارچمن کا مصنف کون ہے۔ بادی النظر میں تو اس عبارت کو دیکھ کر ذہن میں یہ بات آتی کہ پہلا حصہ متن کتاب کا اختتام ہے جس میں مؤلف کتاب نے اپنا نام اور سن تالیف بتایا ہے اور دوسرا حصہ اس کا ترقیمہ ہے۔

اسی طرح ایسی تیسری مثال کو بھی دوسرے ترقیمے کا نام دینا غالباً صحیح نہیں ہے۔ پہلی تاریخ [illegible] بگمان غالب ترجمہ شدہ فارسی کتاب کا سن تصنیف ہے۔ گو اس عبارت میں لفظ مرقوم استعمال ہوا ہے اسے ظاہراً کتابت نہیں تالیف و تصنیف مراد ہے۔ اگر یہ سن کتابت بھی ہے تو یہ فارسی ترجمہ شدہ نسخہ کی کتابت کی تاریخ کا ترقیمہ ہے جس کو اردو ترجمہ میں مترجم سید محمد بلگرامی نے اپنے ترقیمے مورخہ ۲۰ ذیقعدہ ۱۳۱۰ میں شامل کر دیا ہے۔ غرض یہ صرف ایک واحد ترقیمہ ہے اور اسے دو ترقیموں کی صورت قرار دینا صحت سے دور ہوگا۔

مقالے کے آخری حصے میں مخطوطات کو اہم ظاہر کرنے کی کوشش کی طرف توجہ دلائی گئی ہے یہ نہایت ضروری اور بروقت ہے لیکن اس کی مثال میں انصار اللہ صاحب سے غالباً سہو ہوا ہے۔ بھگوت گیتا کے بارہویں صدی ہجری کے نصف آخر کے نسخے میں جائے کتابت دارالسلطنت لاہور لکھے جانے سے

Marfat.com

انصار اللہ صاحب نے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ اس فقرے سے نسخے کی قدامت جتانا کاتب کا مقصد ہے۔ حالانکہ ایسا نہیں ہے۔ لفظ دار السلطنت لاہور سکھوں کے عہد کی ہی یادگار نہیں ہے بلکہ یہ اکبر کے زمانے سے مستقل طور پر تاریخوں، سکوں وغیرہ میں مستعمل رہا ہے اس لیے یہ کہنا صحیح نہیں ہے کہ شاہ عالم ثانی کے ابتدائی زمانے میں جب سکھوں کا زور ہوا تھا تو اسی وقت اس کو دار السلطنت کہا گیا ہوگا۔ میرے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ ترقیمے میں لفظ دار السلطنت کے استعمال کو اس نسخے کی قدامت سے کسی طرح کا بھی تعلق نہیں ہے۔

ان معروضات سے یہ بات ذہن نشین کرنا مقصود ہے کہ مہروں کی طرح بلکہ ایک لحاظ سے اسکے مقابلہ میں زیادہ احتیاط سے کام لے کر متن کے اختتام سے ترقیمہ کو متمیز کر کے اس پر رائے قائم کرنی چاہیے۔ ورنہ گمراہ کن نتیجے پر پہنچنے کا اندیشہ ہے۔ اس معاملے میں اچھے اچھے فہرست نگاروں سے سہو ہوا ہے۔ مثلاً خدا بخش لائبریری کے دیوانِ حافظ کے ایک نسخے کے بارے میں فہرست مخطوطات فارسی کی جلد اول میں شمارہ ۱۵۵ کے تحت تفصیلات درج ہیں۔ اس نسخہ میں ترقیمہ نہیں ہے لیکن متن کے اختتام پر یہ رباعی مرقوم ہے:

مقبول خواص و مشہور انام　　خوش لہجہ و موزوں حرکت نازتمام　　در خطبۂ شیراز تمامست تمام
زور آوری محمد حافظ نام۔

فاضل فہرست نگار نے اسکو ترقیمہ قرار دے کر یہ نتیجہ نکالا کہ اس دیوان کی کتابت شیراز میں ہوئی۔ ظاہر ہے انھوں نے کاتب کا نام یا سن کتابت کے بارے میں کچھ نہیں کہا۔ یہ نسخہ شیراز میں لکھا گیا تھا یا نہیں اس سے بحث نہیں لیکن اس کے معنی یہ ہرگز نہیں کہ اس سے اس امر کا ثبوت بہم پہنچتا ہے۔ حقیقت صرف یہ ہے کہ یہ رباعی خواجہ حافظ شیرازی کی مدح میں کسی نے یا (اگر رباعی کا خط بھی متن کے خط سے یکسانیت رکھتا ہے تو) خود کاتب نے تحریر کی ہے اور اپنے زعم میں خواجہ کو عقیدت پیش کرنے کی غرض سے اپنی طبیعت کی جولانگری اور زور آوری دکھانے کے لیے قلمبند کی ہے لیکن اس امر کی طرف توجہ نہ دلائے جانے کے نتیجے میں ناظرین اس غلط خیالی میں رہیں گے کہ یہ نسخہ شیراز میں کتابت شدہ ہے۔ میں نے تھوڑی دیر پہلے ضمناً کہا تھا کہ بعض کتابوں میں ملا علی قاری، مولانا عبدالرحمٰن جامی، حسین واعظ کاشفی وغیرہ جیسے مصنف اپنی کتاب کے آخر میں کتاب کا نام اس کے اتمام اور اختتام کی تاریخ جائے تالیف و تصنیف وغیرہ قلمبند کرتے ہیں۔ ایسے نسخے مصنف کے خود نوشت بھی ہو سکتے ہیں لیکن ان کے مابعد عہد میں کتابت شدہ نسخوں کو ترقیمہ کی عدم موجودگی میں بے احتیاطی سے مصنف کا خود نوشت نسخہ قرار دے دیا جائیگا بالخصوص اس صورت میں کہ مصنف کے خط کی پہچان نہ ہو۔ کتابخانۂ درگاہ حضرت پیر محمد شاہ میں ایسے

Marfat.com

کئی نسخے میری نظر سے گذرے ہیں جو مصنف کے خط میں نہیں نہ ان میں ترقیمہ ہے لیکن ان کے اختتام پر کتاب کا نام درج ہے۔

سالار جنگ میوزیم کی فہرست کی ایک مثال ملاحظہ ہو: قرآن مجید کے ایک نسخے کا یہ ترقیمہ نقل ہوا ہے۔ (عربی مخطوطات جلد دوم ص ۳۰) : قد تشرف وتعزز بتنميق هذا الجامع السبحانی عزیز بن محمد بن حسین الحافظ الکاشانی۔ بلغ کتابتی من القرآن اثنا وتسعین وستمائة وارجو من جزیل نواله باتمام الالف۔ فہرست نگار نے اس کے یہ معنی لیے کہ کاتب نے یہ قرآن (شریف کا نسخہ) ۶۹۲ھ ہجری کے آخر میں ۶۹۲ھ ہجری میں کتابت شدہ نسخے سے نقل کیا۔ اس اندراج سے ترقیمہ کی اہمیت کا اندازہ نہیں ہوتا۔ کاتب تو یہ کہہ رہا ہے کہ قرآن کی اس کی کتابت کی تعداد چھ سو بانوے تک پہنچی ہے اور (اللہ) کی عنایات کثیر سے ہزار نسخوں کے اتمام کی امید رکھتا ہوں۔

قبل اس کے کہ میں سیمینار کے تیسرے موضوع پر کچھ کہوں احمد آباد کی درگاہ حضرت پیر محمد شاہ رح کے کتب خانے کے کچھ مخطوطات کے ترقیموں کا ذکر کروں جن سے ہماری تاریخ ماضی کے بعض گوشوں پر روشنی پڑتی ہے۔ یہاں کے کچھ ترقیموں میں کاتب اپنی چار پانچ سے لیکر نو نو پشتوں تک کے آباد اجداد کا نام لیتا ہے گویا اپنا نسب نامہ پیش کرتا ہے اس کی اہمیت محققوں پر ظاہر ہے۔ امام غزالی کی منہاج العابدین کے ۸۷۲ھ میں کتابت شدہ نسخے کا کاتب فرید ناگوری اپنے جد و امجد مشہور معروف عالم اور مصنف قاضی حمید الدین محمد بن عطا ناگوری تک اپنے اسلاف کے نام لکھتا ہے۔ کبھی اپنے بارے میں کاتب دلچسپ معلومات فراہم کرتا ہے مثلاً کتاب مقیم المسلمین کا کاتب ترقیمہ میں اپنا تعارف اس طرح کراتا ہے: سعید عرف قریشی اولاد خالد بن ولید ساکن ناگور است از سبب زمانہ سازی وقت گذاری کردن والا من متوطن بارہ بکر ولایت سندھ پرگنہ لدہ کاکن تپہ نوراجہ موضع محمد برمکی یا وہ اپنے پیشہ کے بارے میں بھی اطلاع بہم پہنچاتا ہے مثلاً اس منظوم ترقیمہ میں منصور مقواسازنامی کاتب اپنے بارے میں لکھتا ہے:

صنعت کار مقوا کبرم شد منظور ــ دارد امید شفاعت زخدمنصور، یا ایک کاتب کا نام اس طرح آیا ہے: علی بن محمد بن عبود بن بدر بن عبود مرعی الکثیری نبسل الہمدانی والمذہب الشافعی الساکن بلدہ زنوتی یا میر امام علی بن میر ذوالفقار علی ساکن بلدہ ضلع میوات پیرزادہ حضرت خواجہ موسی چشت اہل بہشت بمقام احمد آباد ۱۲۶۵ھ مشہور عارف اور گوجری کے شاعر شاہ علی جیو گام دھنی کے ایک غیر معروف رسالہ کے ترقیمہ میں کاتب عبدالرحیم بن شیخ

Marfat.com

محمد یوسف متوطن خورجہ یہ اطلاع بہم پہنچاتا ہے کہ انھوں نے اس نسخے کی ذی القعدہ سنہ ۱۳ محمد شاہی مطابق سنہ ۱۱۴۳ ہجری میں قصبۂ تپل سرکار کول مضاف صوبۂ مستقر الخلافۃ اکبرآباد میں اس وقت کتابت کی جب وہ لالہ نول چند اور بھگونت رای قانون گو کے بچوں کی تعلیم کے لیے مامور تھا۔ ایک ترقیمے میں کاتب اپنے اجداد کا نام لکھ کر پانچویں جد کی بابت لکھتا ہے کہ ان کی وفات مدینہ منورہ میں حضرت ذوالنورین کے قبہ کے جوار میں ہوئی۔ ایک ترقیمے میں کاتب جن الفاظ میں اپنے لیے دعا مانگتا ہے وہ دلچسپ ہیں: (ترجمہ) اللہ اس کو اپنے نفسانی عیوب کو دیکھنے کی بصیرت عطا فرمائے، اس کی شام کو صبح سے بہتر بنائے، اس کو جمیع الانام کی جانب بھیجے گئے اپنے حبیب محمدؐ کی شفاعت نصیب کرے اور اپنے والدین اقارب ذوی الارحام کی رضا اور خوشنودی سے نوازے۔

کئی ترقیموں میں اچھا خاصہ تاریخی مواد ملتا ہے جو بالخصوص مقامی تاریخ کیلئے ایک اہم ماخذ کا کام دیتا ہے۔ ان میں ایسی کتابوں کے ترقیمے بھی ہیں جو بادشاہ (اورنگ زیب) کے اردوے لشکر میں دکن کے کچھ مقامات میں قلمبند کی گئیں۔ کچھ مثالیں موجود ہیں۔ احمدآباد میں کتابت شدہ ایک منظوم ترقیمے میں (جو تک بندی سے بھی بدتر ہے) کاتب لکھتا ہے کہ شاہ عالمگیر کے زمانہ میں (جب اس کی کتابت ہوئی) گجرات کے احمدآباد شہر میں صاحب صوبہ مختار خان، دیوان معتمد محمد طاہر، قاضی بدیع الزماں، محتسب نظر بیگ میر عدل سعید، امین میر عزیز اللہ، مفتی عالم علی، صدر محی الدین اور بخشی بہار الدین تھے۔ نزہت الارواح کی نایاب شرح فاتح الاتراح کے ۴۴ جلوس عالم گیری میں کتابت شدہ نسخہ کے ترقیمہ میں لکھا ہے کہ یہ کتاب رنتنبھور کے قلعہ کے خزانچی مہتہ برج راج کی ملکیت میں تھی۔ اس کی کتابت شہر پیرپور میں ہوئی ہے جو تابع شہر رنتنبھور صوبۂ دارالخیر اجمیر میں واقع ہے اور کتابت ارتضا خاں نبیرۂ سید مرتضیٰ خان کے عہد قلعہ داری میں ہوئی ہے۔ ایک کتاب اس کے ترقیمہ کی عبارت کے مطابق میر عنایت اللہ نے میرزا احمد ظفر جیو کے لیے ۱۷ شعبان ۴۴ جلوس عالمگیری کے دن جب صاحبزادہ بیدار بخت بہادر بن اعظم شاہ نے قلعہ پنہالہ (نزدیک کولہاپور، مہاراشٹر) کا محاصرہ کر رکھا تھا تب قلعے کی تلہٹی میں لکھی۔ اسی بادشاہ کے عہد میں ایک ترقیمہ کے مطابق غلام محی الدین بن شیخ محی الدین نے ۱۰ رمضان ۱۱۰۹ھ کو دکن میں دریائے بھیما کے کنارے صوبۂ برہانپور میں شاہی کیمپ میں اڑتالیس دن میں تحریر کی۔ ایسی کئی مثالیں پیش کی جاسکتی ہیں۔

بعض ترقیموں میں بجائے کتابت۔ مکان، محلہ، شہر۔ کا ذکر پایا جاتا ہے۔ ایسے ترقیمے شہر کی

Marfat.com

تاریخ کے لیے اہم مواد مہیا کرتے ہیں۔ چند مثالیں دلچسپی سے خالی نہیں ہونگی: حسین واعظ کاشفی کی مشہور تفسیر حسینی (مکہ معظمہ میں) رباط حسن بن عجلان قریب بیت ام ہانی مقابل رکن یمانی لکھی گئی ایک اور ترقیمہ کے مطابق کاتب ابوالخیر نے ایک محضر نامہ جس پر حرم نبوی کے امام، مفتی، مدرس، کاتب وغیرہ تقریباً بارہ پندرہ وابستگان حرم کے امضا ہیں، حرم نبوی میں بین المنبر والمحراب لکھا۔ مشہور عربی کتابوں کے مصنف اور عالم شیخ ابراہیم الکورانی کا مکان ایک ترقیمہ کے مطابق مدینہ منورہ شہر کے باہر تھا۔ ایک مخطوطے کے ترقیمے میں ۱۰۱۷ھ میں اس کے جامع درویش پاشا بہ دمشق کے امام کے ہاتھ کی تحریر بتایا گیا ہے۔ ایک مخطوطہ شیراز کے مدرسہ لطف اللہ میں ۱۰۲۵ھ میں لکھا گیا۔ سمرقند کے مدرسہ الغ بیگ اور مدرسہ امیر کبیر شہید درویش محمد ترخان میں دو کتابوں کی کتابت ہوئی۔ یہ تو بیرون ملک کے چند مقامات کتابت ہیں، ہندستان میں حضرت برہان راز الٰہی کی درگاہ میں مخدوم بہار شیخ شرف الدین احمد یحییٰ منیری کے مکتوبات صدی کی کتابت ۱۱۴۶ھ میں ہوئی۔ اسی کتاب کا ایک نسخہ احمد آباد میں شاہ شریف محمد قادری کی درگاہ میں تحریر پذیر ہوا۔ معلوم ہوتا ہے مخدوم بہار گجرات اور خاندیس کے اہل عرفان کے حلقہ میں کافی مقبول تھے۔ احمد آباد کے مشہور عارف و عالم حضرت شاہ عالم بخاری کی مجالس جمعہ میں ان کی تصانیف کا ذکر ہوتا رہتا تھا جیسا کہ جمعات شاہیہ سے پتہ چلتا ہے۔ موخر الذکر نسخے کے بارے میں یہ بتانا دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ اس کا کاتب حافظ مجاہد بن شیخ نور محمد بن شیخ عبدالحمید حصاری ڈیرہ ہمک تھا جو بظاہر احمد آباد میں نووارد تھا۔ بیرون شہر احمد آباد کے علاقہ احمد پور میں ایک کتاب کی ترقیم ہوئی۔ دوسری ایک کتاب اسی علاقے کے محلہ لادشہ میں قلمبند ہوئی۔ اسی شہر کے روضۂ حضرت شاہ عالم اور روضۂ حضرت شاہ وجیہ الدین میں کتابت شدہ کچھ کتابیں بھی اسی لائبریری میں ہیں۔ خود درگاہ حضرت پیر محمد شاہ میں ان کی وفات کے دو سال کے بعد ان کے مرید خاص محمد ظہور بوہرہ نے ایک کتاب تحریر کی۔ ایک اور ترقیمہ ملاحظہ ہو جو احمد آباد کے مشہور چشتی خاندان کے ایک عارف عالم اور متعدد کتابوں کے مصنف شیخ محمد چشتی کے چالیس رسالوں کے مجموعہ الموسوم بہ اربعون رسائل کا ہے۔ یہ کئی اعتبار سے اہم ہے: قد وقع الفراغ من هذه الرسائل الشريف التي عدّها اربعون وهي من تصنيف قطب الاقطاب بلاشك والارتياب الواصل بالله الصمد الشيخ محمد قدس سره وواصل الينابره۔ اختتام نصف الرسايل من نكات الاخوان الى آخرها على يد الفقير الغريب اضعف العباد سيد محمد مفلح ولد سيد مير سهالوى الكهنوى الاودهى غفر الله له ولوالديه

Marfat.com

واحسن الیہما والیہ وذلک فی المسجد روشن ضمیر بقران مقبرہ منورہ حضرت خواجہ محمد دہدار و شیخ حسن جی در واقعہ سیدپورہ از پور جات بندر مبارک سورت فی یوم الاثنین وقت تہجد تاریخ .. عشر من شہر المبارک رمضان.. سلک السنہ [الثانی عشر] بعد المایۃ علی الالف من الہجرہ النبویہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وصحبہ وسلم تسلیما کثیراً کثیراً فے عہد سلطان الدنیا واعظم الخواقین محمد شاہ بادشاہ الغازی ادام اللہ تعالیٰ سلطنتہ وکان السنۃ الاثنی عشر من جلوسہ۔

اس کتابخانے میں ایسی کتابیں بھی ہیں جو ان کے ترقیموں کے مطابق خود مصنف کے مکان ان کے حضور میں رقم پذیر ہوئیں۔ مثلاً مشہور گوجری زبان کے شاعر شاہ خوب محمد چشتی کی خود اپنی مثنوی خوبترنگ کی فارسی شرح امواج خوبی اور ان کی ایک اور فارسی تصنیف حفظ مراتب (غالباً ان کے مرید) شیخ مدد بن شیر محمد نے بالترتیب ۱۰۱۳ھ اور ۱۰۱۴ھ ہجری میں "در حضور میاں جیو" ترقیم کی۔ ایک اور دلچسپ ترقیمہ میں یہ اطلاع ملتی ہے کہ شہر احمد آباد کی شہر پناہ کے باہر ہیبت پور (اب اس نام کا کوئی محلہ اس شہر کے گرد و نواح میں نہیں ہے) کی مسجد میں مولانا محمد رضا بن غلام محمد بن شیخ احمد بن شیخ سلیمان الکردالاحمد آبادی مولود شریف میں (یعنی ربیع الاول کے مہینہ کی بارہویں تاریخ کو) خطیب قسطلانی کی المواہب اللدینہ پڑھتے تھے اور موصوف کے نسخے کی خستہ حالت دیکھ کر کاتب نے اس کی کتابت کی۔ گجرات کے قدیم پایتخت پٹن میں محلہ گلشن واڑہ میں ایک کتاب لکھی گئی جس کے ترقیمے میں کاتب اپنے پیر و مرشد کا نام بھی بتاتا ہے کچھ ترقیموں میں مقامات کے نئے نام بھی درج ہوتے ہیں مثلاً مظفر آباد عرف کتیانہ۔ یہ شہر آج بھی اپنے پرانے نام کتیانہ سے مشہور ہے۔ اس کے مظفر آباد نام کی وجہ تسمیہ کا وہاں کے ایک عربی کتبے سے پتہ چلتا ہے جو گجرات کے سلطان مظفر شاہ دوم کے عہد میں بنا شدہ ایک مسجد پر نصب ہے۔ درگاہ شریف کے کتب خانے میں کم از کم ایک مخطوطہ ہے۔ جس کے ترقیمہ سے اس بات کا پتہ چلتا ہے کہ صحاف یا جلد ساز (جو مخطوطات کی متعدد یادداشتوں کے مطابق مخطوطات کا کاروبار بھی کرتے تھے) بھی اہم نسخوں کی نقلیں تیار کراتے تھے۔ یہ ترقیمہ ۱۹ ربیع الاول ۱۱۰۱ھ میں کتابت شدہ شیخ فریدالدین عطار کی مثنوی مختارنامہ کے ایک کافی اچھے نسخے میں پایا جاتا ہے۔ اس کے مطابق جلال داؤد حسینی نے یہ نسخہ عبدالکریم صحاف (احمد آباد) کی فرمائش پر لکھا۔ اس عبدالکریم صحاف کے ہاتھوں فروخت کی گئی دو تین کتابیں اسی کتب خانے میں دستیاب ہیں۔

ایسے دلچسپ ترقیموں کی بیشمار مثالیں پیش کی جا سکتی ہیں لیکن وقت اجازت نہیں دیتا اس لئے

Marfat.com

ترقیمے کا موضوع ایک مخصوص ہیات کے ترقیمہ کے ذکر پر ختم کرتا ہوں۔ یہ ترقیمہ مرصاد العباد کے نسخہ پر ہے اور خلاف معمول کتاب کے اختتام کے بجائے کتاب کے آخری ورق پر ایک مہر کی طرح پانچ سنٹی میٹر قطر والے دائرے میں لکیریں کھینچ کر نہایت ہی اعلیٰ خط میں لکھا گیا ہے۔

عرض دیدے :

سمینار کا تیسرا موضوع عرض دیدہ ہے ۔ اس لفظ سے ہمارے کان ناآشنا ہیں۔ اس لیے اس کے صحیح معنی و مفہوم سے بھی ہم لوگ اچھی طرح واقف نہیں ہیں۔ اس کی ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ مخطوطات سے رجوع کرنے والوں کی اکثریت اپنا کام متن سے نکال لینے پر اکتفا کرتی ہے اور مہروں، عرض دیدوں اور ترقیموں کو نظر انداز کرتی رہی ہے۔ اس لیے عرض دیدہ کے معانی کی تفتیش و تحقیق کی ضرورت پیش نہیں آئی ۔ ترقیموں سے تو پھر بھی کبھی کبھار مخطوطے کی قدامت یا کسی ایسے مسئلہ کو حل کرنے کے لیے سابقہ پڑتا ہے لیکن مہریں اور عرض دیدے مخطوطے سے رجوع کرنے والوں کی توجہ اپنی طرف مبذول نہیں کر پاتے ۔ نیز ایک اور وجہ غالباً یہ بھی ہے کہ یہ دشوار خوان اور دقت طلب ہوتے ہیں۔ ڈاکٹر سید فرخ جلالی صاحب نے عرض دیدوں کے کچھ نمونوں کے عکس اپنے مقالے میں شامل کیے ہیں۔ لیکن اس لفظ کی غرض و غایت اور عرض دیدوں کے بارے میں کوئی تفصیلات نہیں دیں نہ عکس والے عرض دیدوں پر کوئی روشنی ڈالی ۔ ہو سکتا ہے مقالہ پیش کرتے وقت انھوں نے ان چیزوں پر روشنی ڈالی ہو لیکن میری عدم موجودگی کی وجہ سے مجھے اس کا کوئی علم نہیں۔

عرض دیدہ کے معنی ہیں کسی مخطوطہ کو معائینہ کے لیے پیش کیے جانے کی یادداشت ۔ عرض کردن کے معنی ہیں ملاحظہ کے لیے پیش کرنا۔ اس معنی سے ہمارے کچھ دوستوں نے یہاں اختلاف کیا ہے لیکن میری ناچیز رائے میں اس کے یہی معنی ہیں۔ مغلوں کے شاہی کتابخانہ نامی رسالے کے مصنف شیخ عبدالعزیز نے بھی اپنی اس انگریزی کتاب (لاہور ۱۹۶۷) کے صفحہ ۴ پر عرض دیدہ کے معنی مخطوطہ کے ملاحظہ کیے جانے کی یادداشت دیئے ہیں۔ موصوف نے بھی اس کتاب میں اس معنی کو چھوڑ کر عرض دیدہ کے بارے میں مزید کچھ نہیں کہا ہے۔ عرض دیدہ کے یہی معنی ہونے کی ایک قوی دلیل یہ بھی ہے کہ کچھ جگہ مخطوطہ پر عرض دیدہ کے ساتھ یا اس کے بجائے 'ملاحظہ شد' کا فقرہ استعمال

Marfat.com

ہوا ہے۔ بادشاہ کے لیے ملاحظہ کیے جانے کی یادداشت میں احتراماً عرض دیدہ کا فقرہ اختیار کیا گیا۔ بہرکیف یہ یادداشت اس وقت لکھی جاتی تھی جب کوئی مخطوطہ کتابخانہ کا داروغہ یا کتابدار بادشاہ یا امیر یا ذی حیثیت مالک کتابخانہ کو ملاحظہ کے لیے پیش کرتا تھا یا خود کتابدار یا کتابخانے کا داروغہ وغیرہ اس کا معائنہ کرتا تھا۔ یہ یادداشت ان الفاظ پر مشتمل ہوتی تھی: بتاریخ فلاں شہر فلاں سنہ فلاں (جو سنہ الٰہی ہوتا تھا اور یہ سنہ جلوس کا مرادف تھا۔ تیرہویں صدی میں سنہ ہجری بھی لکھا جانے لگا) ان عرض دیدوں کے ساتھ کبھی کتاب کو ایک شخص کی تحویل سے لیکر دوسرے کی تحویل میں دی جاتی تو اس کی بھی یادداشت لکھی جاتی۔ ایسے کچھ تحویلداروں کے نام ڈاکٹر فرخ جلالی صاحب نے اپنے مقالے میں عرض دیدوں کا ذکر کیے بغیر کیا ہے۔ ان کی فہرست مختصر ہے اس میں کئی نامی کتابداروں اور تحویلداروں کے نام کا اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ جہانگیر کے کتابخانے کا کتابدار عبدالحق بن قاسم شیرازی غالباً شاہجہاں کے عہد تک اسی اسامی پر بحال رہا اور شاہجہاں کے ۱۰۴۱ھ میں امانت خان کے خطاب سے سرفراز ہوا اور پھر ۱۰۵۰ھ کے لگ بھگ ملازمت سے سبکدوشی کے بعد اپنی بسائی ہوئی سرائے امانت خان میں جا کر سکونت اختیار کی اور وہیں ۱۰۵۳ھ یا ۱۰۵۵ھ میں انتقال کے بعد مدفون ہوا۔ شاہجہاں کے دیگر کتابداروں میں چند نام یہ ہیں: عبدالرشید دیلمی (ایران کے مشہور خطاط میر عماد قزوینی کا ہمشیرزادہ)۔ اکبر و جہانگیر کے مشہور خطاط عارف اور شاعر میر عبداللہ مشکیں قلم ترمذی نعمت اللہی کے صاحبزادے میر محمد صالح کشفی۔ عنایت خان شاہجہانی، اعتماد خان شاہجہانی، محمد عارف، محمد صادق وغیرہ اور دیگر عہد آخر کے کتابداروں کے نام مہروں کے سلسلے میں بتائے جا چکے ہیں۔ تحویلداروں میں یہ نام ملتے ہیں: عبدالحی، خواجہ عنبر خواجہ دولت، ملا داؤد، خواجہ دلاور، محمد عابد، محمد مظفر حاجی خسرو، سید حاجی، محمد وارث، میر محمد باقر، معین الدین، علاء الدین وغیرہ۔ یہ چند نام صرف مخطوطات کے عرض دیدہ والے چند اوراق کے شائع شدہ عکس سے یا معاینہ کے دوران ہمارے سامنے آئے ہیں ورنہ ان کی فہرست کافی طویل ہو سکتی ہے۔

عرض دیدوں کا پڑھنا اتنا مشکل نہیں جتنا ایک ہی صفحہ پر تحریر شدہ متعدد عرض دیدوں کی صحیح ترتیب قائم کرنیکا کام۔ اس امر میں اشکال کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ ان میں سن جلوس کے ساتھ بادشاہ کا نام درج نہیں ہوتا اور کتابدار عرض دیدوں کو جہاں خالی جگہ پائی وہاں قلمبند کر دیتا ہے۔ یہی حال انکی مہروں کا ہے بسا اوقات یہ معلوم کرنا مشکل ہو جاتا ہے کہ کونسی مہر کا تعلق کس یادداشت سے ہے۔ اس لیے عرض دیدوں کے زمانے کے تعین میں احتیاط برتنے کی ضرورت ہے۔ مہر کی عدم موجودگی میں یہ کام اور زیادہ مشکل ہو جاتا ہے۔

Marfat.com

کتابخانوں کی فہرست میں زیادہ سے زیادہ عرض دیدوں کی موجودگی کی نشاندہی کی جاتی ہے۔ ان کے متن کے بارے میں کوئی تفصیل نہیں دی جاتی۔ عرض دیدوں کی اہمیت کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا' یہ ایک قسم کی یادداشت ہے جو شاہی کتابخانے کی کارگذاری پر کافی روشنی ڈالتی ہے۔ اس لیے کتابخانے کی فہرست کے مرتب کو چاہیئے کہ اگر ان کے کتابخانے میں شاہی کتابخانے کے مخطوطات ہوں تو ان کی تمام تفصیلات بہ شمول عرض دیدوں کے اپنی فہرست میں درج کرنے کا التزام کریں۔

Marfat.com

یادداشتیں :

اب میں سمینار کے موضوع سے ہٹ کر لیکن مخطوطہ شناسی کے اتنے ہی بلکہ ایک طرح سے دیکھا جائے تو زیادہ اہم جزو مخطوطہ کی طرف آپ کی توجہ مبذول کرانے کی اجازت چاہتا ہوں میری مراد وہ تحریریں ہیں جو ایک یا دوسرے قسم کی یادداشت کے طور پر مخطوطہ کے سرورق، آخری ورق یا درمیان کے اوراق پر یا اس کے ساتھ کچھ سادہ کاغذ مجلد کرکے ان پر لکھی گئی ہیں۔ اس اہم موضوع کو جس کا مہروں سے گہرا تعلق ہے، پتہ نہیں کیوں موضوع سمینار میں شامل نہیں کیا گیا۔ جیسا کہ اس سے قبل عرض کر چکا ہوں اکثر و بیشتر مہریں ان تحریروں یا یادداشتوں پر علامت دستخط کے طور پر ثبت کی جاتی تھیں۔ اس لیے موضوع سمینار سے خارج ہونے کے باوجود ان کی نوعیت اور افادیت مسلمہ پر ایک طائرانہ نظر ڈالنا نامناسب نہ ہوگا۔ ان کے لیے میرے علم میں انگریزی میں کوئی مخصوص اصطلاح موجود نہیں ہے نہ اردو میں۔ انگریزی میں عام طور پر اس کے لیے انڈارسمنٹ (Endorsment) کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے اس کے لغوی معنی ہیں کسی بھی سند قرارنامہ یا دستاویز پر دستخط اور ہدایات وغیرہ کی تحریر۔ اس کے لیے زیادہ موزوں اصطلاح کی آپ حضرات کی جانب سے نشاندہی کی جائے تو اس پر اظہار خیال کرکے بہ اتفاق رائے اُس اصطلاح کو اختیار کیا جائے۔

مخطوطات کی یادداشتیں کئی قسم کی ہوتی ہیں۔ ایک تو وہ ہے جس میں مالک اس مخطوطے کی ملکیت جتاتا ہے اور اپنی مہر لگا کر اس تحریر کی توثیق و تصدیق کرتا ہے۔ کبھی وہ صرف ایک لفظ "مالکہ"

Marfat.com

(اس کا مالک ہے) یا کبھی "اس کا مالک فلان بن فلان ہے" لکھ کر اس کے نیچے اپنی مہر لگاتا ہے۔ ان مالکوں میں جس کی فرمایش یا کہنے پر کتاب لکھی گئی ہے وہ شخص یا خود کاتب یا اصل مالک کا وارث یا خریدار یا کوئی بزرگ یا رشتہ دار یا دوست جن کو کتاب ہدیہ کے طور پر پیش کی گئی ہے وہ شامل ہیں اس کا ذکر مالک یا دوسرے طریقے سے مالک مخطوطہ کرتا ہے۔ کاتب نے اگر اسے اپنے لیے لکھی ہے تو وہ ترقیمہ میں کاتبہ و مالکہ (اس کا کاتب اور مالک فلان ..) لکھ کر اپنی ملکیت کا اعلان کرتا ہے گو کبھی کبھار وہ سرورق پر بھی "مالکہ بالرقیم" لکھ کر اپنی ملکیت جتاتا ہے۔ وراثت میں آئی ہوئی کتاب کا مالک "مالکہ بالارث" یا تفصیلی نوٹ لکھتا ہے۔ تقریباً علمی دنیا میں غیر معروف گجرات کے ایک عالم شاعر عربی اور فارسی کی متعدد کتابوں کے مصنف اور شاہ عبدالحق محدث دہلوی کے شاگرد اور خلیفہ مولانا شیخ سلیمان بن محمد الکردی الخراسانی الدہلوی الاحمدآبادی اور ان کے بیٹے اور گجرات کے مشہور و معروف اساتذہ میں سے ایک مولانا شیخ احمد بن سلیمان کے مدرسۂ کردیہ احمد آباد کی وراثت میں آئی ہوئیں دو ایک کتابیں درگاہ حضرت پیر محمد شاہ کے کتابخانے میں دستیاب ہیں۔ ان پر غالباً مولانا احمد بن سلیمان کی بیٹی فاطمہ بیگم اور ان کے برادرزادے محمد رضا بن غلام محمد جن کی متعدد یادداشتوں والی کتابیں اسی کتابخانہ میں موجود ہیں ان کی مہریں اور یادداشتیں ہیں جن میں اس کتاب کے فاطمہ بیگم کے حصے میں اور ایک دوسری کتاب کو 'اپنی والدہ" کے حصے میں آنے کا ذکر ملتا ہے۔ اسی کتابخانے کی ایک اور کتاب شریف النساء خانم کے حصے میں آئی جو انھوں نے کسی وزیر (وزارت پناہ) کے ہاتھ فروخت کی۔ وزارت پناہ کا نام اور اس کی مہر مٹا دی گئی ہے۔ اورنگ زیب کے قاضی عسکر اور گجرات کے مشہور محدث عالم اور مصنف صاحب مجمع بحار الانوار مولانا محمد بن طاہر بوہرہ پٹنی کے پوتے قاضی القضاۃ عبدالوہاب کے کتابخانے کی کئی کتابیں ہیں جو ان کے بیٹوں اور پوتوں تک پہنچیں۔ گجرات کے شہر بھڑوچ کے شہر قاضی احمد حسین رضوی شیرازی کی یادداشتوں کے مطابق کچھ کتابیں ان کو ان کے عم محترم سید مرتضیٰ سے، اشعبان وغیرہ تاریخوں میں ملی تھیں۔

اسی طرح مالکہ بالشراء الصحیح الشرعی کی متعدد تحریریں ملتی ہیں۔ ان خرید و فروخت کی یادداشتوں میں کبھی بھاے خرید قیمت، جن حالات میں کتاب خریدی گئی وغیرہ کی بابت بھی اطلاع ملتی ہے۔ ان بکی ہوئی کتابوں میں شاہی کتابخانوں کے نسخوں کی تعداد کم نہیں۔ احمد آباد کے محمد ابوبکر نامی بارہویں صدی ہجری کے اوائل کے علم حدیث کے ماہر غالباً تاجر پیشہ تھے اور تجارت کے سلسلے میں شاہجہاں آباد دہلی اور

Marfat.com

دارالسلطنت لاہور بھی جایا کرتے تھے۔ چنانچہ احمد آباد کے علاوہ ان دو مقامات سے خریدی ہوئی ان کی کئی کتابیں درگاہ شریف کے کتابخانے میں محفوظ ہیں جن پر ان کی تحریر مع تاریخ و جائے خرید وغیرہ درج ہے۔ ایسی ایک کتاب حافظ شمس الدین محمد سخاوی کی الضوء الامع لاہل القرن التاسع کے ایک ناقص الآخر جزو کا خود نوشت نسخہ ہے جو انھوں نے شاہ جہاں آباد میں تاریخ محمدی اور دیگر کتابوں کے مصنف میرزا محمد بن میرزا رستم معتمد خان بن دیانت خان الحارتی البدخشی سے خریدا تھا۔ خود میرزا محمد نے اسے خود اپنی یادداشت کے مطابق ایک سال قبل شاہ جہاں آباد عرف دہلی جدید میں خریدا تھا۔ اسی طرح محمد ابوبکر نے کتاب المقنع فی مرسوم المصحف لاہور میں ۱۱۲۳ ہجری میں شاہ عالم بہادر شاہ اول کی وہاں آمد کے دنوں میں خرید کی تھی۔ المرغینانی کی کتاب الہدایہ مکتوبہ ۸۳۷ ہجری بمقام موکانک (بیرون ہند۔ ارکان ؟) پر کم از کم چار مالکوں کی تحریریں ہیں۔ ایک ہیں عبدالکریم القطبی (گجرات کے مشہور عارف اور مخدوم جہانیان جہاں گشت کے پوتے حضرت برہان الدین محمد قطب عالم کی اولاد اپنے آپ کو قطبی عرف سے یاد کرتی ہے اور ان کے اپنے بیٹے حضرت سراج الدین محمد شاہ عالم جن کے اخلاف میں چھ سات پشتوں تک محدث یا مفسر یا مصنف یا شاعر وغیرہ گذرے ہیں جس کا نظیر ہونے کا شرف بھی عالم اسلام میں صرف ایک ہی خاندان اور وہ بھی احمد آباد کے چشتی خاندان کو حاصل ہے حضرت شاہ عالمؒ کی اولاد اپنے آپ کو حضرت قطب عالم کے دوسرے بیٹوں سے ممیز کرنے کے لیے شاہی عرف اپنے نام کے ساتھ لکھتی ہے) دوسرے ایک مالک عبدالواسع بن پیر محمد نے کتاب مذکور کے نصف آخر کو پانچ روپیہ میں خریدا تھا، تیسرے مالک شیخ عبدالحکیم بن جمال اللہ بن خاتم الفقہاء والمحدثین شیخ عبدالکریم بن شیخ لاد محمد الہاشمی نے لکھا ہے کہ انھوں نے (غالباً پوری کتاب) اس کے مالک کے ورثار سے ۲۵ روپے میں خریدی۔ چوتھے اور آخری مالک احمد آباد کے مشہور مسلم خاندان ولی اللہ کے بانی شیخ ولی اللہ کے بیٹے محمد عادالدین ہیں جن کی مہر والی درجنوں کتابیں اس خاندان کی طرف سے کتابخانہ میں وقف کی گئی ہیں۔ اسی کتابخانہ میں شرح مقدمہ ابی اللیث سمرقندی موسوم بہ التوضیح مصنفہ مصطفیٰ بن زکریا بن الدغش الکرمانی کا ۱۶ رجب ۹۷۲ھ کا مکتوبہ نسخہ ہے۔ یہ سب سے پہلے غالباً مکہ مکرمہ میں مشہور عالم و فاضل اور مصنف ملا علی قاری کی ملک میں رہا، جیسا کہ اس کے سرورق پر ان کی یادداشت مورخہ ۹۷۸ ہجری سے پتہ چلتا ہے۔ اس کے آخری ورق پر ترقیمہ کے نیچے ان کی دوسری ایک تحریر ہے۔ اس کے مطابق موصوف نے

Marfat.com

کتاب مذکور کا مطالعہ کیا اور اسے اوّل سے آخر تک غور سے دیکھا۔ اس کے بعد یہ کتاب غالباً بالترتیب سید محمد عبدالباقی بن حسن المکی الحنفی، حسن بن علی کنجہی المکی الحنفی اور (سنہ ۱۰۵۱ھ میں) حسن علی العطائی الساکن بجوار سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس رہی۔ ایک اور شخص کے مطالعے میں یہ کتاب رہی ہے لیکن اس کا نام ورق پھٹ جانے کی وجہ سے معلوم نہ ہو سکا۔

اس لائبریری میں کئی کتابیں ہیں جو کہ مغظمہ میں لکھی اور خریدی گئیں اور کئی مالکوں کے پاس ہوتے ہوئے یہاں پہنچیں۔ اس سلسلے میں ایک دلچسپ یادداشت سے مجبوری کی حالت میں کتاب فروخت کرنے کا پتہ چلتا ہے۔ قاضی القضاۃ شیخ عبدالوہاب نے امام فخرالدین زیلعی کی تبیین الحقائق کا نسخہ اس کے مالک شیخ حسن بن شیخ علی سے ایام قحط میں پانچ روپے میں خریدا تھا۔

عارضی طور پر ملکیت جتانے کی بھی کچھ یادداشتیں ملتی ہیں۔ مثلاً ایک کتاب میں ۱۷ جمادی الاول ۱۱۰۴ ہجری کو اس کے خواجہ محمد کو عاریۃً دئے جانے کی تحریر ملتی ہے۔

کچھ کتابیں مالک کو ہدیہ یا ہبہ یا تواضع کے طور پر ملی ہیں۔ مولانا روم کی مثنوی کے تنقیدی متن "نسخۂ ناسخۂ نسیخہ ہای سقیمۂ مثنوی" کا ایک نسخہ اس کے مرتب شیخ عبداللطیف عباسی نے اپنی مہر اور تحریر سے "بجہت یادگار" سیادت پناہ محمد قاسم بن حسین مروی کی خدمت میں گذرانا تھا۔ اس نسخہ پر میر محمد قاسم کی بھی مہر ہے۔ ان کے وارثوں سے یہ نسخہ محمد انور نے اوایل محرم ۱۰۹۵ھ ہجری میں خریدا اور اس کے بعد اوایل رمضان ۱۱۳۰ھ ہجری میں عبدالرحمٰن بن شیخ سینوری نے اسے خریدا مذکور الصدر سید جعفر بدر عالم بن صدر الصدور سید جلال مقصود عالم شاہی رضوی نے شاہ وجیہ الدین علوی کے ارشد تلامذہ عبدالعزیز بن ولی محمد خالدی قریشی یمنی کی خودنوشت شرح فتوح الغیب کا نسخہ مصنف کے حفید کو جو خود اپنی یادداشت میں اپنے آپ کو ان کا ہمشیرزادہ بتاتا ہے وہ احمد الفاروقی کو ہبہ کیا۔ اسی کتابخانہ میں الاشباہ والنظائر کا وہ نسخہ ہے جو مصنف کے اپنے نسخہ سے منقول ہے اور جو کسی وقت قاضی القضاۃ قاضی عبدالوہاب کی ملک میں رہا ہے۔ اسے میاں محمد صاحب جیو نے ۱۹ صفر ۱۲۹۶ھ میں حویلی محمد عارف میں حضرت قاضی سید میاں کو پیش کیا۔ ہبہ کی ایک دلچسپ یادداشت کا خلاصہ ملاحظہ ہو: عبدالصمد بن طاہر بن محبوب الصغانی العمری نے وجہ حلال سے حاصل کی گئی کتاب جوان کے تصرف شرعی میں تھی حالت صحیح

Marfat.com

میں عالی جناب سید احمد بن سید رفیع الدین بن سید جلال الدین بن سید احمد بن سید جعفر الحسینی (یہ احمد آباد کے مشہور سادات شیرازی کا خاندان ہے) کو حضرت قطب الاقطاب غوث الثقلین محی الدین عبدالقادر جیلانی قدس سرہ کی روح کو خوش کرنے کے لیے ہبہ کی ہے۔ یہ ہبہ نامہ واہب عبدالصمد نے اپنے قلم سے نہیں لکھا بلکہ ان کے حکم سے یہ تحریر کیا گیا۔

درگاہ لائبریری میں مخزونہ دیگر کچھ مخطوطات کی یادداشتوں سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ان کی خرید و فروخت دلال یا صحاف یا جلد ساز کے ذریعے عمل میں آتی تھی مثلاً محمد حیات بن عبدالملک شاہی نے رسالۂ مکیہ ۱۱۵۴ھ میں مذکور الصدر عبدالکریم سے خریدا تھا۔ یا ۱۱۵۸ھ میں محمد اسحٰق بن مولانا جعفر نے فارسی ترجمۂ نصاب الاحتساب المسمی بہ المسائل النوریہ کا نسخہ شہر سورت میں میاں محمد صحاف گجراتی سے قیمتہً حاصل کیا تھا۔ شرح فصوص الحکم کا ۹۸۳ ہجری کا تحریر شدہ نسخہ حسن بن محمد بن احمد بن حکیم الملک جیلانی نے سورت شہر میں عبدالسلام صحاف سے خریدا۔ کنز الدقایق کا فارسی ترجمہ قاضی موسیٰ صحاف ملتانی سے ۴ روپے ۲۴ پیسے میں سعداللہ نامی شخص نے خریدا تھا اور اسی نسخہ کو تیرہویں صدی ہجری میں عبدالکریم نے حاصل کیا۔

ان یادداشتوں سے گویا مخطوطات کے سفر کی نہایت دلچسپ داستان مرتب کی جا سکتی ہے ان میں غالباً سب سے زیادہ دلچسپ قصہ گجرات کی تاریخ مآثر محمود شاہی (جو ۱۹۸۷ء میں بڑودہ یونیورسٹی کے شعبۂ تاریخ کے محمود شاہی کے غلط نام سے شائع کی ہے) اور اس کے ذیل، ذیل مآثر محمود شاہی کے ایک ہی کاتب کے قلم سے تحریر شدہ اور ایک ہی جلد میں مجلد نسخے ہیں۔ ان کی کتابت سن تصنیف کے تقریباً ساٹھ ستر سال بعد مکہ مکرمہ میں ۹۸۴ ہجری میں ہوئی۔ پھر معالی جناب ہدایت انتساب شاہ ابوتراب [شیرازی جو اکبر کی جانب سے میر حج کو گئے تھے اور ۹۸۷ھ ہجری میں مکہ معظمہ سے قدم رسول لائے تھے۔ غالباً اس وقت یہ مجلد بھی اپنے ساتھ لائے ہوں گے] نے عبدالرحیم خان خاناں کو تحفۃً پیش کیا۔ پھر یہ کتاب گجرات کے گورنر خان اعظم میرزا عزیز کوکہ کی تحویل میں آئی۔ حب خان اعظم بغیر اکبر کی اجازت گجرات سے حجاز کے لیے روانہ ہوئے تو انھوں نے ۱۰ جمادی الثانی ۱۰۰۱ھ ہجری میں پتن سومناتھ میں جو ضلع جوناگڑھ میں واقع ہے میر عبدالرزاق معموری کو عطا کی۔ اس کے بعد کسی وقت پھر وہ حجاز پہنچی جہاں آج مدینہ منورہ میں عارف بے حکمت کے کتب خانے میں محفوظ ہے۔ یہ سب تفصیلات مخطوطے پر خان خاناں اور

Marfat.com

میر عبدالرزاق معموری کی یادداشتوں میں بیان کی گئی ہیں۔ اسی طرح کتاب احادیث النبی صلعم یعنی علامہ جلال الدین سیوطیؒ کی اللآلی المنتشرہ مکتوبہ ۱۳ جمادی الثانی ۱۰۱۸ھ ہجری ۱۰۲۸ھ ہجری میں ایک شخص بنام ریحان بن عبداللہ کی ملک میں تھی، اسے بندر مخا (عدن) میں ایک دلال سے سید محمد شریف بن سید عبدالقادر القادری نے ۱۰۳۷ھ میں خریدا۔ آٹھ سال بعد ۱۰۴۵ھ میں سید محمود القادری نے اس کتاب کو گجرات کے اس زمانے کے مشہور بندر دیب (دیو) میں محمد شریف بن یوسف کو ہدیہ کے طور پر دی۔ ۹ ربیع الثانی ۱۰۶۶ھ ہجری میں تحریر شدہ ایک یادداشت کے مطابق اس میں ۴۶۶ احادیث کی تحقیق کی گئی۔ اس درمیان حسین الاحمدی الحسینی نے اس کو خریدا۔ ایک اور صاحب محمد حسین بن فدا حسین کی مہر سے معلوم ہوتا ہے کہ کچھ دن ان کی ملک میں بھی رہی پھر سنہ ۱۰ جلوس عالم گیری ۱۰۷۸ھ ہجری یا اس کے بعد کسی وقت یہ قاضی شرع شریف ابراہیم کے پاس آئی۔ پھر سنہ ۳۶ جلوس عالم گیری مطابق ۱۱۰۶ھ میں یا اس کے بعد کسی وقت یہ اورنگ زیب کے شاہی کتابخانے میں داخل جمع ہوئی جیسا کہ اس کے کتابدار فضائل عالم گیری کی مہر سے ظاہر ہے۔ اس شاہی کتابخانے کی یہ کتاب آج احمد آباد کی اس درگاہ لائبریری میں ہے۔ اسی طرح مشہور کتاب مرصاد العباد کے ایک اعلیٰ خوشخط نسخے کی داستان اس کی یادداشتوں میں بکھری پڑی ہے۔ ایک صاحب خادم الفقراء عبدالملک الحسینی نے ۱۰۱۴ھ میں برہان پور میں اس کی کتابت کروائی، غالباً بادشاہ وقت کی خدمت میں پیش کرنے کی غرض سے۔ بہرحال اسی سال کے یکم شوال کو یہ شاہی کتابخانے کی زینت بنی۔ پھر ۱۰۵۱ھ میں آقای عربا شیرازی (مشہور خطاط میر محمد مومن عرب شیرازی) نے دارالسلطنت اکبرآباد میں محمد حسین نامی شخص کی ددّہ سے خریدا۔ ۷ شوال سنہ جلوس ہمایوں (عالمگیری مطابق ۱۰۷۴ھ) میں علی اصغر خویش آقای عربا مذکور کے مستقر الخلافۃ آگرہ سے بھیجے جانے پر ۲۷ شوال سنہ مذکور میں دارالفتح اجین میں اورنگ زیب کے ملاحظہ سے گذری (عرض دیدہ شد) سنہ جلوس کے شوال کے آخری دن بھی ملاحظہ کی گئی۔ پھر مغل شاہی کتابخانے کی اس کتاب کو ۲۱ جمادی الاول سنہ ۲۳ جلوس عالم گیری مطابق ۱۰۹۱ھ میں شاہجہاں آباد میں شیخ کالے کتابفروش سے سلطان حاجب شاہ جہانی نے اس کو خریدا اور پھر صرف چھ دن کے بعد حافظ یعقوب سے اسے کسی شخص نے خریدا۔

ان مثالوں سے پتہ چلتا ہے کہ آج کی طرح اس زمانے میں بھی تو بھی تھی کہ شاہی کتابخانوں کی کتابیں بھی سرقہ ہو کر خرید و فروخت کے لیے بازار میں آجاتی تھیں۔ وتلک الایام نداولھا بین الناس۔

Marfat.com

کچھ کتابوں پر ان کے وقف کیے جانے کی یادداشت اور مہریں ملتی ہیں مثلاً شمایل ترمذی کا نسخہ حضرت شاہ عالم صاحب کے سلسلے میں بیعت عبدالکریم الشاہی المحمدی نے ۱۱۴۳ھ ہجری یا اس کے کچھ وقت بعد خرید کر کے ان کے ہی مدرسہ کے طلباء کے استفادے کے لیے وقف کیا۔ کتاب الفوائد والصلوٰۃ العواید نامی کتاب محمد ماہ بن زین العابدین رضوی نے نواح برہانپور میں اردے معلیٰ میں ۱۱۲۱ھ ہجری میں خانقاہ حضرت عباس کے لیے وقف کی۔ سالار جنگ کے کتابخانے کے ایک مخطوطے پر زین العابدین بن سید مزمل رضوی خادم درگاہ شاہ عباس ۱۰۹۴ھ کی عبارت میری نظر سے گذری ہے۔ ظاہراً درگاہ پیر محمد شاہ والی کتاب کے واقف محمد ماہ ابن زین العابدین صاحب کے بیٹے ہیں ایک اور کتاب شرف العلم والعلما کا ۱۰۹۸ھ میں کتابت شدہ نسخہ سید شریف الدین حسین نے چورگڑھ کی مسجد میں اس شرط پر وقف کیا کہ کوئی اسے مسجد کے باہر نہ لیجائے۔ اور صرف مسجد میں بیٹھ کر اس سے استفادہ کرے۔

درسی اور دیگر کتابوں کی اپنے والد یا استاد کے ساتھ قرأت کرتے ہوئے کتابت کرنے، مقابلہ کرنے وغیرہ کی یادداشتیں متعدد نسخوں میں جابجا وقت کی قید کے ساتھ پائی جاتی ہیں۔ ان حضرات میں صرف شیخ حمید الدین صوفی سیدی ناگوری، احمد آباد کے استاد اجل شیخ نورالدین محمد الصدیقی (جنکے لیے شیخ محمد اکرم الدین، شیخ الاسلام خان صدر صوبۂ گجرات نے ۱۰۱۹ھ ہجری میں مدرسہ ہدایت بخش بنوایا تھا اور جس کی شاندار عمارت اور مسجد ابھی چند ہی سال پہلے تک موجود تھی) اور ان کے بیٹے محمد صالح المعروف بہ پیر بابا، محمد رضا بن غلام محمد بن احمد بن مولانا سلیمان الکرد الاحمدابادی وغیرہ کے نام لینے پر اکتفا کیا جاتا ہے۔ اس سلسلے میں اصول الطریقہ مصنفہ شیخ حمید الدین صوفی سوالی ناگوری کے واحد نسخہ درگاہ لائبریری کے طویل یادداشت نما ترقیمہ میں ایک عجیب سی مگر دلچسپ چیز نظر آتی ہے۔ محمود الملقب بہ فرید (یعنی فریدالدین محمود) جنھوں نے اس کتاب کی اپنے جدامجد کے ساتھ قرأت کرتے ہوئے کتابت کی ہے منجملہ اور باتوں کے کہتے ہیں کہ ان کو اس کتاب کی اجازت ۸ ذی قعدہ ۷۲۵ھ میں ملی۔ پھر ۸ ذی القعدہ چہارشنبہ کو ان کے جد محترم نے بارہا تلقین اور تاکید کی کہ خبردار اس کتاب کو اچھی طرح سے رکھنا اور کسی کو دکھانا بھی نہیں کہ لوگ اسکو پیشوا بنا کر دنیا حاصل کرینگے اور اس کو اپنا طعمہ بنائینگے ہمارے صوفیائے کرام کے اس موقف کا غالباً نتیجہ ہے کہ ان کے ملفوظات اور تصنیفات کے قدیم یا قریب العصر نسخے بہت کم دستیاب ہوتے ہیں۔ مثلاً گجرات کے سہروردیہ خاندان کے مشہور پیشوا حضرت شاہ عالم کے ملفوظ

Marfat.com

کنوز محمدی کا نسخہ خود ان کے سجادہ صاحب کے ہاں موجود نہیں۔ اس کی ہمہ گیر افادیت کا اندازہ ان کے جانشین اور عالم و شاعر سید نظام الدین محمد مقبول عالم المتخلص بہ جلالی کی جمعات شاہیہ کتاب کے مطالعہ سے ہو سکتا ہے۔ خود جمعات شاہیہ کی سات میں سے صرف چار جلدوں کے وجود کا ابھی تک پتہ چلا ہے۔ انکے پوتے سید جعفر بدر عالم جن کا اس مقالے میں بار بار ذکر آیا ہے ان کی منجملہ اور تصنیفات کے ایک روضات شاہیہ چوبیس ضخیم جلدوں میں ہے۔ اس کی ایک دو سال قبل تک صرف ایک ناقص الوسط اور ناقص الآخر جلد کا علم تھا۔ اب کراچی کے جامعہ ہمدرد کی لائبریری میں بھی ایک نسخہ کے وجود کا پتہ چلا ہے۔ روضات شاہیہ کے ناقص نسخے کو دیکھنے کا مجھے اتفاق ہوا ہے اس سے اس کا تاریخ تصوف و فارسی و عربی و گوجری ادب کی تاریخ کے لیے ایک نہایت اہم ماخذ ہونے کا دعویٰ وثوق کے ساتھ کیا جا سکتا ہے۔ جعفر بدر عالم کے دو فارسی دیوانوں میں سے ایک کا بھی وجود نہیں۔

مقابلہ کے سلسلے میں درگاہ لائبریری کی کتاب مبارق الانوار فی شرح مشارق الانوار کے سن ۸۷۵ھ کے مکتوبہ نسخے کا ذکر دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔ آخری صفحے کی یادداشتوں سے ہمارے علم میں یہ بات آتی ہے کہ اس کا "تذاکرہ" مدرسۂ پنوی پاشا میں (شہر کا نام نہیں دیا) پہلی مرتبہ ۱۰۱۹ھ میں اور دوسری مرتبہ مدرسۂ نشانجی پاشا میں ۱۰۲۳ میں ہوا اور تیسری مرتبہ محمود بن [نام جلد بندی میں کٹ گیا ہے] نے مولانا علی آفندی اترہ (؟) مصری کے ساتھ ۱۰۳۴ھ میں مقابلہ کیا۔

یہاں بعض دیگر یادداشتوں کا ذکر بھی دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔ درگاہ لائبریری میں متعدد نسخے محمد بن غلام محمد مذکور الصدر کے مطالعے میں رہے ہیں۔ ان میں سے کئی کا انھوں نے مقابلہ بھی کیا ہے۔ محمد رضا نے اس بات کا ایک حد تک التزام کیا ہے کہ مخطوطے کے ساتھ مجلد سادہ اوراق پر مستند کتابوں سے ماخوذ متن کتاب یا شرح کے مصنف کا پورا حال قلمبند کریں اور موقعہ اور محل کی مناسبت سے یعنی اگر حزب البحر یا دلایل الخیرات جیسی کتاب ہو تو دعاؤں کے طریقے، مقابلہ کرنے کی تفصیلات وغیرہ بھی قلمبند کریں۔ ایسی یادداشتوں کی افادیت ظاہر ہے اور ایسے مقابلہ نسخوں کی اہمیت بھی۔ محمد رضا نے اپنے پردادا مولانا سلیمان الکردالاحمد آبادی کی درگاہ لائبریری میں موجود دو ایک کتابوں کی خود نوشت ہونے کی تصدیق بھی کی ہے اور یہاں کی مولانا سلیمان کی ایک کتاب پر اور ٹونک راجستھان میں مولانا ابوالکلام آزاد عربی و فارسی ریسرچ انسٹی ٹیوٹ میں ایک کتاب پر اور کلکتہ ایشیاٹک سوسائٹی بنگال میں ان کی

Marfat.com

شواہد الحسنات کے واحد نسخے پر چار پانچ صفحات پر شاہ وجیہ الدین صاحب علوی کی اولاد میں کبیر محمد نامی ایک فاضل کی شرکت میں مولانا سلیمان کے مختصر حالات اور ان کی مختلف موضوعات پر تقریباً بیس تصنیفات کا بیان کیا ہے۔

یہ تحریریں اور یادداشتیں اپنی علامت دستخط والی مہروں کے مالکوں کے بارے میں وہ مزید اطلاع فراہم کرتی ہیں جو مہر کی عبارت سے حاصل نہیں ہوتی۔ مثلاً اورنگ زیب کے ایک امیر کی مہر کی عبارت ہے: صبغۃ اللہ مرید شاہ عالم گیر ۲۳-۱۰۹۱۔ اس شخص سے تاریخ کے صفحات ناآشنا ہیں۔ اس کی اس مہر سے تصدیق شدہ تحریر میں اس کا پورا نام عبدالمحمد صبغۃ اللہ الحسینی الرضوی ملتا ہے ایسی دیگر مثالیں مغل شاہزادوں کی مہروں کے سلسلے میں عرض کر چکا ہوں کہ کیسے میرزا خورم بخت وغیرہ کا پورا نام ان کی مہر کے ساتھ والی تحریروں سے معلوم ہوا۔

ایک مخطوطے پر مشہور عالم اور مصنف قاضی شہاب الدین دولت آبادی کا نوٹ بھی قابل توجہ ہے۔ انھوں نے یہ نوٹ درگاہ لائبریری کی کتاب الاشارہ الی سیر المصطفیٰ پر مدرسۂ شرقیہ جونپور میں بروز بدھ ۱۰ ربیع الاول ۸۰۰ھ میں لکھا تھا۔ ایک یادداشت سے مثنوی مولانا روم کے ایک نسخے سے ایک فال نکالے جانے کی اطلاع ملتی ہے۔ غالباً ایک عینی شاہد جمال الدین نے اس یادداشت میں بتایا ہے کہ شاہ جہاں کے بیٹوں کی خانہ جنگی کے دوران شاہ شجاع کی فوج اور شاہی فوج بہ سرکردگی سلیمان شکوہ بن دارا شکوہ جب بنارس کے پاس دریائے گنگا کے اس پار بہادر پورہ میں ڈیرہ ڈالے ہوئے تھی اور جنگ دوسرے روز ہونے والی تھی تو مثنوی کے اس نسخے سے فال نکالی گئی اور اس کے دفتر پنجم کے پچاسویں صفحہ کی حکایت نکل آئی جس کے مطابق شاہی فوج کو فتح عظیم حاصل ہوئی۔ اس یادداشت میں شاہ شجاع کے لشکر وغیرہ کی تفصیلات بھی درج ہیں جو تاریخی اہمیت کی حامل ہیں۔

سید جعفر بدر عالم شاہی رضوی کی ایک یادداشت سے مقام بنبان کے صحیح املا کا پتہ چلتا ہے۔ بنبان کی نسبت والے گجرات کے محدثین، علما، فضلا، امرا و وزراء کے ذکر سے گجرات کی تاریخ آشنا ہے لیکن اس مقام کے صحیح املا کے بارے میں موجودہ دور کے تاریخ دانوں اور سکہ شناسوں میں اختلاف ہے۔ بنبان تیرہویں صدی کے نصف اول میں موجودہ ملتان بہاولپور کے علاقے میں ایک غیر معروف خاندان کا پایۂ تخت تھا اور ان کے یہاں کے دارالضرب کے سکوں پر اس کا نام بھی ملتا ہے۔ لیکن اس نام کو مختلف طریقوں پر

Marfat.com

لکھا ہے مثلاً نبیان، بینان، نبنان وغیرہ۔ بدر عالم کی نویں صدی کے مشہور ایرانی شاعر آذری کی جو شاہان بہمنی کے دربار دکن میں بھی آچکا ہے مشہور کتاب جواہر الاسرار کے ۱۰۵۳ ہجری میں تحریر شدہ نسخے پر کئی تحریریں ہیں۔ جس میں اس کتاب کی کتابت کے اغلاط وغیرہ پر رائے زنی بھی کی ہے اور اپنے اور اپنے دادا جلالی کے اشعار بھی موقعہ و محل پر حاشیہ میں نقل کیے ہیں۔ لیکن ان میں سب سے اہم یادداشت وہ ہے جس میں انھوں نے لکھا ہے کہ ان کے بینبان کے چوتھے سفر کے درمیان یہ کتاب ان کے مطالعے میں رہی۔ اس یادداشت سے نہ صرف بنبان کا صحیح املا معلوم ہوا، بلکہ یہ نہایت اہم اطلاع بھی ملی کہ حضرت شاہ عالم کے سجادہ (اور شاید دوسرے بنبانی مرید) اپنے جد امجد اور پیر سید جلال بن حسین مخدوم جہانیان جہانگشت کے روضہ کی زیارت کے لیے اچہ (واقع ضلع بہاولپور پنجاب پاکستان) جاتے تھے اور ان کا گذر بنبان سے ہوتا تھا۔ بنبان کی جائے وقوع کے بارے میں ہمیں قطعی اطلاع نہیں ہے۔ اس نوٹ سے اس کے تعین کا قرینہ ملتا ہے کہ یہ احمد آباد سے یا دہلی سے اچہ جاتے ہوئے راستہ میں پڑتا ہوگا لیکن چونکہ بدر عالم کے جد سید مقبول عالم جلالی نے جمعات شاہیہ میں ایک جگہ یہ لکھا ہے کہ بنبان ملتان اور قندھار کے درمیان واقع ہے اس لیے قرین قیاس یہی ہے کہ بدر عالم گجرات سے سندھ ہوتے ہوئے اچہ جاتے ہوں گے۔

درگاہ لائبریری میں کم از کم دو کتابوں پر ایسی یادداشتیں ملتی ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ گجرات کے دسویں صدی ہجری کے مشہور و معروف عالم اور مصنف شاہ وجیہ الدین صاحب علوی کا ان کے شہر احمد آباد کے محلہ خانپور میں واقع رہائش گاہ پر قائم کردہ مدرسہ کم از کم بارہویں صدی ہجری تک بدستور قائم تھا اور اس کے طلبا بھی اپنے نام کے ساتھ دور حاضر کی مروج قاسمی ندوی مظاہری اصلاحی عمری وغیرہ نسبتوں کی طرح وجیہی نسبت کا استعمال کرتے تھے۔ بیرون گجرات کے ایک طالب علم نے حاشیۂ جرجانی علی قطبی کے نسخے پر یادداشت میں پورا نام اور نسبت اس طرح قلمبند کی ہے: محمد فاضل بن جلال الدین شجاعت الگجراتی الاحمد آبادی الوجیہی الخانپوری۔

کئی تحریروں میں بالخصوص شاہی کتابخانوں کے مخطوطات کی یادداشتوں میں مخطوطات کے کاغذ کی قسم، قطع و حجم، خط، قیمت وغیرہ کی بابت تفصیلات درج کرتے تھے کبھی کتابت کی اجرت کا بھی ذکر ملتا ہے مثلاً درگاہ لائبریری کی شرح فصوص الحکم لداؤد بن محمد القیصری الرومی کی ایک یادداشت میں لکھا ہے کہ ۱۱۱۶ھ میں اس کے ۲۲ جزو لکھوائے گئے... روپیہ وہشت آنہ وفی روپیہ ہزار بیت۔

Marfat.com

امریکہ کے لاس انجلس کاؤنٹی میوزیم آف آرٹ میں گلکندہ حیدر آباد کے قطبشاہیوں کی منظوم تاریخ نسب نامۂ فرسی کے مذکورۂ بالا دارالسلطنت حیدر آباد میں اسی زمانہ میں ترتیب یافتہ مصور نسخے پر شاہی کتابخانہ کے ناظم کی یادداشت میں تعداد ابیات [۱۹۲۰] کے علاوہ "یادداشت خرچ تواریخ" کے تحت کاغذ، کاتب اور جدول پر جو لاگت آئی اس کی نشاندہی کی گئی ہے۔

ان تحریروں میں متن کتاب یا کتاب سے غیر متعلق چیزیں بھی پائی جاتی ہیں مثلاً قطعات تاریخ ولادت، اور فوت، تاریخ کدخدائی (ایک میں کاتب نے اپنی شادی کی تاریخ کا قطعہ تحریر کیا ہے)، طبی نسخے، چٹنی وغیرہ بنانے کے نسخے وغیرہ۔

ان مثالوں سے بخوبی واضح ہوگیا ہوگا کہ ان یادداشتوں سے ہماری زندگی کے مختلف شعبوں اور ہمارے ماضی کی تاریخ کے بعض تاریک گوشوں پر اچھی خاصی روشنی پڑتی ہے۔ اس لیے فہرست نگاروں کا فرض ہے کہ اپنی فہرست میں ہر مخطوطے کی ایسی اہم یادداشتوں کی نشاندہی اور ان کی تفصیلات بھی درج کریں بلکہ ضرورت اس بات کی ہے کہ ہمارے اعلیٰ درجہ کے نصاب تعلیم میں مخطوطہ شناسی کو ایک اہم مضمون کی حیثیت عطا کریں اور اس کے لیے پروفیسر اے جے آربری کی اربک پیلیوگرافی، عربی خط شناسی جیسی ہندستان کی مختلف لائبریریوں کے قدیم مخطوطات کے خط کے نمونے، مہریں عرض دیدے ترقیمے وغیرہ سے نصابی کتابیں تیار کریں۔ نیز ضرورت اس بات کی ہے کہ ہماری دانشگاہوں اور کالجوں کے عربی فارسی اردو کے شعبوں میں ڈاکٹر کی ڈگری کے لیے ان چیزوں سے متعلق موضوعات کی طرف اپنے ریسرچ اسکالروں کو ترغیب دلائیں تاکہ یہ مخطوطات متن کے علاوہ جن تاریخی اور دیگر قسم کی اطلاعات کے حامل ہیں وہ زیادہ سے زیادہ مقدار میں علمی دنیا کے سامنے آئیں۔ وما توفیقی الا باللہ۔

••

Marfat.com

ڈاکٹر محمد انصار اللہ
شعبہ اردو
علی گڑھ مسلم یونیورسٹی

مہریں

خطوط/ دستاویزوں پر مہریں ان کے سچے اور اصلی ہونے کا اطمینان دلاتی ہیں۔ مہریں تعارفی خط کا بھی کام کرتی ہیں۔ ایک سے زاید مقاموں پر من وعن یکساں نشان یا علامت بنا دینے کے خیال نے انسانوں کو مہر کی ایجاد کی راہ دکھائی تھی؛ گویا مہر ایک ایسا نقش یا نشان تھا جو ایک سے زاید چیزوں کی کسی ایک ذات (= شخص، جماعت، ادارہ یا مقام) سے وابستگی کو ظاہر کرتا تھا۔ مہر سے شناخت یا اظہار تعلق مقصود ہوتا تھا، البتہ اب عموماً یہ ملکیت کی مظہر ہوتی ہے۔

جب یہ کہا جاتا ہے کہ فلاں چیز پر مُہر لگا دی گئی تو مُراد یہ ہوتی ہے کہ اپنی رضامندی یا اتفاق رائے کی تصدیق کر دی گئی یا اب وہ چیز قطعی طور پر فلاں شخص کی ملکیت میں داخل ہو گئی اور صاحب مُہر نے اس چیز کو پوری طرح اپنے اختیار اور تصرف میں لے لیا ہے یا اب اس میں کمی بیشی کی گنجائش باقی نہیں رہ گئی ہے۔

مُہر سے مقصود چونکہ پہچان، شناخت یا تصدیق ہوتی ہے، معمولاً کوشش یہی ہوتی ہے کہ مہر میں ایک امتیازی شان ضرور موجود ہو۔ اس کوشش اور خواہش نے مہروں کی صورت، نقش اور اندراج میں طبعِ انسانی کی طرح تنوع اور بوقلمونی کی کیفیت پیدا کر دی ہے۔ مہریں مثلث، مربع، مستطیل، مدور اور بیضاوی وغیرہ مختلف اور متعدد صورتوں کی ہوتی ہیں اور ان کا مطالعہ فکر انگیز اور نتیجہ خیز بھی ہو سکتا ہے۔

مُہر کے نشان (= چھاپ، نقش یا اندراج) کبھی کھود کر گہرے بنائے جاتے ہیں اور کبھی اردگرد سے کاٹ کر اُن کو ابھار دیا جاتا ہے۔ دونوں صورتوں میں کھودنے کا عمل ہوتا ہے، اسی لیے اصطلاحاً اس کو "مُہر کنی" کہتے ہیں۔ مہر کھودنے کا عمل کب شروع ہوا، اِس بارے میں کچھ کہنا مشکل ہے البتہ قدیم ترین مُہر جس کا ذکر ملتا ہے "مُہرِ سلیمانی" ہے۔ کہتے ہیں کہ اس پر "نقشِ اسمِ اعظم" کندہ تھا جس کی برکت سے جنات بھی مسخر ہو گئے تھے۔ ظاہراً مہر کنی کو بھی بہت قدیم زمانے میں فن کا درجہ حاصل ہو گیا تھا۔ اس فن سے

Marfat.com

متعلق کتابیں لکھنے کا سلسلہ بھی بہت پہلے شروع ہوا ہوگا۔ راقم کے علم میں عہد شاہجہانی کی ایک کتاب "کنزالکتاب[۲] (منظوم)" ہے جو "در فن مہر کنی" ہے۔ اس کا مولف کوئی شاعر رحمتی تخلص ہے۔ اس نے یہ کتاب ۱۰۵۷ھ/ ۱۶۴۷ء میں مکمل کی تھی۔ یقین ہے کہ اس سے پہلے بھی بعض کتابیں لکھی گئی ہوں گی۔

۱۔ شخصی مہریں : شیخ امام بخش ناسخ کا یہ مصرع مشہور ہے کہ ؎

"گم ہو وہ نگیں جس پہ کھدے نام ہمارا"

اور لغت میں ہے[۳] : "مُہر = چھاپ، خاتم، کسی چیز پر کھدا ہوا نام"۔ چنانچہ شخصی یا ذاتی مہروں کے لیے متعلق شخص یا فرد کے نام کو بنیادی اور مرکزی حیثیت حاصل رہتی ہے اور یہ نام :

(الف) خود اُس شخص کی تحریر میں بھی ہو سکتا ہے۔ بعض پُرانی مطبوعات پر راقم نے ایسی مہریں دیکھی ہیں البتہ اس وقت وہ دسترس میں نہیں ہیں۔ غور کریں تو اِس قسم کی مہروں کی افادیت دوہری ہے۔ ان کے واسطے سے صاحب مہر کی تحریر (= اندازِ خط) کا مختصر ہی سہی لیکن ایک نمونہ سامنے آجاتا ہے۔ اس نمونے سے جو فواید حاصل ہو سکتے ہیں۔ اُن کے بیان کی یہاں ضرورت نہیں ہے۔

(ب) کسی خوشنویس کا لکھا ہوا ہو۔ کتبخانوں میں محفوظ (مطبوعہ اور قلمی) تحریروں پر ثبت شدہ مہروں میں عام طور سے دوسری صورت ہی دیکھنے میں آتی ہے۔

مُہر پر کوئی شخص اپنا نام اپنی پسند، مزاج یا کسی ضرورت اور مقصد کے مطابق ہی لکھواتا ہے اور اسی وجہ سے اُس نقش میں نئی نئی صورتیں پیدا ہو جاتی ہیں۔

۱۔ کچھ لوگ صرف اصل نام (= ہر قسم کے القاب وغیرہ کے بغیر) لکھوالینا ہی کافی سمجھتے ہیں۔ مثلاً دیوانِ ثاقب[۴] کے نسخۂ لاہور پر ایک مہر "دیوان سنگھ" کی لگی ہے۔ اور دیوان کلیم کاشانی پر[۵] "مولاداد" اور "کشندیال" کی مہریں ثبت ہیں۔

۲۔ بعض لوگ اپنے نام کو مختصر بھی کر لیتے ہیں جیسے دیوان عاقل[۶] پر غضنفر علی خان کی جو مہر ثبت ہے اس میں ان کا نام صرف "غضنفر" لکھا ہے۔

۳۔ کچھ لوگ نام کے ساتھ ایسے کلمات بھی شامل کر لیتے ہیں جن سے اُن کی حیثیت اور کیفیت کا بھی اظہار ہوتا ہے۔ بعض مثالیں یہ ہیں :

(الف) مثنوی معنوی کے ایک نسخے پر لگی ہوئی مہر کا نقش یہ ہے : "طالبعلم عبدالقادر"۔

Marfat.com

(ب) شمع و پروانہ کے مخطوطے پر تین مہریں ثبت ہیں۔ ان کے اندراج یہ[۸] ہیں :

(۱) سید علی حسین مرید عالمگیر بادشاہ

(۲) محمد مقیم الحسینی مرید عالمگیر بادشاہ

اور (۳) عارف شد مرید شاہ جہاں بادشاہ

۴۔ کبھی صاحبِ مُہر اپنے نام کے ساتھ خطابات، اعزازات اور امتیازات کو بھی شریک کر لیتا ہے جیسے :

(۱) "خان بہادر حکیم رحمان علیخان"

اور (۲) سعد[۹] الدولہ شریف الملک سید علی محمد خان بہادر انتظام جناب ؟ الموسوی البخاری

۵۔ کبھی نام کے ساتھ ایک دو (یا زاید) بامعنی کلمے بھی شامل کر لیے جاتے ہیں۔ ان کی عموماً دو صورتیں دیکھنے میں آئی ہیں۔

(الف) یہ کلمات نام کے ساتھ ملکر بامعنی فقرے یا عبارت کی صورت اختیار کر لیتے ہیں۔ جیسے مثنوی معنوی کے ایک مخطوطے پر یہ مہر ثبت ہے[۱۰]:

بسم اللہِ وَ بحمدِ اللہ الدّاعی شیخ عبد القادر قادری الرفاعی۔

(ب) نام کا سجع بن جاتا ہے۔ جیسے :

(۱) صیدیہ کے نسخے پر یہ مُہر ہے[۱۱] : زنور نبوت شد انور علی۔

(۲) رسالہ در بیان حدوث و قدوم پر مظفر حسین کی مہر کے الفاظ یہ[۱۲] ہیں :

'بر اعدائے دیں شد مظفر حسین'

۶۔ اپنی مُہروں پر بعض سعادتمند اپنی ولدیت بھی لکھواتے رہے ہیں مثلاً شرحِ اربعین کے نسخے پر مُہر[۱۳] میں ہے :

کمترین آفاق سید یعقوب بن سید اسحاق ۱۰۷۵

۷۔ امرا و سلاطین کے متوسّل اپنی مہروں پر اپنے آقائے نعمت کا نام بھی فخریہ لکھواتے رہے ہیں چنانچہ

(الف) پادشاہنامے کے مخطوطے پر یہ دو مُہریں ثبت ہیں[۱۴] :

Marfat.com

(۱) فدوی فضایل خان خانہ زاد بادشاہ عالمگیر غازی۔

(۲) زین العابدین بندۂ بادشاہزادہ محمد اعظم۔ ۱۰۹۱

(ب) رسائل احمد جلال الدین کے مخطوطے پر یہ مہر لگی ہوئی[۱۵] ہے :

علی مظفر خان فدوی محمد شاہ بادشاہ غازی ۔ ۱۱۳۳ھ

۸۔ بعض لوگوں نے اپنی زندگی کے کسی اہم واقعہ کا مذکور بھی مختصراً اپنی مہر پر کندہ کرایا ہے۔ اس مقصد کے لیے نثر و نظم دونوں کا استعمال کیا گیا ہے مثلاً ارادت خاں کی دو مہریں اس طرح تھیں :

(الف) منظوم[۱۶] سہ زارادت برعدو دیں شدم چوں فتح یاب ٭ شاہ عالمگیر غازی دادارادت خاں خطاب

(ب) منثور[۱۷]۔

وَاَمَّا بنعمۃ رَبِّکَ فحَدِّث ۔ میر مبارک اللہ ارادت خاں عالمگیر شاہی بن میر محمد اسحٰق ارادت خاں شاہجہانی بن میر محمد باقر ارادت خاں واعظم خاں شاہجہانی ——— جہانگیر شاہی۔ ۱۱۰۸ھ

سطورِ بالا سے ظاہر ہے کہ مہروں پر عبارتیں کندہ کرانے میں صاحب مہر پوری طرح مختار ہوتا ہے۔ وہ عبارتیں نثر میں بھی ہوتی ہیں اور نظم میں بھی، طویل بھی ہو سکتی ہیں اور نہایت مختصر بھی۔ کبھی کبھی مہر کا نقش محض ایک کلمہ پر بھی مشتمل ہوتا ہے۔

۲۔ **شاہی مہریں** : ۱۔ عام لوگوں کی مہروں کی طرح سلاطین کی مہروں کے اندراج بھی کم و بیش ہر طرح کے ہوتے تھے البتہ اتنا فرق معلوم ہوتا ہے کہ توصیفی کلمات کے بغیر بھی وہ بہت مختصر نہیں ہوتے تھے، مثال کے طور پر اورنگ زیب کے نام کی ایک مہر کا نقش یہ[۱۸] تھا : " محمد اورنگ زیب شاہ عالمگیر"

۲۔ بزرگانِ مذہب سے عقیدت اور تعلقِ خاطر نے بادشاہوں کی مہروں کے اندراج کو بھی کبھی کبھی وہی صورت دیدی ہے جو متوسلینِ شاہی کی مُہروں کے فقروں کی ہوتی تھی مثلاً سلطانِ گولکنڈہ کی ایک مہر کے الفاظ یہ[۱۹] ہیں : بندۂ شاہ نجف سُلطان محمد قطب شاہ

۳۔ سلاطین گولکنڈہ کی مہروں کے اندراج شعر کی صورت میں بھی تھے مثلاً

(الف) کسے[۲۰] کہ نقش نگیں ساخت مہر آل مقیم ٭ بود سپہر کرم قطب شاہ ابراہیم

(ب) العبد[۲۱] محمد قلی قطب شاہ :

Marfat.com

از حکم بادشاہ جہاں آفریں شدہ — ملک جہاں اگر مرا زیرِ نگیں شدہ
(ج) مہر سلیماں زحق گشتہ میسر مرا — نقش نگین دل است حیدر صفدر مرا

العبد سلطان محمد قطب شاہ

۳۔ اداروں کی مہریں : شخصی مہروں کی طرح اداروں کی مہروں میں بھی متعلق ادارے یا انجمن (= جماعت) کے نام کو بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ اس کے علاوہ اگر کوئی ایسی بات (= علامت) بھی مذکور ہو جس سے اس ادارے کی شناخت کی جا سکتی ہو تو بہتر ہے مثلاً مقام جہاں وہ واقع ہے یا اس ادارے کے مالک یا بانی کا نام وغیرہ۔ عام طور پر تحریریں خواہ وہ مطبوعہ ہوں یا قلمی کتبخانوں میں ہی محفوظ ہوتی ہیں اس لیے یہاں ان مُہروں کا ذکر کیا جاتا ہے جو مختلف کتابخانوں سے متعلق ہیں۔

(ا) معمولاً کتابخانوں کی مہروں کا نقش دو لفظوں سے کم پر مشتمل نہیں ہوتا ہے لیکن ان دو لفظوں میں بھی بانی یا مالک کے نام کا اظہار ہو سکتا ہے مثلاً سلطان گولکنڈہ محمد قطب شاہ کی مہر کے الفاظ یہ تھے[۲۲] :

"کتبخانۂ محمدی"

بعض وقت الفاظ زیادہ بھی آتے ہیں مثلاً ایک مُہر کا نقش یہ[۲۳] ہے :

"کتابخانہ حضرت فاضل الدین بتالوی۔

ان کے برخلاف سرکارِ نظام حیدر آباد کے کتبخانے کی مہر کے الفاظ یہ تھے[۲۴] :

"کتابخانۂ خاص حضور پُرنور"

اِن کلمات سے کتابخانے کی شناخت نہیں کی جا سکتی ہے۔

(۲) بعض مہروں سے کتابخانے کی جائے وقوع کا بھی پتہ چل جاتا ہے[۲۵] مثلاً :

"احمدی کتابخانہ، شیراز ۱۳۲۹"

(۳) شخصی مہروں کی طرح بعض اداروں کی مہروں کے اندراج عبارت کی صورت میں بھی ہوتے ہیں چنانچہ مثالیں یہ[۲۶] ہیں:

(الف) من کتب خانہ بندہ غالب علی خاں شہباز جنگ۔

(ب) امیر عبدالرحمٰن کے کتابخانے کی مہر کا نقش یہ ہے :

مہر کتابخانہ مبارکہ دولت خداداد افغانستان

Marfat.com

۴۔ شاہان اودھ نے گولکنڈہ والوں کی روش کے مطابق اپنے کتبخانوں کے لیے منظوم مہریں بنوائی تھیں۔ وہ اس طرح ہیں :

(الف) مہر غازی الدین حیدر شاہِ زمن[۲۸] ؎

رونق صد مہر دفاتر شکن　　مہر کتبخانۂ شاہِ زمن

(ب) مہر نصیر الدین حیدر سلیماں جاہ[۲۹] ؎

خوش است مہر کتبخانۂ سلیماں جاہ　　بہ ہر کتاب مزین چو نقش بسم اللہ

(ج) مہر محمد علی شاہ ؎

زہے مہر سلطان والا جناب　　کہ زیبا بود بر جبینِ کتاب

(د) مہر امجد علی شاہ[۳۰] ؎

ناسخ ہر مہر شد چوں شد مزین بر کتاب　　خاتم امجد علی شاہِ زماں عالی جناب

(ہ) مہر واجد علی شاہ[۳۱] ؎

خاتم واجد علی سلطان عالم بر کتاب　　ثابت و پُر نور باد تا فروغِ آفتاب

۵۔ امرا کے کتبخانوں کی مہروں میں حسب موقع و ضرورت متعلق تحویلدار وغیرہ کے نام بھی منقوش ہوتے تھے مثلاً برہان قاطع کے ایک نسخے پر یہ مہر ہے[۳۲] :

" منکا بیگ خاں تحویلدار کتابخانہ

۴۔ مبہم مہریں : مطبوعہ اور غیر مطبوعہ کتابوں پر اکثر ایسی مہریں بھی دیکھی جا سکتی ہیں جن میں نہ صاحب مہر کا نام ہوتا ہے، نہ کسی کتابخانے کا اور نہ کسی کتاب کا۔ ان مہروں کی بھی چند صورتیں خاص معلوم ہوتی ہیں۔

ا۔ بعض مہروں کے اندراج متعلق کتاب کے موضوع یا مشمولات سے مطابقت یا مناسبت رکھتے ہیں۔ اس کی صورت غالباً یہ ہو کہ صاحب مہر نے اپنی دلچسپی کے موضوع کے تعلق سے مہر بنوائی ہوگی۔ پھر چونکہ اس نے اپنے مخصوص مزاج کے مطابق کتابیں فراہم کی ہوں گی۔ مہر کا اندراج خود بخود ان کتابوں کے مناسب ہو جائے گا۔ مثال کے طور پر[۳۳] "معدن الشفا رسکندر شاہی" کے ایک مخطوطے پر یہ مہر ثبت ہے "ھُوَ الشّافی"

موضوعات سے متعلق اس قسم کی مہروں کی افادیت محدود ہوتی ہے۔ اس لئے ان کا چلن بھی عام نہیں ہو سکتا تھا۔ یوں بھی ہر کتاب کے مشمولات کی مناسبت سے مہریں بنوانا کوئی بہت معقول بات معلوم نہیں ہوتی ہے۔

Marfat.com

کنوز محمدی کا نسخہ خود ان کے سجادہ صاحب کے ہاں موجود نہیں۔ اس کی ہمہ گیر افادیت کا اندازہ ان کے جانشین اور عالم و شاعر سید نظام الدین محمد مقبول عالم المتخلص بہ جلالی کی جمعات شاہیہ کتابت کے مطالعہ سے ہو سکتا ہے۔ خود جمعات شاہیہ کی سات میں سے صرف چار جلدوں کے وجود کا ابھی تک پتہ چلا ہے۔ انکے پوتے سید جعفر بدر عالم جن کا اس مقالے میں بار بار ذکر آیا ہے ان کی منجملہ اور تصنیفات کے ایک روضات شاہیہ چوبیس ضخیم جلدوں میں ہے۔ اس کی ایک دو سال قبل تک صرف ایک ناقص الوسط اور ناقص الآخر جلد کا علم تھا۔ اب کراچی کے جامعہ ہمدرد کی لائبریری میں بھی ایک نسخہ کے وجود کا پتہ چلا ہے۔ روضات شاہیہ کے ناقص نسخے کو دیکھنے کا مجھے اتفاق ہوا ہے اس سے اس کا تاریخ تصوف و فارسی و عربی و گجری ادب کی تاریخ کے لیے ایک نہایت اہم ماخذ ہونے کا دعویٰ وثوق کے ساتھ کیا جا سکتا ہے۔ جعفر بدر عالم کے دو فارسی دیوانوں میں سے ایک کا بھی وجود نہیں۔

مقابلہ کے سلسلے میں درگاہ لائبریری کی کتاب مبارق الانوار فی شرح مشارق الانوار کے سن ۸۷۵ھ کے مکتوبہ نسخے کا ذکر دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔ آخری صفحے کی یادداشتوں سے ہمارے علم میں یہ بات آتی ہے کہ اس کا "تذاکرہ" مدرسۂ پنڈوی پاشا میں (شہر کا نام نہیں دیا) پہلی مرتبہ ۱۰۱۹ھ میں اور دوسری مرتبہ مدرسۂ نشانجی پاشا میں ۱۰۲۳ میں ہوا اور تیسری مرتبہ محمود بن [نام جلد بندی میں کٹ گیا ہے] نے مولانا علی آفندی اترہ (؟) مصری کے ساتھ ۱۰۳۴ھ میں مقابلہ کیا۔

یہاں بعض دیگر یادداشتوں کا ذکر بھی دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔ درگاہ لائبریری میں متعدد نسخے محمد بن غلام محمد مذکور الصدر کے مطالعے میں رہے ہیں۔ ان میں سے کئی کا انھوں نے مقابلہ بھی کیا ہے۔ محمد رضا نے اس بات کا ایک حد تک التزام کیا ہے کہ مخطوطے کے ساتھ مجلد سادہ اوراق پر مستند کتابوں سے ماخوذ متن کتاب یا شرح کے مصنف کا پورا حال قلمبند کریں اور موقعہ اور محل کی مناسبت سے یعنی اگر حزب البحر یا دلایل الخیرات جیسی کتاب ہو تو دعاؤں کے طریقے، مقابلہ کرنے کی تفصیلات وغیرہ بھی قلمبند کریں۔ ایسی یادداشتوں کی افادیت ظاہر ہے اور ایسے مقابلہ نسخوں کی اہمیت بھی۔ محمد رضا نے اپنے پردادا مولانا سلیمان الکردالاحمد آبادی کی درگاہ لائبریری میں موجود دو ایک کتابوں کی خود نوشت ہونے کی تصدیق بھی کی ہے اور یہاں کی مولانا سلیمان کی ایک کتاب پر اور ٹونک راجستھان میں مولانا ابوالکلام آزاد عربی و فارسی ریسرچ انسٹی ٹیوٹ میں ایک کتاب پر اور کلکتہ ایشیاٹک سوسائٹی بنگال میں ان کی

Marfat.com

چل سکتا ہے اور کتابوں کے سفر سے بھی بعض علمی مسائل پر نتیجہ خیز روشنی پڑ سکتی ہے۔

راقم نے بعض کتبخانوں کے کیٹلاگوں میں مہروں کی فہرستوں کا شمار کیا تو ذیل کی صورت سامنے آئی ہے:

	نام کیٹلاگ	کل مہریں	مہریں جن پر سال درج ہے	قدیم ترین مہر کا سال
۱	گنجینۂ آذر	۸۷	۴۹	۱۰۶۳ھ
۲	حبیب گنج (فارسی نظم)	۷۷	۳۱	۸۸۱ھ
۳	حبیب گنج (اسلامیات وغیرہ)	۹۴	۴۴	۱۰۷۵ھ
۴	سالار جنگ جلد ۱	۱۴۳	—	—
۵	ایضاً ″ ۲	۶۴	—	—
۶	ایضاً ″ ۳	۷۹	۹	۱۰۷۰ھ
۷	ایضاً ″ ۴	۲۱۷	۸۸	۹۴۱ھ
۸	ایضاً ″ ۵	۱۸۶	۸۸	۱۰۴۲ھ
۹	ایضاً ″ ۶	۴۴	۴	۱۰۸۶ھ
	کل	۹۹۱	۳۱۳	

اِن اعداد و شمار سے اتنی بات غالباً اعتماد کے ساتھ کہی جا سکتی ہے کہ ایسی مہروں کا تناسب جن پر سال بھی درج ہو، ایک تہائی سے زیادہ نہیں ہے۔

مہروں پر جیسا کہ اوپر کے نقشے سے بھی اندازہ کیا جا سکتا ہے معمولاً ہجری سال لکھا جاتا رہا ہے۔ جن کتبخانوں کی فہرستیں میری نظر سے گذری ہیں ان میں سب سے قدیم مہر ۸۸۱ھ کی ہے۔ لیکن اس بارے میں شبہ کی ہرگز کوئی گنجائش نہیں ہے کہ اس سے بہت پہلے سے مہروں پر ہجری سال لکھوایا جاتا رہا ہوگا۔

گمانِ غالب ہے کہ مغل سلاطین کے وقت سے مہروں پر سالِ جلوس کے لکھوانے کا بھی چلن ہوا (اس سے پہلے کی مہریں راقم کی نظر سے نہیں گذری ہیں) مثال کے طور پر شاہنامہ کے ایک نسخہ پر ثبت شدہ مہر

Marfat.com

کے الفاظ یہ ہیں۔[۳۹]

فدوی کاظم علی خان بہادر سنہ ۴ بادشاہ شاہ عالم غازی

معلوم ہوتا ہے کہ زمانۂ مابعد میں دوسرے سنین کے لکھوانے کا بھی رواج ہوگیا تھا مثلاً :

(الف) ناموس اکبر کے نسخے پر عیسوی سال کی مہر اس طرح ثبت[۴۰] ہے :

العبد ولیم جیمز ۱۷۷۵ء

اور (ب) تاریخ شمشیر خانی پر بکرمی سنبت کی مہر اس طور پر لگی ہے[۴۱] :

کیدار ناتھ ۱۸۸۹ ب

یہ کہنا بھی فی الوقت ممکن نہیں ہے کہ مہروں پر ان سنوں کے لکھوانے کا سلسلہ کب اور کن حالات میں شروع ہوا تھا۔

ہندوستان میں اور بھی کئی سنوں کا چلن ایک مدّت سے ہے۔ یہ بات یقینی ہے کہ مہروں پر بھی وہ لکھے گئے ہوں گے لیکن فی الوقت راقم کو ایسی مہریں دستیاب نہیں ہو سکی ہیں۔

عام یہ ہے کہ مہروں پر کوئی ایک ہی سنہ لکھوایا جاتا ہے لیکن شوقین خوش مذاق اپنی مہروں پر کبھی ایک سے زاید سنہ بھی لکھواتے رہے ہیں چنانچہ بعض مثالیں یہ ہیں :

۱۔ فتوح الحرمین کے ایک قلمی نسخے کی مہر کے الفاظ ہیں[۴۲] :

میر عسکر خانہ زاد عالمگیر[۳۷] بادشاہ (سنہ ۳۷ جلوس عالمگیری ۱۱۰۵ھ)

اور ۲۔ دیوان سابق کے مخطوطے پر ایک مہر کا اندراج اس طرح[۴۳] ہے :

عسکر علی خاں فدوی سلیمان اقتدار محمد شاہ[۲۹] بادشاہ غازی (سنہ ۲۹ جلوس محمد شاہی = ۱۱۶۰ھ)

خیال ہے کہ بادشاہ کے پہلے سالِ جلوس کو معمولاً ہندسے میں نہیں لکھتے تھے۔ چنانچہ لیلیٰ مجنوں کے مخطوطے پر جو مہر لگی ہے اس میں ہے[۴۴] :

خان فدوی شاہ عالم بادشاہ غازی سنہ احد (سنہ احد جلوس شاہ عالم = ۱۱۱۹ھ) دوسرے برسوں کو بھی لفظوں میں لکھا گیا ہے لیکن اکثر ہندسوں میں بھی ان کا اندراج ملتا ہے۔

بعض سلاطین نے اپنے سالِ جلوس میں تبدیلی بھی کی ہے۔ مورخ کو اس پہلو پر بھی نظر رکھنی ضروری ہے اس کی دو مثالیں قابلِ ذکر ہیں۔

Marfat.com

۱۔ محمد شاہ کو سادات بارہہ نے ۱۱۳۱ھ میں تخت پر بیٹھا دیا تھا۔ دو برس کی مدت میں بادشاہ نے سادات سے رہائی حاصل کی اور پھر اپنا جشنِ جلوس ۱۱۳۳ھ میں منایا تھا۔

۲۔ نواب غازی الدین حیدر والیٔ لکھنو ۱۲۳۴ھ میں بادشاہ ہوئے لیکن انھوں نے اسی سال کو ایک سکّہ پر اپنا پانچواں سالِ جلوس بھی ظاہر کیا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ وہ ۱۲۲۹ھ میں مسند نشین ہوئے تھے۔

(۳)

کسی کتاب، دستاویز یا کسی اور تحریر پر مہروں کے ثبت کیے جانے کی تین صورتیں دیکھنے میں آئی ہیں۔

۱۔ معمولاً قدیم قلمی یا مطبوعہ کسی تحریر یا کتاب پر کوئی جدید مالک یا قاری اپنی مہر ثبت کرتا ہے۔ اس صورت میں اس تحریر یا کتاب کا زمانۂ کتابت لازماً مہر میں مندرج سال سے پہلے کا ہونا چاہیئے۔ مثلاً عکس نمبر ۱ میں مہر کا سال ۱۲۴۲ھ ہے۔ یہ مُہر نسخے کے مالک کی ہے۔ یہ یقینی بات ہے کہ کتابت کا کام مکمل ہو جانے کے بعد ہی مخطوطہ مالک کی تحویل میں آیا ہوگا یعنی کتابت کا زمانہ پہلے کا ہوگا۔ صدیوں پُرانے مخطوطات پر بھی جدید دور کی مہر ثبت ہو سکتی ہے۔

۲۔ ایسا بھی ہوتا ہے کہ ایک شخص نے جو مُہر بنوالی ہے، اس کو وہ تاحیات، یا پھر نئی مُہر بنوانے تک استعمال کرتا رہتا ہے۔ اس صورت میں وہ مہر ایسی تحریروں یا کتابوں پر بھی ثبت کی جائے گی جن کی کتابت مہر بننے کے بعد عمل میں آئی ہے۔ مثلاً یہ مہر:

بہت بعد تک کی تحریروں پر ثبت کی جاتی رہی ہے چنانچہ راقم کے پاس بھی ایسی تحریریں موجود ہیں۔

معمولاً ایک مہر نئی مہر کے بن جانے یا صاحب مہر کے انتقال کر جانے کے بعد کام میں نہیں لائی جاتی ہے، اس لیے اس کے استعمال کی ایک مدت کا قیاس کیا جا سکتا ہے اگرچہ استثنائی صورت میں کبھی سہواً اور کبھی بہ ضرورت بعد میں بھی اس کا استعمال خلافِ قیاس نہیں ہے۔



مرنہ ۲۵ر اکتوبر ۱۹۷۱ء

۳۔ صاحب حیثیت شخص یہ بھی کر سکتے ہیں کہ ہر سال کی، یا کسی مخصوص واقعہ سے متعلق سال کی نئی مہر بنوالیں۔ معمولاً اس صورت میں صاحب مہر کی خواہش اور کوشش بھی یہی ہوتی ہے کہ 'پرانی مہر کام میں نہ لائی جائے، لیکن امکان ہمیشہ برقرار رہتا ہے اس لیے تاوقتیکہ یہ بات متیقن نہ ہو جائے کہ صاحبِ مہر

Marfat.com

التزاماً پرانی مہروں کو ضائع کر دیتا رہا ہے، امکان سے صرفِ نظر نہیں کرنا چاہیئے۔ اس[۴۵] مقام پر کشائش نامہ بہبود کے نسخہ مکتوبہ سنہ ۹ جلوس شاہ عالم ثانی (= ۱۱۸۲ھ) کا ذکر مناسب ہے جس پر ۱۱۸۲ھ کی مہر ثبت ہے۔

آخر میں یہ ذکر بھی ضروری ہے کہ مہریں جعلی بھی بن سکتی ہیں بلکہ بنتی ہیں اور تاوقتیکہ جعلی یا نقلی مہر بنانے والے سے کوئی بہت بدیہی غلطی نہ ہوگئی ہو، اس جعل سازی کی شناخت ممکن نہیں ہوتی ہے۔ اس سلسلے میں فی الوقت یہی تجویز پیش کی جاسکتی ہے کہ زیادہ سے زیادہ مہروں کے عکس فراہم کر کے ان کا ایک مفصل کیٹلاگ تیار کر لیا جائے۔

مُہروں کی ثقاہت کا تعین کرنے کے لیے جن مختلف پہلوؤں پر توجہ کی جانی چاہیئے۔ یہ ہیں :

۱۔ مہر کی صورت ــــ مہریں اقلیدس کی مختلف شکلوں کے علاوہ تاج، ستارہ اور مکان وغیرہ کی صورت کی بھی بنوائی جاتی رہی ہیں۔ غالباً یہ متعین کرنا کہ کس زمانے یا علاقے میں عموماً کس شکل کا چلن رہا ہے آسان بات نہیں ہے البتہ معروف شخصیتوں کی پسندیدہ ایک یا زاید شکلوں کا اندازہ کر لینا بہت مشکل نہیں ہے۔

۲۔ مہر کا اندراج اور اندازِ خط و تحریر ــــ بظاہر مختلف جگہوں پر اور وقتوں میں مہروں پر کندہ کیے جانے والے کلموں اور فقروں کا مخصوص انداز رہا ہوگا۔ اسی طرح تحریر کے طرز اور حرفوں کی ساخت میں بھی موقع بہ موقع تبدیلی ہوتی رہی ہے۔ اس قسم کی تبدیلیوں سے بھی نام برآوردہ اشخاص کی مہروں کی ثقاہت کی تعیین میں مدد لی جاسکتی ہے۔

۳۔ اندراجات کا مطالعہ اور تجزیہ ــــ اس مقصد کے لیے تذکروں اور تاریخ کی کتابوں وغیرہ سے مدد لی جانی چاہیئے۔ ذیل میں چند مثالیں پیش کی جاتی ہیں :

(الف) مولانا آزاد لائبریری میں 'مثنوی شیریں خسرو' کے نسخہ مکتوبہ ۹۲۰ھ/۱۵۱۴ء کے بارے میں بتایا گیا ہے کہ[۴۶] :

> "پہلے صفحہ پر 'جلال الدولہ مہدی علی خان بہادر' کی ۱۲۱۳ھ کی مہر ثبت ہے۔ اس کے نیچے کسی نے لکھا ہے کہ یہ کتاب ۲۴ جمادی الاول ۱۲۳۹ھ کو صاحب مہر کے کتبخانے میں داخل کی گئی اور 'لالا نند رام کتابدار' کے حوالے کی گئی۔"

کہا جاسکتا ہے کہ صاحب مہر کو کتاب زمانۂ مابعد میں دستیاب ہوئی تھی البتہ کتابدار کے پاس یا خود صاحب مہر کے پاس پرانی مہر موجود تھی۔ وہی کتاب پر ثبت کر دی گئی لیکن مشکل یہ ہے کہ مہر میں جو سنہ لکھا ہوا ہے

Marfat.com

اس وقت جلال الدولہ (صاحب مہر) کی عمر بہ مشکل دو برس کی رہی ہوگی۔ ہمعصر تذکرہ نویس شیخ غلام ہمدانی مصحفی نے ان کے بارے میں لکھا ہے کہ :

"نواب[۴۷] جلال الدولہ مہدی علی خاں بہادر شجاعت جنگ . . . عمرِ جناب بست و پنج سالہ خواہد بود۔"

یعنی ان کا سال ولادت ۱۲۱۱ھ کے قریب ہوگا۔ خطابات دو برس تو کیا، شیر خوارگی کے عالم میں بھی عطا ہوتے ہیں لیکن دو برس کی عمر میں مُہر کا بنوا لینا خلافِ قیاس معلوم ہوتا ہے۔ چنانچہ اس مہر کا سال ۱۲۱۳ھ ہونا ممکن نہیں معلوم ہوتا ہے۔

(ب) مثنوی معنوی مولانا روم کے دفتر پنجم کے ایک نسخے پر یہ مہر لگی ہے[۴۸] :

"خواجہ معین الدین ہند الولی عطائے رسول"

اول تو مولانائے روم (متوفی ۶۷۲ھ) کا زمانہ خواجہ معین الدین کے بعد کا ہے۔ ظاہر ہے کہ اس مہر کا تعلق حضرت خواجہ سے نہیں ہو سکتا۔ یہ کسی عقیدتمند کی مہر ہوگی۔

(ج) معدن الشفا سکندر شاہی کے ایک مخطوطے پر یہ مہر ہے[۴۹] :

"عبدہٗ فضل علی ۱۲۶۸ھ"

اس سے یہ نتیجہ نکالا گیا ہے کہ نسخے کی کتابت ۱۲۶۸ھ/۱۸۵۱ء سے پہلے کسی وقت کی گئی ہوگی یہ نتیجہ صحیح ہے یہ بات ہرگز یقینی نہیں ہے۔ برعکس صورت بھی ہو سکتی ہے۔

●●

Marfat.com

حواشی

۱- فرہنگ آصفیہ، ج ۴،ص ۴۹۲
۲- شیرانی ، ج ۳، ص ۵۵۹ تا ۵۶۰
۳- فرہنگ آصفیہ، ج ۴، ص ۴۹۱
۴- گنجینۂ آذر،ص ۳۴۲
۵- ایضاً ، ص ۳۷۲
۶- آزاد ، ص ۲۰۵
۷- آزاد، ص ۳۷
۸- سالار، ج ۵ ،ص ۳۹
۹- گنجینۂ آذر،ص ۲۸۳
۱۰- آزاد ، ص ۳۷
۱۱- حبیب گنج، ص ۲۷
۱۲- ایضاً ، ص ۳۶
۱۳- ایضاً ، ص ۱۴
۱۴- ایضاً ، ص ۲۶۰
۱۵- ایضاً ، ص ۶۰
۱۶،۱۷- سالار، ج ۵،ص ۲۴۷
۱۸- آزاد ، ص ۳۷
۱۹- سالار ، ج ۵ ،ص ۹
۲۰- آزاد ، ص ۳۱
۲۱- ایضاً ، ص ۹۰
۲۲- سالار، ج ۵ ص ۸۰
۲۳- گنجینۂ آذر،ص ۴۴۰
۲۴- سالار، ج ۴ ،ص ۲۴۳
۲۵- سالار، ج ۴، ص ۲۷
۲۶- آزاد ، ص ۱۲۲
۲۷- سالار، ج ۴، ص ۱۲۹
۲۸- سالار، ج ۵، ص ۱۱
۲۹- آزاد ، ص ۴۹ ، ۹۲
۳۰- آزاد ، ص ۲۰۷
۳۱- حبیب گنج ، ص ۲۳۰
۳۲- گنجینۂ آذر، ص ۱۱۴
۳۳- حبیب گنج ، ص ۲۳۰

Marfat.com

۳۴- سالار، ج ۴ ص ۱۲۹
۳۵- سالار، ج ۱ ص ۲۵
۳۶- سالار، ج ۴ ص ۲۸۶
۳۷- سالار، ج ۱ ص ۲
۳۸- حبیب گنج، ص ۳۰۹
۳۹- گنجینۂ آذر، ص ۲۷۰
۴۰- سالار، ج ۳، ص ۲۳۰
۴۱- گنجینۂ آذر، ص ۲۹۶
۴۲- سالار ج ۵ ص ۲۴
۴۳- سالار ج ۵ ص ۱۹۸
۴۴- سالار ج ۵ ص ۱۶
۴۵- شیرانی ج ۳ ص ۴۳۱
۴۶- حبیب گنج، ص ۱۸
۴۷- ریاض الصفحا ص ۲۸۳
۴۸- گنجینۂ آذر، ص ۲۹۹
۴۹- حبیب گنج، ص ۲۳۰

●●

Marfat.com

ماخذ

Catalogue of Manuscripts in the Maulana Azad Library, Aligarh Muslim University, Aligarh Volume-I, Habibganj Collection (Persian)Part-I by M.H. Qaisar 1981. = ۱۔ آزاد

Catalogue of Manuscripts in the Maulana Azad Library, Aligarh Muslim University, Aligarh Volume-II by M.H. Qaisar Amrohi 1985. = ۲۔ حبیب گنج

A Concise Descriptive Catalogue of the Persian Manuscripts in the Salarjung Museum and Library by Muhammad Ashraf - Hyderabad 1969. = ۳۔ سالار

۴۔ ریاض الفصحا ۔۔ مولفہ شیخ غلام ہمدانی مصحفی مرتبہ مولوی عبدالحق انجمن ترقی اردو ہند)

۵۔ شیرانی = فہرست مخطوطات شیرانی مرتبہ ڈاکٹر محمد بشیر حسین، ادارۂ تحقیقات، پاکستان دانشگاہ پنجاب، لاہور۔

۶۔ فرہنگ آصفیہ = خان صاحب مولوی سید احمد دہلوی ۔ نیشنل اکاڈمی، دہلی ۱۹۰۴ء

۷۔ گنجینۂ آذر = فہرست نسخہ ہاے خطی فارسی کتابخانہ دانشگاہ پنجاب لاہور، گنجینۂ آذر تالیف سید خضر عباسی نوشاہی، اسلام آباد۔ ۱۹۹۶ء

Marfat.com

ترقیمہ

'ترقیمہ' لکھنے اور رقم کرنے کے معنی میں آتا ہے۔ کسی شخص نے جو کچھ لکھا ہے، اُس کے بارے میں اُسی مقام پر اُسی شخص کا کچھ لکھنا اصطلاح میں "ترقیمہ" کہلاتا ہے۔ اسی بات کو اس طرح بھی کہہ سکتے ہیں کہ کسی کتاب یا تحریر کو پورا لکھ لینے کے بعد، اُسی کتاب یا کاغذ پر، اُس سے متعلق اُس کا کاتب جو فقرہ جملہ یا عبارت، نثر یا نظم میں یادگار، یادداشت یا اطلاع کے طور پر لکھ دیتا ہے اُسی کو "ترقیمہ" کا نام دیا جاتا ہے۔ کتاب یا مسودّہ کا لکھنے والا اس کے مطالب کا محض ناقل ہے یا اس کا مصنف بھی ہے، اس سے معاملے کی نوعیت پر کوئی فرق نہیں پڑتا ہے۔

جو کچھ لکھا جاتا ہے، اس کے بارے میں کوئی بات (= اطلاع) لکھنی کاتب (= لکھنے والے) کے فرایض میں شامل نہیں ہے، اِس لیے ہر تحریر کے ساتھ ترقیمہ کا ہونا لازم نہیں ہے۔ تخمینہ کے طور پر کہا جا سکتا ہے کہ کوئی پچیس فیصد مخطوطات ترقیمہ سے خالی ہوتے ہیں۔

کاتب اپنے کام (مراد اُس متن سے ہے جو اُس نے لکھا ہے خواہ وہ کوئی مربوط و منضبط کتاب ہو یا کوئی مکمل تحریر ہو) کے بارے میں ایک یا زاید اطلاعات قلمبند کرنے کے معاملہ میں آزاد ہے۔ معمولاً ترقیمہ میں جو اطلاعات فراہم کی جاتی ہیں وہ کئی طرح کی ہو سکتی ہیں۔ بعض یہ ہیں :

۱۔ اس بات کا اظہار کہ جس متن کی کتابت کی جا رہی تھی، وہ پورا پورا لکھا جا چکا ہے، اِس کے لیے ایک یا دو لفظ بھی کافی ہو سکتے ہیں اور طویل عبارت بھی ہو سکتی ہے۔

(الف) ایک لفظ اِس قسم کا ہو سکتا ہے۔

فقط ، تمّت ، سَماپت ، ایتی ، وغیرہ

(ب) دو لفظوں کا مجموعہ اس طور پر آتا ہے:

تمام شد ، ختم شد ، انجام یافت ، باتمام رسید ، وغیرہ

Marfat.com

معمولاً "تمّت تمام شد" یا اسی قسم و معنی کا کوئی فقرہ لکھنے کا چلن ہے۔ ان کلمات کے لکھنے سے مقصود یہی ہوتا ہے کہ یہ حقیقت واضح ہو جائے کہ کتابت شدہ متن اسی مقام پر مکمل ہو گیا ہے۔

اب اس کے بعد لکھنے کے لیے یا تو کچھ اور ہے ہی نہیں، یا اگر ہے تو اُس کا اُس متن سے جس کے مکمل ہو جانے کا اظہار کیا جا رہا ہے، کچھ تعلق نہیں ہے۔

ترقیمہ کے اُن کلمات کے لیے جن سے کتابت شدہ متن کے اختتام یا اتمام کا اظہار ہوتا ہے، "خاتمہ" (Colophon) کا لفظ بھی استعمال میں آیا ہے، اِس لیے یہ وضاحت ضروری ہے کہ ترقیمہ اور خاتمہ ایک دوسرے کے مرادف نہیں ہیں۔ ترقیمہ جیسا کہ مذکور ہوا بہت وسیع المعنی اصطلاح ہے۔ خاتمہ یا تتمہ اس کی ایک شق یا جُزو کی حیثیت رکھتا ہے۔

۲۔ زیرِ کتابت متن کو مکمل کر لینے کے بعد خاتمہ کے ساتھ (اور کبھی اس کے بغیر بھی) کاتب اپنا نام لکھ کر یا دستخط کر کے متن کی تکمیل کا اظہار کرتا ہے۔ اس کے اس عمل سے یہ فائدہ بھی ہوتا ہے کہ قارئ کو کاتب کے نام کا علم ہو جاتا ہے۔ نام کبھی مکمل لکھا جاتا ہے اور کبھی اس کو مختصر بھی کر لیتے ہیں۔ دستخط کبھی واضح ہوتی ہے اور کبھی غیر واضح بھی ہوتی ہے۔

۳۔ عربی، فارسی اور اُردو وغیرہ زبانیں اس بات پر فخر کر سکتی ہیں کہ ان میں تحریروں وغیرہ کے زمانے کے تعین کی طرف بہت شروع سے توجہ رہی ہے۔ لکھنے کے کام کو پورا کر لینے کے بعد کاتب کبھی تکمیل کا سال یا اُس کی تاریخ لکھ دیتا ہے۔ اس سے بھی یہی ظاہر کرنا مقصود ہوتا ہے کہ کتابت کا عمل اب مکمل ہو گیا۔ اس کی مثالیں یہ ہیں:

(الف) ۱۔ تمت تمام شد ۱۱۹۰ھ

(ب) ۲۔ تمت تمام شد، بابت ۱۲۵۲ھ

(ج) ۳۔ تمت بالخیر، ۱۰ صفر ۱۲۵۴ھ

۴۔ متن کی تسوید کے بعد کبھی ترقیمہ کے طور پر کتاب کا نام یا کتابت شدہ تحریر کا عنوان بھی لکھ دیا جاتا ہے، اس طرح:

(الف) ۴۔ تمام ہوا یہ رسالہ چہل تن کا

(ب) ۵۔ تمت تمام شد ایں قصۂ سیہ پوش

Marfat.com

۵۔ ترقیمے میں کتابت کے سبب کا بیان بھی کیا جا سکتا ہے مثلاً 'بپاسِ خاطرِ عزیزے نقل کردم" یا " برائے برادرم نوشتہ شد" وغیرہ۔ کبھی کاتب اُن حالات کا ذکر بھی کر دیتا ہے جن سے کتابت کے دوران وہ دوچار رہا ہے مثلاً :

" فقیرِ بے حاصل ... سیہ کار صادق علی مرزا معدوم الاحوال پریشاں خاطر و شکستہ روزگار بموجب فرمایش خان مہربان سراپا لطف و احسان حافظ نظارت خاں سلمہ الرحمان ... دیوان مرزا رفیع السودا ... درعین ہنگامہ شاہ درآنی و مرہٹہ ... ازکمال پریشانی کہ اسبابِ کتابت درست نہ داشت، از بے حواسی ضرورتاً ... تحریر نمود۔"

۶۔ ترقیمہ میں کبھی دعائیہ کلمات شامل کر لیے جاتے ہیں اور کبھی دعاؤں وغیرہ کی درخواست پر مشتمل جملے یا شعر بھی لکھے جاتے ہیں مثلاً۔

(الف) الٰہی گنہ کو پڑ نہار کے بخش تو گنہ کو لکھنہار کے

(ب) لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ ہ تمت تمام شد، کارِ من نظام شد، نوشتہ محمد عارف۔

یہ کہنے کی ضرورت نہیں ہے کہ کسی بھی ناقص الآخر تحریر کے بعد معمولاً ترقیمہ موجود نہیں ہوتا ہے۔ البتہ امکان اس بات کا ہے کہ کسی ناقص الآخر مخطوطے کا مطالعہ کرنے والا اپنی یادداشت کے طور پر اس مخطوطے کے بارے میں کوئی نقرہ یا جملہ یا طویل عبارت لکھ دے۔ ظاہر ہے کہ یہ اندراج ترقیمہ کی ذیل میں نہیں آئے گا۔ ترقیمہ کے لیے لازم ہے کہ وہ تسوید متن کے ساتھ ہی لکھا جائے۔ سلسلۂ کتابت منقطع ہو جانے کے بعد جو کچھ لکھا جائیگا خواہ وہ براہ راست مخطوطے کی کتابت ہی سے متعلق ہو اور اس کا لکھنے والا متن کا کاتب ہی ہو، وہ اندراج ترقیمہ نہیں ہوگا۔

سطورِ بالا میں ترقیمہ کی جو مختلف صورتیں بیان کی گئی ہیں ان سے تکمیل کے علاوہ متن کے بارے میں صرف ایک اطلاع حاصل ہوتی ہے۔ اس اعتبار سے ہم ان سب کو 'مفرد ترقیمہ" کہہ سکتے ہیں۔ یہ خیال کر لینا صحیح نہیں ہے کہ مفرد ترقیمے لازماً مختصر ہی ہوتے ہیں۔ کبھی کبھی تو یہ کافی طویل بھی ہوتے ہیں۔ اسی طرح یہ بھی ضروری نہیں ہے کہ ترقیمہ نثر ہی میں لکھا جائے۔ بعض کاتب موزوں طبع بھی ہوئے ہیں اور انھوں نے ترقیمے کی عبارت کو نظم کے سانچے میں ڈھال دیا ہے۔ کتابت شدہ متن کی جو زبان ہے، ترقیمہ کا اُسی زبان میں لکھا جانا بھی ضروری نہیں ہے۔ بعض کاتبوں نے ترقیمہ کے لیے دوسری زبان کا بھی استعمال کیا ہے۔ مختلف صورتوں

Marfat.com

میں مفرد ترقیموں کی عبارتوں کے نمونے درجِ ذیل ہیں :

۱۔ خاتمۂ متن (الف۹) تمت تمام شد کارِ من نظام شد

(ب۱۰) تمت کیا اسے تمام حق تھے بولیا حق کلام

۲۔ کاتب کا تعارف (الف۱۱) کتبہٗ عاصی بندۂ جبار سید عبد الغفار

(ب۱۲) تمت تمام شد کارِ من نظام شد کاتب الحروف فقیر عبد الملک

۳۔ زمانۂ کتابت ——— کاتب کبھی وقت، روز، تاریخ اور ماہ و سال وغیرہ لکھنے کا اہتمام کرتا ہے اور کبھی محض سال یا دن وغیرہ کے لکھنے پر ہی اکتفا کر لیتا ہے مثلاً :

(الف۱۳) بتاریخ غرہ ماہ رجب المرجب ۱۲۸۷ھ

(ب۱۴) تمت بالخیر والعافیت بالضرورت بعون الملک الوہاب الغفور تمت تمام شد، شہر ربیع ۔ ۱۲۳۸ھ

۴۔ نام کتاب (الف۱۵) تمت تمام شد کتاب یوسف زلیخا۔

(ب۱۶) شکر اللہ تعالیٰ کہ اس کے فضل و کرم سے بخیر و خوبی یہ کتاب ہدایت المومنین کی تمام ہوئی۔

۵۔ کتابت کا سبب، احوال وغیرہ (الف۱۷) تمام شد بخاطر فاضل بیگ نوشتہ است۔

(ب۱۸) مطبوعہ مطبع مخزن الاخبار مدراس کو دیکھ کر لکھا۔

۶۔ کتاب کی ملکیت ——— ترقیمہ میں متن کی تکمیل کے بعد کاتب اس بات کی وضاحت کر سکتا ہے کہ اس نسخے کا مالک کون شخص ہے مثلاً :

(الف۱۹) تمام شد، مالک ایں کتاب منشی سید حسن علی ساکن بلگرام

(ب۲۰) تمت تمام شد، مالک نواب وزیر صاحب

یہ بات یاد رکھنے کی ہے کہ ملکیت یا خریداری سے متعلق کوئی اندراج اگر خاتمہ سے متصل اور متن کے اصل کاتب کے قلم سے نہیں ہے تو اسے ترقیمہ کی ذیل میں شمار نہیں کیا جائے گا۔

Marfat.com

(۲)

قطعیت پسند طبیعتوں نے مفرد ترقیموں کے ابہام کو دور کرنے کی کوشش میں جزئیات کو قلمبند کر دینے کے سلسلے کو وسعت دی۔ اس کوشش نے ترقیموں کی افادیت میں بہت اضافہ کر دیا ہے۔

۱۔ خاتمۂ متن کی ذیل میں کئی امور کا بیان کیا جاتا ہے مثلاً کاتب خود اپنا تعارف کراتا ہے۔ کتابت کے دوران وہ جس قسم کے معاملات و مسائل سے دوچار رہا ہے ان کا ذکر کرتا ہے۔ کتابت کے کام میں جو مدت صرف ہوئی اس کا تذکرہ اور یہ مذکور کہ تسوید کے عمل کے مکمل ہو جانے کے بعد نظر ثانی کی صورت بنی یا نہیں جس نسخے سے یہ نقل تیار کی گئی ہے، اس کی نوعیت کا بیان وغیرہ۔ ان تفصیلات کا ترقیمہ میں مذکور ہونا ضروری نہیں ہے لیکن ان کا ذکر اکثر ملتا ہے مثلاً:

(الف[۲۱]) بدست خام و قلم خام و مرکب رفتہ از کام و بکاغذ مختلف الاوراق صورت اختتام یافت۔

(ب[۲۲]) لکھی مثنوی یہ بہ جلدی تمام — کریں تا مطالعہ سبھی خاص و عام

۲۔ کاتب کی شخصیت بھی کسی مخطوطے کے زمانے اور قدر و قیمت کے تعین میں معاون ہوتی ہے۔ اس لحاظ سے ترقیمے میں اپنے بارے میں کاتب جو اطلاعات فراہم کر دیتا ہے ان کی بہت اہمیت ہوتی ہے مثلاً اپنے باپ دادا کا نام، وطن، اپنی اور ان کی حیثیت اور مقام کتابت وغیرہ۔ اس کی بعض مثالیں یہ ہیں:

(الف[۲۳]) تمت تمام شد بقلم عبداللطیف خاں از کاسگنج ضلع ایٹہ پرگنہ بلرام

(ب[۲۴]) کاتب الحروف فقیر الحقیر المحتاج الی اللہ الحمید عبداللہ شاہ ولد الہداد شاہ

(ج[۲۵]) از ابوالحسنات حکیم ایوب حسن بیدکل فاروقی صدر دارالحسنات میرکوٹ سہارن پور، سابق صدر شعبۂ عربی و فارسی و اردو محکمۂ تعلیمات عظیم ترمیسور

۳۔ زمانۂ کتابت۔ بعض ترقیموں میں روز و ماہ و سال کے ذکر کے علاوہ اتمام کے وقت کا بھی مذکور ہوتا ہے اور بعض میں ایک سے زاید کلنڈروں کے مطابق ماہ و سال کا اندراج کیا جاتا ہے۔ کبھی مقام کتابت کا بھی اظہار کر دیا جاتا ہے چنانچہ ذیل کی مثالوں میں ہے:

(الف[۲۶]) تمت تمام شد کار من نظام شد المرقوم نہم ماہ ذیقعدہ ۱۲۶۴ھ روز شنبہ بہ وقت یک و نیم پاس روز برآمدہ۔

Marfat.com

(ب۲۷) تمام ہوئی یہ کتاب بعون اللہ تعالیٰ بہ تاریخ ہفدہم شہر ربیع الاول سنہ ۱۲۵۹ ھ
مطابق سنہ ۱۸۴۳ء در بندر معمورۂ بمبئی۔

(ج۲۸) الحمدللہ کہ بفضل ایزد متعال ایں نسخہ نہم محرم الحرام ۱۲۲۴ ھ موافق سنہ ۳ جلوس
مبارک حضرت بادشاہ حجاہ (اور بہت سے القاب و آداب) حضرت معین الدین
محمد اکبر شاہ بادشاہ غازی خلد اللہ ملکہ و سلطانہ و افاض علی العالمین برۂ و احسانہ، صورت
اختتام پذیرفت۔

اردو، فارسی کے مخطوطات پر جن کلنڈروں کے مطابق سنین کا اندراج دیکھنے میں آتا ہے ان میں سے بعض یہ ہیں: سنہ جلوس، سال ہجری، عیسوی، بکرمی (= عیسوی سے ۵۷ برس زائد)، شک سنبت (= عیسوی سے ۷۸ سال کم)، فصلی وغیرہ۔

(الف۲۹) ذخیرۂ شیرانی میں غالباً سب سے قدیم نسخہ اخلاق ناصری کا ہے جو "مکتوبۂ بزرجمہر بن محمد حبشی الطوسی بہ سال ۶۶۶ ھ" ہے۔

(ب۳۰) عیسوی سنین کے لکھنے کا چلن بہ گمان غالب انیسویں صدی کی ابتدا میں ہوا تھا چنانچہ ذخیرۂ شیرانی میں دستور السیاق کا ایک مخطوطہ ہے جس پر کتابت کی تاریخ ۲ جون ۱۸۲۱ء لکھی ہوئی ہے۔

(ج۳۱) ذخیرۂ شیرانی میں ہی کشایش نامہ یہود کا مخطوطہ ۱۱۸۲ فصلی (مطابق ۱۱۹۱ھ/۱۷۷۴ء) کا لکھا ہوا موجود ہے۔

(د) فارسی کے مخطوطات پر بکرمی سنبت کے لکھے جانے کا چلن عالمگیر ثانی کے وقت میں عام ہوگیا تھا۔ چنانچہ ذخیرۂ شیرانی میں ایک نسخہ۳۲ "فتوحات عالمگیری مکتوب ۱۸۱۳ بکرمی (= ۱۷۵۶ء) بہ عہد عالمگیر ثانی" محفوظ ہے۔

(ہ) شرح زیج الغ بیگ کے ایک نسخے کا خاتمہ اس طرح ہے:

"۳۳تاریخ تالیف ہذا الکتاب بالسنین الہجریہ ۹۱۹، بالسنین الیزدجردیہ ۱۹۲، بالسنین الجلالیہ ۴۴۹، بالسنین الرومیہ ۱۸۳۴... قد فرغ من تسویدہ فی سنۃ ثلث وتسعین بعد الف، العبد الاقل محمد اصطہباناتی ..."

Marfat.com

مختلف سنین سے متعلق معلومات کے لیے فارسی اور اردو میں تقویمیں بھی تیار کی جانے لگی تھیں چنانچہ ایک یہ ہے :

"رسالہ[۳۴] تقویم در بیان تاریخ فصلی شمسی، بکرمی، عیسوی، داؤدی، ہجری و ترکی وغیرہ مولف محمد غیاث الدین بہ سال ۱۲۴۲ھ مطابق ۱۸۲۶ء"

۴۔ کتاب کا تعارف ــــ عام طور سے ترقیموں میں کتاب کا نام لکھا جاتا ہے لیکن بعض کاتب اس کا مجمل سا تعارف بھی کرا دیتے ہیں۔ اس تعارف میں کتاب کے مصنف کا نام، موضوع اور بعض وقت بنیادی مباحث کا بھی ذکر ہوتا ہے۔ کبھی کبھی تعارف کی ذیل میں کاتب اپنی رائے بھی شامل کر دیتا ہے۔ بعض مثالیں یہ ہیں :

(الف)[۳۵] ایں رسالہ شریف و نسخہ لطیف فن تصنیف حضرت شریف علی شاہ قادری مدظلہ العالی قدس سرہٗ۔

(ب)[۳۶] تاریخ باغ ارم از حکیم محمد یحییٰ صاحب المتخلص ندرت فرزند قاضی القضات حکومت مدراس مصطفا علی خان بہادر گویا مئوی جعل الجنۃ مثواہ (اسمیں خود کاتب کا نام مذکور نہیں ہے)

۵۔ کتاب کی ملکیت ــــ مخطوطے کے مالک کی ولدیت، سکونت اور حیثیت کے علاوہ اس کے ساتھ کاتب کے معاملات وغیرہ کا بھی مذکور ترقیمے میں ہو سکتا ہے مثلاً :

(الف)[۳۷] مالک ایں کتاب شیخ نصیر الدین ولد قاضی محمد فیض اللہ، کسے اگر دعویٰ کند باطل و غلط است۔

(ب)[۳۸] ملک الفقیر الحقیر الواثق برب المجیر ابن المرحوم شیخ علی ٹمکر۔

۶۔ سبب تالیف و کتابت سے متعلق بھی ترقیموں میں مختلف نوعیت کی تفصیلات درج ہوتی ہیں مثلاً :

"الحمد للہ علیٰ احسانہٖ کہ یہ مثنوی مسمیٰ بہ طلسم اعظم چودہ گھنٹے میں آغاز ہو کر انجام کو پہنچی۔ اس مثنوی کے ناظرین سے یہ امید ہے کہ جب[۳۹] اس مثنوی کو پڑھیں تو مصنف کو دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔

Marfat.com

(۳)

مخطوطات کی فہرستوں کے تفصیلی مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ مفرد ترقیموں کا، خواہ وہ مفصل ہوں یا غیر مفصل، چلن عام نہیں رہا ہے۔ عام طور سے جو ترقیمے ہمارے سامنے آتے ہیں، ان سے متن کے بارے میں ایک سے زاید اطلاعات حاصل ہوتی ہیں۔ اس لحاظ سے ان کے لیے "مرکّب ترقیمے" کی اصطلاح مناسب معلوم ہوتی ہے۔ اطلاعات کی نوعیتوں کی مثالیں اوپر پیش کی جا چکی ہیں۔ مرکب ترقیموں سے جو اطلاعات حاصل ہوتی ہیں، عموماً زیادہ مفصل، واضح اور قطعی ہوتی ہیں۔ چنانچہ درج ذیل مثالوں سے ظاہر ہے:

۱۔ کاتب کے بارے میں تفصیلات

(۴۰ الف) راقم کتاب مصنف رسالہ ہذا مرزا اکبر علی خاں متخلص بہ گل ابن نواب رضا بیگ خاں مرحوم ولد افتخار الدولہ بہادر نواب محمد بیگ خاں فیروز جنگ ہمدانی بتاریخ ششم ربیع الاول ۱۲۵۷ ہجری تمام شد۔

(۴۱ ب) خط بدست فقیر حقیر مسکین امیر علی والد محمد غالب ساکن موضع جلیلی تعلقہ ابراہیم پٹن ملازم سرکار نواب افضل الدولہ بہادر متعلقہ سیدی عبداللہ خان بہادر متعین در حویلی نوسعما الملک بہادر عقب کبوتر خانۂ بادشاہی نوشتہ در حویلی نومذکور تحریر یافتہ شد قریب نماز ظہر روز سہ شنبہ بتاریخ دویم ماہ محرم الحرام ۱۲۷۹ ہجری بفضلہ تعالیٰ باتمام رسید۔ اگر کسے دعویٰ کند دروغ است۔ فقط۔

۲۔ زمانۂ کتابت

(۴۲ الف) تمام شد قصہ گربہ بتاریخ بست و ششم رجب سنہ ابو ظفر سراج الدین محمد بہادر شاہ بادشاہ ملکہ سلطنت۔ مطابق ۱۲۵۴ھ موافق ۶ اکتوبر ۱۸۳۹ء روز شنبہ بوقت چہار گھڑی روز باقیماندہ صورتِ انجام یافت۔

(۴۳ ب) فقط تمام شد، کار من نظام شد، تمام گردید قصہ گل بکاولی

Marfat.com

در عہد سلطنت ... حضرت ظل سبحانی خلیفۃ الرحمانی بہادر
شاہ بادشاہ غازی تحریر بتاریخ ۱۶ رمضان المبارک ۱۲۶۱ھ
و مطابق ۱۳ جنوری ۱۸۴۶ء و مطابق ... سدی ...
سمت ۱۹۰۲ بروز سہ شنبہ بوقت یکپاس شب برآمدہ برالا
خانہ بدستخط خام عاصی پُرمعاصی نیازمند سدانند برائے خاطر
دوست عزیز از جاناں کدارناتھ و جگن ناتھ و جوالاناتھ و
برائے خواندن خود بمقام دہلی در ہنگام امید پرورش صورت
اختتام یافت، اگر کسے دعویٰ گرفتن کند در محلِ ہم سراں
کاذب و باطل گردد۔

۳۔ کتاب (= مخطوطے) کے بارے میں: (الف ۴۴) یہ وقایع عمری مدار المہام سرکار عالی مرتبہ محمد نظام الدین ابن
محمد رکن الدین خاں بہادر مرحوم محمد نظام الدین خاں مغفور
منصبدار و تحصیلدار تعلقہ مدھولی ضلع ناندیڑ اختتام پایا۔ فقط
مرقوم ۲۹ محرم الحرام ۱۳۰۴ ہجری۔

۴۔ ملکیت کتاب سے متعلق (الف ۴۵) اس کا مالک شیخ داود میاں مکھن لشکر کے نایک۔ اگر کوئی اس
پر دعویٰ کرے گا تو اس کا دعویٰ باطل ہووے گا اور اس کا
نوشتہ کرنے والا ملّا شیخ اسماعیل ولد شیخ مصطفا مرحوم کے
اور استاد شیخ ملّاں حسین مرحوم کے۔
(ب ۴۶) مالکہ حلیمہ بنت صبغۃ اللہ بن محمد غوث بن ناصر الدین محمد
عفا اللہ عنہم غلام محمد شرف الدولہ بہادر، مالکہ، عبد القادر
بن شرف الدولہ۔

۵۔ سبب کتابت وغیرہ (الف ۴۷) ایں کتاب برخورداری بیگم جہانی طال اللہ عمرہا و قدرہا بہ قلم
محمد اشرف الدین عُرف دا مومیاں خطیب پرگنہ بودھن۔
(ب ۴۸) کاتب الحروف محمد غلام احمد الدین حسین محتسب بحسب

Marfat.com

فرمایش مسماۃ قادری بی بی دختر حافظ عبدالسلام پیش امام
مرحوم بتاریخ ششم شہر جمادی الثانی ۱۲۸۳ھ مطابق ۱۲۷۶ھ
فصلی روز سہ شنبہ بقلم آورد۔

۶۔ منقول عنہ کا حوالہ، تصحیح وغیرہ

(الف۴۹) ایں رسالہ وجودیہ تمت تمام شد، کتبہ، اسمٰعیل شاہ قادری از کتاب وجودیہ، برائے مرتضیٰ بھائی نوشتہ

(ب۵۰) تمت الکتاب روضۃ الاطہار بعون خالق کردگار بتاریخ نوزدہم شہر رجب المرجب ۱۲۳۰ ہجری قدسی تمام برائے خواندن خود نوشتہ، صحیح نمودہ شد۔

(ج۵۱) الحمد للہ کتاب تقویۃ الایمان تصنیف مولانا وسیدنا العالم الزاہد الحافظ الحاج الغازی الشہید مولانا محمد اسماعیل دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی صحیح کی ہوئی مولوی زین العابدین صاحب کی بخط بدنمط نظام الدین اخوان زادہ کے ۱۲۶۳ ہجری میں رجب کی اکیسویں تاریخ تمام ہوئی۔

۷۔ کاتب کی رائے وغیرہ

(الف۵۲) تمام شد قصہ اوّل (نوطرز مرصّع)، بخط بندہ شیونارائن بیاس خاطر لالا صاحب کرمفرما منظہر محاسن خوبی ہا لالا کدارناتھ صاحب در مقام پٹیالہ بتاریخ دوم شہر جمادی الاول ۱۲۳۴ھ مطابق پھاگن سدی تیج زینتِ نگارش یافت۔ فَھُوَ ھٰذا۔ خاطر زبان دانان اردو خوش کلامان سنجیدہ گو باد کہ مصنفِ ایں قصہ شاعر مستعد و صاحب استعداد معلوم می شود مگر از زبان اردو سرِ مو آگاہی نداشت۔ بعبارتے کہ نوشتہ بست از زبان اردو ہزار فرسنگ تفاوت دارد۔ ایں تشبیہات و تمہیدات در زبان فارسی زیبا است نہ کہ در زبان گفت و گوو روزمرّہ مسلمان و ہندو تعین بست ... انگریز ہم ایں زبان را نہ

Marfat.com

پسندیدہ باشید و کسے نخواہد پسندید۔ ایں قصہ را شخصے دیگر بہ زبان اُردو بہ محاورۂ دلجو صاف صاف خوب نوشتہ ہست و در کلکتہ آں را رواجے شدہ و در چھاپہ مسطور گردیدہ مشہور و معروف گردیدہ است ۔ ایں عزیز بطور قصہ خوانان بازاری ایں حکایت را نہایت طوالت دادہ است ہرگز بہ زبان اردو مناسبت نہ دارد ، برائے اطلاع نوشتہ شد۔

(ب ۵۳) نسخہ مذہب عشق معروف بہ گل بکاولی تصنیف سید مشیر علی خاں المتخلص افسوسؔ دردیباچہ نام مصنف نہال چند لاہوری است ۔ راقم اس قصے کا سید فدوی علی خاں بخش دیوے خدا اس کے گناہوں کو بیچ تاریخ غرہ شعبان المعظم سنہ بارا سو ایکاون ہجری نبوی کے یہ قصہ بحر انصرام پایا ۔ اگرچہ تحریر سے اس قصے کی چنداں خواہش نہ تھی بلکہ تضیع اوقات کیا ، اس واسطے کہ اگر کوئی کتاب دین و حکمت کی لکھتا تو برادرانِ دینی کو اس سے فائدہ ہوتا اور آپ جنات میں داخل ہوتا ۔ اما نظر برانیکہ کتابخانے میں عاصی کے کتنے جلد قصہ ہائے تعشق اکثر عُشّاقانِ سلف کے فراہم کیے ہوئے والد ماجد رحمۃ اللہ علیہ کے موجود ہیں یہ بھی اگر شریک ان میں ہو تو بہتر ہے اس لیے محنت تحریر اپنے پر گوارا کر کر بہ جلدی ترقیم کیلد باللہ التوفیق۔

اوپر ترقیموں کی جو مثالیں نقل کی گئی ہیں ان سے یہ بات بھی سامنے آتی ہے کہ کاتب ایک عام شخص ہوتا ہے اور اس کی رائے یا اطلاع غیر صحیح اور غلط بھی ہو سکتی ہے۔ بعض کاتب کم علم بلکہ صرف حرف شناس ہوتے ہیں۔ ان کی عبارت میں ہر قسم کا سقم ہو سکتا ہے ، اس لیے ترقیمے کے ہر اندراج پر لفظاً لفظاً اعتماد نہیں کیا جا سکتا ہے۔ بعض وقت عبارت کے سقم کی وجہ سے مفہوم میں فرق بھی پیدا ہو سکتا ہے۔

Marfat.com

مذکورہ مثالوں سے اس خیال کی بھی پوری طرح تغلیط ہو جاتی ہے کہ ترقیمے ایک دو سطروں پر ہی محیط ہوتے ہیں۔ مفرد ترقیمے بلاشبہ عموماً مختصر ہوتے ہیں لیکن مرکب ترقیمے بعض وقت بہت طویل بھی ہو سکتے ہیں، اور ان سے متن کے بارے میں ہی نہیں، متعلق مسایل کے بارے میں بھی بہت مفید اور نتیجہ خیز اطلاعات حاصل ہو سکتی ہیں۔

یہ ذکر آچکا ہے کہ ترقیمے نظم و نثر دونوں صورتوں میں ملتے ہیں۔ منظوم ترقیمے بھی بہت طویل ہو سکتے ہیں چنانچہ ایک مثال یہ ہے ؎

کیا ہوں نقل روضے کی تمامی — یہ تصنیف ولی الفاظ نامی
اگیارہ سو اوپر ستر تھی ہجری — ہوا مرقوم روشہ وقت فجری
جمادی الآخر اس مہینے کے درمیاں — دوشنبہ ہی نویں کو ختم ہے جاں
لکھا غیبی نے رکھ کر ہوش اور رائے — ولے لکھتے وپڑتے ہوش اڑجائے
کہ سر سو پاوں تک دردِ شہیداں — بھریا ہے غم امامین سب شہیداں
جو مجلس کے سُنن ہار ہور پڑھنہار
تحیت خواہ نخواہ بھیجیں بہ تکرار

ایک دلچسپ بات یہ ہے کہ فارسی اور اردو کے مخطوطوں پر بھی کاتبوں نے فارسی اور اردو کے علاوہ دوسری مختلف زبانوں میں بھی ترقیمے لکھے ہیں چنانچہ ذیل کی مثالوں سے ظاہر ہے :

۱۔ کتاب اردو، ترقیمہ بہ زبانِ عربی۔

(الف)[۵۵] کتاب صرفِ اردو :

" قد وقع الفراغ بید الاضعف العباد عبد القادر ابن شیخ محمد حسینی فی یوم السبت وقت الاشراق سنہ ۱۲۴۳ ھجریہ نبویہ تاریخ ۲۴ شہر ربیع الاول۔

(ب)[۵۶] مطلع الارشاد (اردو)

" تم ھذا المولود الشریفہ المسمّٰی بمطلع الارشاد فی وقت الضحیٰ یوم اربعۃ الافی التاریخ تسعۃ عشر ربیع الاولیٰ سنہ من ھجرۃ النبویۃ

Marfat.com

الف ومایة وثمانین وتسعة الّف هذا المولود الشریف سید علی بن سید شریف ابن سید علی ابن سید ید اللّٰہ قدس اللّٰہ سرّھم العزیز الکاتب ابوالموید خادم السادات ہ اللّٰھم اغفرلناظمہ ولسامعہ ولکاتبہٗ من المومنین بفضلک وکرمک یا اکرم الاکرمین برحمتک یا ارحم الراحمین آمین ثُمّ آمین یارب العالمین ہ تمّت تمام شد۔

۲۔ کتاب اردو، ترقیمہ بہ زبان فارسی :

(الف ۵۷) عروس المجالس (اردو) :

تمام شد ایں قصّہ عروس المجالس حضرت محمد مصطفا علیہ الصلوٰۃ والسلام روز یکشنبہ بتاریخ سوم ماہ جمادی الاول بہ وقت ظہر ۱۲۴۵ ہجریہ نبویہ صلی اللہ علیہ وسلم قلمی نوشتہ شد۔

۳۔ کتاب اردو، ترقیمہ بہ زبان عربی فارسی آمیز

(الف ۵۸) پنچھی باچھا (اردو)

تمت الکتاب بعون اللّٰہ الملک الوہاب از امداد رسول الثقلین تحریر یافت بہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۲ شہر ذی قعدہ ۱۲۴۲ھ۔ راقم الحروف عظیم الدین۔ اگر کسے دعویٰ کند باطل است

۴۔ کتاب اردو، ترقیمہ بہ زبان اردو

(الف ۵۹) مذہب عشق (اردو)

یہ کتاب ترجمہ بکاولی مذہب عشق نام ہفتے کے روز تین پہر کے وقت اُنتیسویں جمادی الاول کی ۱۲۵۸ ہجری مطابق گیارہویں جولائی کی ۱۸۴۲ عیسوی میں عاصی کمترین خاکپائے منشیانِ قدیم وجدید منشی محمد عمر ولد عبدالرحمن دلیس ڈیوٹی کے ہاتھ سے شہر مچھلی بندر کے درمیان انگریز پالم کے بیچ تحریر پائی۔

۵۔ کتاب اردو، ترقیمہ بہ زبان ہندی سنسکرت آمیز بخط اردو :

(الف ۶۰) سرمید بھاگوت، دسم اسکند (اردو)

اتہ سری مدھیا دسم اسکندھ شبھم سمّاپتم۔ ۹ اگست ۱۹۱۷ء کو بمقام کٹہ راجپوتانہ محلہ بجے پاڑہ رامپورہ میں یہ پستک پنڈت کشن لال جی صاحب کی پستک سے نقل کی گئی۔

Marfat.com

بقلم گردھاری لعل۔

۶۔ کتاب اردو، ترقیمہ بہ زبان سنسکرت :

(الف[۶۱]) بھگوت گیتا، ترجمہ بہ زبان فارسی و اردو مع اصل سنسکرت متن، ترقیمہ بخطِ اردو ایتی۔ سری بھگوت گیتا سوپ نکھت سوبرہم بدیا یانگ شاستری سری کرشنارجن سنبادے موکھ سنیاس جوگ نام آشٹادشودھیایہ۔

(ب[۶۲]) سندر سنگار (اردو)

اِتی سریمن مہاکب راج پرجیتم سُندر سنگھار سمّاپتہ سہوستو۔

اردو کی تاریخ میں کئی شاعر اور نثار سات بلکہ شاید اس سے بھی زیادہ زبانوں کے جاننے والے ہوئے ہیں۔ ویسے بھی یہ سامنے کی بات ہے کہ اردو کے صاحبان علم فارسی، عربی کے علاوہ ترکی پھر انگریزی اور اب ایک مدت سے ہندی سے واقف رہے ہیں۔ بعض لوگ مختلف علاقائی زبانوں مثلاً پشتو، پنجابی، کشمیری بنگالی وغیرہ کے بھی جاننے والے ہوئے ہیں۔ سطورِ بالا میں جو مثالیں پیش کی گئی ہیں ان کی موجودگی میں یہ خیال کر لینے کی کوئی وجہ معلوم نہیں ہوتی کہ اُردو کے کاتبوں نے ان مختلف زبانوں میں بھی ترقیمے نہیں لکھے تھے۔ راقم سطور کے لیے اپنی کم سامانی اور کم علمی کا اعتراف لازم ہے کہ فی الوقت اِس بارے میں کوئی قطعی بات کہنا اس کے لیے ممکن نہیں ہے۔ البتہ صاحبانِ علم و فراست کی خدمت میں غالب کا یہ مصرع نذر کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ع : "صلائے عام ہے یارانِ نکتہ داں کے لیے"

اس نہج پر یہ ذکر بھی ضروری ہے کہ متقدمین میں سے بیشتر کاتب صاحبان علم و فضل ہوتے تھے۔ ان کے لکھے ہوئے ترقیمے بھی علمی اعتبار سے وقیع اور قابل قدر ہوتے تھے۔ واقعہ یہ ہے کہ کتابت بھی فنون شریفہ میں سے ہے۔ یہ فن نہ صرف شاہ پسند رہا ہے بلکہ بادشاہوں نے خود بھی اسکو اختیار کیا ہے۔ سلطان ناصرالدین کے لیے تو مشہور ہی ہے کہ ان کی بسر کتابت پر تھی۔ شہنشاہ عالمگیر اورنگ زیب نے بھی اس فن کے نہایت قابلِ تحسین نمونے یادگار چھوڑے ہیں۔ سلطانِ عالم واجد علی شاہ نے بھی خطاطی کے ہنر میں اپنے کمالات کا خوب خوب اظہار کیا ہے۔

ہر کمالے را زوالے کے بمصداق کتابت نے بھی فن کے درجے سے گذر کر ذریعۂ معاش اور پیشہ کی حیثیت اختیار کر لی تو آبروے شیوۂ اہلِ ہنر بھی باقی نہیں رہ گئی۔ اِدھر ایک مدت سے بعض ترقیموں

Marfat.com

کی زبان ناپختہ اور طرزِ بیان نہایت ناقص ہوتا ہے۔ یہی نہیں بلکہ ترقیموں کا اندازِ خط و تحریر بھی عموماً بہت سرسری اور کبھی کبھی خراب بھی ہوتا ہے۔ زبان و بیان کی خامی اور کوتاہی کی وجہ تو پھر بھی سمجھ میں آجاتی ہے۔ لیکن تحریر کی خرابی کی کوئی معقول وجہ معلوم نہیں ہوتی، سوائے اس کے کہ کاتب خود بھی اس کے لکھنے میں بے پروائی سے کام لیتا ہے۔ یہ صورتحال افسوسناک ہے۔

مندرجات پر نگاہ کریں تو بادی النظر میں ترقیموں کی تین صورتیں معلوم ہوتی ہیں:

۱۔ ناقص ترقیمے: یہ وہ ترقیمے ہیں جن میں فراہم کردہ اطلاعات کسی اعتبار سے نامکمل یا ناقص ہوتی ہیں۔ چنانچہ ذیل کی مثالوں سے ظاہر ہے۔

(الف[۶۳]) تاریخ پانزدہم ماہ ربیع الاول روز یکشنبہ بوقت عصر مرتب شد، کاتب فقیر مسکین سید مصطفا۔

(ب[۶۴]) تمت تمام شد کاتب الحروف فقیر حقیر نور محمد است در ماہ سفر (= صفر) بتاریخ بیست چہارم اتمام شد۔

ان دونوں مثالوں میں کمی یہ ہے کہ سال ظاہر نہیں کیا گیا ہے:

(ج[۶۵]) تمت تمام تاریخ سہ شنبہ ۱۲۶۲ھ مالک محمد صالح پلنگ

اس میں نہ تاریخ ہے، نہ مہینہ۔ اس کے علاوہ ایک اور بڑی کمی یہ ہے کہ کاتب نے خود اپنا نام بھی نہیں لکھا ہے۔

۲۔ کامل ترقیمے: ایسے ترقیمے جن میں مکمل اطلاعات درج کی گئی ہوں مثلاً

(الف[۶۶]) تمت تمام شد رسالہ شریفہ مسمّٰی بہ تقویۃ الایمان من تصنیف مولوی محمد اسمٰعیل صاحب سلمہ اللہ الجلیل الواہب بتاریخ ہفتم شہر ربیع الآخر ۱۲۴۴ ہجری بمطابق ۱۲۳۶ فصلی یوم جمعہ بخط ناقص بندۂ خدا محمد سلیم اللہ برائے استفادۂ خود و دیگر برادران مومن اہل سنّت و جماعت ترقیم یافت سہ

ہر کہ خواند دعا طمع دارم　　زاں کہ من بندہ گنہگارم

(ب[۶۷]) تمت تمام شد دیوان میر تقی بتاریخ بیست و نہم شہر شوال روز پنجشنبہ سنہ ۲۰ جلوس شاہ عالم مطابق ۱۱۹۲ھ بحسب فرمایش میاں شکر اللہ من مقام دار الخلافہ شاہجہان آباد بخطِ احقر العباد بندہ رادھا کشن کاتب تحریر یافت۔

Marfat.com

۳۔ دوہرا ترقیمہ ــــ جس نسخے کی نقل تیار کی جارہی ہے، کبھی شعوری طور پر اور کبھی محض سہواً کاتب (= ناقل) اُس کے ترقیمے کو چند کلمات کے اضافے کے ساتھ نقل کرلیتا ہے اور اس طرح نسخۂ اصلی کے پورے ترقیمے یا اُس کے کسی جُزو کو اپنے ترقیمے کا جُزو بنالیتا ہے۔ اس عمل میں بظاہر معمولاً کسی بدنیتی کو دخل نہیں ہوتا ہے۔ ترقیمے کی اس مرکّب صورت کے لیے "دوہرے ترقیمے" کی اصطلاح مناسب معلوم ہوتی ہے۔ دوہرے ترقیمے کمیاب نہیں ہیں چنانچہ ذیل میں ان کی مثال پیش کی جاتی ہے:

(الف[۶۸]) تمت تمام شد۔ نسخہ تاریخ نادری مطابقتہ باصلہا لفظ بہ لفظ، نقطہ بہ نقطہ باہتمام مولوی عبدالرحمٰن مطبع عمدۃ الاخبار مدرسہ بریلی میں چھپا، دہم دسمبر ۱۴۷ء تمام شد نسخہ تاریخ نادری بتاریخ ۲۸ ماہ اکتوبر ۱۸۶۴ء روز جمعہ بوقت چہار گھڑی روز برآمدہ بخطِ بے ربط بندہ منشی لعل بنا بر برخوردار سعادت بدامن؟ لچھمن زاین تحریر یافت۔

اس میں پہلا جُز نسخۂ مطبوعہ کا "خاتمۃ الطبع" جسے کاتب نے اپنے ترقیمہ کے ساتھ نقل کرلیا ہے۔

(ب[۶۹]) الحمدللہ والمنہ رسالہ ہذا بتاریخ بیست ونہم شہر شوال المکرم ۱۲۵۹ھ ہجری نبوی در مطبع جامع الاخبار باہتمام خیرخواہ خلق اللہ سید رحمۃ اللہ برائے استفادۂ مبتدیانِ فنِ عروض بطبع در آمدہ، تمت بالخیر این رسالۂ تقویم الاشعار بتاریخ بیست ونہم شہر ربیع الاول ۱۲۷۵ھ باتمام رسید ؎

ہر کہ خواند دعا طبع دارم زانکہ من بندۂ گنہگار

(ج) تمام شد پوتھی اکھروتی بزبان ملک محمد جائسی کتاب ہندی کتاب الملک و کاتبِ حروف فقیر حقیر محمد مقیم ساکن پتہ نندالواں خاص عملہ پرگنہ نظام آباد بہ سرکار جونپور صوبہ الہ آباد بوقت ظہر یوم تبعہ زکے (؟)، شہر ذوالقاد در موضع خاص ڈیہ مقام کنورہ عملہ پرگنہ نگوں سرکار مسطور است تحریر یافت زیادہ گفتار نوشتن انہا زیست۔ پوتھی بیوگ ساگر بزبان ہندوی انصرام شدہ فی التاریخ ذوالقاد (ذوالقعدہ) سنہ ۹۱۱ موضع خاص ڈیہ مالک نگانوں نندانوں یا بتاریخ بیستم روز تبعہ زکے تیار تمام (؟)

اس ترقیمہ سے بحث کرتے ہوئے پروفیسر سید حسن عسکری نے فرمایا ہے کہ کاتب محمد مقیم نے ۹۱۱ھ کے مکتوب نسخے سے یہ نقل عہد شاہجہانی میں تیار کی تھی۔ اس خیال کی تائید اس طرح بھی ہوتی ہے کہ اکھروتی کے ذکر میں

Marfat.com

اس نے "مسطور است" لکھکر قدیم نسخے کی طرف اشارہ کیا ہے۔ پھر "تحریر یافت" میں اپنے عمل کا بیان کیا ہے۔ اسی طرح اس نے بیوگ ساگر کے نسخے کو بھی "انصرام شدہ" کہا ہے البتہ خود اپنے کام کی تکمیل کا سال قلمبند نہیں کیا ہے۔

(د) تمت الکتاب چارچمنِ شہادت بدستِ مولف روایات شہادت شیخ احد حسرت ماہ صفر المظفر بروز آخری چہار شنبہ سنہ ۱۲۶۶ ہجری مالک ایں کتاب حکیم بایزید خاں ولد حکیم کلّو خاں ساکن شہر کڑپہ سنہ ۱۲۰۰ ہجری من نقل کردم تمام شد وقت عصر ماہ رمضان شریف بتاریخ یکم۔

اس ترقیمے میں بھی اپنے کام کی تکمیل کے ساتھ مولف کے نسخے کی تکمیل کا سال بھی لکھ دیا گیا ہے۔ یہ صحیح ہے کہ بعض وقت دوہرے ترقیموں کے مندرجات گنجلک اور عسیر الفہم بھی ہو جاتے ہیں۔ لیکن ان کی افادیت میں کلام نہیں ہے۔

۵

یہ ذکر آ چکا ہے کہ ترقیموں کے اندراجات لازماً اغلاط سے پاک نہیں ہوتے ہیں۔ ان میں بھی ہر قسم کی غلطیوں کا امکان رہتا ہے۔ کبھی تو یہ محض سہوِ قلم ہوتا ہے اور کبھی ناقص اور نامعتبر ذرایع پر اعتماد کے نتیجے میں بھی ایسا ہوتا ہے لیکن زیادہ گمراہ کن صورت وہ ہوتی ہے جب عمداً کسی وجہ سے کاتب غلط بیانی کرتا ہے۔ ان مختلف صورتوں کی مثالیں درج ذیل ہیں :

(الف) انجمن ترقی اردو (پاکستان) کراچی میں سنگھاسن بتیسی کے دو مخطوطے بتائے گئے اور دونوں کے ترقیمے میں ایک لفظ کا بھی فرق نہیں ہے۔ دونوں کے ترقیمے کی عبارت یہ ہے :

تمت تمام شد بتاریخ چہارم جمادی الثانی سنہ ۱۲۱۲ھ کاتب محمد رحمت اللہ خاں۔

ایک دن میں ایک ہی نسخہ مکمل ہو سکتا ہے (کاربن کاپی ہو تو اور بات ہے)۔ بظاہر اس میں کچھ غلطی ضرور ہے۔

(ب) الکتبہ الحقیر ... عباس حسین ... غفر ذنوبہ من حیث الفرقان ... مرزا عباس حسین تلمیذ مصنف ہذا۔ المرقوم فی التاریخ ... سنہ ۱۳۲۲ ہجرۃ المقدسہ المطابقہ شہور سنہ ۱۳۲۳ فصلی۔

Marfat.com

۱۳۲۲ھ سال ۱۳۲۳ فصلی سے مطابق نہیں ہے۔ کسی ایک سال کے لکھنے میں غلطی ہوگئی ہے۔

(ج) الحمدللہ کہ سمرودداد در سطور مہملہ اصل مسودہ و مصحح محروم علم و کمال صدر عالم صدر لکھا ہوا در عہد والا مہد میر واعظ مورد عدل و کرم وحید الملک سعید الدولہ نواب سعادت علی خان بہادر فرمانروائے سلطنت لکھنؤ ملک اودھ ایداللہ ملکہ و دولتہ ، حوالہ کلک مہملہ سلک ہوا۔ بست و پنجم ماہ صفر ۱۲۲۰ھ۔

اس کتاب قصہ سمرود داد کا سال تصنیف یہ ہے ؎

مصرعِ سال اِس کا لکھ صدر اس طرح : سو سرور دل رسالہ عمدہ صدر = ۱۲۲۰

دوسرے مصرع سے ۱۲۰۵ کے عدد حاصل ہوتے ہیں۔ ترقیمے میں بھی ایک سے زیادہ غلطیاں ہیں یعنی (۱) سعادت علی خاں کے زمانے میں لکھنؤ میں سلطنت قائم نہیں ہوئی تھی۔ اس زمانے میں وہاں سلطنت کے قیام کا غالباً خیال بھی پیدا نہیں ہوا تھا۔ (۲) سعادت علی خاں کے القاب مختلف تھے۔ اس ترقیمے میں جو لکھے ہیں اُن کا معمولاً چلن معلوم نہیں ہوتا۔ (۳) خود صدر عالم صدر کا مذکور کسی قدیم تذکرے میں دیکھنے میں نہیں آیا ہے۔

(د) پروفیسر سید مسعود حسن رضوی ادیب نے میر احسن خلق کی کتاب "طب احسن" کے ایک مخطوطے کا ترقیمہ اس طرح نقل کیا ہے :

"در عہد ... بادشاہ جمجاہ غازی الدین حیدر بہادر ... تحریر یافت و در یکہزار و دو صد و سی و سہ سال ہجری در بیان پنج باب اتمام یافت۔"

غازی الدین حیدر کی تاجپوشی ۱۸۔ ذی الحجہ ۱۲۳۴ھ کو عمل میں آئی تھی۔ تاریخ کا مصرع یہ ہے ؎

ماہ ذی الحجہ شنبہ با ہیژدہم ۱۲۳۴

اس سے پہلے ان کو "بادشاہِ جمجاہ" نہیں لکھا جا سکتا تھا۔ ترقیمہ کی غلطی ظاہر ہے۔

(ہ) مجموعہ عرفانی فی شرح مجموعہ سلطانی مکتوبہ درویش محمد بہ سال ۱۰۹۲ بکرمی در لاہور۔

اس کے بارے میں فہرست کے مرتب نے لکھا ہے :

"ایں تاریخ شاید صحیح نہ باشد چوں از لحاظ کاغذ و خط و غیرہ این نسخہ مال اواخر قرن دوازدہم ہجری بہ نظر می رسد۔"

کاتب بھی انسان ہوتا ہے اور اُس سے غلطیوں کا سرزد ہو جانا کسی طرح بھی خلافِ قیاس نہیں ہے۔

Marfat.com

مناسب یہ ہے کہ ترقیمے کے اندراجوں پر بھی احتیاط سے نظر کر لی جائے۔

ترقیموں میں جعلسازیوں کے امکان سے انکار کرنا بھی درست نہیں ہے۔ کبھی کبھی مخطوطے کو زیادہ وقیع اور اہم ظاہر کرنے کے لیے اس پر کوئی قدیم سال لکھ دیتے ہیں یا کسی قدیم واقعہ کو ترقیمے کی عبارت میں داخل کر دیتے ہیں۔ بعض لوگ ترقیمے میں لکھے ہوئے سال کو کھرچ کر یا کسی اور طریقے سے مٹا دیتے ہیں۔ یہ دونوں صورتیں نہایت ناپسندیدہ اور مذموم ہیں۔ ان سے مخطوطے کی قدر و قیمت بہت کم ہو جاتی ہے۔ سری بھاگوت کے ایک مخطوطے کا ترقیمہ اس طرح ہے :

"باتمام رسید نسخہ متبرکہ سری بھگوت گیتا در سمت مطابق سنہ ہجری در دار السلطنت لاہور حرسہا عن الآفات باختتام رسید۔"

اس میں کاتب نے تین سنہ لکھے تھے اور ان سب کو کھرچ کر مٹا دیا گیا ہے۔ ایک جگہ صرف یہ لکھا ہے :

"در ماہ مبارکہ بیساکھ"

کتابت کی تاریخ درج نہیں ہے۔ نسخہ کی زبان (اردو) کافی صاف ہے اور وہ اٹھارہویں صدی عیسوی سے پہلے کی معلوم نہیں ہوتی۔ شاہ عالم ثانی کے زمانے میں پنجاب میں سکھوں کا زور ہوا تھا۔ اسی وقت لاہور کو "دار السلطنت" کہا گیا ہوگا (جہانگیر وغیرہ کے زمانے میں اتنی صاف اردو نہیں لکھی جا رہی تھی۔ اس لیے اُس کا خیال کرنا صحیح نہیں ہوگا) قیاساً یہ مخطوطہ شاہ عالم ثانی کے آخر وقت میں لکھا گیا ہوگا۔

اس تفصیل سے یہ حقیقت بھی سامنے آتی ہے کہ ترقیمے میں جو سالِ کتابت لکھا ہوا ہوتا ہے اس کی تائید یا تردید کے لیے ترقیمے کے دوسرے اندراجات کے علاوہ تحریر کے انداز، کاغذ اور روشنائی پر بھی نظر کی جانی چاہیے۔

●●

Marfat.com

حواشی

۱۔ اردو مخطوطات انجمن ج ۶، ص ۲۲۱
۲۔ آصفیہ ج ۱ ، ص ۳۶۶
۳۔ آصفیہ ج ۱ ، ص ۲۷۹
۴۔ تذکرہ مخطوطات ج ۱، ص ۲۰۰
۵۔ ایضاً ج ۱ ، ص ۲۱۰
۶۔ مخطوطہ مملوکہ مولانا آزاد لائبریری۔ جیب گنج کلکشن
۷۔ تذکرہ مخطوطات ج ۱، ص ۲۴
۸۔ ایضاً ج ۱، ص ۲۲
۹۔ ایضاً ج ۱ ، ص ۲۶۰
۱۰۔ ایضاً ج ۱، ص ۵۵
۱۱۔ ایضاً ج ۱ ، ص ۲۴۱
۱۲۔ ایضاً ج ۱ ، ص ۱۴۴
۱۳۔ ایضاً ج ۱ ، ص ۱۷۷
۱۴۔ ایضاً ج ۱ ، ص ۲۲۴
۱۵۔ اردو مخطوطات انجمن ج ۵ ، ص ۱۸۵
۱۶۔ تذکرہ مخطوطات ج ۱ ، ص ۱۸۰
۱۷۔ ایضاً ج ۱ ، ص ۲۹۹
۱۸۔ اردو مخطوطات انجمن ج ۳ ، ص ۴۶
۱۹۔ ایضاً ج ۳ ، ص ۷۳
۲۰۔ معتمد الدولہ ص ۱۳۰
۲۱۔ دہلی کے مخطوطات ص ۲۰۴
۲۲۔ تذکرہ مخطوطات ج ۱ ، ص ۱۹۱
۲۳۔ دہلی کے مخطوطات ص ۱۰
۲۴۔ مخطوطات جامع مسجد بمبئی ص ۱۹۳
۲۵۔ دہلی کے مخطوطات ص ۳۳
۲۶۔ تذکرہ مخطوطات ج ۱ ص ۱۹۲
۲۷۔ مخطوطات جامع مسجد بمبئی ص ۲۰۰
۲۸۔ جائزہ مخطوطات ج ۱ ، ص ۱۰۰ تا ۱۰۱
۲۹۔ شیرانی ج ۲ ، ص ۳۲۶
۳۰۔ ایضاً ج ۳ ، ص ۴۵۹
۳۱۔ ایضاً ج ۲ ، ص ۴۳۱
۳۲۔ ایضاً ج ۱ ، ص ۴۷
۳۳۔ نسخہ ہائے خطی بمبئی ص ۱۲
۳۴۔ شیرانی ج ۳ ص ۵۲۶ تا ۵۲۷
۳۵۔ مخطوطات جامع مسجد بمبئی ص ۲۵۱

Marfat.com

۳۶۔ تذکرہ مخطوطات ج ۵ ، ص ۲۰۹
۳۷۔ اردو مخطوطات انجمن ج ۵ ، ص ۳۵
۳۸۔ مخطوطات جامع مسجد بمبئی ص ۲۴۲
۳۹۔ تذکرہ مخطوطات ج ۱ ، ص ۱۸۰
۴۰۔ دہلی کے مخطوطات ص ۱۹۵
۴۱۔ جائزہ مخطوطات ج ۱ ، ص ۶۶
۴۲۔ دہلی کے مخطوطات ص ۷۲
۴۳۔ جائزہ مخطوطات ، ج ۱ ، ص ۱۰۲۷ تا ۱۰۲۸
۴۴۔ آصفیہ ج ۱ ، ص ۲۱۹
۴۵۔ مخطوطات جامع مسجد بمبئی ۲۸۵ تا ۲۸۶
۴۶۔ تذکرہ مخطوطات ج ۱ ، ص ۱۴۲
۴۷۔ ایضاً ج ۱ ، ص ۲۱۸
۴۸۔ ایضاً ج ۱ ، ص ۱۷۵
۴۹۔ اردو مخطوطات انجمن ج ۲ ، ص ۲۰۸
۵۰۔ آصفیہ ج ۱ ، ص ۱۶۳
۵۱۔ دہلی کے مخطوطات ص ۲۰۰
۵۲۔ جائزہ مخطوطات ج ۱ ، ص ۹۷۲ تا ۹۷۳
۵۳۔ تذکرہ مخطوطات ج ۱ ، ص ۱۱۶ تا ۱۱۷
۵۴۔ ایضاً ج ۱ ، ص ۵۹
۵۵۔ مخطوطات جامع مسجد بمبئی ص ۱۸۱ تا ۱۸۲
۵۶۔ اردو مخطوطات انجمن ج ۵ ص ۲۸۵ تا ۲۸۶
۵۷۔ مخطوطات جامع مسجد بمبئی ص ۲۶۶
۵۸۔ ایضاً ص ۲۱۲ تا ۲۱۴
۵۹۔ تذکرہ مخطوطات ج ۱ ، ص ۳۱۸
۶۰۔ دہلی کے مخطوطات ص ۱۳۹
۶۱۔ مخطوطۂ قومی عجایب گھر ، لاہور
۶۲۔ مخطوطات جامع مسجد بمبئی ص ۱۱۵
۶۳۔ اردو مخطوطات انجمن ج ۶ ، ص ۱۸
۶۴۔ ایضاً ج ۳ ، ص ۹۹
۶۵۔ مخطوطات جامع مسجد بمبئی ص ۲۸۴
۶۶۔ جائزۂ مخطوطات ج ۱ ، ص ۱۳۰
۶۷۔ تذکرہ مخطوطات ج ۱ ، ص ۱۱۰
۶۸، ۶۹۔ مخطوطات مملوکۂ راقم
۷۰۔ معاصر ج ۴ ، ص ۹۲ تا ۹۴
۷۱۔ آصفیہ ج ۱ ، ص ۱۷۲
۷۲۔ اردو مخطوطات انجمن ج ۵ ، ص ۱۰۲، ۱۰۴
۷۳۔ آصفیہ ج ۱ ، ص ۱۷۴
۷۴۔ آصفیہ ج ۱ ، ص ۱۲۵
۷۵۔ سعادت علی خاں کے مروّجہ القاب یہ معلوم ہوتے ہیں: "نواب ناظم الملک" (کلیات انشا)، یمین الدولہ ناظم الملک نواب سعادت علی خاں بہادر مبارز جنگ" (نادر العصر) ۷۵
۷۶۔ لکھنویات ادیب ص ۲۸۵ تا ۲۸۶
۷۷۔ نواب سید حیدر علی خاں (گوالٹولی کانپور) کے مملوکہ "قران السعدین" کے مخطوطے کا ترقیمہ یہ ہے:

Marfat.com

تمت تمام شد نسخہ قران السعدین بتاریخ
پانزدہم ۱۵ شہر ربیع الثانی ۱۲۳۴ھ ہجری
بروز پنجشنبہ در بلدہ لکھنؤ در عہد وزارت رفعت
الدولہ رفیع الملک نواب غازی الدین حیدر
خان بہادر شہامت جنگ بدستخط عاصی ہیچداں
اضعف من عباد اللہ صورت اختتام و پیرایہ
نظام یافت ۔

ہر کہ خواند دعا طمع دارم
زانکہ من بندہ گنہگارم

اس سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ ذی الحجہ ۱۲۳۴ھ
میں تاجپوشی سے پہلے غازی الدین حیدر کو "نواب"
کہا جاتا تھا اور ان کے نام کے ساتھ "بادشاہ جمجاہ" نہیں
لکھا جاتا تھا۔

۷۸۔ شیرانی ج ۲، ص ۳۰۲

Marfat.com

ماخذ

اردو مخطوطات انجمن = مخطوطات انجمن ترقی اردو (اردو) جلد ۲، ۳، ۵، ۶
مرتبہ: افسر صدیقی امروہوی۔ انجمن ترقی اردو پاکستان، کراچی۔

آصفیہ = کتبخانہ آصفیہ کے اُردو مخطوطات جلد۔ ۱
مرتبہ: نصیر الدین ہاشمی، مطبوعہ حیدرآباد

تذکرہ مخطوطات یعنی ادارۂ ادبیات اردو کی قلمی کتابوں کا تفصیلی جائزہ جلد۔ ۱
مرتبہ: ڈاکٹر سید محی الدین قادری زورؔ۔ ترقی اردو بیورو، نئی دہلی۔

جائزۂ مخطوطات اردو مرتبہ: مشفق خواجہ

حبیب گنج کلکشن =

شیرانی = فہرست مخطوطات شیرانی

مرتبہ: ڈاکٹر محمد بشیر حسین، ادارۂ تحقیقاتِ پاکستان، دانشگاہ پنجاب، لاہور، جلد ۲، ۳

دہلی کے اُردو مخطوطات کی وضاحتی فہرست
مرتبہ: ڈاکٹر صلاح الدین، انجمن ترقی اردو (ہند) دلّی

لکھنویات ادیب، مرتبۂ ڈاکٹر طاہر تونسوی مغربی پاکستان اُردو اکیڈمی، لاہور۔

مخطوطات جامع مسجد بمبئی = کتبخانۂ جامع مسجد بمبئی کے اردو مخطوطات
مرتبہ: ڈاکٹر حامد اللہ ندوی۔ موڈرن پبلشنگ ہاؤس، نئی دہلی۔

معاصر (مجلہ) پٹنہ حصہ ۴

معتمد الدولہ آغا میر، مرتبۂ ڈاکٹر محمد انصار اللہ۔ غالب انسٹی ٹیوٹ، نئی دہلی۔

تواریخ نادر العصر، مولفۂ منشی نولکشور، خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری پٹنہ

نسخہ ہائے خطی بمبئی = فہرست نسخہ ہای خطی فارسی بمبئی، کتابخانہ موسسۂ کاما، گنجینۂ، نکجی، مولفۂ ڈاکٹر سید مہدی غروی۔ مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان، اسلام آباد

Marfat.com

عرض دیدہ وغیرہ

۱۔ **عرض دیدہ** ــــ فارسی اور اُردو کے (مطبوعہ اور قلمی) نسخوں پر مُہروں کے نقش اور ترقیموں کی عبارتوں کے علاوہ اور بھی کئی طرح کے اندراج دیکھے جا سکتے ہیں۔ "عرض دیدہ" کی ترکیب بھی اسی سلسلے کی ہے۔

(الف) کتبخانۂ سالار جنگ حیدر آباد کے "تاریخ سلطان محمد قطب شاہ" کے مخطوطے پر شاہجہاں کی یہ تحریر موجود ہے[1]:

"... در سنہ جلوس مبارک داخل کتابخانۂ ایں نیاز مند درگاہ الٰہی شد۔ حررہ شاہجہاں ابن جہانگیر بادشاہ۔"

اس کے نیچے بائیں طرف یہ اندراج ہے:

"۱۹ ربیع الثانی سنہ ۳۱ عرض دیدہ شد۔"

اور اس کے نیچے متعلق شاہی منصبدار کی مہر ثبت ہے۔ ان اندراجوں سے معلوم ہوتا ہے کہ:

۱۔ سنہ جلوس (= ۱۰۴۶ھ) میں بادشاہ کے ملاحظہ کے بعد یہ نسخہ "داخل کتابخانہ" ہوا تھا۔ اس سے 'تملیک و تحویل' کے زمانے کا پتا چلتا ہے۔

۲۔ سنہ ۳۱ جلوس (= ۱۰۶۸ھ) یعنی شاہ جہاں کی بادشاہت کے آخری سال میں متعلق منصبدار نے اپنی مہر کے ساتھ تاریخ و ماہ و سال کا اندراج کیا ہے۔ اس اندراج سے بہ گمانِ غالب 'جائزہ' کے مفہوم و محل کا پتا چلتا ہے۔ دونوں اندراجوں کا موقع اور مفہوم مختلف ہے۔

(ب) لاہور کے ذخیرۂ شیرانی میں 'یوسف و زلیخا' کے مخطوطے پر یہ تحریر[2] ہے: 'عرض دیدہ شد' بتایا گیا ہے کہ یہ شہنشاہ جہانگیر کی تحریر ہے۔

ان دونوں مثالوں سے ظاہر ہے کہ 'عرض دیدہ' شاہی متوسلین ہی نہیں خود بادشاہ بھی لکھتے

Marfat.com

رہے ہیں۔ بہ گمانِ غالب یہ ترکیب متقدمین سلاطین مغلیہ کے زمانے میں وضع کی گئی تھی اور جائزے کے وقت کتاب کو ملاحظہ کرنے کے بعد بادشاہ (= مالک کتابخانہ) یا کتابدار (= کتابخانے سے متعلق کوئی عامل) "عرض دیدہ" لکھدیتا تھا۔

(ج) کتبخانۂ خدا بخش پٹنہ میں محفوظ جن دو نسخوں پر اس اندراج کی ڈاکٹر عابد رضا بیدار نے نشاندہی کی ہے ان میں سے ایک "جہانگیر نامہ" ہے جو قطب شاہی سلاطین کے کتبخانے میں ملا تھا۔ اس پر دو "عرض دیدہ" ہیں اور دونوں شمالی ہند میں (بہ عہد محمد شاہ بادشاہ) لکھے گئے تھے۔ دوسرا مخطوطہ دیوانِ حافظ کا ہے جو ہمایوں کے کتبخانے میں بھی رہ چکا تھا۔ اس پر سات "عرض دیدہ" ہیں لیکن ان میں سے کوئی بھی بہت قدیم معلوم نہیں ہوتا ہے۔ ذیل کے دو اندراج ایک ہی تاریخ کے ہونے کی وجہ سے توجہ طلب ہیں:

ہفدہم ماہ جمادی الثانی ۱۱۴۱ھ عرض دیدہ تحویل محمد باقر شد

اور: ۱۷۔ جمادی الثانی ۱۱۴۱ھ تحویل محمد باقر شد

ان سب پر نگاہ کریں تو خیال ہوتا ہے کہ "عرض دیدہ" لکھنے کا چلن عموماً شمالی ہند میں رہا ہے اور زیادہ رواج غالباً شاہجہاں کے وقت سے ہوا۔ اگرچہ محمد شاہ کے دور میں بھی اس کے لکھے جانے کا سلسلہ جاری تھا، تعجب اس پر ہے کہ زبان اردو کے کسی مخطوطے پر یہ اندراج دیکھنے میں نہیں آیا۔ دیوان حافظ کے مندرجہ بالا اندراجوں سے یہ بات بھی سامنے آتی ہے کہ "عرض دیدہ" کا کسی نہ کسی درجے میں "تحویل" سے تعلق ہے۔ اس سے بھی یہی نتیجہ نکالا جا سکتا ہے کہ یہ ترکیب "جائزہ" کے عمل سے متعلق ہے۔

جن مخطوطات پر "عرض دیدہ" کا اندراج ملتا ہے، کسی بھی کتبخانے میں ان کی تعداد دو چار فیصد سے زیادہ معلوم نہیں ہوتی ہے۔ قیاس کہتا ہے کہ دستاویزوں اور عرضداشتوں پر بھی یہ اندراج ہو سکتا ہے لیکن تا حال اس تک راقم کی رسائی نہیں ہو سکی ہے۔

۲۔ **تحویل نامہ** — یہ بھی مروّجہ اصطلاحات میں سے ہے۔ اس سے وہ فقرہ یا عبارت مُراد ہوتی ہے جس میں کسی چیز یا کتاب کے ایک مالک کے پاس سے نکل کر دوسرے مالک کی تحویل میں جانے کا پتا چلتا ہو۔ بعض مخطوطوں پر ایسے اندراجوں میں لفظ "تحویل" شامل ہوتا ہے۔ لیکن معمولاً اس لفظ کا لایا جانا ضروری نہیں ہے تحویل کے مفہوم کا ادا ہو جانا کافی ہے۔

Marfat.com

تحویل میں آنے کی کوئی بھی صورت تحویل نامے میں مذکور ہو سکتی ہے مثلاً کتابت کے مکمل ہو جانے کے بعد مخطوطے کا موصول ہونا، جائزے کے بعد کتبخانے کے کارکن تک کسی کتاب کا پہنچنا، کسی شخص سے مستعار لیا جانا یا جس نے مستعار لیا تھا، اس سے واپس ملنا وغیرہ۔ اسی طرح مالک کی تبدیلی کی بھی مختلف صورتیں ہو سکتی ہیں مثلاً فروخت یا ہدیہ کیا یا تحفہ میں دیا یا خرید لیا وغیرہ۔

تحویل نامے کی ایک اچھی مثال دیوان حافظ کے ایک نسخے کا یہ اندراج ہے کہ:

"اللہ اکبر — یکم آذر سنہ داخل کتابخانہ ایں نیازمند درگاہ الٰہی شد، در دار الخلافہ آگرہ درّہ، نور الدین جہانگیر ۱۰۱۴ھ ابن اکبر بادشاہ در کتابخانہ پدرم از عموی من حکیم میرزا رسید۔"

یعنی اکبر کا کتابخانہ پہلے سے موجود تھا اور یہ نسخہ زمانۂ ماضی میں اس میں داخل ہو چکا تھا۔ اب تحویل میں آنے کے واقعے کو اپنی یادداشت سے قلمبند کر دیا۔ اسی طرح ذیل کی عبارت بھی ہے:

"شرح گلشن راز تحفہ مرزا بیگ سلحدار بتاریخ دوازدہم شہر رجب سنہ ۱۰۲۴ھ کتبہ العبد الخالص لمولاہ الملک سلطان محمد قطب شاہ زاد توفیقہ، فیما تیمناہ۔"

کبھی یہ بھی ہوتا ہے کہ نسخے کا جدید مالک اپنی ملکیت کا تو اظہار کر دیتا ہے لیکن سابق مالک کا ذکر کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کرتا ہے چنانچہ "حدیقۃ الحقیقۃ" کے ایک مخطوطے کا یہ اندراج اس صورتِ حال کی مثال پیش کرتا ہے۔:

"... در سنہ جلوس مبارک داخل کتابخانہ ایں نیازمند درگاہ الٰہی شد۔ حررہ شاہ جہاں ابن جہانگیر بادشاہ۔"

منکسر مزاج اور اختصار پسند طبیعتوں نے تحویل نامے کو مختصر بھی کر دیا ہے۔ یہاں تک کہ ان میں جدید مالک کا نام اور سال کے ساتھ تاریخ، دن اور مہینہ کے اندراج کو بھی حذف کر دیتے ہیں چنانچہ "حدیقۃ الحقیقۃ" کے مذکورہ نسخے پر یہ اندراج بھی ہے:

"دخل فی تملیک احقر العباد سنہ ۱۰۴۳ھ"

اس کے نیچے "میرک حسین بندۂ شاہ جہاں" کی مہر ثبت ہے۔ اسی طرح یہ بھی ہوتا ہے کہ شخص کی دستخط اور کبھی محض تاریخ و ماہ و سال کا لکھ دینا بھی کافی خیال کر لیا جاتا ہے۔ اس کی مثال یہ ہے:

Marfat.com

"قیمت یکہزار روپیہ ... پیشکش میرک حسین، ذی قعدہ سنہ ۱۱"

مختصر تحویل ناموں کی دو مثالیں یہ بھی ہیں :

(الف) تاریخ سلطان محمد قطب شاہ کے سرورق پر یہ اندراج ہے[۹] :

"بتاریخ غرہ ربیع الاولیٰ سنہ ۱۱۸۶"

اور (ب) دیوان ولی کے نسخے پر دستخط کے ساتھ سال اس طرح تحریر ہے[۱۰] :

"سید محمد حسین سنہ ۱۲۴۴ھ"

بعض تحویل نامے بہت معلومات افزا بھی ہوتے ہیں مثال کے طور پر[۱۱] :

"از کتابخانہ شہریار عظمت مدار سپہر اقتدار امیر ابن الامیر امیر عبدالرحمٰن خاں ابن امیر محمد افضل خاں مرحوم ابنِ امیر دوست محمد خاں مغفور والیِ افغانستان"

علم کے شایق بعض کتابوں کی نقلیں تیار کروا کر اپنے کتبخانے میں محفوظ کر لیتے تھے۔ چونکہ یہ نقل کتابخانے کے حوالے کی جاتی تھی، اس سلسلے کے اندراج بھی تحویل نامے ہی کی ذیل میں آئیں گے، مثلاً[۱۲] :

"مثنویات زلالیست بخط محمد مراد کشمیری کہ بور کتابخانۂ ایں نیازمندِ درگاہ الٰہی نوشتہ شد۔ حررہٗ شہاب الدین محمد صاحب قرانِ ثانی شاہ جہاں"

۳۔ **تعارف نامہ** ــــ تعارف نامے سے مراد وہ الفاظ، فقرات یا عبارت ہے جو کسی قلمی یا مطبوعہ کتاب پر اس کا مالک، قاری یا کوئی اور شخص اس کے تعارف کے طور پر لکھ دیتا ہے۔ یہ تعارف نامے طویل بھی ہوتے ہیں اور مختصر بھی۔ کبھی کبھی تو یہ صرف کتاب کے نام پر ہی مشتمل ہوتے ہیں۔ مثلاً کتبخانۂ سالار جنگ میں ایک مخطوطے پر اس کا نام اس طرح درج ہے[۱۳] :

"تاریخ سلطان محمد قطب شاہ"

اس کے برخلاف کتاب محبوب السیر کے شروع میں یہ تعارفی عبارت لکھی ہوئی ہے[۱۴] :

"سررشتہ تالیف و ترجمہ جامعہ عثمانیہ سرکار عالی۔ یادداشت۔ تاریخ ہفت خوان حیدری۔ اس نام کی قلمی کتاب سید ابراہیم صاحب یداللٰہی نے دکھائی اور میں نے جستہ جستہ مطالعہ کیا۔ اس میں حیدر علی (سلطانِ میسور) کی زندگی اور عہد حکومت کے حالات اردو میں تحریر کیے گئے ہیں اور مولف اور ان کے والد خود اُس سرکار کے وابستہ دولت

Marfat.com

رہے اور بہت سی باتیں بچشم خود معاینہ کر چکے ہیں۔ کتاب کے مفید۔ الخ

ظاہر ہے کہ یہ اندراج بہت مفید اور معلومات افزا ہے۔ افسوس ہے کہ باقی عبارت پر کسی نے کاغذ چسپاں کر دیا ہے۔

۴۔ **ہدایت نامہ** ــــ کبھی کبھی کتاب کے شروع میں پڑھنے والے کے لیے ہدایتیں بھی قلمبند کر دی جاتی ہیں مثلاً "گوہر شاہوار" کے سرورق پر لکھا ہے[۱۵]:

"ایں کتاب برائے شیعہ است۔ اہلِ سنّت ہرگز ہرگز ایں کتاب را نہ بینند۔"

اسی طرح "جلد چہارم مرثیہ ہائے میر مونس" مطبوعہ مطبع دبدبۂ احمدی لکھنؤ مارچ ۱۹۰۲ء پر یہ ہدایت درج ہے:

"یہ کتاب خاص مذہب اثنا عشری کی ہے۔ اہل سنت ملاحظہ نہ کریں۔"

اس قسم کی ہدایتوں کی اہمیت ظاہر ہے۔

۵۔ **تملیک نامہ** ــــ ملکیت کے اظہار کے لیے بھی کتاب کے شروع یا آخر میں بعض جملے لکھے جاتے ہیں چنانچہ نیچے ایک نمونہ دیا جاتا ہے:



تمام شد

عبدہ محمد عبدالعزیز صاحب کہ اہل سکہ سلام اللہ
عبدالعزیز ۔۔۔ دارا کہ صاحب شد و محمد عبدالعزیز
بولد سید ہاشم مصر بدہ کردند المرحوم تاریخ ۱۳ اگست
خرد خرد کس عوض نہ

تملیک نامے مختصر بھی ہوتے ہیں اور طویل بھی اور ان سے بعض وقت کتاب کی قدر و قیمت اور زمانے وغیرہ کے تعین میں بھی مدد مل سکتی ہے چنانچہ ذیل کی مثالوں سے ظاہر ہے:

(الف)[۱۶] یہ کتاب ذاتی بندہ کی ہے۔ (دستخط) سید غوث الدین۔

(ب)[۱۷] صاحب ایں کتاب والدۂ صاحب غلام حسن صاحب از میر واحد علی گرفتہ

Marfat.com

شدہ بتاریخ غرہ شہر جمادی الاول ۱۲۷۵ھ۔

۶۔ **پیشکش یا عرضداشت** ــــ کسی امیر یا عالی مرتبت شخص کا توسل یا قرب حاصل کرنے کی نیت سے اس کی خدمت میں کوئی کتاب پیش کی جاتی ہے تو اس تقریب کے اندراج دلچسپ بھی ہوتے اور نتیجہ خیز بھی۔ دیوان حزیں پر شیخ علی حزیں کی ذیل کی تحریر اسی سلسلے کی ہے[۱۸]:

"بسم اللہ خیر الاسمار ایں منتخب دیوان بہ عنوان یادگاری در خدمت سلالۃ الاعظم الاکابر مجد الآخر و اشرف والفخر والبہار بقیہ اسلافہ الکرم میرزا امام قلی الحسنی الحسینی المخاطب بہ عماد الدین خاں دام افضالہ، پیشکش نمودہ شد۔ امید کہ وسیلہ یاد آوری شود۔ حررہ۔ الفقیر الی اللہ الغنی محمد المدعو بہ علی عفی عنہ بالنبی والولی فی عام ۱۱۵۱ حامداللہ حق حمدہ"

۷۔ **مطالعہ سے متعلق یادداشتیں** ــــ بعض خوش مذاق کتاب کو پڑھ لینے کے بعد اپنے مطالعے کے نتائج اور اس سے متعلق یادداشتیں قلمبند کر لیتے ہیں۔ بعض اعتبارات سے یہ یادداشتیں بہت اہم ہوتی ہیں۔ نمونے یہ ہیں:

(الف) "محتشم نامہ" کے آخری صفحہ پر لکھا ہے[۱۹]:

"از ابتدا تا انتہا ایں اوراق را مطالعہ نمودم۔ دستخط۔ محمد علی"

(ب) ایک اور کتاب پر یہ اندراج ہے[۲۰]:

"بیست ہشتم ماہ مبارک رمضان ۱۱۶۷ ہجری النبوی در قلعہ۔ بمطالعہ در آمد"۔

۸۔ **کتاب کے مستعار لینے سے متعلق** ــــ بعض لوگ کوئی قلمی یا مطبوعہ کتاب جب مستعار لیتے یا دیتے ہیں یا کاتب (یعنی نقل نویس) یا فروخت کرنے والے سے خریدتے ہیں تو اس واقعہ کو یادگار کے طور پر کبھی مختصراً اور کبھی مفصلاً قلمبند کر لیتے ہیں۔ بعض مثالیں یہ ہیں:

(الف)[۲۱] مرزا ذاکر بیگ ہزارہ تکلیف نمودند۔ چند روزے بہ عاریت انگاشت"

(ب)[۲۲] سکندر نامہ بحری میر بیدار علی خاں برائے ترجمہ کنانیدہ بود (؟)۔ بندۂ ہاشم۔

(ج)[۲۳] ایں کتاب مجموع المسائل برائے خواندن عابد صاحب برادر نوشتہ شد

خریداری سے متعلق ایک کتاب پر یہ اندراج ہے:

رشہ ربہ کی عوی کہ دسیف سی مول لی گ گ

جوہر سیف

Marfat.com

۹۔ وفات نامہ یا واقعات نامہ ــــ کتاب کے مصنف، مالک یا کاتب یا کسی اور متعلق شخص کے کسی اہم اور قابل ذکر واقعہ یا اس کی وفات کا ذکر بطور یادداشت قلمبند کر دیا جاتا ہے۔ یہ اندراج بھی دوسری مختلف تحریروں کی طرح نثر اور نظم دونوں میں ہو سکتا ہے۔ شاہ برکت اللہ عشقی دیپمی کی کتاب "عوارفِ ہندی" کے نسخہ جیسوال انسٹی ٹیوٹ پٹنہ کے شروع میں یہ اندراج ملتا ہے :

"تاریخ وفات قدوۃ العارفین میر سید برکت اللہ معروف بہ صاحب برکات بلگرامی قدس سرہٗ کہ روز عاشورہ سنہ اثنین واربعین ومایۃ والف بہ گلگشت روضۂ رضوان خرامید ودر قصبہ مارہرہ مدفون گردید، از سید غلام علی آزاد حسینی واسطی بلگرامی سلمہ اللہ تعالیٰ۔

بیدار دلے رفت سوے محفل قدس — بربست زصحرائے جہاں محمل قدس
تاریخ وصال او خرد کرد رقم — صاحب برکات واصل منزل قدس

۱۱۴۲

اوپر جن مختلف النوع اندراجات کا ذکر کیا گیا وہ سب عموماً کتاب کے مالکوں یا پڑھنے والوں کے قلم سے لکھے ہوتے ہیں اس لیے اصل کتاب کی تحریر سے ان کا اندازِ خط بھی مختلف ہوتا ہے۔ یہ اندراج اپنی نوعیت کے اعتبار سے کبھی کتاب کے شروع میں ہوتے ہیں یا آخر میں اور کبھی کبھی درمیانی صفحوں پر بھی ہوتے ہیں۔ اکثر کتابوں پر اچار چٹنی کے نسخوں کے علاوہ بعض امراض کے علاج، تعویذ اور زائچے وغیرہ بھی دیکھنے میں آتے ہیں۔ ان سب کا غایر مطالعہ کئی اعتبار سے نتیجہ خیز ثابت ہو سکتا ہے اس لیے کسی بھی اندراج کو خواہ بادی النظر میں وہ کتنا ہی معمولی ہو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے۔

Marfat.com

حواشی

۱۔ سالار ج ۱، ص ۴۱۴

۲۔ شیرانی ج ۱، ص ۲۰۰

۳۔ سالار ج ۴، ص ۲۱۱

۴۔ بعض دوستوں نے "عرض دیدہ" کے مفہوم اور محل استعمال کو متعین کرنے کے لیے ایرانی لُغت نویسوں سے رجوع کیا ہے۔ یہ ترکیب اہل ہند کی وضع کردہ ہے اور اس کا چلن ہندستان میں رہا ہے اس لیے ایرانی لغتوں سے اس کے لیے استناد مناسب نہیں ہے۔

۵۔ سالار ج ۴، ص ۱۶۱

۶، ۷، ۸۔ سالار ج ۴، ص ۲۸

۹۔ سالار ج ۱، ص ۴۱۴

۱۰۔ تذکرہ مخطوطات ج ۱، ص ۶۴

۱۱۔ سالار ج ۴، ص ۲۵۰

۱۲۔ سالار ج ۵، ص ۱۰۲

۱۳۔ سالار ج ۱، ص ۴۱۴

۱۴۔ آصفیہ ج ۱، ص ۲۵۶

۱۵۔ سالار ج ۵، ص ۲۴۵

۱۶۔ اردو مخطوطات انجمن ج ۲، ص ۴۴

۱۷۔ تذکرہ مخطوطات ج ۴، ص ۱۰۲

۱۸۔ سالار ج ۵، ص ۲۸۴

۱۹۔ اُردو مخطوطات انجمن ج ۳، ص ۱۱

۲۰، ۲۱۔ سالار ج ۱ ص ۴۱۴

۲۲۔ آصفیہ ج ۱ ص ۲۴۰

۲۳۔ اردو مخطوطات انجمن ج ۲، ص ۹۱

Marfat.com

ماخذ

۱۔ آصفیہ = کتبخانہ آصفیہ کے اردو مخطوطات۔ مرتبۂ نصیرالدین ہاشمی مطبوعہ حیدرآباد

۲۔ اردو مخطوطات = مخطوطات انجمن ترقی اردو (اردو) مرتبۂ افسر صدیقی امروہوی انجمن ترقی اردو (پاکستان) کراچی۔

۳۔ تذکرہ مخطوطات یعنی ادارہ ادبیات اردو کی قلمی کتابوں کا تفصیلی جائزہ۔ مولفہ ڈاکٹر سید محی الدین قادری زور، ترقی اردو بیورو، نئی دہلی۔

۴۔ سالار = A Concise Descriptive Catalogue of the Persian Manuscripts in the Salarjung Museum and Library by Muhammad Ashraf - Hyderabad 1969.

۵۔ شیرانی = فہرست مخطوطات شیرانی مرتبۂ ڈاکٹر محمد بشیر حسین ادارہ تحقیقات پاکستان دانشگاہ پنجاب، لاہور۔

Marfat.com



Marfat.com

پروفیسر عبدالباری
شعبۂ عربی
مسلم یونی ورسٹی، علی گڑھ

چند اہم عربی مخطوطات — ایک تعارف

(عرض دیدہ، مہروں اور ترقیمہ کی صراحت کے ساتھ)

مخطوطات کی شکل میں برصغیر کے مسلمانوں کے پاس جو قیمتی تہذیبی و ثقافتی ورثہ اور لازوال سرمایہ ہے اسے جتنا زیادہ سمجھا، سمجھایا جائے اور فائدہ اٹھایا جائے، ہمارے لیے وہ اتنا ہی بہتر ہے۔ اس سے علم و فن کے نئے گوشوں کی بازیافت ہوتی ہے، عصری پیش رفت کو تقویت ملتی ہے اور بحیثیت مجموعی ملکی و ملّی سطح پر تہذیب و تمدّن کو فروغ ملتا ہے۔ خاص طور پر Indo-Arab اور Indo-Iranian روابط کے افہام و تفہیم اور استواری میں بڑی مدد ملتی ہے۔

اس جلسے کی مناسبت سے عربی کے چند اہم مخطوطات کا تعارف پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔

● **خلاصۃ سیر سیّد البشر** :- محب الدین احمد بن عبداللہ الطبری المکّی الشافعی (۶۱۵-۶۹۴ھ)۔

$\frac{771}{9/59}$ Vol II حبیب گنج

مصنف طبری خانوادے کے چشم و چراغ ہیں۔ مکہ معظمہ میں پیدا ہوئے اور وہیں وفات پائی۔ شیخ الحرم تھے، مختلف علوم و فنون کے ماہر اور حافظ و فقیہ تھے۔ آپ کی متعدد تصانیف ہیں۔ ان میں السمط الثمین فی مناقب امّہات المومنین، ذخائر العقبیٰ فی مناقب ذوی القربیٰ، الریاض النضرۃ فی مناقب العشرۃ مشہور ہیں۔

کتاب کی پہلی نقل کسی شاگرد کی ہے جس نے محب الدین الطبری سے اس کتاب کو حرم شریف میں ۶۸۹ھ میں پڑھا ہے۔

انکا کہنا ہے کہ ۱۱۲ اہم کتابوں سے کسبِ فیض کیا گیا ہے اور پھر ۲۴ فصلوں میں اسے لکھا گیا ہے۔

Marfat.com

ابتدا :۔ الحمد للہ علی نوالہ ولہ الشکر علی واسع افضالہ و افضل صلواتہ علی النبی محمد والہ وبعد

کتاب کے مختلف اوراق پر جگہ جگہ حواشی بھی ملتے ہیں پہلا صفحہ مطلّا ہے۔ کتاب میں کل ۱۲۲ اوراق ہیں اور خط نسخ میں لکھا گیا ہے۔ سائز $\frac{۲۰×۱۲}{۱۱×۵}$ ہے۔ سنہرے اور سبز بورڈر کے ساتھ کتاب لکھی ہوئی ہے۔

ٹائٹل پر حبیب گنج کی مہر ہے اور خود علامہ شروانی کی تحریر ہے۔ ترقیمہ میں اس کتاب کی تکمیل سید بن سید یعقوب کے ذریعہ ۱۰۸۰ھ بتایا گیا ہے۔

● اخبار الکرام فی اخبار مسجد الحرام :۔ شہاب الدین احمد بن محمد الاسدی الشافعی (۱۰۳۱ھ)

$\frac{۳۳}{۱۰۰}$ حبیب گنج VOL II NO. 754

مصنف مشہور مکی ادیب و فقیہ اور شاعر تھے۔ اصلاً یمنی تھے لیکن پیدائش و رہائش مکہ معظمہ میں رہی۔ ۱۰۳۵ھ میں آپ کی پیدائش ہوئی۔ صاحب خلاصۃ الاثر نے آپ کے حالات لکھے ہیں لیکن اس کتاب کا ذکر نہیں آیا ہے۔ اس کتاب کا اختصار "اتحاف الکرام بفضائل الکعبۃ الغراء والبلد الحرام" بھی ہوا تھا جو خطی ہے۔

مسجد حرم سے متعلق مفید اور اہم کتاب ہے۔ ایک مقدمہ اور تین مقصد پر مشتمل ہے۔

مقدمہ :۔ فی فضل کعبہ والحجر الاسود والرکن الیمانی

المقصد الاول :۔ ص ۳۴۔ بیان فی بناء کعبہ

الثانی :۔ ۵۸۔ فی بناء المسجد الحرام

الخاتمہ :۔ ۸۸۔ فی اماکن مأثورۃ بقرب الحرم منہا مسجد عرفہ وخلیل

کھجور سے بنی روشنائی سے لکھی گئی ہے۔ لفظ "فائدہ" اور "تتمہ" سرخ روشنائی سے لکھا گیا ہے۔ اصل کتاب مصنف کے صاحبزادے نے لکھی ہے۔

ابتدا :۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم وبہ نستعین، الحمد للہ الذی شرف بیتہ الحرام وفضلہ یجعلہ مثابۃ وامنا للانام وعظمہ بفرض حجہ علی المستطیع فی الکتاب والسنۃ۔

امابعد۔ فہذا تالیف لطیف لوالدی وبرکتی وسندی سیدی الشیخ احمد بن سیدی الشیخ محمد الاسدی۔

کل ۴۶ اوراق ہیں۔ اہم تاریخی واقعات خاص طور پر اموی و عباسی عہد کے مذکور ہیں۔

سرورق پر ایک مہر حبیب گنج کی ہے۔ علامہ شروانی کی تحریر مع دستخط ہے کہ انھوں نے اس کتاب کو ۱۵ ریال

Marfat.com

میں حیدرآباد کے اندر ۱۳۴۵ھ میں خرید کیا۔

ترقیمہ میں اس کتاب کی تکمیل حافظ عبدالرسول کے ہاتھوں مکہ مکرمہ میں شوال ۱۱۴۳ھ بتائی گئی ہے۔

● **کتاب التفہیم فی صناعۃ التنجیم**:- ابوریحان البیرونی (۳۶۲ھ)۔

یونی ورسٹی کلکشن، علی گڑھ ۳۸ ردٹوگراف

علامہ بیرونی چوتھی صدی ہجری کے اواخر میں مشہور ترین عالم، ادیب، مورخ اور سائنس داں گذرے ہیں۔ بقول یاقوت الحموی نجوم و ہیئت اور منطق و حکمت پر علامہ بیرونی کے کتابوں کی صرف فہرست ساٹھ اوراق پر مشتمل تھی۔ مشہور مستشرق سالم کرنکو نے علامہ بیرونی کو عہد وسطیٰ کا سب سے بڑا عالم کہا ہے۔

مذکورہ مخطوطہ استنبول سے حاصل شدہ Rotograph ہے اور فنِ فلکیات اور نجوم و ہیئت سے متعلق ہے۔ یہ کتاب ایک طالبہ کی خاطر سوال و جواب کے انداز پر تیار کی گئی ہے۔ دوسرے صفحہ پر الہندسہ کی تعریف شروع ہوتی ہے: "ما الهندسة؟ هي علم المصادر"۔ اوراق ۴/۱۴، ۲۵، ۶۸، ۷۲، ۸۹ مکرر ہیں۔ ورق ۲۱ غائب ہے۔ پوری کتاب میں جگہ جگہ جیومیٹریکل ڈیزائنس بنے ہیں۔ کل اوراق ۲۵۸ ہیں۔

ابتداء:- "بسم الله الرحمن الرحيم۔ قال الاستاذ ..... محمد بن احمد البيروني ان الاحاطة بهيئة العالم و كيفية شكل السماء و الارض ...

لذالك جعلت هذه التذكرة لطالبتها ريحانة بنت الحسن على طريق السوال والجواب"

سرورق پر ایک بڑی اور قدیم مہر دائرے کی شکل میں ہے اور پھر اس کے اندر تین چھوٹے دائروں میں کچھ لکھا ہے جو ناقابل قرارت ہے۔ پھر ورق ۲ پر شیخ الاسلام السید فیض اللہ آفندی کے مدرسۂ قسطنطنیہ کی ۱۱۱۲ھ کی مہر ہے اور آخری صفحہ ۲۵۸ پر بھی یہی مہر ہے۔

سرورق پر عرض دیدہ میں لکھا ہے کہ یہ کتاب محمد سلیمان الرومی الحنفی کی ملکیت میں ۹۷۷ھ میں رہی۔ پھر ایک نام الشیخ عمر بن فرحان البطری کا بھی ملتا ہے۔

ترقیمہ میں اس کی تحریر محمد بن محمد عامر کے ہاتھوں ۶۴۸ھ لکھی ہے۔

● **شرح قصیدۃ بانت سعاد**:- علی بن سلطان محمد الہروی القاری۔

حبیب گنج عربیہ $\frac{9}{57}$

عربی میں حضرت کعب ابن زہیرؓ کے قصیدہ "بانت سعاد" کی تقریباً آٹھ دس اہم شرحوں کا نام لیا جاتا

Marfat.com

ہے۔ ان میں ایک علی بن سلطان الھروی کی شرح بھی ہے۔ اس کا نام فتح باب الاسعاد فی شرح بانت سعاد مکمل شرح ہے۔ شارح کی زندگی کے احوال زیادہ نہیں ملتے۔ یہ شرح چھوٹی تقطیع میں ۳۴ اوراق پر مشتمل ہے۔ سطر ۱۷ سائز ۶×۴ و ۳×۷ ہے۔ ہر شعر جلی حرفوں میں سرخ روشنائی سے لکھا ہے۔

ابتدا:۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ الحمد للہ الذی خلق السعداء من اتقیاء وجعل منھم الاشقیاء کما اراد بمقتضی نعوتہ الجمالیۃ وبموجب صفاتہ الجلالیۃ والصلوۃ والسلام علی سید السادات ومنبع السعادات۔

امابعد۔ فیقول العبد الفقیر... علی بن سلطان محمد الھروی القاری۔

مختلف صفحات پر حاشیے ہیں۔

پہلے اور آخری صفحہ پر حبیب گنج کی مہریں ہیں۔

ترقیمہ سے کاتب کے نام کا پتہ نہیں چلتا۔

● شرح قصیدہ بانت سعاد:۔ الٰہی بخش کاندھلوی (۱۱۶۲ھ)

۹/۲۷ حبیب گنج عربیہ

ہندی علماء نے عربی زبان میں جو شرحیں قصیدہ "بانت سعاد" کی لکھی ہیں ان میں مولانا الٰہی بخش اور مولانا شہاب الدین دولت آبادی صاحب کا نام اہم ہے۔ کاندھلہ کے مشہور علماء میں آپ کا شمار ہوتا ہے۔ شیخ عبدالعزیز دہلوی کے شاگردوں میں تھے۔ متعدد اہم تصانیف ہیں۔ اس شرح کی خاص بات یہ ہے کہ ہر شعر کا فارسی ترجمہ، اردو ترجمہ اردو اشعار کی شکل میں ہے جو غیر معمولی کد و کاوش کی نشاندہی کرتا ہے۔ لفظ ترجمہ اور ہندی شرح سرخ روشنائی سے لکھا گیا ہے۔

کتاب کا ایک مقدمہ بھی ہے جس میں حضرت کعب بن زہیرؓ کے احوال زندگی اور اشعار کے بارے میں لکھا گیا ہے۔ اپنے دوست محمد مبین کی ایماء پر یہ شرح مصنف نے لکھی ہے۔ کل ابیات ۵۹ بتائی گئی ہے۔

ابتدا:۔ رب یسر بسم اللہ الرحمن الرحیم وتمم بالخیر

الحمد للہ الذی علم الانسان مالم یعلم... وبعد قال..... الی رحمۃ رب العرش العبد المدعو بالٰہی بخش ... خط فارسی میں تحریر ہے۔

سرورق پر حبیب گنج لائبریری کی مہر ہے اور لکھا ہے "بقلم عزیز الدین احمد تلمیذ مفتی عنایت احمد۔

Marfat.com

ترقیمہ میں کتاب کی تکمیل ۱۲۷۲ھ میں عزیزالدین کی کتابت سے بتائی گئی ہے۔

● **رسالۃ الرّد علی القفال** :۔ ملا عبدالنبی النعمانی۔

عبدالحیٔ کلکشن $\frac{91}{50}$

ملا عبدالنبی عہد اکبری کے مشہور ہندستانی عالم ہیں۔ علامہ ابن حجر الہیثمی کے شاگرد ہیں۔ عہد اکبری میں آپ صدرالصدور کے عہدے پر مامور تھے۔

انکی چند اہم تصانیف میں ایک کتاب سیرت نبوی پر ہے جو رضا لائبریری رام پور میں محفوظ ہے۔ یہ بھی اہم رسالہ ہے جو حج سے واپسی پر قدس شریف میں لکھا گیا۔ وہیں سوالات بھی ہوئے اس رسالے پر توشیخ کمال الدین بن ابی شریف الشافعی نے اتفاق کیا۔ امام ابوحنیفہ کی فضیلت اُجاگر کرتے ہوئے ان کی شخصیت کے خلاف کہی گئی باتوں کے رد میں یہ رسالہ لکھا گیا ہے۔ اصلاً القفال المروزی کے آرا کے رد میں ہے۔

موضوع بحث علامہ ارفع کی کتاب **مرآۃ الجنان** بھی رہی، ملا عبدالنبی نے سلطان محمود کو مذہب حنفی کا ماننے والا بتلاتے ہوئے ایک مخصوص قصہ کا ذکر کیا ہے اور اسی روشنی میں یہ رسالہ تحریر کیا گیا ہے۔

کل اوراق ۱۴ ہیں۔ بڑی تقطیع پر کتاب پیلے رنگ کے کاغذ پر لکھی ہے۔

سرورق پر کچھ لکھا نہیں ہے۔ کوئی Seal بھی نہیں ہے۔

ابتدا :۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ الحمد للہ الذی اصطفیٰ حبیبہ وخلیلہ... وھنا أنا اذکر تلک القصۃ۔

شمس الدین محمد بن امیر حاج الحلی نے اسے ۸۷۹ھ میں تحریر کیا۔

● **مجموعۂ رسائل** :۔ شیخ عبدالأحد بن شیخ سعید خازن (م ۱۰۰۷ھ)

شیفتہ کلکشن ۷۸-۷۲/۶۵ عربی

یہ سات رسائل کا مجموعہ ہے:

۱ فیض عام ۲ الجنات الثمانیہ ۳ بدائع شرائع ۴ فی القراءۃ ۵ البرھان الجلی فی فضل الذکر الخفی ۶ فی الکلام ۷ فی نفی الاشارۃ فی الصلوٰۃ۔

ان میں دو تین رسالے بہت اہم ہیں۔

مولانا عبدالأحد کا تعلق حضرت مجدد الف ثانی کے گھرانے سے ہے۔ یہ مشہور فقیہ اور عالم یعنی عبدالأحد بن زین العابدین... بن رفیع الدین العمری السرہندی مشائخ چشتیہ میں سے تھے۔ سرہند سے کنگرہ گئے

Marfat.com

اور شیخ عبدالقدوس گنگوہی سے تلمذ رہا۔

الجنات الثمانیہ:۔ یہ اہم ترین رسالہ ہے جو مجدد صاحب کے احوال زندگی پر ہے۔ اس کا دوسرا نسخہ نہیں ملتا۔ کل اوراق ۵۳-۲ (۲۳) ہیں۔ مصنف نے لکھا ہے کہ وہ قدوۃ العارفین غوث الواصلین الشیخ محمد معصوم کے ساتھ حج کے لیے گئے۔ وہاں اکابر علماء سے ملاقات ہوئی تو انھوں نے رسالہ لکھنے کی فرمائش کی۔ "علی احوال جدی المجدد للألف الثانی الشیخ احمد النقشبندی السرهندی" تاکہ احباب کے لیے مفید ہو۔ مصنف ـــــ کا کہنا ہے کہ انھوں نے ثقہ اصحاب کی فارسی کتب سے مدد لی مثلاً شیخ بدرالدین السرہندی، خواجہ ہاشم البرہان پوری وغیرہ۔

یہ آٹھ ابواب (جنات الثمانیہ) خاتمہ وحسن خاتمہ پر مشتمل ہے۔

باب اول:۔ البشارات التی صدرت بوجود المسعود قبل ظهوره

باب دوم:۔ فی بیان میلاد ونسبه

باب سوم:۔ انتساب فی سلاسل المشائخ الکرام

باب چہارم:۔ فی طریق مصافحه وسنده فی الحدیث وعلم القراءة

باب پنجم:۔ مصنفاته

باب ششم:۔ فی ذکر أمانة

باب هفتم:۔ فی ذکر بعض کلماته لمکاشفاته العلیة

باب هشتم:۔ فی رد شبهات الواردة علی کلامه

الخاتمة:۔ فی حکایات السالکین والصالحین

کتابت نستعلیق میں ہے۔ جگہ جگہ مختلف الفاظ کے نیچے سرخ خط کھینچ دیے گئے ہیں۔ علماء کی مختلف آراء اور بحثوں کا تذکرہ بھی ہے۔

ابتدا:۔ سبحانك یامن بعث علی رأس کل مأة سنة من هذه الامة... اما بعد فیقول اضعف البریة عبد الاحد بن شیخ محمد سعید خازن الرحمة الصمدیه۔

کتاب کے سرورق پر فہرست رسائل ہے، دو چھوٹی چھوٹی مہریں ہیں جن میں حاجی عبدالاحد لکھا ہے۔

ترقیمہ میں صرف خاتمۂ کتاب کا تذکرہ ہے کہ یہ نسخہ مکمل ہوا۔

Marfat.com

● نظم الدرر والمرجان فی تلخیص سیر سید الانس والجان :-

اوحدالدین مرزا خان البرکی الجالندھری

یونی ورسٹی کلکشن عربیہ واخبار ۳۳

مصنف کے احوال زندگی کی تفصیل نہیں ملی ہے۔

سیرت پاک کے متعلق ایک ہندی عالم کی عربی میں عمدہ کتاب ہے۔ ابتدائے ولادت سے وفات رسولؐ تک مکمل سیرت ہے مگر اختصار کا انداز ہے۔ خود مصنف نے صحیح ترین صورت حال پیش کرنے کی خاطر اختصار کے ساتھ احوال رسول بیان کیے ہیں۔ بہت سی نئی اور تحقیقی باتیں ہیں جو دیگر کتبِ سیرت میں نہیں ملتی ہیں مثلاً رضاعت رسول کے سلسلے میں تین بنو سلیم کی ابکار عورتیں بتائی ہیں جن میں ایک حضرت عاتکہ بھی تھیں۔

دوسری اہم خصوصیت کتاب کی یہ ہے کہ خاص خاص مواقع کی دعائیں بھی لکھی گئی ہیں۔ خطوطِ رسولؐ کا تذکرہ بھی ہے۔ اس کتاب کا تعلق ٹونک سے بھی رہا ہے۔ کتابت کا کام وہیں سے شروع ہوا۔ نواب وزیرالدولہ امیرالملک محمد وزیر خاں بہادر نے بھی اس کا معائنہ کیا اور تحریر کتاب پر ہر صفحہ کے ہزار نقدی سے عزت افزائی کی۔ لفظ **قلت** اور دوسرے خاص الفاظ سرخ روشنائی سے ہیں۔ کل اوراق ۱۰۶ ہیں۔ خط نستعلیق ہے۔

ابتدا :- رب یسر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وتمم بالخیر

الحمد للہ الذی انزل رسولہ بالھدی ودین الحق ... وخلع علی علماء امتہ ببیان فضلہ ومفاخرۃ فیقول العبد الضعیف المسکین ....

کوئی مہر نظر نہیں آتی۔ سائز ۶x۵ ر ۹x۴

ترقیمہ میں لکھا ہے (F ۱۰۶) کہ یہ نسخہ منقولہ بخط الفاضل العالم السید علیم اللہ الحسینی الجالندھری بید حافظ محمد اہل اللہ فی رجب ۱۱۷۵ھ جالندھر میں تحریر ہوا۔ اس کے بعد ۲ صفحات فارسی میں لکھے ہیں جس میں علیم اللہ الحسنی کی بھی عبارت ہے۔ آخری صفحہ پر یہ تحریر ہے کہ یہ نسخہ مکمل ہوا یوم یکشنبہ شوال ۱۲۴۸ھ اور کاتب محمد افتخار الدین بن شیخ محمد قمر الدین بن اکرم بدایونی ہیں۔

● رسالہ فیض عام :- الشیخ عبدالاحد بن شیخ سعید

یہ رسالہ بھی شیخ عبدالاحد کا ہے اور مسائل ضروریہ سے متعلق ہے۔ قمری مہینوں کی مناسبت سے عبادات اور خیرات فعلیہ کے بارے میں کتب احادیث، فقہ، سیرت اور تفاسیر سے اخذ کر کے لکھا گیا ہے۔

Marfat.com

ایک طرح سے اضافہ ہے علامہ ابراہیم الفزا بلسی کی کتاب "شرح مواہب..." پر۔ مختلف ابواب کی شکلیں "البرج الاول" اور "نجم الثانی فی الصوم" کے الفاظ کے ساتھ پیش کی گئی ہیں۔

دوسری خاص بات یہ ہے کہ ورق ۳۵ پر اوقات الصلوۃ کو ہندی مہینوں مثلاً ساون، اساڑھ کی مناسبت سے پر کھا ہے۔ ایک چارٹ بنا دیا گیا ہے جس میں دائروں کے اندر ہندی مہینوں کے نام ہیں۔ ورق ۲۶ پر "التتمات المہمۃ" کے نام سے لکھا ہے۔ پہلا "فی ایام الاسبوع" اور دوسرا "فی التاریخ" ہے۔ جگہ جگہ احادیث کے اقتباسات سے حوالے ہیں۔

ابتدا :- الحمد والسلام علی عبادہ الذین اصطفٰی اما بعد۔

آخری ورق کے بعد فارسی میں لکھا ہے کہ یہ رسالہ سیدنا شیخ عبدالاحد کا ہے۔ کوئی خاص بات شروع کرتے وقت الفاظ سرخ روشنائی سے دیئے گئے ہیں۔

آخری ورق پر بھی چھوٹی سی مہر عبدالاحد کی ہے۔

ثمارالاوراق اوثمرات :- ابن حجۃ الحموی (۷۶۷ - ۸۳۷ھ)

عربیہ $\frac{۲۸}{۴۲}$ حبیب گنج (مطبوع)

تقی الدین بن حجۃ الحموی آٹھویں صدی ہجری کے مشہور عالم، ادیب اور شاعر ہیں۔ ان کی تصانیف اہم اور کثیر ہیں۔ انکی ایک کتاب "بلوغ المرام فی سیرۃ ابن ہشام" بھی ہے۔ ادبی و نیم ادبی و تاریخی واقعات کے اقتباسات ہیں۔ حریری کی کتاب "درۃ الغواص" سے باتیں لی گئی ہیں۔ مجموعی حیثیت سے ادب کی تنقید اور تاریخ ادب عربی جیسی چیز ہو جاتی ہے۔

ورق ۲۹ پر "قصہ فارابی مع سیف الدولہ" ہے۔ سرورق پر قدیم مہر مٹی ہوئی۔ صرف حبیب گنج کی مہر داخلہ ہے۔ ملکیت کتاب میں الشیخ محمد یٰسین فاتح بیت الحرام لکھا ہوا ہے۔

ابتدا :- قال الشیخ الامام علامۃ الاعلام حجۃ العرب وترجمان الادب قاضی القضاۃ الادب وفاضلہ تقی الدین رحلۃ الطالبین ملک للتادبین ابوبکر بن حجۃ الحموی منشی دواوین الانشاء الشریف۔ اما بعد، حمد الذی فکھنا بثمار اوراق العلماء....

کل ۱۲۳ اوراق ہیں۔ سطریں ۲۵۔ سائز ۱ر۶×۳ر۸

سرورق پر حبیب گنج لائبریری کی مہر ہے۔ صفحہ ۱۲۲ پر ایک مہر مٹی ہوئی ہے اور حبیب گنج کی پائی جاتی ہے۔

Marfat.com

ترقیمہ میں لکھا ہے کہ عمر بن المرحوم احمد آفندی کے ہاتھوں یہ نسخہ لکھا گیا ذی الحجہ ۱۲۲۵ھ۔

● طوق الحمامہ بشرح البسامہ :۔ ابن بدرون الشلبی

عربیہ حبیب گنج $\frac{۲۸}{۴۳}$ (مطبوع)

ابن عبدون اندلسی کے قصیدے کی ایک اچھی شرح ہے جو ساتویں صدی ہجری کے اسپینی ادیب وفقیہ اور وزیر ابن بدرون الشلبی اوالشبلی (ابو مروان عبدالملک بن بدرون المخضرمی الاشبیلی۔ ۶۰۸ھ) نے لکھی ہے۔ اس شرح کا نام "کمامۃ الزہر وفریدۃ الدہر" بھی ہے۔ اشعار کے پس منظر میں بڑے اہم تاریخی اور ادبی مجالس کا تذکرہ ہے۔ کتاب الاغانی کی طرح کتاب ہو جاتی ہے۔ اس کتاب کے ساتھ دوسرا مخطوط "ثمار الاوراق لابن حجۃ الحموی" بھی ہے۔

کتاب کی ابتدا اس طرح ہے :۔

فولیو ۱ :۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ قال الفقیہ الکاتب الوزیر ابو مروان عبدالملک بن عبداللہ بن بدرون المخضرمی الشلبی رحمہ اللہ تعالیٰ۔ حمد اللہ الذی افاض علی ألسنتنا مابہ البیان وراض لنا ..... ما اقتعدناہ ... الخ

کل ۹۳ اوراق ہیں۔ تحریر خط نسخ میں ہے۔ سائز ۱۵ × ۲۱ ہے۔ حواشی کا سلسلہ بیشتر صفحات پر ہے۔

ورق ۶۵ پر حبیب گنج لائبریری کی مہر ہے۔ اسی طرح آخری صفحہ پر ایک مہر ہے۔

ترقیمہ میں صراحت ہے کہ یہ نسخہ عمر بن المرحوم احمد آفندی المدنی کے ہاتھوں ۱۲۳۰ھ میں مکمل ہوا۔

● مقامات السیوطی :۔ السیوطی

ادب عبدالحی کلکشن $\frac{۱۰۳۱}{۱۶}$

علامہ سیوطی کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ مختلف علوم پر ان کی سینکڑوں مطبوعہ اور غیر مطبوعہ کتب ہیں۔

کتاب شروع ہونے سے پہلے فارسی میں علامہ سیوطی اور دیگر علماء کے حالات قدیم کتب کے اقتباسات سے درج ہیں۔

اس کتاب میں درج ذیل گیارہ مقامات ہیں :۔

- مقامۃ فی الخضراوات
- الفتیقہ (فی المفاضلہ بین الفتق واللوز والجوز...)
- الوردۃ المشتملۃ علی مفاخرۃ الریحان والنیلوفر
- المسکیۃ
- الفاکہیۃ
- الزمردیۃ فی الخضراوات
- الفسقیہ
- الیاقوتۃ

Marfat.com

● الکاوی فی تاریخ السخاوی ● الدوران الفلکی لابن الکرکی

● مرقاۃ الصنعۃ ....

ابتدا:۔ "سال سائل من اھل الوسائل من یقصد فی المسائل" الخ

ہر مقامات کے آخر میں شیخ رضی اللہ عنہ ہے۔ معدنیات، سبزیوں اور پھلوں کے خواص بیان کرتے ہوئے زبان وادب کا لطف پیدا کیا گیا ہے۔ عربی لغت کا ایک شاہکار ہے۔ پھلوں اور سبزیوں کے طبی خواص واثرات بہت عمدہ طریقے پر پیش کیے ہیں۔

ہر مقامہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے شروع ہوتا ہے۔ کل ۷۳ اوراق ہیں۔

ابتدائی الفاظ کچھ اس طرح ہوتے ہیں:۔ "الجنس وما ادرٰنک ما الجنس"

سرورق پر ایک مہر مولانا عبدالحیٔ کی ہے اور ان کے دستخط سے تحریر ہے کہ یہ کتاب ان کی ملکیت رہی ہے اور اس کا انھوں نے مطالعہ کیا ہے۔

صفحہ ۲، پر ترقیمہ میں لکھا ہے کہ بنجاور لال کے ہاتھوں یہ کتاب تحریر ہوئی ۱۵ ربیع الاول ۱۲۸۵ھ کو۔

● **کتاب ایجاز القلم علی شرح لامیۃ العجم** :۔ عبداللہ بن محمد الطبری

۲۸/۱۱۳ حبیب گنج

مصنف طبری خانوادے سے تعلق رکھتے تھے۔ زندگی کے تفصیلی احوال نہیں ملتے ہیں۔

اواخر عہد عباسی کے مشہور شاعر الطغرائی کی نظم لامیۃ العجم کی یہ ایک عمدہ شرح ہے۔ یہ نسخہ مولانا آزاد بلگرامی کے کتب خانے کی زینت رہا ہے۔

مصنف کا کہنا ہے کہ انھوں نے خلیل بن ایبک الصفوی کی شرح سے یہ ایک تلخیص کی ہے۔ مگر اس تلخیص میں ندرت پیدا کی گئی ہے اور جو کچھ لکھا گیا ہے وہ لفظاً اعراب اور معنی کو سامنے رکھ کر نئے سرے سے ترتیب دی گئی ہے۔

کل ۱۱۵ اوراق ہیں۔ سائز ۸×۱۱ ۔ تحریر خوبصورت ہے۔ پہلا صفحہ مطلا ہے۔

ابتدا:۔ نحمدک اللھم ان امننت علینا بالادب البارع۔

ابتدائی مہر مولانا آزاد بلگرامی کی ہے جس میں "فقیر آزاد" لکھا ہے۔ دوسری مہر حبیب گنج کے کتب خانے کی ہے اور علامہ شروانی کی تحریر کے ساتھ ہے کہ انھوں نے اس کتاب کو حیدر آباد سے ۱۱۷۸ھ میں خریدا۔ دوسری مہر کے نزدیک عبداللہ بن محمد الحسنی الطبری ادریس بن حسن نامی شخص کو پیش کیے جانے کا بھی پتہ چلتا ہے۔ امام مقام ابراہیم

Marfat.com

کا نام لکھا ہے۔ اس کے بعد ایسا لگتا ہے کہ یہ کتاب محمد اسعد النقطبی نامی شخص کے پاس بھی رہی ہے۔
ترقیمہ میں اس کتاب کی تالیف ۱۰۰۲ھ بتائی گئی ہے۔

● منیۃ العارفین شرح زاد العاشقین :-

شارح ۔ احمد بن السید رفیع الدین بن سید جلال محمدی السید احمد جعفر الحسینی الشیرازی ۔ مؤلف ۔ عبداللطیف بن جمال النہروانی ۔

عربیہ $\frac{۴۲}{۲۰}$ ذخیرۂ آفتاب ۔

کل اوراق ۱۴۹ ہیں۔ سرورق پر ایک مہر ہے مگر مٹا دی گئی ہے اور اسی طرح مٹی ہوئی مہر آخری صفحہ پر بھی ہے۔ ایک طرف حاجی خاں اور محمد خاں لکھا ہوا ہے۔ حاشیہ پر جمال عبداللہ عبداللطیف لکھا ہے۔ اسی پر لکھا ہے کہ جد الاکبر السید احمد جعفری کے لیے لکھی گئی۔

لیلۃ الاربعاء ۲۹ سال بعد پیدائش رسول کے مہینے سے (فی الروضۃ المبارکہ)
ابتداج کے مہینے اور اختتام ۱۹ ربیع الاول ۹۹۲ھ
حروف خوشخط۔ خاص باتیں سرخ روشنائی سے مثلاً اقوال و آیات ۔

Marfat.com

پروفیسر انوار احمد

کتابخانۂ خدا بخش کے چند فارسی مخطوطوں کے ترقیموں اور مہروں کا ایک مختصر جائزہ

اس مقالے میں کتابخانۂ خدا بخش میں موجود فارسی کے کچھ ایسے مخطوطات کے ترقیموں، مہروں اور عرض دیدہ کے نشانات کا ایک مختصر تعارف پیش کیا گیا ہے جن کی بابت توضیحی کیٹلاگ اب تک شائع نہیں ہوئے ہیں۔

فہرست مرآۃ العلوم جلد سوم میں کتاب نمبر ۲۴۴۵ کے تحت سراج الدین خاں آرزو کے معروف تذکرہ مجمع النفائس کا ایک قلمی نسخہ ہے۔ اوراق کی تعداد ۴۲۲ ہے۔ آخری صفحے پر ترقیمے کی تحریر بقرار ذیل ہے... "بعون الٰہی بتاریخ ہفتم ماہ ذی الحجہ ۱۱۹۶ ھجری نبوی و ۲۳ جلوس شاہ عالم بادشاہ غازی بموجب فرمایش نواب مستطاب معلیٰ القاب نواب شاہ میر بہادر خاں بخطاب نواب مرید خاں بہادر دام اقبالہٗ این نحیف کمترین ملازم محمد امین در بلدۂ لکھنؤ بروز پنجشنبہ بوقت دوپہر باتمام رسانید و نظر بکثرت ابیات این کتاب و عدم فرصت خود، اتفاق نظر ثانی میفتاد اگر سہو و خطای تحریر دیدہ شود معاف دارند"۔

ماحصل یہ کہ نواب مرید خاں بہادر کی فرمائش پہ محمد امین نے ۷ ذی الحجہ ۱۱۹۶ھ کو بروز پنجشنبہ شہر لکھنؤ میں اس نسخے کی کتابت کو پایۂ تکمیل تک پہنچایا۔ آخری صفحہ کے نیچے نواب مرید خاں بہادر کی مہر ہے۔ نواب مرید خاں جن کا اصل نام محمد صادق طباطبائی تھا۔ محمد شاہ کے امرا میں سے تھے۔ تذکرۂ خوشنویساں مصنفہ غلام محمد ہفت قلمی دہلوی کے مطابق مرید خاں خطاطی کے فن میں مہارت رکھتے تھے۔ خط شکستہ، تعلیق اور ثلث میں انھیں دسترس حاصل تھی۔

۲۹۷۶ نمبر کے تحت سنائی کی مثنوی حدیقۃ الحقیقت کا ایک نسخہ ہے، اوراق کی تعداد ۱۵۹ ہے۔ اس نسخے کی کتابت سید جمال بن سید محمد الحسینی نے کی تھی۔ ترقیمہ کی عبارت اس طرح ہے:

Marfat.com

باتمام رسید و اہتمام انجامید کتاب حدیقۃ الحقیقت من کلام استادی حکیم سنائی بخط
فقیر سید جمال بن سید محمد الحسینی۔

اس نسخے پر شاہزادہ پرویز برادر بزرگ شاہجہاں کی مہر ہے۔ شاہزادہ پرویز کی پیدائش ۹۸۸ھ میں کابل میں ہوئی تھی اور اڑتیس سال کی عمر میں ۶ر صفر ۱۰۳۵ھ میں برہان پور میں اس کی وفات ہوئی۔

۲۹۰۳ نمبر کے تحت نفحات الانس کا ایک نسخہ ہے جو ۳۵۴ اوراق پہ محتوی ہے۔ صفحۂ اول پہ دو مہریں ہیں۔ پہلی مہر مظہر یوسف الٰہی کی ہے دوسری مہر جو مدور ہے وہ محمد امام کی ہے جس میں ۱۱۲۸ھ کی تاریخ درج ہے۔ مہر کے اوپر یہ تحریر ملتی ہے: "ایں نسخۂ متبرکہ نفحات الانس را فقیر سید محمد امام بہاری بتاریخ بست و چہارم ربیع الثانی ۱۱۲۰ھ مطابق ۱۱۴۵ فصلی موافق ۷ر جلوس فرخ سیر بادشاہ غازی بہ مبلغ ... عالمگیری بطریق ہدیہ گرفت از شیخ محمد صادق صحاف در شاہ جہاں آباد۔

۳۵۷۲ نمبر کے تحت فتوح الحرمین کا ایک نسخہ ہے۔ اوراق کی تعداد ۴۵ ہے۔ نسخے پہ یوسف آل محمد کی مہر ہے... ایں مثنوی لطیف مسمّٰی بہ فتوح الحرمین تصنیف محی الرحمۃ اللہ تعالیٰ بملک ستار بندۂ مذنب امیدوار شفاعۃ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم محمد یوسف بن سید محمد اشرف حسینی واسطی بلگرامی درآمد، ہر کہ مطالعہ کند بدعائے خیر خاتمہ یاد آرد ...۔

اس نسخے میں مختلف تصویریں ہیں۔ مثلاً گورستان بقیع، قبۂ امیر حمزہ رضی اللہ عنہ، قبۂ شہدای کوہ احد قبۂ ازواجِ مطہرات، جبل عرفات، مسجد مزدلفہ وغیرہ۔

۳۶۴۰ نمبر پہ مقصد الاقصیٰ کا ایک نسخہ ہے جس پہ یوسف آل محمد کی مہر ہے۔ یہ عزیز ابن النسفی کی تصنیف ہے۔ ترقیمے کی عبارت اس طرح ہے:

تمام شد رسالۂ شرح مثنوی مع شرح فاتحہ بتاریخ پنجم جمیدالثانی سنہ یک ہزار و پنجاہ و سہ ہجری بقلم اضعف العباد علاءالدین بنارسی، امید کہ نیک سیرتان کہ روی سخن در ایشاں است کاتب را از یاد خود فراموش نسازند الحمد للہ اولاً و آخراً و ظاہراً و باطناً۔ مہر کے نیچے تحریر اس طرح ہے: محمد یوسف بن السید اشرف الحسینی الواسطی ثم بلگرامی عفی اللہ عنہما۔

۳۶۹۷ نمبر پہ مقصد الاقصیٰ کا ایک اور نسخہ ہے جس پہ محمد عبداللہ کی مہر ۱۲۰۹ ہجری تاریخ کے ساتھ ہے۔ کل اوراق ۴۵ ہیں۔ کاتب کی تحریر اس طرح ہے:

تمت الکتاب بعون اللہ الوہاب بخط عبدالضعیف نحیف دولت ابن شیخ شہاب تاریخ ۱۹ر شہر ذی القعدہ

Marfat.com

۱۰۲۶ھ۔ ہرکہ خواند بدعا رسلامتی بیاد آرد، نوشتہ بماند بخط سیاہ۔ نویسندہ گردد بخاک سیاہ۔

۲۸۸۱ کے تحت درمجالس کا ایک نسخہ ہے۔ جس پہ حافظ محمود خاں کی مہریں اول و آخر صفحوں پہ ہیں۔ آخری صفحے کے نیچے ایک مہر ہے جو ناخوانا ہے۔ اس نسخہ کے کل اوراق ۱۷۶ ہیں۔ ترقیمہ اس طرح ہے: تمت تمام شد کار من نظام شد، بتاریخ ششم ماہ ذی الحجہ بخط محمد صادق وقت نماز دیگر بآخر رسید۔ التاریخ ششم ذی الحجہ روز یکشنبہ ... از ہجری ۱۰۹۳۔

۳۳۹۵ پہ بحر المعانی کا ایک نسخہ ہے جو محمد بن نصیر الدین مرید و خلیفہ سلطان نصیر الدین چراغ دہلوی کی تصنیف ہے۔ یوسف آل محمد کی دو مہریں ہیں۔ ۱۱۲۰ھ کی تاریخ مہر میں درج ہے۔ اس کے کاتب القنوجی ہیں۔ ترقیمہ اس طرح ہے: امید از قاریان ایں کتاب آنست کہ ہرجا یکہ کتاب بتصحیح دیگر یابند ایں کتاب را مقابلہ نمودہ از روی حروف و الفاظ بصحت رسانند، بقدر وسعت توفیق الٰہی مقصر در تصحیح ورزیدم۔

۳۴۹۹ نمبر پہ قران السعدین کا ایک نسخہ ۱۰۴ اوراق پہ مشتمل ہے۔ اس نسخے کے صفحۂ اوّل پہ افتخار علی کی مہر ہے۔ کاتب کی تحریر اس طرح ہے:

بانجام رسید و بہ اتمام انجامید نسخہ قران السعدین من تصنیف امیر خسرو دہلوی شہر جمادی الثانی بروز سہ شنبہ بوقت چاشت ۱۰۵۳ من ہجرۃ النبی صلی اللہ علیہ و آلہ، کاتب الحروف محمد شاہ ولد سید محمد ماہ حسینی بلگرامی و شیخ نور محمد ولد عبدالوہاب صدیقی ... اٹاوہ صوبہ اکبر آباد است۔ ہرکہ خواند طمع دعا دارم۔ زانکہ من بندہ گنہگارم۔

اس نسخے پہ مہر افتخار علی کی ہے۔ افتخار علی متخلص بہ ذرہ فارسی کے مستند شاعر۔ خورشید بلگرامی کے فرزند تھے۔ ذرہ کے دیوان کا ایک قلمی نسخہ اس کتابخانہ میں موجود ہے۔ ۱۲۴۰ھ میں افتخار علی ذرہ کی وفات ہوئی۔

۲۹۹۲ نمبر پہ شیخ پھول عطاری شطاری کی تصنیف بحر الانوار کا ایک نسخہ ہے۔ اس نسخے پہ عبدالرحمان شطاری کی مہر ہے۔ مہر کے اوپر اس طرح کی تحریر ہے:

من تصنیف شیخ الملت ولی ملوک شاہ الصدقی القادری، مالکہٗ وکاتبہٗ احقر العباد عبدالرحمان شطاری عطاری گوالیاری نیشاپوری۔

اختتام کی تحریر اس طرح ہے:

تمام شد ہذا الرسالۃ المسمّٰی بہ بحر الانوار من تصنیف قدوۃ العارفین، زبدۃ السالکین بندگی حضرت شیخ پھول عطاری شطاری قدس اللہ سرہٗ العزیز بروز شنبہ بوقت چاشت بتاریخ ہشت و پنجم شہر ذی الحجہ سنہ ۱۱۰۱ ہجری بخط

Marfat.com

فقیر سید عبدالرحمان ولد سید عبدالسلام سلمہ اللہ تعالیٰ ابن سید مبارک۔

۳۴۵۱ نمبر پہ خسرو و شیریں کا ایک نسخہ ہے۔ جس پہ افتخار علی کی مہر ہے۔ ۱۱۹۳ ہجری کی تاریخ درج ہے اس نسخے کے مالک و کاتب محمد عسکری حسینی واسطی بلگرامی ہیں۔

آخری صفحہ پہ تحریر ہے: تمت ہذا الکتاب نسخۂ شیریں و خسرو مولوی نظامی قدس سرہٗ تاریخ پنجم ذی الحجہ ۱۲۱۰ ہجری مطابق ۱۲۰۳ فصلی در مقام بلگرام بخط میر محمد عسکری و برادر عزیز سید سلطان حسین حسینی بلگرامی از مطالعہ کنندگان امید عفو است۔ کاتب میر محمد عسکری فارسی کے ایک معروف شاعر اور انشا نگار تھے۔ ۱۱۸۹ھ میں بلگرام میں انکی پیدائش ہوئی۔ انکی تالیفات میں دیوان فارسی کے علاوہ جس کا نسخہ یہاں پہ موجود ہے' صحائف شریف ہے جو ہند و ایران کے مشاہیر و نامور اشخاص کے مکاتیب و نگارشات پہ مشتمل ہے۔

آخری صفحہ پہ تین مہریں ہیں۔ پہلی مہر افضل حسین کی ہے ۱۲۰۱ ہجری کی تاریخ ہے۔ دوسری مہر یوسف مطہر لطف الٰہی کی ہے' تیسری مہر ناصاف ہے' عبداللہ پڑھا جا سکتا ہے۔

۳۵۲۱ نمبر کے تحت رسالہ قاضی حمیدالدین ناگوری کا رسالہ عشقیہ ہے۔ اس نسخے کے پہلے صفحہ پر سید عبدالرحیم کی مہر ہے۔ نسخے کے آخری صفحہ (۷۱) پر یہ عبارت درج ہے:

تمت تمام شد کار من نظام شد ہذا الکتاب نسخۂ رسالۂ عشقیہ بخط بندہ مسکین محمد عمر ولد خلیفہ عبداللہ قصبہ خورجہ بروز چہارشنبہ در عہد ہمایون سلطنت والا محمد اورنگ زیب بادشاہ عادل خلداللہ ملکہٗ وسلطانہٗ بتاریخ سیوم از رجب المرجب ۱۰۶۹ ہجری مطابق ۲۸ سلطنت والا ترقیم یافت۔

ہر کہ خواند دعا طمع دارم زانکہ من بندۂ گنہگارم

عبارت سے ظاہر ہے کہ یہ نسخہ عہد اورنگ زیب میں ۱۰۶۹ ہجری میں لکھا گیا تھا۔ کاتب نسخہ خلیفہ عبداللہ کا فرزند محمد عمر تھا۔

۳۸۹۳ نمبر کے تحت زہرۃ الفواد کا نسخہ ہے۔ صفحہ اول پہ یہ تحریر ملتی ہے:

دیوان الاول الموسوم بہ زہرۃ الفواد من اشعار محمد جعفر بن الحسن نیشاپورا المتخلص بالعدیم۔ اس کے نیچے مہر ہے جس کے دائیں طرف لکھا ہے المالک والقابض والباسط وہو۔

ورق ۳۰۶ پہ تحریر اس طرح ہے:

تمت تلک النسخۃ الموسومۃ بزہرۃ الفواد من اشعار عدیم العراقی سلمہ اللہ الملک الباقی بیدا ضعف

Marfat.com

عباداللہ عبداللہ و قد فرغ عن ترقیمہا فی عشر الثانی من شہر شوال المکرم من سنۃ مائۃ وثلاث وخمسین بعد الالف۔
۱۱۵۳ ہجری۔ اس نسخے پہ سید منصور علی خاں نصرت جنگ بہادر فریدون جاہ منتظم الملک محسن الدولہ کی مہر ہے ۱۲۶۵ ہجری کی تاریخ مہر میں مندرج ہے۔ سید منصور علی خاں نصرت جنگ مرشد آباد کے نواب تھے۔ ۱۳۰۲ ہجری مطابق ۱۸۸۴ء میں ان کی وفات ہوئی۔

۲۲۷۸ نمبر پہ کلیات کلیم کا ایک نسخہ ہے اس نسخے کے کل اوراق ۲۶۸ ہیں۔ اس نسخے کے آخری ورق کے پہلے صفحہ پہ دو مہریں ہیں۔ پہلی مہر جو غیر واضح ہے۔ اس کے نیچے یہ عبارت ہے: ظل سبحانی شاہ عالم بادشاہ غازی ادام اللہ ملکہ'۔ دوسری مہر محمد شاہ بادشاہ کی ہے۔ اس کے نیچے یہ عبارت ہے: در تحویل محمد مراد خاں... غرۂ ذی الحجہ الحرام ۷ جلوس والا اس کے علاوہ ایک چھوٹی مہر صفحہ ۲۶۷ پہ شاہ پیر محمد غلام جیلانی کی ہے۔ اسی میں ایک مہر صفحہ ۵۴ پر بھی ہے۔

Marfat.com

جناب سید فرخ جلالی
شعبۂ تاریخ، مسلم یونی ورسٹی، علیگڑھ

تیموری مغلوں کے کتابخانو نمیں
مہریں، ترقیمے اور عرض دیدے

ہراچھی حکومت کے انتظام اور استحکام کے پیچھے علم معلومات (INFORMATION SCIENCE) کا ایک دریا رہا ہے جب اس کے بہاؤ کی برتری کم زور ہوئی اور سلطنت کے اقبال کی جگہ ادبار اور زوال نے لے لی۔ علم اور معلومات پر توجہ کم ہوئی۔ آج میں آپ کے ساتھ تیموری مغلوں کے کتاب خانوں کی سیر کرنا چاہتا ہوں پہلے تیموری بادشاہ بابر کا علمی ذوق اسکی خودنوشت سوانح عمری تزک بابری سے عیاں اس کتاب کا ایک اہم ترین نسخہ رضا لائبریری رامپور میں محفوظ ہے۔ بابر کو کم عمری سے امور حکومت اور استحکام سلطنت سے غیر معمولی دلچسپی ہے لندن میں شاہنامہ کا ایک خاص نسخہ ہے یہ دنیا کی تنہا کتاب ہے جس پر چھ بادشاہوں کی مہریں ہیں:

(۱) ظہیر الدین بابر (۲) ہمایوں (۳) اکبر (۴) جہانگیر (۵) شاہجہاں (۶) اورنگ زیب بہادر عالمگیر

اس پر شاہ جہاں کی ایک تحریر بھی ہے:

(۱) بتاریخ بیستم و پنجم ماہ بہمن الٰہی (۲) مطابق ہشم ۱۰۳۷ ھجری روز (۳) جلوس مبارکست داخل کتاب خانہ ایں (۴) نیازمند درگاہ شد حررہٗ شہاب الدین محمد شاہ جہاں (۵) بادشاہ ابن جہانگیر شاہ ابن اکبر بادشاہ غازی۔ یہ بہ اعتبار مرتبہ "خاصہ" کی کتاب یہ خاصہ کی کتابیں اندرون محل ہوتی تھیں۔ اس کتاب تک شاہی کتاب داروں اور کتاب خانہ شاہی کے تحویل داروں کی پہونچ نہیں ہوتی تھی یہ کتاب بتا رہی ہے کہ ہمایوں نے سخت وقت میں اسکو نہیں جدا کیا۔

اس کتاب کے ہندستان سے جانے کی کہانی بڑی دردناک ہے۔ یہ شاہ نامہ سالار جنگ اول تک بحفاظت پہنچ گیا تھا مگر انھوں نے ازراہ خوشنودی برطانوی حاکم کے نذر گذار دیا۔ اس کے کونہ پر تحریر ہے "شاہ نامہ مصور گذرانیدہ نواب سالار جنگ بہادر" عجب مقام فنا ہے۔

اس تحریر پر ان کے منشی فیض کے دست خط ہیں اور شاید یہ حیدر آباد کے مشہور شاعر ہیں۔ اگر یہ منتقل

Marfat.com

نہ ہوا ہوتا تو تراب علی خاں سالار جنگ اول کے کتاب خانہ میں رہ جاتا اور نواب یوسف علی خاں سالار جنگ ثالث کے ذخیرہ کی زینت ہوتا۔

میرے کرم فرما جناب رحمت علی خاں کی تحویل میں ہوتا۔ خوشی یہ ہے کہ ضائع ہونے سے بچ گیا صفحہ اول کا عکس حاضر ہے۔

یہ دیکھیے دیوان حافظ خدا بخش لائبریری میں موجود یہ بھی ہمایوں اکبر اور جہانگیر کے کتبخانہ میں رہا ہے۔

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ ہمایوں کے کتاب دار ملا سرخ کی تحویل میں ہمایوں نے اسکو جدا نہیں کیا۔ اور یہی اس کا مقام بقا ہے۔ اکبر کے مایہ ناز مصور دھن راج کے اس پر دست خط ہیں۔ اس کاتب کا دوسرا دیوان حافظ مغرب میں زندہ ہے۔

اکبر کے عہد میں دو قسم کے شاہی کتاب خانہ ہم کو ملتے ہیں ایک شاہی محل کا کتاب خانہ دوسرا سلطنت کا شاہی کتاب خانہ اور کتابیں پہلے اور دوسرے قسم کے کتاب خانوں میں منتقل ہوتی رہتی تھیں۔ اکبر نے کئی کتابوں پر حرف الف لکھا ہے جسکی شہادت جہانگیر تحریر میں دیتا ہے۔ جہانگیر اور شاہجہاں کثرت سے کتابوں پر تحریر کیا کرتے تھے۔ یہاں تک کہ جہانگیر اور شاہجہاں کی ایک ہی دن کی تحریریں مل گئیں جو حاضر خدمت ہیں۔

جہانگیر جب بڑی مشکل سے اپنے بیٹے خسرو کی مخالفت کے باوجود تخت پر بیٹھے تو شاہی محل میں پہنچکر ایک ہی دن یعنی پنجم آذر کے روز اور ۱۰۱۴ ہجری سال میں انھوں نے کئی کتابوں پر تحریریں چھوڑیں ہیں۔ جسمیں سے چند یہ ہیں:

(۱) اللہ اکبر

پنجم آذر سنہ داخل کتاب خانہ ایں نیاز مند درگاہ الٰہی شد حررہٗ نورالدین جہانگیر ۱۰۱۴ھ بن اکبر بادشاہ۔

یہ ورق سبحان اللہ ذخیرہ کا ہے اور بلگرام ہوتا ہوا سبحان اللہ رئیس گورکھپور تک آیا۔ حسب معمول یہ خاصہ اول کی کتاب ہے۔ یہ تحریر بھی اسی تاریخ کی ہے اور ترجیعات عراقی پر ہے۔ اٹاوہ ہوتی ہوئی مولانا آزاد لائبریری علیگڑھ پہنچی۔

(۱) اللہ اکبر (۲) پنجم آذر سنہ داخل کتاب خا[نہ] (۳) ایں نیاز مند درگاہ الٰہی شد

(۴) در دار الخلافہ آگرہ حررہٗ نورالدین (۵) جہانگیر ۱۰۱۴ھ بن اکبر بادشاہ

یہ بھی خاصہ اول کی چیز ہے۔ اسی تاریخ کو جہانگیر نے اقبال نامہ اکبری یعنی اکبر نامہ پر ایک تحریر لکھی جس کا ترجمہ گیتی سین نے دیا ہے۔ مگر متن نہیں دیا ہے۔ اسکی بھی تاریخ تحریر وہی پنجم آذر ہے۔

Marfat.com

اور بہت سی کتابوں پر جہانگیر کی تحریریں ملتی ہیں نواب صدر یار جنگ[1] رئیس حبیب گنج اور ڈاکٹر مختار الدین احمد[2] (آرزو) اور یوسف کمال بخاری[3] نے جہانگیر کی تحریروں پر لکھا ہے۔ جہانگیر کبھی نورالدین جہانگیر اور کبھی نورالدین محمد جہانگیر لکھتا ہے۔

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ شاہجہاں کے زمانہ میں کتاب خانہ کو بڑی ترقی ہوئی اور بعض امرا کو کتاب خانہ کی نگرانی سونپی گئی ان میں عنایت خاں جوارجمند بانو ممتاز محل کا رشتہ دار بھی تھا بہت اہم اور کئی اہم کتابوں پر اس کی مہر ملتی ہے۔ اور یہ امرا کی تحویل کی روایت خاصی پرانی ہے جسے دیوان کامران مخزونہ خدا بخش منعم خان خاناں کے سپرد رہا یا کئی کتابوں پر عبدالرحیم (خان خاناں) بن بیرم علی (خان خاناں) کی تحریریں ملتی ہیں۔ عبدالرحیم کی ایک تحریر رام پور میں ہے۔ ایک ٹونک میں ہے۔ اور مشہور عرب جغرافیہ داں مورخ مسعودی کی کتاب مروج الذہب ہے۔

(۱) ایں کتاب کہ مشہور بتاریخ ، (۲) مسعودی است موسوم ، (۳) بہ مروج الذہب محمد مومن تاجر (۴) کہ از پتن دکن بعد؟ آں تحفہ ابلاغ ، (۵) رسید (۶) ربیع الثانی ۱۰۳۰ھ راقم ایں ، (۷) حروف عبدالرحیم ابن محمد بیرم (۸) عفی عنہما۔

کتاب مروج الذہب T- 1523/A۲

A.P.I - TONK (RAJ) ٹونک

اس کی دوسری تحریر قدیم ہے اور ۹۹۸ ہجری کی ہے۔ شاہجہاں اور اورنگ زیب بہادر عالمگیر کے کئی تحویل داروں ، داروغہ کتب یا کتاب داروں کے نام ہمکو ملتے ہیں۔ چند کے نام یہ ہیں۔

(۱) محمد باقر یا صرف باقر ، (۲) سہیل ، (۳) عبداللہ چلپی ، (۴) محافظ خاں ، (۵) محمد طیب (۶) حکیم صالح ، (۷) میر حسینی ، (۸) عنایت خاں ، (۹) قابل خاں ، (۱۰) مرزا لطف اللہ

ان کتاب داروں یا تحویل داروں کی تحریریں بڑی تعداد میں ملتی ہیں ان اشخاص نے تاریخ تحریر میں تین قسم کے سن استعمال کیے :

(۱) سن جلوس ، (۲) سن ہجری ، (۳) سن الٰہی ،

بعض مرتبہ یہ تینوں سن یا کوئی دو سن ایک ساتھ بھی مل جاتے ہیں۔

●●

---

[1] مقالات یزدانی ، [2] مجلہ ، [3] اسلامک کلچر۔

Marfat.com

Marfat.com

الٰهی

بسم الله الرحمن الرحیم

این مرقع بتاریخ بیست و پنجم ماه بهمن الٰهی موافق هشتم
شهر جمادی الثانی سنه ۱۰۲۶ هجری که روز جلوس مبارکست
داخل کتابخانه این بیشمار مند درگاه شد حرره

قیمت دو هزار روپیه

این مرقع را که خطهای خوب هم دارد و تصویرهای خوب
نیز درین میان است بتاریخ روز دوشنبه ۲۲ شهر رمضان
سنه ۳ جلوس مطابق سنه ۱۰۲۹ هجری در بلده برهانپور از
کتابخانه خاصه بمرید حقیقی مراجه دان جعفر خان عنایت نموده شده

Marfat.com

Marfat.com





Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com





Marfat.com







Marfat.com



رضا لائبریری رام پور

نفحات الانس جامی کا سرورق جس
داراشکوہ کی تحریریں ہیں۔

Marfat.com



Marfat.com







Marfat.com

ڈاکٹر شریف حسین قاسمی

چند اہم ترقیمے

"ترقیمہ، عرضداشت، اور مہر" کے عنوان سے یہ سمینار غالباً اپنی نوعیت کا پہلا سمینار ہے جو ہمارے ملک میں منعقد ہو رہا ہے۔ میں سمینار کے منتظمین اور خاص طور پر خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری کے ڈائرکٹر جناب ڈاکٹر عابد رضا بیدار صاحب کو اس سلسلے میں مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

مخطوطہ شناسی میں ترقیمہ، عرضداشت اور مہر کو ایک خاص اہمیت حاصل ہے۔ ان تینوں امتیازات سے ایک خطی نسخے کا درجۂ اعتبار متعین کیا جا سکتا ہے۔ میری ناقص رائے میں ان تینوں خصوصیات میں ترقیمے کو سب سے زیادہ اہمیت حاصل ہے۔

ترقیمہ یا ترقیم کے لغوی معنی ہیں کتابت کرنا، سجانا اور خط پر نقطے لگانا، لیکن نسخہ نویسوں اور کاتبوں کی اصطلاح میں ترقیمے سے مراد ہے وہ عبارت جو کسی بھی قلمی نسخے کے اصل متن کے بعد ایک کاتب خود اپنی طرف سے اضافہ کرتا ہے۔ ترقیمے درحقیقت خطی نسخوں کے شناس نامے ہیں، لیکن اسی کے ساتھ ساتھ بعض وجوہ کی بنا پر اس میں دانستہ طور پر تحریف و تصرف بھی کیا گیا ہے جس کی وجہ سے ترقیمے اگر پوری توجہ سے مطالعہ نہ کیے جائیں تو گمراہ کن ثابت ہو سکتے ہیں اور ہوئے ہیں۔

ترقیمہ نثر میں بھی ملتا ہے اور نظم میں بھی۔ یہ مطالب و مشمولات کے لحاظ سے متنوع ہوتے ہیں۔ یہ طویل بھی ملتے ہیں اور مختصر بھی۔ اہم بھی ہوتے ہیں اور غیر اہم بھی۔ عام طور پر کاتب دعا و صلوات کے بعد ترقیمے میں زمان و مکان کتابت کا ذکر کرتا ہے اور خود اپنا نام بھی درج کرتا ہے۔ وہ یہ بھی بتاتا ہے کہ اس نے کس شخص کے کہنے پر یا کس شخص کے لیے خود قلمی نسخہ تیار کیا ہے۔ جیسا کہ عرض کیا گیا، ترقیمے اپنے مشمولات کے اعتبار سے ایک دوسرے سے مختلف ہوتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ایک صاحب علم کاتب بعض اوقات ترقیمے میں درج بالا اطلاعات سے

Marfat.com

زیادہ مطالب درج کرتا ہے۔ یہ مطالب صرف اس قلمی نسخے کی شناخت ہی کے لیے ضروری نہیں ہوتے بلکہ مؤلف اور نسخے کے ادبی و علمی مقام کے تعین میں بھی مددگار و راہنما ثابت ہوتے ہیں۔

بہرحال ضروری نہیں کہ یہ تمام اطلاعات ایک ترقیمے میں موجود ہوں، لیکن یہی وہ اطلاعات ہیں جو کم و بیش ایک ترقیمے میں پائی جاتی ہیں۔ یہ بھی ضروری نہیں کہ ہر قلمی کتاب میں ترقیمہ موجود ہو۔ مشاہدہ بتاتا ہے کہ ایسے قلمی نسخوں کی تعداد زیادہ ہے جن میں ترقیمہ موجود نہیں۔ ایسی صورت میں خطی نسخوں کا تعارف زیادہ تر قیاس پر مبنی ہوتا ہے جس میں اشتباہ کا امکان موجود رہتا ہے۔

صاحبان نظر اس حقیقت سے بھی بخوبی واقف ہیں کہ بعض اوقات خود ترقیمے بڑی توجہ چاہتے ہیں۔ اگر توجہ اور تحقیق کی نظر سے ان کا مطالعہ نہ کیا جائے تو پڑھنے والا غلط نتائج اخذ کر سکتا ہے۔ متعدد شواہد موجود ہیں جن سے پتا چلتا ہے کہ ترقیموں میں کاتبوں یا دوسرے حضرات نے چند وجوہ سے تصرف کیا ہے۔ اس تصرف سے میری مراد یہ ہے کہ کاتب بہتر اجرت کی غرض سے ترقیمے میں کسی مشہور و معروف کاتب کا نام عمداً لکھ دیتا ہے جس کی وجہ سے بعض ایسی غلط فہمیاں پیدا ہو جاتی ہیں جن سے گمراہ کن نتائج نکلتے ہیں۔ ایسا بھی دیکھنے میں آیا ہے کہ کاتب اپنی طرف سے کوئی ترقیمہ نہیں لکھتا، بلکہ جو نسخہ نقل کرنے کی غرض سے اسے دیا جاتا ہے اور اس میں ترقیمہ موجود ہوتا ہے، وہ ترقیمہ جدید کاتب اسی طرح نقل کر دیتا ہے اور اس طرح نسخہ شناس کو امتحان میں ڈال دیتا ہے کہ وہ متعین کرے کہ آیا یہ نسخہ اسی کاتب کی کوششوں کا نتیجہ ہے جس کا نام اس ترقیمے میں موجود ہے، اسی جگہ لکھا گیا تھا جس مقام کا نام اس میں درج ہے اور آیا اسی سال کتابت ہوا تھا جو ترقیمے میں موجود ہے۔ ان تمام امور کے تعین کے لیے وسیع اطلاعات، گہرے مشاہدے اور زبردست تجربے کی ضرورت ہے۔

ان معروضات کے بعد، پیش خدمت ہیں چند ایسے ترقیمے اور ان کے کوائف جن سے ترقیموں کی تاریخی و ادبی اہمیت و مناسبت کا علم ہوگا اور اسی کے ساتھ یہ اندازہ لگایا جا سکے گا کہ بعض ترقیمے جعلی ہوتے ہیں اور گمراہ کن۔

احمد رنجبر نے تہران سے ۱۳۶۷ شمسی میں عطار کی منطق الطیر شائع کی ہے۔ یہ اشاعت منطق الطیر کے اس قلمی نسخے پر مبنی ہے جو عطار کی وفات کے صرف سو سال بعد ۷۲۷ھ میں کتابت ہوا ہے۔ اس کے کاتب کا نام خسرو ہے جس نے یہ نسخہ قدیم نستعلیق میں لکھا ہے۔ اس کاتب کے حالات کسی مأخذ سے دریافت نہیں ہو سکے۔ البتہ اس نسخے کے منظوم ترقیمے سے یہ پتا چلتا ہے کہ وہ ایک باسواد شخص تھا، شاعر تھا اور اچھا شاعر تھا، عطار کے مقام سے واقف تھا اور اسی طرح منطق الطیر کی اہمیت بھی اس پر روشن تھی۔ ایسی صورت میں ایک کاتب سے بہتر نتائج کی امید کمی

Marfat.com

چاہیے اور یہ نسخہ ہر لحاظ سے کاتب کے واقف کار ہونے کا ثبوت ہے۔ ترقیمہ درج ذیل ہیں:

ہمچناں دل در تحیر مست بود — گاہ اندر حمد و گاہی در درود
حق تعالیٰ از مدد درہا گشاد — اتفاقم ختم ایں نسخہ فتاد
شد بہ دست خسروٴ ایں نسخہ تمام — روز بیست و پنجم از ماہِ صیام
خسروِ گویندۂ آں فخرِ دین — خادم بیچارۂ بی کبر و کین
سال اندر بست و ہفت و ہفتصد — بود چوں ایں دولتم آمد بہ صد
گفت عطار از ہمہ مردانِ سخن — گر تو مردی ہم بہ خیرش یاد کن
جان او از نورِ حق آسودہ باد — نام او در آسماں بستودہ باد

اس واضح ترقیمے کے باوجود جس میں ماہ و سال کتابت اور اسم کاتب وغیرہ موجود ہے، مرتب نسخے کو اس کے نستعلیق خط سے یہ شک ہوا کہ اُس زمانے میں نستعلیق رائج نہیں تھا، اس لیے ترقیمے کی اطلاعات جعلی ہیں۔ مرتب نے اس سلسلے میں اپنے مقدمے میں شبہ کا اظہار کیا کہ:

> نسخۂ مذکور یک صد سال پس از عطار۔ یعنی سال ۷۲۷ ھ۔ ق پایان پذیرفتہ است ... امّا اِشکال در ایں است، اگرچہ از ابیات بالا چنیں بر می آید، کتابت بہ سال ۷۲۷ ھ ق بہ پایان رسیدہ، امّا خط کتابت ... باید بہ قرن نہم مربوط باشد، چہ خط نستعلیق پختہ است، و نمی تواں آں را بہ اوایل قرن ہشتم منسوب دانست[1]۔

کتاب کے منظرِ عام پر آنے کے بعد اس پر تبصرہ کیا گیا اور تبصرہ نگار نے بھی سال کتابت کے بارے میں مرتب نسخے کی تائید کی اور اظہارِ خیال کیا کہ یہ نسخہ نویں صدی یا اس کے بعد کا ہونا چاہیے[2]۔

ان دونوں حضرات کو ظاہر ہے اس حقیقت کا علم نہیں تھا کہ نستعلیق کے دو دور متعین کیے گئے ہیں۔ ایک دور آٹھویں صدی سے شروع ہو کر اس صدی کے اواخر تک جاری رہا۔ میر علی تبریزی آٹھویں صدی کے اواخر میں نستعلیق کے ماہر و استاد خوشنویس کی حیثیت سے ایران میں افق کتابت پر ظاہر ہوتے ہیں اور ان کے ساتھ ہی دوسرا دور شروع ہوتا ہے۔ چونکہ عام خیال یہ ہے کہ میر علی تبریزی اس خط کا واضع ہے جو صحیح نہیں۔ اسی بے بنیاد تصور نے مصحح کو غلط فہمی کا شکار بنایا۔

---

[1] منطق الطیر، بہ اہتمام احمد رنجبر، ص ۸ [2] نشر دانش، سال ہشتم، ۱۳۶۷ھ، ش ۴، ص ۲۹

Marfat.com

دیگر صاحبان نظر نے مذکورہ نسخے کے انداز نستعلیق، تذہیب وغیرہ سے یہ قطعی طور پر ثابت کیا ہے کہ یہ ترقیمہ اصل ہے اور اس میں دی گئی اطلاعات جعلی نہیں۔ اس بحث سے یہ نتیجہ نکلا کہ اس ترقیمے سے یہ تصدیق ہوئی کہ نستعلیق طرزِ تحریر آٹھویں صدی میں نہ صرف رائج ہو گیا تھا بلکہ علما و نساخ اس خط میں کتابیں بھی کتابت کرتے تھے۔ خطوط کی تاریخ میں یہ اطلاع اہمیت کی حامل ہے۔

منظوم ترقیمے کے بارے میں ایک اہم بات یہ عرض کرنی ہے کہ اگر کسی منظوم کتاب پر منظوم ترقیمے سے قبل کاتب کے درج کردہ کسی دوسرے شاعر یا خود اس کے اپنے مناسب حال اشعار درج ہوں تو وہ نسخہ شناسی میں ایک مسئلہ بن سکتے ہیں۔ ایسے نسخے کی بنیاد پر دوسرا نسخہ تیار کرایا جاتا ہے تو اس کا امکان رہتا ہے کہ پہلے نسخے میں کاتب کے درج کردہ اشعار، اصل متن کا حصہ بن جائیں اور اس طرح ایک شاعر کے اشعار دوسرے شاعر سے منسوب ہو جائیں۔ ایسا دیکھا بھی گیا ہے۔ مثلاً امیر معزی کے قصیدے سے یہ دو بیت:

مال و حال و سال و فال و اصل و نسل و تخت و بخت　　بادت اندر پادشاہی برقرار و برد وام
مال و افر حال نیکو سال فرخ فال سعد　　اصل راضی نسل باقی تخت عالی بخت رام

دیوان حافظ کے بعض قلمی نسخوں میں قطعات کے ذیل میں درج ہو گئے ہیں۔ اس کا احتمال ہے کہ کسی کاتب نے دیوانِ حافظ کسی حاکم وقت کے لیے تیار کیا اور معزی کے یہ دو بیت دعا کے طور پر ترقیمے میں درج کر دیئے۔ اس کے بعد کسی دوسرے ناواقف کاتب نے ان ابیات کو حافظ کا طبع زاد سمجھ کر، ان کی ظاہری شکل و صورت کے پیش نظر، دیوان حافظ میں مقطعات کے ذیل میں درج کر دیا اور اسطرح یہ اشعار حافظ کے دیوان میں راہ پا گئے۔

عرض کیا جا چکا ہے کہ بعض ترقیمے ایسے بھی نظر سے گزرے ہیں کہ غور و فکر کے بعد یہ پتا چلتا ہے کہ کاتب نے یہ ترقیمے بغیر کسی ترمیم و تنسیخ کے جوں کے توں نسخہ منقول عنہ سے نقل کر دیئے۔ اگر یہ حقیقت اس نسخے پر کام کرنے والوں پر منکشف نہ ہو گی تو وہ ظاہر ہے غلط نتائج اخذ کریں گے اور اصل صورت حال ظاہر نہیں ہو گی اور اصل نسخے کی نقلیں بھی اصل نسخہ شمار کی جانے لگیں گی۔ اس سلسلے میں مولانا عبدالرحمٰن جامی (م: ۸۹۸ھ) کی **حلیلۃ الحلل** کی مثال پیش کی جا سکتی ہے۔ اس کی چند نقلیں مختلف کاتبوں نے تیار کی ہیں اور اصل نسخے کا ترقیمہ جوں کا توں نقل کر دیا ہے۔ اسطرح اس کتاب کے چند نسخے اصل نسخے کے طور پر مشہور ہو گئے اور اصل و نقل میں دشواری پیش آئی۔

ترقیموں کے سلسلے میں ایک دوسری صورت حال بھی دیکھنے میں آتی ہے جو قدیمی بھی ہے دلچسپ بھی اور عام انسانی مزاج کے مطابق بھی۔ بعض نسخہ نویسوں، کاتبوں یا خود مالکان نے ترقیموں میں ردو بدل کی ہے اور کوشش کی ہے

Marfat.com

کہ وہ اس طرح اپنے نسخے کو بظاہر اہم امتیازات کا حامل بنا دیں۔ کاتبوں کے نام، سال کتابت اور حتیٰ کہ مالکان نسخے کے ناموں میں ردوبدل اور تبدیلی کی مثالیں عام ہیں۔ یہ کام قدیم زمانے سے کیا جا رہا ہے۔ فارسی استاد کی اصطلاح میں اس عمل کو کتابت مزوّر کا نام دیا جاتا ہے۔ اس عمل اور اس نتائج کے بارے میں قابوس وشمگیر نے قابوس نامہ میں اپنے لڑکے کو ایک واقعہ سنایا ہے اور کتابت مزوّر سے گریز کا مشورہ دیا ہے۔ یہ تاریخی واقعہ نسخہ شناسی میں اہمیت کا حامل ہے اور دلچسپ بھی، اس لیے پیش خدمت ہے:

"اگر چناں کہ خطا علی قادر باشی، واز ہر گونہ خطی کہ بینی، بدانی نبشت، ایں دانش سخت نیک است ولکن بر کسی پیدا مکن تا بہ مزوّر کردن معروف نشوی ... وبہ ہر محقری مزوری مکن تا اگر وقتی بہ کار آید، چوں منافعی بزرگ خواہد بود، آنگہ اگر بکنی کسی بر تو گمان نبرد کہ بسیار کاتبانِ فاضل ومحتشم را وزیران عالم ہلاک کردند۔ بہ سبب خطہای مزوّر ایشاں، شنیدم کہ ربیع بن المطہر النقصوی کاتبی محتشم بود اندر دیوان صاحب، خط مزوّر کردی، ایں خبر بہ گوش صاحب رسید، صاحب فرو ماند، نہ مرد را ہلاک توانست کردن از سبب فضل آں مرد کہ سخت فاضل بود ویگانہ ونہ بردی ہمی توانست پیدا کردن، ہمی اندیشید کہ با وی چکند؟ اتفاق را اندرین میانہ صاحب را عارضہ ای پدید آمد، مردمان بہ عیادت ہمی رفتند تا این ربیع بن المطہر النقصوی اندر آمد وپیش صاحب نبشت ... صاحب را بپرسید کہ چہ نالانی است؟ ... صاحب گفت: از آنچہ تو می کنی، یعنی مزوّر کاتب بدانست کہ صاحب از آں کار آگاہ شدہ است۔ گفت: ای خداوند، بہ سر تو کہ دیگر نکنم۔ صاحب گفت: اگر دیگر نکنی بدانچہ کردی، عفوت کنم وعقوبت نکنم۔ پس ایں مزوّر کردن کاری بزرگ است، از آں بپرہیز۔"[1]

اسی ضمن میں یہ واقعہ بھی صورت حال کی وضاحت کے لیے اہم اور حاضرین کرام کی خدمت میں پیش کرنے کے قابل ہے:

"ابن سینا کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ اس نے تفنن طبع کی خاطر تین کتابیں وضع کیں اور انھیں کتابت کرایا۔ ایک کتاب، صاحب دوسری صابی اور تیسری ابن عمید کے طرز

---

[1] قابوس نامہ، تصحیح دکتر یوسفی، ص ۲۱۳

Marfat.com

پہ۔ اس نے ان کی جلدوں کو بھی پرانا کیا اور انھیں ابی منصور جبان کی خدمت میں ارسال کر دیا۔ جبان نے انھیں دیکھا اور اصل و نقل میں تشخیص نہ کر سکا۔[1]

جعلی نسخے تیار کرنے کا یہ فن ہمیشہ ہی ترقی پر رہا۔ ایسے کاتب موجود رہے جو دوسرے ماہرین فن کی ہو بہو نقل کر سکتے تھے اور حتیٰ کہ صاحبان نظر بھی اصل و نقل کے فرق میں دھوکہ کھا جاتے تھے اور اب بھی ایسا ہوتا رہتا ہے۔

اس عمل سے کاتب کا ایک مقصد یہ ہوتا ہے کہ وہ معروف شناسا کاتب کے نام سے اپنے نسخے کی بہتر اجرت حاصل کر سکے، یا اس کے نسخے کو معروف کاتبوں کی کوشش کا نتیجہ سمجھ کر متعلقہ حضرات ہاتھوں ہاتھ لیں۔ اس کا تعارف ہو اور اس کا کام توجہ کا مرکز بنے۔

بعض ترقیمے اس لحاظ سے بڑی اہمیت کے حامل ہوتے ہیں کہ ایک نسخے سے متعلق ہماری بیشتر اساسی معلومات انہی پر منحصر ہوتے ہیں چونکہ کتاب یا خود اس کے مصنف کے بارے میں معاصر یا بعد کے مآخذ خاموش ہوتے ہیں۔

شمس الدین ابرقوہی ساتویں صدی کے اواخر اور آٹھویں صدی کے اوایل کے معروف شاعر و ادبار میں شمار کیے جاتے ہیں۔ ان کی ایک تصنیف مجمع البحرین کا کسی معاصر یا بعد کے مآخذ میں ذکر نہیں۔ مجمع البحرین کا واحد قلمی نسخہ برٹش میوزیم (Add ۲۳۵۸۰۱) میں محفوظ ہے۔ اس میں درج ذیل ترقیمہ اس کتاب کے مصنف اور اس کی اس تالیف کے متعارف کرانے کا واحد ذریعہ ہے:

فرغ من تحریر هذا الکتاب الکثیر الفوائد و غریز العوائد
الذی صنّفه مولانا الامام المعظم السعید، افتخار افاضل الحکماء و العلماء فی
زمانه شمس الملة والدین ابراهیم المحتسب بابرقوه رحمة الله علیه۔

مخطوطات کے ترقیموں میں جائے کتابت کا ذکر بھی عام طور پر نظر آتا ہے۔ جگہوں کے یہ نام جہاں جغرافیائی اعتبار سے اہم ہیں وہاں اس امر کی طرف اشارہ بھی کرتے ہیں کہ اس جگہ پر موضوعِ نسخہ کے جاننے والے موجود تھے اور اس موضوع پر نسخوں کی مانگ تھی اور وہاں کتابت کرنے والے بھی موجود تھے۔

ترقیموں ہی سے بے شمار کاتبوں کے نام کا علم ہوتا ہے۔ واضح ہے کہ خطاطوں کے تذکرے بہت ندرت سے تالیف ہوئے ہیں یا بہت کمیاب ہیں۔ اس لیے ترقیموں میں کاتبوں کا نام اور ان کے جای کار وغیرہ سے متعلق اطلاعات خطاطی کی تاریخ میں اہم رول ادا کریں گے۔ بعض کاتب صاحب ذوق تھے، شاعر تھے اور اسی وجہ سے انھوں نے

۱۔ قفطی، اخبار العلماء، ص ۲۷۵، بہ نقل از تحقیق النصوص و نشرہا، عبدالسلام ہارون، ص ۴۰

Marfat.com

منظوم ترقیمے درج کیے ہیں۔ ایسے شاعر کاتبوں میں متعدد ایسے ہوں گے جن کا ذکر شعرا کے تذکروں میں نہیں ملے گا۔ اس طرح یہ ترقیمے شعرا کے تعارف کا ذریعہ بھی ہیں۔ کاتبوں میں بعض رباعیات اور ابیات مشہور تھے جو اکثر ترقیموں میں نقل ہوئے ہیں۔ ہندستان میں فارسی مخطوطات میں درج ذیل ابیات کثرت سے دیکھنے میں آتے ہیں:

الٰہی بیامرز خواننده را — عفو کن گناه نویسنده را

یا

ہر کہ خواند طمع دعا دارم — زانکہ من بندۂ گنہ گارم

نوشته بماند بخطِ غریب — کنصر من اللہ فتح قریب

قلمی نسخوں میں درج رقوم سے اندازہ ہوتا ہے کہ کاتبوں نے مختلف ادوار میں رقوم مختلف انداز سے درج کی ہیں۔ اس کے بارے میں اگر مناسب آگاہی نہ ہو تو گمراہ کن نتائج نکل سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر حافظ کے دیوان کا ایک مخطوطہ نیشنل میوزیم (شمارہ: ۶۷۰۴۶) محفوظ ہے جس میں درج ذیل ترقیمہ ہے:

تمت الکتاب بعون الملک الوهاب والحمد لله رب العالمین والصلوٰة علیٰ محمد وآله اجمعین۔ ۷۵۹ھ

اس میں درج سال کے مطابق یہ نسخہ حافظ (م: ۷۹۱ھ) کی حیات میں ۷۵۹ء میں کتابت ہوا، اس لیے نہایت اہمیت کا حامل ہونا چاہیے۔ لیکن پروفیسر امیر حسن عابدی صاحب نے اپنے ایک مقالے[1] میں نسخے کے دیگر مشمولات کے پیش نظر یہ راہنمائی کی ہے کہ یہ رقم عام قاعدے کے برخلاف دائیں سے بائیں پڑھی جائے گی یعنی اسے ۷۵۹ نہیں بلکہ ۹۵۷ پڑھنا ہوگا۔ اس کے برخلاف سالار جنگ میں محدث دہلوی کے **اخبار الاخیار** کا ایک قلمی نسخہ نستعلیق خفی میں موجود ہے۔ اس کے ترقیمے میں مقام، روز و ماہ و سال کتابت اس طرح درج ہے:

محرم المکرم سنہ ۸۰۱۰ روز پنجشنبہ وقت نماز ظہر در مالپور تمام شد۔

جو راہنمائی پروفیسر عابدی صاحب نے فرمائی ہے، اگر اس نسخے کے سال کو اسی کے مطابق پڑھا جائے تو کوئی نتیجہ نہیں نکلے گا۔ ہمیں اسے ۸۰۱۰ پڑھنا ہوگا اور اس طرح یہ نسخہ خود مؤلف کتاب کی حیات سے نزدیک زمانے سے متعلق سمجھا جائے گا۔ اس سلسلے میں راہنمائی کا خواستگار ہوں۔

چونکہ **اخبار الاخیار** اور شیخ عبدالحق محدث دہلوی کا ذکر ہوا، اس لیے حافظ کے ایک دوسرے قلمی نسخے کا ذکر مناسب معلوم ہوتا ہے۔ یہ قلمی نسخہ سالار جنگ (شمارہ ۱۴۸۳) میں محفوظ ہے۔ اس کا ترقیمہ درج ذیل ہے:

---

[1] خرد و کوشش، شیراز، آذر، ۱۳۵۱

Marfat.com

بہ توفیق الٰہی و بزرگان دین بہ اتمام رسید دیوان حضرت لسان الغیب علیہ الرحمہ در مدرسۂ حضرت خواجہ عبدالحق رحمۃ اللہ علیہ بتاریخ... شہر ربیع الآخر ۱۰۶۷ بہ خط فقیر حقیر سراپا تقصیر پابندہ محمد استرنجی الکابلی، امید چنانست بہ نظر ہر عزیزی کہ در آید بہ فاتحہ یاد فرماید و عنداللہ اجر عظیم یابد و اگر خطای رفتہ باشد اصلاح فرماید....

اس ترقیمے سے یہ اندازہ لگانا مشکل نہیں کہ ہمارے علما و مشایخ کی سرپرستی میں چلنے والے مدرسوں میں کاتب ملازم ہوتے تھے یا ان کے وابستگان میں کتابت کرنے والے موجود تھے اور وہ مدرسے کے کسی گوشے میں بیٹھ کر کتابت کا کام انجام دیتے تھے اور ضرورتمند طالب علموں اور استادوں وغیرہ کی ضرورت پوری کرتے تھے۔

سالار جنگ ہی میں موجود دیوان حافظ کے ایک دوسرے قلمی نسخے سے بھی یہ تصدیق ہوتی ہے کہ کاتب مدارس سے وابستہ تھے اور مدرسوں میں کتابت عام تھی جس کا ذکر خود مدرسوں کی دستیاب تاریخوں سے غالباً نہیں ہوتا۔ حافظ کے اس قلمی دیوان کا ترقیمہ درج ذیل ہے:

تمام شد این نسخۂ متبرکۂ حضرت خواجہ حافظ شیرازی قدس اللہ سرہٗ العزیز در بلخ در مدرسۂ خان جنت نشان نذر محمد خان در سنہ ہزار و ہفتاد و ہشت فی شہر رجب المرجب نیاز محمد بن یوسف نسفی۔

اس ترقیمے سے یہ تاریخی اطلاع بھی ملتی ہے کہ بلخ کے فرمانروا نذر محمد خاں کی سرپرستی میں وہاں ایک مدرسہ کام کرتا تھا جس میں کاتب بھی ظاہر ہے ملازم رہے ہوں گے اور مختلف آثار کتابت کیے جاتے تھے۔

Marfat.com

جناب مہر الٰہی
علی گڑھ

عربی/فارسی مخطوطات کا خصوصی مطالعہ

(ان پر ثبت مہروں، عرض دیدہ اور ترقیموں کے نقطۂ نظر سے)

مہر:

مُہر قبضہ و اقتدار، اختیار اور حکومت کا نشان۔ فنِ مہر شناسی SIGILLOGRAPHY کی اہمیت۔ اس کا مطالعہ (۱) فنِ تاریخ نویسی میں تاریخی شواہد کے ضمن میں (۲) مشرقی کتابداری میں مخطوطہ شناسی کے ضمن میں!

• مُہر کی ابتدا (چلن) • اسلامی عہد میں اس کا استعمال • مغلوں کے دور میں اس کا استعمال۔ شاہی کتب خانے کی مہر، حرم کے کتب خانے کی مہر، امرا کے کتب خانے کی مہریں، اقسام، عبارت، ملکیت، مُہر ثبت کرنے کا اختیار، مہر برداری کا عہدہ • مخطوطات پر ثبت مہریں، شناخت۔ اصل مُہریں، نقلی مہریں۔

مُہر کے اثبات سے مخطوطہ کی اہمیت، اصلیت و قدامت کا مطالعہ و تدوین میں مدد۔ وغیرہ۔

(بحث: نمونہ کے لیے مخطوطات و فرامین پر مہروں کا عکس)

عرض دیدہ:

• عرض دیدہ کیا ہے؟ اُس کے لغوی معنوی • مغلوں کے سرکاری دستاویزات پر عرض دید کی عبارت • عرض دیدہ کی اہمیت۔ مخطوطہ پر عرض دیدہ کا مطلب! • 'عرض دیدہ' کون لکھتا تھا؟ • کیا یہ ایک Technical Term ہے • صرف عہد مغلیہ کے کتب خانوں یا دورِ مغلیہ کے مخطوطات پر لفظ 'عرض دیدہ' ملتا ہے • لکھنؤ کے شاہی کتب خانوں کی کتابوں پر کیوں نہیں ہے • کیا عرضِ دیدہ کا متبادل لفظ انتقل الی الید (یا ں فلاں ابن فلاں) ہے • کیا عرض دیدہ جعلی ہوتے ہیں؟ وغیرہ وغیرہ۔

بحث: نمونے کا عکس

ترقیمہ:

• ترقیمہ یا خاتمہ (Colophon) • لفظ ترقیمہ یا 'خاتمہ' درست ہے! لفظ ترقیمہ کب مستعمل ہوا • ترقیمہ یا خاتمہ کی عبارت • ترقیمہ کے اجزا۔ اس کی اہمیت • کیا مخطوطہ کی اہمیت و قدامت کا واحد ذریعہ ترقیمہ ہے؟ • مخطوطہ پر ثبت مُہر، عرض دیدہ اور ترقیمہ کا آپس میں تعلق؟ • ترقیموں کی عبارت/عبارتیں • بغیر ترقیمہ کے مخطوطات۔ ان کی شناخت کا مسئلہ

بحث: نمونے وغیرہ

Marfat.com

شیخ سعدی کی خودنوشت تحریر

مذکورہ خودنوشت تحریر کے لیے کتھئی رنگ کی شاید شیرِ خُرما سے تیار کردہ روشنائی کا استعمال کیا گیا ہے۔ یہ تحریر امتدادِ زمانہ سے بہت پھیکی پڑ گئی ہے، لیکن محدّب کی مدد سے بہت محنت اور دقت نظر کے بعد اس کو پڑھ لیا گیا ہے۔

مذکورہ تحریر کی اوّل لوح سے کشاف کا مقدمہ شروع ہوتا ہے، اور سورہ انعام پر ختم ہو جاتا ہے۔ یعنی یہ مکمل مخطوطہ نہیں ہے۔ بلکہ مکمل مخطوطہ کا صرف ایک حصّہ ہے۔ باقی حصّہ کہاں ہے؟ ممکن ہے وہ ضائع ہو گیا ہو۔ کیوں کہ یہ نسخہ ہمیں شیخ سعدی کی اور اس ہولناکی سے جس سے وہ خود بھی گزرا ہے، اس کا چشم دید گواہ ہے۔

خلاصۂ تحریر:

اس تحریر کا خلاصہ یہ ہے کہ جب بغداد پر تاتاریوں نے حملہ کیا (شیخ نے لفظ 'مغول' کا استعمال کیا ہے) اسوقت تو وہ مدرسہ نظامیہ کے حجرہ نقیب السادات میں مقیم تھے اور کشاف کے اسی نسخہ کا مطالعہ کر رہے تھے کہ یکایک چاروں طرف شور و غل، بیجا قتل و غارت گری کا بازار گرم ہوا۔ وہ دریافت حال کے لیے باہر نکلنا چاہتے تھے لیکن یاروں نے انکو باز رکھا۔

کسی طرح وہ جان بچا کر اس علاقے سے نکل آئے۔ اس کے لیے ان کو ایک مردہ مغول کا لباس اتار کر بھیس بدلنا پڑا۔ پھر ان کی ملاقات ایک شناسا قاطر ان نام کے شخص سے ہوئی۔ اس نے یہ اطلاع دی کہ خلیفہ معتصم باللہ کو شہید کر دیا گیا ہے اور یہ دن شنبہ یا پانچویں جمادی الاوّل سنہ ۶۵۶ ہجری تھا۔ اپنا نام آخر میں اس طرح تحریر کیا ہے:

"انا العبد الضعیف مصلح الدین المشتہر بالسعدی غفر اللہ لہ ولوالدیہ"

سعدی نے خلیفہ معتصم باللہ کی شہادت پر جو مرثیہ کہا تھا اس کی اثر آفرینی آج بھی خون کے آنسو رلاتی ہے۔

تحریر کے ارد گرد کی مہروں اور عبارتوں کے مطالعہ کے بعد اس نسخہ کی قدامت کے ساتھ اس کے سفر کی طویل اور دلچسپ داستان پر بھی روشنی پڑتی ہے۔ بغداد، ترکی، اصفہان، مکّہ معظمہ کا سفر کرتا ہوا یہ مخطوطہ شہنشاہ اکبر کے دربار میں ہندستان پہنچتا ہے، اور اُمرا، شعرا و علما کے کتب خانوں سے ہوتا ہوا یہ آج کل نواب رحمت اللہ خاں شروانی کے کتب خانے کی زینت ہے۔

کل ثبت مہروں کی تعداد تیرہ ۱۳ ہے۔ تین مہریں مٹانے کی کوشش کی گئی ہے۔ لیکن خوش قسمتی سے ایک مہر جو قدیم ترین مالک کی ہے نہیں مٹ سکی ہے۔

یہ قدیم ترین مُہر ہے جو کسی ادیس آفندی کی ہے۔ مُہر مدوّر اور بڑے سائز کی ہے۔ دھندلی ہے لیکن صحیح طور پر پوری طرح

Marfat.com

پڑھی نہیں جاتی ۔ مُہر کے نیچے یہ عبارت ہے:

"کیف اقول ھذا فی ملکی وللہ ملک السمٰوات والارض اللہ سبحانہ وتعالیٰ

الفقیر الحاج اویس آفندی ابن المرحوم امیر... محمد الحسین عفی عنہ ۔ آمین یارب العلمین ۱۱۵۵ھ

عموماً مخطوطات پر سن ہجری ملتا ہے لیکن یہ اس لحاظ سے ایک واحد مخطوطہ ہے جس پر سن مسیحی / میلادی درج ہے ۔ اس سے یہ نتیجہ نکالا جا سکتا ہے کہ مخطوطہ ترکی کے کسی ایسے امیر یا عامل یا عالم کے قبضہ میں رہا تھا جہاں عیسائیوں کی حکومت تھی ۔ اور اویس آفندی اس علاقہ کے باشندہ تھے ۔

.... نسخہ پر یہ مُہر سب سے اوپر ہے ، اس لیے اسے قدیم ترین تصوّر کیا جائے گا ۔ یعنی ۱۱۵۵ عیسوی مطابق ۵۵۵ ہجری ۔

... کتّاب کا یہ مخطوطہ مصنف کی وفات کے تقریباً ۱۵۰ سال بعد کا ہے سقوط بغداد ۱۲۵۸ عیسوی میں ہوا ۔

مہر ۲ : مدور اللہ اکبر جل جلالہ مہر کے اوپر یہ عبارت درج ہے ۔

متنبی کا شعر وحسبک قول الناس فیما ملکتہ

بان کان ھذا مرۃ لفلان

فی نوبتہ الفقیر الی الملک الغنی عبد النبی

ابن ملک معروف الفضلی

اس کے نیچے مفتی مکہ کی یہ تحریر:

"من فضل اللہ سبحانہ علی عبد الفقیر محمد عبد اللہ بن حمید الحنبلی خادم افتاءھم فی مکۃ المشرفۃ لطف اللہ بہ فی جمیع الحالات الال الملک السمٰوات "

مہر ۳ : اکبر کی مُہر ثبت ہے ۔ مدور ۔ اندرونی دائرہ میں اکبر اور ہمایوں کے نام ہیں اور بیرونی دائرہ میں مکمل شجرہ ہے ۔ مُہر کے اوپر "اللہ اکبر جل جلالہ" تحریر ہے ۔

مہر ۴ : چوکور ، منصور علی خاں ، ۱۱۲۸ ہجری یا ۱۱۳۸ ہجری ، یکم ربیع الاول ۱۱۷۰ ہجری ۔

مہر ۵ : مُہر مدور ، محوی ، محوی دور اکبر کے مشہور شاعر ہیں ۔

مہر ۶ : مُہر باقر علی خاں

تحریر: انتقل الی یداقل عباد اللہ محمد علی بن محمد مقیم دولت آبادی

Marfat.com

مہر۱: بیضاوی ، محمد علی بن

مہر۲: چوکور ، بختاور بہادر جنگ، اوپر عبارت "اللہ اکبر" اور نیچے "بندۂ درگاہ بختاور جہانگیر ۱۰۱۰ ر۔

مہروں سے پتہ چلتا ہے کہ کشاف کا یہ نسخہ بہت اہمیت کا حامل ہے اور قدیم بھی ہے۔

نقل عبارت جو کشاف کے سرورق پر ہے

" در شب شنبہ بمدرسہ نظامیہ در حجرۂ نقیب السادات ہمیں تفسیر کشاف را مطالعہ می کردم پاسے از شب ہم گذشتہ بود کہ از طرف ترئ چند بدار السلام بغداد شعلۂ آتشیں از زمین تا آسمان چنان بلند شد مشتمل کرہ بود برآورند و شورے چنیں شد کہ قیامت خیز است خواستم کہ برائے دریافت حال از مدرسہ بیروں روم کہ رفیقان باتخلص مانع آمدند کہ تنہا نہ باید رفت او خود در معیت از برائے تفتیش احوال بیرون مدرسہ آمدن خلاف باشد۔ قدمے چند نہ رفتہ بودیم کہ غول مغول ملاعنہ شمشیرہائے برہنہ در دست گرفتہ پیدا شدند قتل عام شروع کرد ... ہندویانِ بیداد گر از مسلمین ہزاراں شہید کردند۔ خود را در قتلائے مسلمین انداختہ جاں بسلامت بردم بعد ساعتے لباس مسلمانی از خود کشیدہ لباس یک مغول مردار در بر کردم روز ہم برآمدہ بود اکثر کفار درون شہر آمدہ بودند... خود را بیرون کردم از منزل باقی نہ ماندہ بود در ہم آتش زدہ بودند از میان آتش و کشتگان سوختہ ۔خراب ... بغداد را دیدم تودۂ خاکستر بود مغولِ کفار مسلماں را بکشتن مشغول بودند۔ مثل سنگ ...خود را بر کنار دجلہ رسانیدہ جسر قدیم سوختہ بود بجائے او چند جسر نو مثل (کذا) ساختہ بودند بر کنار دجلہ... چنیں افتادہ بودند کہ گراں ہر دم متنفس زیادہ باشد بردم و از کنار شرقی فرار... سلطان مغول (کذا) ملونہ دیک حصہ فوج یکبار گردش حلقہ زدہ بود اسباب اہل شہر را تودہ کردہ آتش دادہ بودند تا یک ... تودہ شمار کردہ بودم۔ وقت غروب دریا را عبور کردہ بدجلہ رسیدم آنجا ہم بجز آتش و کشتگان چیزے نہ دیدم الا یک شخص مسلم قاطران از یک کنج خانہ سوختہ برآمدہ فرار شد آوازدادم کہ مترس و سوگند خوردم ایستادہ شد۔ گفتم برادر برائے حفاظت جان لباس کفار پوشیدم یک خاطر مارا داد و در عین نصف اللیل طرف دیلم روانہ شدم... برگشتہ بغداد... را دیدم مثل اخگر روشن بود۔ قاطران حکایت کرد و بماتم شد رُخ خلیفۂ عباسی بیش گاہے کشتہ شد انا للہ وانا الیہ راجعون

دکان ہذا در شب پنجم جمادی الاول در سن شش صد و پنجاہ و شش۔

وانا العبد الضعیف مصلح الدین المشتہر بالسعدی غفر اللہ لہ ولوالدیہ۔ آمین۔

Marfat.com

علی تتبع مظانہا ہمۃ فی معرفۃ لطائف کتاب اللہ وعرض علی استیضاح معجزۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بعد ان یکون آخذا من سائر العلوم
بحظ جامع بین امرین تحقق وحظ کثیر المطالعات طویل المراجعات فد رجع رمانا ورجع الیہ وردد وورد علیہ فارسانی علم الاعراب نفثۃ فی حلل الکتاب
وکان مع ذلک مسترسل الضیعۃ مستفادہا مستغل مزرعۃ وفادہا یقظان النفس دراکا للخبر وان لطف شانہا نبیہا علی الرمز وان خفی مکانہا
لا کز اجانبا ولا غلیظا جافیا متصرفا فی ادبیۃ یاسالیب النظم والنثر مرتاضا غیر رتیض بتلقیح نابت الفکر قد علم کیف ترتب الکلام
ویولف وکیف ینظم ویرصف طالما دمج صبیا فی مضایقہ ووقع فی مناحضہ ومزالقہ ولقد رایت اخواننا فی الدین من افاضل
المیۃ النجبۃ العدلیۃ الجامعین بین اصول العربیۃ والاصول الادبیۃ کلما رجعوا الی فی تفسیر آیۃ فاوردت لہم بعض الحقایق
من تحب افضوا بی فی الاستحسان والتعجب واستطیروا شوقا الی مصنف یضم اطرافا من ذلک حتی اجتمعوا الی مفرحین ان
نمیلی علیہم بعض الکشف من حقایق التنزیل وعیون الاقاویل فی وجوہ التاویل فاسعفت فابوا الا المراجعۃ والاستماع
بعلماء الدین وعلماء العدل والتوحید والذی حذانی علی الاستعفاء علی علمی انہم طلبوا ما الاجابۃ الیہ علی ولجۃ لان الحرص
فیہ کمن العیس مع ما اری علیہ الزمان من رثاثۃ احوالہ ورکاکۃ رجالہ وقاصر ہممہم عن ادنی عند ہذا العلم فضلا عن
ان یرتقی الی الکلام الموشی علی علمی المعانی والبیان فاملیت علیہم مسئلۃ فی الفواتح وطائفۃ من الکلام فی حقایق سورۃ
البقرۃ وکان کلاما وسطا کثیر السؤال والجواب طویل الذیول والاذناب وانما حملت بہ النیبۃ علی غرارۃ نکت ہما
العیاء ان یکون لہم ما اختبروا من ارتیاد بحر علی ما وصفوا من تجربۃ صحبت بتفاریق
تکدو جبلت فی محتاری بکل بلد من ہمہ سکنہ من اہلہا وقلیل ما سمح عطفی الاکباد الی العثور علی ذلک الملی المنطقین بی
ایاسہ حراصا علی اقتباسہ فمہما رایت من عطفی فحرک الساکن من نشاطی فلما حططت الرحل بمکۃ اذا انا بالشعبۃ الحسنیۃ
من الدوحۃ الحسینۃ الامیر الشریف الامام شرف آل رسول اللہ ابی الحسن علی بن حسن بن وہاس ادام اللہ مجدہ وہو لکملہ
والشامۃ فی بنی الحسن مع کثرۃ محاسنہم وجموع مناقبہم اعطش الناس کبدا والمہم حشا وادناہم رعبۃ حتی ذکر انہ یجد
نفسہ لبعثۃ عیسی عز وجل مع تزاحم ما ہو فیہ من المشاد بقطع الفیافی وطی المہامہ والوقادۃ علینا عوارض لیتوصل الی
استماعہ فی الحرض فتلک قدماتت علی لمستعفی الجل وعیت بہ العلل ورایتنی قد لذذت من انس ونفعنی الله
وایاہم بما علمہم الکرت دقامۃ الزناب فاخذت فی طریقہ لحسر مزاولی مع ضمان التکثیر من الفوایدہ
والبحث عن الشریف وقد استدعی منی بعد ارضلدہ ابی بکر وکان یقدر تامرنی اکثر من لیلتین سنۃ وما ہی الا ایۃ
من ایات ہذا الحرم وبرکۃ اہبتہ فی من برکات ہذا الحرم المعظم اسال اللہ ان یجعل ما نبت فیہ منہ سمینا نجنی ثمرہ
لی علی الصراط یسعی بین یدی وبیمینی ونعم المسئول **سورۃ الفاتحہ** مکیۃ وقیل مکیۃ ومدنیۃ
لانہا نزلت بمکۃ مرۃ وبالمدینۃ اخری وتسمی ام القرآن لاشتمالہا علی المعانی التی فی القرآن من الثناء علی اللہ بما ہو اہلہ
ومن التعبد بالامر والنہی ومن الوعد والوعید وسمیت الکنز والوافیۃ لذلک وسورۃ الحمد والمثانی لانہا تثنی فی کل

Marfat.com

Marfat.com



Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

۸

جلد دویم ، ۲۲/۷ کپاچیر

قال الم اقل لك انك لن تستطيع
معي صبرا قال ان سألتك عن شيء
بعدها فلا تصاحبني قد بلغت
من لدني عذرا فانطلقا حتى اذا
اتيا اهل قرية استطعما اهلها فابوا ان
يضيفوهما فوجدا فيها جدارا يريد ان
ينقض فاقامه فان شئت لاتخذت

عشر السادس

آمده
از کتب خانه لاهور

بحکم
سرکار زیب النساء شاهزادی
ابو المظفر محی الدین محمد اورنگ زیب بهادر عالمگیر بادشاه غازی
اوستاد عزیز الله امام شاه را
عطا شد

بتاریخ پنجم و بیست شهر
رمضان المبارک سنه ۱۰۴۳ هجری
صلی الله علیه وسلم

(وسیم بیگ مهتمم کتاب خانه)

Marfat.com

(قرآن کریم، مکتوبہ ۱۰۶۰ ہجری، کاتب: حضرت نور۔ تحریر بابت عطا بحکم زیب النساء)



Marfat.com

Marfat.com

کتاب الکافی فی الکحل (مصنف ابوالحسن حلبی) سنہ کتابت واضح طور پر طے نہیں کی جا سکتی۔ اس کا دوسرا نسخہ رام پور اور تیسرا فرانس میں ہے۔ عین الملک ابن حیدر علی شیرازی سوم

Marfat.com





Marfat.com

Marfat.com

ڈاکٹر عطا خورشید
علی گڑھ

عرض دیدہ کیا ہے؟

عرض دیدہ کے متعلق کچھ لکھنا کافی مشکل ہے۔ اس لیے کہ قدیم کتب خانوں میں رائج اس اصطلاح کے متعلق کہیں بھی کوئی حوالہ نہیں ملتا ہے اور نہ ہی اس کی کوئی تعریف ملتی ہے کہ یہ کیا تھا۔ یہ کب لکھا جاتا تھا؟ اس کی ابتدا کب سے ہوئی؟ کیا یہ بادشاہ خود لکھا کرتا تھا یا اس کا کتابدار لکھا کرتا تھا، کبھی کبھی امرا کی بھی تحریریں ہوتی تھیں۔ غرض اس کے بارے میں کوئی واضح صورت میرے سامنے نہیں آئی ہے۔

مجھے اس وقت خوش قسمتی سے Manuscriptology کے ماہرین کے سامنے لب کشائی کی اجازت دی گئی ہے۔ اس لیے میں اس سلسلے میں چند مسائل چھیڑنا چاہتا ہوں، کچھ سوالات پیش کرنا چاہتا ہوں اور پھر آپ کے Discussion سے کچھ حاصل کرنا چاہتا ہوں۔

"عرض دیدہ شد" کی جگہ کبھی کبھی "ملاحظہ شد" اور "دیدہ شد" بھی لکھا جاتا تھا۔ لیکن زیادہ تر "عرض دیدہ شد" ہی لکھا جاتا تھا اور اس پر تاریخ لکھی جاتی تھی۔ تاریخ عموماً ہجری سن میں ہوتی تھی۔ سنہ جلوس بھی ہوتا تھا۔ کبھی ایرانی سال بھی لکھے جاتے تھے اور اکبر کے عہد کے عرض دیدہ شد میں دین الٰہی کا سن بھی ہوتا تھا۔

عرض دیدہ شد کے نیچے دستخط بہت کم کیے جاتے تھے۔ اس کی جگہ مہریں ثبت کی جاتی تھیں۔ جو دستخط عرض دیدہ کے نیچے پائے جاتے ہیں وہ عموماً کتابداروں کے ہوتے ہیں مثلاً سہیل اور عبداللہ چلپی کے دستخط عموماً عرض دیدوں پر ملتے ہیں۔ سہیل کبھی سہیل لکھا کرتا تھا اور کبھی صرف س۔ مثال کے لیے دیکھیں صراح کا نسخہ (سبحان اللہ ۷۲۹ر ۸۹۲ / ۹) ترجیعات عراقی (جواہر ۷۹۴)۔

Marfat.com

یہ بات غور کرنے کی ہے کہ عرض دیدہ یا ملاحظہ شد صرف شاہی کتب خانوں کی کتابوں پر ہی ملتا ہے یا اگر دیگر امرا کے کتب خانوں کی کتابوں پہ ملتا ہے تو بہت ہی کم تعداد میں۔ شاہی کتب خانوں کی بعض کتابیں عرض دیدہ سے پٹی پڑی ہیں۔ مثلاً ترجیعات عراقی کا ایک نسخہ یا المطول کا نسخہ۔ عرض دیدہ صرف شاہی کتب خانوں کی کتابوں پہ ہی ہوتا تھا۔ دوسرے ذاتی کتب خانوں پر نہیں۔ اس کی مثال میں اس طرح دینا چاہتا ہوں کہ مولانا آزاد لائبریری میں نہج البلاغہ کا ایک نسخہ ہے جو شاید دنیا کا قدیم ترین نسخہ ہے۔ یہ مختلف لوگوں کی ملکیت میں رہا ہے لیکن شاہی کتب خانوں کی زینت کبھی نہیں بن سکا۔ لہذا اس پر بیسیوں لوگوں کی تحریریں و دستخط موجود ہیں لیکن عرض دیدہ نہیں ہے۔ نیز یہ بات بھی غور طلب ہے کہ عرض دیدہ صرف مغلوں کے شاہی کتب خانوں کی کتابوں پر ہی ہوتا تھا۔ دیگر شاہی کتب خانوں کی کتابوں پر نہیں مثلاً بہمنی سلاطین کی کتابوں پہ اور شاہان اودھ کے کتب خانے کی کتابوں پہ عرض دیدہ مجھے نہیں ملا۔ جس سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ یہ اصطلاح خالص مغلوں کی تھی۔

دوسرا مسئلہ یہ بھی غور طلب ہے کہ ان کتب خانوں میں مخطوطات کے دیگر ضروری کوائف کے اندراج کے لیے کیا کوئی رجسٹر ہوتا تھا؟ میرا خیال ہے کہ نہیں ہوتا تھا۔ کیونکہ وہ سارے کوائف جس کا اندراج Accession Register میں آجکل ہوا کرتا ہے۔ وہ سارے کے سارے کوائف کتاب کے سرورق پہ لکھے ملتے ہیں۔ مثلاً مخطوطے کا نام اور مصنف کا نام کیا تھا؟ اس مخطوطے میں کتنے اوراق ہیں۔ کس کے کتب خانے کے لیے خریدا گیا۔ (عین العلم، یونی ورسٹی عربیہ چند تصوف ۱۵)، کب خریدا گیا، اور اس کی قیمت کتنی ہے (ذخیرۃ الملوک)، مخطوطہ محشی ہے یا غیر محشی ہے (حصن حصین) کاغذ کیسا ہے (حصن حصین) کس کی تحویل میں دیا گیا۔ کس کی تحویل سے کس کی تحویل میں دیا گیا؟ کہاں سے برآمد کیا گیا وغیرہ۔

اب جو میں بات کہنے جا رہا ہوں وہ میرے اس مقالے کی بنیاد ہے یعنی اب تک عرض دیدہ شد کو موجودہ لائبریری سائنس کی خاص اصطلاح میں Stock Verification کے مترادف سمجھا جاتا تھا۔ لیکن میں اس سے اختلاف کرتا ہوں۔ میری ناقص رائے میں یہ Stock Symbole کا Verification نہیں ہے۔ اس کے ثبوت کے لیے میں چند باتیں پیش کرنا چاہتا ہوں۔

Marfat.com

Stock Verification کا مطلب ہوتا ہے کسی کتب خانے میں کتاب کی موجودگی یا غیر موجودگی کی اطلاع۔ Stock Verification عموماً کتب خانوں میں کم از کم ایک سال، دو سال، تین سال یا اسی طرح سے کئی کئی برسوں پر ہوا کرتا ہے۔ جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ فلاں سن میں یہ کتاب کتب خانے میں موجود تھی، لیکن اب نہیں ہے تو غیر موجودگی یا گم ہونے کی اطلاع کتاب کے علاوہ کسی دوسرے دستاویز یا رجسٹر پہ ہونی چاہیے نہ کہ خود کتاب پر۔ اگر S.V. کے سلسلے کی یہ اطلاع یعنی موجودگی یا غیر موجودگی کی اطلاع خود کتاب پر دی جائے تو موجودگی کی حالت میں تو یہ اطلاع بے معنی سی ہو جاتی ہے۔ Stock Verification کا اصل مقصد موجودہ کتابوں کی Physical checking کے بعد گم شدہ کتابوں کی اطلاع فراہم کرنا ہوتا ہے۔ اگر موجودگی کی اطلاع "عرض دیدہ شد" لکھ کر کتاب پر بھی کی جاتی ہے تو گم شدگی کی اطلاع کہاں درج ہوگی؟ وہ شاخ ہی نہ رہی جس پہ آشیانہ تھا۔

اگر آجکل بھی کتابوں کا Stock Verification کرایا جائے تو مخطوطات کی ساری Entries چیک کرنے پر بھی کم از کم دن بھر میں ۱۰ کتابیں ضروری check کی جا سکتی ہیں۔ لیکن شاہی کتب خانوں میں کم از کم ۴ — ۵ ہزار کتابیں بھی رہتی ہوں تو روزانہ دس کتابوں کے Verification کے حساب سے اُس کتاب کا نمبر تقریباً ڈیڑھ دو سال کے بعد آئے گا۔ لیکن اکثر عرض دیدے مجھے ایسے ملے جو ایک ہی سال کے یا اگلے سال کے ہیں۔ لہٰذا یہ S.V. تو نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ یہ سوال اٹھتا ہے کہ کیا کتب خانے میں صرف Stock Verification ہی ہوا کرتا تھا؟

تیسری بات یہ ہے کہ اگر عرض دیدہ Stock Verification کا مترادف ہو تو عرض دیدہ کے نیچے صرف کتابدار کی مہر یا دستخط ہوں گے لیکن ایسا نہیں ہے بلکہ ہر عرض دیدہ کا تعلق کسی نہ کسی مہر سے ہے اور وہ مہر کسی نہ کسی امیر کی ہے۔ کیا یہ امیر یعنی عثمان خاں بندہ شاہجہاں عنایت خاں شاہجہانی، صادق خاں بندہ شاہجہاں، مرتضیٰ عالم گیر شاہی، محمد ابراہیم حسینی بندہ عالمگیر وغیرہ کتابدار تھے یا انکا کام S.V. تھا؟

چوتھی بات یہ کہ اگر اسے S.V. تسلیم کر لیا جائے تو ایک محنت کرنا ہوتی یعنی جتنی تاریخوں

Marfat.com

کے عرض دیدے ملتے ہیں انھیں یکجا کر کے Computer میں Fixed کر دیا جائے اور انھیں Arrange کیا جائے تو یہ نتیجہ سامنے آئے گا کہ کسی بھی عرض دیدہ کی تاریخ دوسرے عرض دیدہ کی تاریخ سے Tally نہیں کرتی ہے یعنی ایک نسخہ پر اگر پنجم ربیع الثانی سن ۲۳ کا عرض دیدہ ہے تو یہ تاریخ تلاش بسیار کے بعد کسی اور کتاب پر مل جائے تو مل جائے لیکن یہ آسان نہیں تو کیا ایک دن میں ایک کتاب کی چیکنگ ہوتی ہے۔ اگر ایسا ہوتا تو ایک checking کے بعد دوسری checking کا نمبر دس بیس برسوں کے بعد آنا چاہیے جبکہ ایسا نہیں ہے۔

پانچویں بات یہ کہ ایک کتاب کا Verification ایک دن میں دو بار یا تین بار نہیں ہو سکتا۔ میرے پاس ایسی مثالیں موجود ہیں جس میں ایک ہی دن کے تین عرض دیدے موجود ہیں تو کیا یہ Stock Verification ہوگا؟

لیکن اب یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر یہ stock verification نہیں ہے تو کیا ہے؟ عرض دیدہ سے کیا مراد لیا جا سکتا ہے۔ میری ناقص رائے میں یہ کتابیں ایشو کرنے اور ریڈر کے مطالعہ کرنے کا ریکارڈ ہے۔

شاہی کتب خانے ——— بادشاہوں اور امرار کے لیے ہی مخصوص ہوتے تھے۔ ایرے غیرے نتھو خیرے کا گزر تو ممکن ہی نہیں تھا۔ نیز عوام بھی جو علم دوست اور کتاب دوست ہوا کرتے تھے۔ انکا ذاتی کتب خانہ ہوا کرتا تھا۔ لہذا شاہی کتب خانوں سے مخصوص قسم کے لوگ ہی مستفید ہو پاتے تھے۔ جب کوئی کتاب خریدی جاتی تھی یا کتب خانے میں داخل کی جاتی تھی تو وہ بادشاہ کے حضور بھی گزاری جاتی تھی۔ اہم نسخوں کا مطالعہ خود بادشاہ بھی کیا کرتا تھا اور کچھ تحریر بھی لکھ دیا کرتا تھا ایسی تحریریں عموماً جہانگیر اور شاہ جہاں کی ملتی ہیں۔ یہ تحریر ہی دراصل ان بادشاہوں کا عرض دیدہ تھا۔ ان کے لیے یہ اصطلاح "عرض دیدہ شد" لکھنے کی ضرورت نہیں تھی۔ ہاں اورنگ زیب کے عرض دیدہ ملتے ہیں جس پر اس کی مہر ہے۔ امرار کو جب کتابیں پڑھنے کے لیے دی جاتی تھیں تو مطالعہ کنندگان کا ریکارڈ رکھنے کے لیے "عرض دیدہ شد" لکھا جاتا تھا اور انکی مہریں ثبت کر دی جاتی تھیں کیوں کہ اس زمانے میں دستخط کا رواج نہیں تھا بلکہ دستخط کی جگہ مہریں ہی کام کیا کرتی تھیں۔

Marfat.com

اگر تمام عرض دیدوں کی تحریروں پر غور کیا جائے تو سب کے خط ایک دوسرے سے جدا ملتے ہیں۔ کسی ایک آدمی کے نہیں اس سے یہ پتا چلتا ہے کہ مختلف وقتوں میں مختلف ریڈرز نے اس سے استفادہ کیا ہے۔

اور اس سلسلے کی ایک اہم بات یہ کہ ایک ہی دن کے کئی عرض دیدے ایک ہی نسخے پر ملتے ہیں۔ (لوایح جامی) جو اس بات کا ثبوت ہیں کہ یہ S.V. کا symbol نہیں بلکہ مطالعہ کنندگان کا ریکارڈ ہے۔

Marfat.com

ڈاکٹر محمد عتیق الرحمٰن
خدا بخش لائبریری، پٹنہ

ترقیمہ ــ اہمیت و افادیت

(خدا بخش مخطوطات کی روشنی میں)

ترقیمہ عربی لفظ ہے جس کا اصل معنی خاتمۂ کتاب ہے۔ اور اُردو میں انگریزی لفظ Colophon کے معنی میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کی تعریف کرتے ہوئے اردو کے مشہور محقق اور فاضل مولوی عبدالحق بابائے اردو نے The Standard English Urdu Dictionary میں لکھا ہے:

"کتاب کے اخیر کی وہ تحریر جس میں قدیم زمانے میں مصنف اپنے اور اپنی تصنیف کے حالات لکھتا اور اکثر لفاظی اور انشا پردازی کا زور دکھاتا تھا"۔

میرے خیال میں اس تعریف سے مکمل طور پر اتفاق نہیں کیا جا سکتا۔ کیوں کہ بابائے اردو کا یہ کہنا کہ ترقیمہ میں اکثر لفاظی اور انشا پردازی کا زور دکھایا جاتا تھا۔ قطعاً غلط ہے۔ اگر یہ بات جرمن، فرنچ یا دیگر یورپی زبانوں کی کتابوں کے بارے میں کہی گئی ہو تو میں کچھ نہیں کہہ سکتا۔ کیونکہ میں خود ان زبانوں سے بالکل نابلد ہوں۔ لیکن اگر یہ بات عربی، فارسی، اردو، ترکی کے سلسلے میں کہی گئی ہو تو میں اسکو قطعاً غلط سمجھتا ہوں۔ کیونکہ ان زبانوں کی سینکڑوں قلمی کتابیں میرے مطالعہ میں آئی ہیں جن کے آخر میں ترقیمہ کی عبارتیں موجود ہیں لیکن ان میں نہ کہیں لفاظی نظر آتی ہے اور نہ انشا پردازی کا غلبہ۔ ایسی صورت میں یہ کہنا کہ اس میں اکثر لفاظی اور انشا پردازی کا زور ہوتا تھا۔ بڑی حیرت کی بات ہے۔ پھر ترقیمہ کے لیے لفاظی جیسے لفظ استعمال کرنا اس کی افادیت، اہمیت اور قدر و قیمت کو کم کر دیتا ہے۔

تعریف: ترقیمہ کی صحیح تعریف دریافت کی جائے تو کہا جا سکتا ہے کہ ترقیمہ دراصل قلمی کتاب کے آخر کی وہ عبارت ہوتی ہے۔ جس میں اس کا کاتب کتاب کی کتابت کے حالات و واقعات تحریر کرتا ہو۔ خواہ اس کا کاتب خود مصنف ہو یا کوئی اور۔

اہمیت: ترقیمہ کسی کتاب کے لیے بڑی اہم چیز ہوتی ہے۔ کیونکہ وہ ہمیں بتاتا ہے کہ کتاب کا نام کیا ہے۔ کس نام سے

Marfat.com

مشہور ہے۔ مصنف کا نام کیا ہے۔ کس نام سے شہرت یافتہ ہے۔ اس کا کس خاندان سے تعلق ہے۔ وہ کس مقام سے تعلق رکھتا ہے۔ اس کا مذہبی عقیدہ کیا ہے۔ کتاب کب، کس وقت، کس دن، کس مہینہ اور کس سال میں لکھی گئی۔ کس کے حکم سے اور کس کے گھر میں لکھی گئی۔ کس کے نام سے منسوب کی گئی۔ کس کی خدمت میں پیش کی گئی۔ اگر حدیث کے فن کی کتاب ہے تو اس سے ہمیں مزید اطلاع ملتی ہے کہ کس حدیث کو کس نے سنی اور کس سے سنی۔ کس نے پڑھایا اور کن کن لوگوں نے پڑھا۔ کتاب کا مقابلہ کسی دوسرے مستند نسخے سے کیا گیا یا نہیں کیا گیا۔ یہ اور بات ہے کہ یہ تمام اطلاعات تمام قلمی کتابوں میں یکساں طور پر نہیں ملتیں۔ بلکہ کسی کتاب میں صرف کتاب کا نام، مصنف اور سال کتابت ملے گا تو کسی کتاب میں کتاب کا مشہور نام، مصنف کا خاندانی سلسلہ، عقیدہ، تاریخ، دن اور سال کتابت پایا جائے گا کسی کتاب میں کاتب کا نام اور کتابت کے ماہ و سال دکھائی دیں گے تو کسی کتاب میں تم الکتاب بعون اللہ سبحانہ و تعالیٰ۔ کسی کتاب میں دردار الخلافہ اور حسب فرمائش لکھا ہوا ملے گا تو کوئی کتاب اس سے بالکل عاری و خالی۔

بہر حال ان تمام معلومات کی بنا پر کہا جا سکتا ہے کہ ترقیمہ ہمیں کسی مصنف کے حالات زندگی کے مرتب کرنے میں بنیادی تاریخی مواد فراہم کرتا ہے۔ اس کی علمی عظمت اور برتری سے واقف کراتا ہے۔ اس کی خاندانی حیثیت اور تہذیب و تمدن سے آگاہ کرتا ہے۔ اس کے علمی شغل کو ظاہر کرتا ہے۔ اس کی عمر، عقیدہ، جائے پیدائش اور وفات کی تعیین میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ امراء، خلفاء اور بادشاہوں کے ساتھ اس کے تعلقات کی نشاندہی کرتا ہے۔

قدامت: ترقیمہ کے استعمال کی تاریخ نہایت قدیم ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اس کا استعمال سب سے پہلے ابن مقلہ نے کیا تھا جو چوتھی صدی ہجری کا مشہور خطاط اور عربی خط نسخ کا موجد ہے۔ یہ ترقیمہ ایک قرآنی نسخہ کے اخیر میں ملتا ہے جو رضا لائبریری رام پور میں محفوظ ہے۔ اس کے بعد الرسالۃ القشیریہ کے نام سے ایک اور نسخہ ملتا ہے جو پانچویں صدی ہجری کے اوائل (۴۳۸ھ) کا مکتوبہ ہے۔ یہ مشہور صوفی شیخ ابوالقاسم عبدالکریم بن ہوازن القشیری (متوفی ۴۶۵ھ) کی تصنیف ہے۔ یہ نسخہ خدا بخش لائبریری پٹنہ میں محفوظ ہے اور لائبریری کا سب سے قدیم نسخہ ہے اس کے آخر میں ترقیمہ کی عبارت ملتی ہے۔ جس سے واضح ہوتا ہے کہ یہ ۴۳۹ھ میں کتابت کیا گیا۔ ترقیمہ کی عبارت ملاحظہ ہو:

قد نجزلنا املأهذه الرسالة فی اوائل سنة ثمان وثلاثین واربع مایة نسأل الله الکریم له لان یجعلها علینا حجة۔

Marfat.com

اس کے علاوہ عربی فارسی، اردو کی سینکڑوں قلمی کتابیں محفوظ ہیں ——————

جو مختلف عہد کی ہیں۔ ان کے مطالعے سے پتہ چلتا ہے کہ قدیم زمانے میں ترقیمے کا استعمال کس کس طرح سے کیا جاتا تھا اور کیسی کیسی معلومات فراہم کی جاتی تھیں۔ مثال کے طور پر درج ذیل سطور میں چند قلمی نسخوں کے ترقیمے پیش کیے جاتے ہیں تاکہ اس کی اقسام، اہمیت اور افادیت کی پوری طرح وضاحت ہو سکے۔

عربی

! لجزء الثالث لسنن ابی داؤد : یہ سنن ابی داؤد کا نہایت قدیم نسخہ ہے جو عربی زبان میں ہے اور ۱۹۱ اوراق پر مشتمل ہے اور کتاب نمبر ۵۰۷ ہے۔ اس کے آخر میں ترقیمہ ہے جو نہایت معلومات افزا ہے۔ اس کے مطالعہ سے واضح ہوتا ہے کہ یہ نسخہ ۵۷۶ھ میں اسکندریہ میں لکھا گیا۔ اس کا مقابلہ چھٹی صدی ہجری کے معروف عالم حدیث سند بن عنان الازدی کے نسخہ سے کیا گیا تھا جنھوں نے اپنے نسخے کا مقابلہ ایک دوسرے عالم حدیث طرطوسی کے نسخے سے کیا۔ جن سے خود سند بن عنان نے اجازت حدیث حاصل کی تھی۔ اسی بنا پر یہ نسخہ نہایت اہم، قدیم اور زیادہ بہتر قرار دیا جاتا ہے۔ ترقیمہ کی عبارت ملاحظہ ہو۔

تم کتاب السنن بعون اللہ قابلت جمیعہ بنسخۃ الفقیہ سند بن عنان الازدی وقابلہ الفقیہ من نسخۃ الطرطوسی بمدینۃ الاسکندریہ وکان الفراغ من نسخہ ومقابلتہ فی العشر الاول من المحرم من سنۃ ست وسبعین وخمس مایۃ۔

وقال الفقیہ سند وحدثنا بہ ایضاً الفقیہ ابوبکر محمد بن الولید الطرطوسی عن شیخہ قاضی ابی الولید الباجی عن عبداللہ بن ابی الولید عن ابی موسی عیسی بن خلف عن ابی بکر محمد بن بکر بن داسہ عن ابی داؤد۔ وسمعت جمیعہ علی الفقیہ ابی الطاہر (ابن عوف) مع سیف الدین والجماعۃ سنۃ خمس وسبعین وخمس مایۃ۔

شواہد التوضیح والتصحیح لمشکلات الجامع الصحیح : یہ بخاری شریف کی شرح ہے جس کے مصنف جمال الدین محمد الطائی ساتویں صدی ہجری کے مشہور عالم، ماہر لغت وقواعد ہیں۔ یہ نسخہ نہایت قدیم اور اہم ہے کیونکہ اس کے کاتب شیراز کے قاضی اور اپنے وقت کے بڑے عالم تھے۔ ان کا نام احمد بن ابراہیم بن محمد بن ادریس ہے۔ جن کا انتقال ۶۷۵ھ میں ہوا۔ یہ نسخہ ۱۰۸ اوراق پر مشتمل ہے۔ اس کا نمبر کتاب ۵۴۷ ہے۔ اس کے آخر میں ترقیمہ موجود ہے جس سے واضح ہوتا ہے کہ یہ نسخہ ۱۹ ربیع الآخر ۶۹۱ھ میں لکھا گیا جسکو کاتب نے خود اپنے لیے لکھا تھا۔ ترقیمہ یہ ہے۔

کتبہ لنفسہ العبد الفقیر الی اللہ سبحانہ وتعالیٰ المعترف بتقصیرہ المشرق علی نفسہ الرامی رحمۃ ربہ الطامع فی مغفرتہ ورضوانہ احمد بن ابراہیم بن محمد بن ادریس بن شعبان بن عبداللہ عفا اللہ عنہ وعن والدیہ۔ وافق الفراغ من کتابتہ یوم الاربعاء تسع عشرۃ لیلۃ خلت من شہر ربیع الاخر من سنۃ احدی وتسعین وستمایۃ۔

Marfat.com

الذیل اللآلی المصنوعہ والنکت البدیعات : یہ ایک مجموعہ ہے جس میں دو رسائل ہیں۔ ایک الذیل اللآلی المصنوعہ اور دوسرا النکت البدیعات۔ دونوں رسائل کے مصنف اسلامی دنیا کے مشہور و معروف عالم علامہ جلال الدین سیوطی (م ۹۱۱ھ) ہیں۔ دونوں نسخے گیارہویں صدی کے مکتوبہ ہیں۔ جو ۲۰۱ اوراق پر مشتمل ہیں۔ نمبر کتاب ۴۹۳ ہے۔ النکت البدیعات کے آخر میں ترقیمہ ملتا ہے جس میں کاتب نے مصنف کی مندرجہ ذیل عبارت نقل کی ہے:

ہذا آخر ما اردتہ فی ہذا الکتاب من الاحادیث المتعقبہ لا سبیل الی ادراجہا فی مسلک الموضوعات وعددتہا نحو ثلث مایۃ۔

ترقیمہ کے لحاظ سے یہ بڑی مفید اور دلچسپ عبارت ہے۔ کیونکہ مصنف نے اس میں سال کتابت اور کتاب کا نام نہیں لکھا بلکہ یہ اطلاع دی کہ جو احادیث موضوع احادیث کے ذیل میں نہیں آسکیں۔ جن کو ابن جوزی نے غلطی سے موضوعات میں داخل کر دیا ہے۔ ان کو انھوں نے اس کتاب میں جمع کر دیا ہے۔ اور ایسی احادیث کی تعداد تین سو ہے۔

کتاب التیسیر فی القرآۃ السبعہ : کتاب التیسیر فن قرآت پر ایک اہم کتاب ہے۔ جو اپنی قدامت اور ندرت کے لحاظ سے اہم نسخہ ہے۔ اس کے مصنف ابو عمرو عثمان الدانی ہیں جو چوتھی صدی ہجری میں اسپین کے مشہور و معروف قاری اور عالم دین تھے۔ یہ نسخہ ۸۴۵ھ میں کتابت کیا گیا۔ اس کے آخر میں ترقیمہ ملتا ہے۔ جو مختلف قسم کی معلومات فراہم کرتا ہے۔ اس سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ یہ ماہ صفر ۸۴۵ھ میں مدرسہ منصوریہ میں لکھا گیا۔ کاتب کا نام احمد بن حسین بن علی المنذری ہے۔ جو مدرسہ منصوریہ کے امام تھے۔ یہ نسخہ دراصل سلطان الملک الظاہر محمد ابو سعید جقمق کے لیے لکھا گیا تھا اب آپ اصل ترقیمہ کی عبارت ملاحظہ کیجئے:

کتب ہذا التیسیر المبارک لجمع الروایات السبعہ برسم المقام الشریف العالی السلطان الاعظم المالک الملک الظاہر محمد ابی سعید جقمق اعز اللہ انصارہ بمحمد والہ من کتابۃ الفقیر الی اللہ تعالیٰ احمد بن حسین بن علی المنذری الامام بالمدرسۃ المنصوریہ غفر اللہ لہ ولوالدیہ وللمسلمین اجمعین فی شہر سنۃ خمس واربعین وثمان مایۃ۔

فارسی:

تاریخ ابوالخیرخانی : یہ ایک اہم کتاب ہے جس میں تخلیق عالم سے لے کر نویں صدی کے معروف ازبک حکومت کے بانی ابوالخیر خاں (متوفی ۸۷۴ھ) کی تاریخ اور حالات زندگی بیان کیے گئے ہیں۔ یہ نسخہ ۲۴۳ اوراق پر مشتمل ہے۔ اس کا نمبر ۱ ہے۔ اس کے آخر میں ترقیمہ ہے۔ جس سے کئی طرح کی معلومات ہمیں ملتی ہیں۔ اس سے واضح ہوتا ہے کہ اس کی کتابت حافظ البخاری نے کی جو ۹۹۹ھ میں کی گئی۔ یہ خدمت اس نے اس وقت انجام دی جب وہ عزلت نشیں ہو چکا تھا اور قصبہ پیر مست میں اقامت پذیر تھا۔ اصل عبارت ملاحظہ ہو۔

Marfat.com

تمام شد ایں کتابت تاریخ حضرت ابوالخیر خانی بتائید و مدد آسمانی .... بخط فقیر الحقیر خاکساری و قلم شکستہ بستہ حافظ البخاری در روز دوشنبہ دوم شہر رمضان المبارک بموافق ولاحق توشقان بیل سنہ ۹۹۹ در ایامی کہ عزلت اختیار کردہ در نشیمن قناعت بقصبۂ پیر مست متوطن بود صورت تحریر یافت۔

مختار نامہ : یہ ایک نادر اور اہم کتاب ہے۔ جس میں مختار بن ابی عبید بن مسعود الثقفی کے حالات زندگی بیان کیے گئے ہیں۔ اس کے مصنف کا نام ابوذر سلمان بن احمد شریف فالی ہے۔ یہ ایک خوبصورت نسخہ ہے جسکی کتابت مشہور کاتب مرشد الکاتب نے کی ہے۔ اس کے ترقیمہ سے پتہ چلتا ہے کہ مرشد نے اس کی کتابت شعبان کے مہینے میں ۹۴۷ ھ میں کی۔ پھر اخیر میں اس نے ایک تاریخی قطعہ بھی تحریر کیا ہے۔ لیکن اس قطعہ سے جو تاریخ نکلتی ہے۔ وہ ۹۴۶ ھ ہے۔ ترقیمہ کی عبارت ملاحظہ ہو۔

تم المختار نامہ بعون اللہ وحسن توفیقہ وصلی اللہ علی نبینا محمد وآلہ واحبابہ فی تاریخ شہر شعبان المعظم سنہ سبع واربعین وتسع مایۃ الہجریہ علی ید اقل العباد مرشد الکاتب الشیرازی غفر ذنوبہ وستر عیوبہ برحمتک یا ارحم الراحمین۔

غریق رحمت یزداں کسی باد کہ کاتب را بالحمدی کند یاد

دیوان بدر چاچ : یہ بدر الدین محمد شاشی (متوفی ۱۳۵۳ء/۷۵۴ھ) کا مجموعہ کلام ہے جس میں اس کے قصائد قطعات، غزلیات درج ہیں۔ اس میں ۶۷ اوراق ہیں۔ نمبر کتاب ۱۵ اس کے آخر میں ترقیمہ ملتا ہے۔ جس میں کاتب کا نام نہیں ہے۔ اور نہ سال کتابت کی پوری وضاحت ہے تاہم اس سے اس بات کا علم ہوتا ہے کہ یہ نسخہ اس وقت لکھا گیا جب فرخ سیر بادشاہ (۱۱۲۴-۱۱۳۱ھ) ۲۷ محرم الحرام کو بروز دوشنبہ شکار کھیلنے کی غرض سے روانہ ہو رہا تھا۔ اس کتاب کے سلسلے میں بلاشبہ یہ دلچسپ معلومات ہیں۔ ترقیمہ کی عبارت ملاحظہ فرمائیں۔

بتاریخ بست وہفتم ماہ محرم الحرام (؟) محمد فرخ سیر روز دوشنبہ بوقت دوپا اس روز برآمدہ بود۔ بادشاہ متوجہ بجانب شکار رفتہ بود ندازاں وقت تحریر یافت۔

حسین شاہی : یہ افغانستان کی درانی حکومت کی تاریخ پر ایک اہم کتاب ہے۔ جس میں خاص طور پر احمد شاہ درانی، تیمور شاہ، شاہ زماں کے حالات بیان کیے گئے ہیں۔ یہ امام الدین حسینی کی تصنیف ہے جو ۱۳ ویں صدی ہجری کے مشہور فاضل ہیں۔ یہ نسخہ ۲۷۳ اوراق پر مشتمل ہے اس کا نمبر ۸۳ ہے۔ اس کے آخر میں ترقیمہ کی معلومات افزا عبارت ملتی ہے۔ اس سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ یہ آٹوگراف کاپی ہے۔ جسکو مصنف نے اپنے ہاتھ سے لکھا ہے کیونکہ اس کے لیے اس نے بخط بندۂ درگاہ میر امام الدین حسینی مؤلف وجامع ایں نسخہ تحریر کیا ہے جسکا

Marfat.com

واضح مطلب یہی ہے کہ یہ اس کا مکتوبہ نسخہ ہے۔ یہ نسخہ ۲۰ جمادی الثانی ۱۲۱۳ھ کو لکھنؤ میں لکھا گیا۔ ترقیمہ ملاحظہ ہو۔

تا اینجا بخط بندۂ درگاہ میر امام الدین حسینی مؤلف و جامع این نسخہ حسین شاہی قلمی شد در بلدۂ لکھنؤ بتاریخ بستم شہر جمادی الثانی سنہ ۱۲۱۳ ہجری نبوی باتمام رسید۔

فہرست صبح صادق : صبح صادق تاریخ کی ایک اہم کتاب ہے۔ جس میں قدیم زمانے سے ۱۰۴۸ھ تک کے تاریخی حالات و واقعات بیان کیے گئے ہیں۔ جو چار جلدوں میں ہے۔ یہ انہیں چار جلدوں کی فہرست ہے یہ ۷۹ اوراق پر مشتمل ہے۔ اس کا نمبر ۲۶ ہے۔ اس کے آخر میں ترقیمہ ملتا ہے۔ جس سے کئی طرح کی معلومات حاصل ہوتی ہیں۔ اس سے واضح ہوتا ہے کہ یہ دو جلدوں کی مفصل فہرست ہے۔ جسکی کتابت ۲۷ شوال المکرم ۱۳۰۳ئیں عظیم آباد میں ہوئی۔ عبارت یہ ہے :

تمام شد فہرست مطولہ ہر دو جلد نسخۂ صبح صادق در عظیم آباد بتاریخ بست و ہفتم شہر شوال المکرم ۱۳۰۳ ہجری۔

ترکی :

ترجمہ رشحات عین الحیات : یہ ترکی زبان میں لائبریری کا ایک اہم نسخہ ہے۔ کیونکہ اس کے کاتب دنیا کے مشہور عالم و فاضل حاجی خلیفہ معروف بہ کاتب چلپی ہیں اس کا نمبر ۱۲ ہے۔ یہ نسخہ ۱۳۱ اوراق پر مشتمل ہے۔ آخر میں ترقیمہ ہے جس سے واضح ہوتا ہے کہ اس کے کاتب حاجی خلیفہ ہیں اور یہ نسخہ بروز جمعہ بوقت ظہر بماہ محرم الحرام سنہ ۱۰۴۶ھ میں لکھا گیا۔ ترقیمہ ملاحظہ ہو : والحمد للہ علی الاتمام والصلوٰۃ والسلام علی سیدنا محمد سید الانام وعلی آلہ وصحبہ البررۃ الکرام۔ تمت الکتاب لعنایۃ الملک الوہاب فی وقت الظہر یوم الجمعۃ من شہر اوائل محرم الحرام سنہ ۱۰۴۶ علی ید اضعف العباد الحاجی خلیفہ المشتہر بکاتب الچلپی غفر اللہ عنہ وعن جمیع المسلمین۔

مناسک حج : مناسک حج پر ترکی زبان میں یہ ایک رسالہ ہے۔ جس کو مولانا آفندی آمدی نے مرتب کیا ہے۔ اس کا نمبر ۱۱ ہے۔ یہ ۶۰ اوراق پر مشتمل ہے۔ کتابت ۱۱۱۶ھ کی ہے۔ اس کے آخر میں ترقیمہ ملتا ہے۔ جس سے واضح ہوتا ہے کہ اس کے کاتب کا نام ملا مصطفیٰ دیار بکری ہے۔ جس نے حرم شریف میں وسط محرم الحرام سنہ ۱۱۱۶ھ میں کتابت کی۔ ترقیمہ ملاحظہ ہو :

قالہ وکتبہ ملا مصطفیٰ الدیار بکری المواعظ فی الحرام الشریف کان اللہ لہ تاحرا ومعینا آمین بحرمۃ سید الاولین والآخرین قد وقع الفراغ فی اواسط شہر محرم الحرام سنہ ست عشر ومایۃ والف۔

Marfat.com

اوضح المسالک الی معرفۃ البلدان والممالک: یہ کتاب اسلامی دنیا کے مختلف اہم شہر اور مقامات کی تفصیل و توضیح پر مشتمل ہے۔ جو ترکی زبان میں ہے اور ترکی عالم محمد بن علی معروف بہ سپاہی زادہ کی تصنیف ہے۔ یہ ۹۹ اوراق پر مشتمل ہے۔ کتاب کا نمبر ۴ ہے۔ اس کے آخر میں ترقیمہ ملتا ہے جس سے واضح ہوتا ہے کہ مصنف نے اس کی تصنیف ۱۲ رجب المرجب ۱۰۸۸ھ میں کی۔ ترقیمہ کی عبارت ملاحظہ ہو:

فرغت عن تالیفہ وتصنیفہ فی الیوم الثالث عشر من شہر رجب من شہور سنہ ثمان وتسع مائۃ۔ حامدا للہ تعالی علی الاختتام اس کا کاغذ اور شان کتابت دیکھنے سے پتہ چلتا ہے کہ اس کی کتابت ۱۳ ویں صدی ہجری میں ہوئی ہے۔

اردو:

مثنوی سوز و ساز: یہ قاضی محمد صادق اختر کی مثنوی ہے جو ۲۴ راوراق پر مشتمل ہے۔ اس کی کتابت ۱۲۵۳ھ کی ہے۔ اس کے آخر میں ترقیمہ ملتا ہے جس سے واضح ہوتا ہے کہ اس کا نام مثنوی اختر ہے جسکی کتابت ۱۷ ذی الحجہ بروز چہار شنبہ ۱۲۵۳ فصلی میں ہوئی اس کے بعد "در عہد انگریز فتنہ انگیز" کی عبارت ملتی ہے جس سے واضح ہوتا ہے کہ جس وقت اس کی کتابت ہوئی اس وقت ہندستان میں انگریز فتنہ انگیزی کر رہے تھے۔ اور شر انگیزی میں پورے طور پر مصروف تھے۔ اب ترقیمہ ملاحظہ ہو:

تمام شد کار من نظام شد مثنوی اختر۔ بتاریخ ہفدہم شہر ذی الحجہ بروز چہار شنبہ ۱۲۵۳ فصلی در عہد انگریز فتنہ انگیز صورت تحریر گرفت۔

مثنوی لیلی مجنون: یہ میر حسین عرف میر حاجی تجلی دہلوی کی طویل مثنوی ہے۔ جس میں ۱۹۷ اوراق ہیں کتاب کا نمبر ۱۹ ہے اور کتابت ۱۲۲۶ھ کی ہے۔ کاتب کا نام امیر علی نارنولی ہے۔ اس کے آخر میں ترقیمہ کی عبارت ملتی ہے جو نہایت طویل ہے اور معلومات افزا ہے۔ ترقیمہ ملاحظہ ہو:

تمت من تصنیف مولوی حاجی کتاب لیلی مجنون تخلص تجلی غفر اللہ ذنوبہ تمام شد۔ تمت تم بالخیر والصلاح" بعون الفتاح وکرم نبی المختار نسخۃ" موسومۃ" بہ لیلی مجنون من تصنیف مولوی حاجی تخلص تجلی در عہد محمد اکبر شاہ بہادر بادشاہ غازی در شہر سوای جے پور در ہنگام راجہ جگت سنگھ بہادر در شہر شعبان المعظم بتاریخ نوزدہم ماہ مذکور در ۱۲۲۶ھ ہجری مطابق سنہ ۵ جلوسی روز یک شنبہ بموجب فرمائش مرزا صاحب شفیق جاں، نیاز منداں مرزا قاسم علی بیگ عرف بہ مرزا جان صاحب ادام اللہ

Marfat.com

اقبالہا وضاعف اجلالہما۔ بدستخط بندہ امیر علی المتوطن الحویلی نارنول بزودی تمام درعرصہ ہفت روز تحریر یافت۔
چونکہ منقول علیہ بسیار غلط بود تاہم بموجب ... صحیح نوشتہ ام اما توقع از دبیران کامل خرد وخوانندگان ذی ہنر است کہ اگر بہ کسی جا سہوی شدہ باشد معاف فرمایند چرا کہ بموجب ایں کہ الانسان مرکب من الخطای والنسیان۔ فرد بپوش گر بخطاں رسی وطعنہ مزن۔ کہ ہیچ نفس بشر خالی از خطا نبود۔ شعر یوح الخطی القرطاس دہر۔ وکاتبہ رمیم فی التراب۔ قاریا ببر من مکن قہر وعتاب۔ گر خطای رفتہ باشد در کتاب آں خطای رفتہ را تصحیح کن۔ عاقبت واللہ اعلم ... (بالصواب)

من نوشتم صرف کردم روزگار ــ من نمانم ایں بماند یادگار

اس ترقیمے سے مندرجہ ذیل قسم کی معلومات حاصل ہوتی ہیں۔ جو اس نسخے کے سلسلے میں نہایت اہم ہیں۔

(۱) کتاب کا نام لیلی مجنوں اور اس کا مصنف میر حسین عرف حاجی تخلص تجلی ہے۔

(۲) کتابت ۱۹ شعبان المعظم ۱۲۲۶ھ میں ہوئی جو محمد اکبر شاہ بہادر بادشاہ غازی کا پانچواں سال جلوس ہوتا ہے۔

(۳) کاتب کا نام امیر علی نارنولی ہے جس نے جے پور شہر میں اس کی کتابت کی۔

(۴) کتابت راجہ جگت سنگھ کے وقت میں مرزا قاسم علی بیگ عرف مرزا جان کی فرمائش پر کی گئی۔

(۵) چونکہ پچھلا نسخہ نہایت غلط تھا اس لیے یہ صحیح نسخہ نہایت عجلت میں یعنی صرف ایک ہفتہ میں لکھا گیا۔

(۶) کاتب نے اپنے سہو وغلطی کی معافی اور اصلاح کے سلسلے میں چار مشہور اشعار فارسی زبان کے اور ایک عربی زبان کے پیش کیے ہیں۔ جو ترقیمہ کے آخر میں درج ہیں۔ یہ اشعار عام طور پر ایک جگہ نہیں ملتے۔ اس لحاظ سے یہ ترقیمہ زیادہ اہمیت کا حامل ہے۔

Marfat.com

Marfat.com

بریده باشد چنانک بیشتری باقی بود روا باشد امّا بی سرون و دیوانه
روا نباشد و گوسفندی که در خلقت او را گوش نبوده باشد روا باشد
امّا بی دندان روا نباشد چنانک علف نتواند خوردن و دیگر باید که از پشم
و شیر و روغن و هرچه از قربانی حاصل آید آنرا نیز صدقه دهند و دیگر اگر
کسی قربانی را بدست خود ذبح کند افضل است اگر نتواند بر سر قربانی
ایستد دیگری را فرماید ذبح کردن تا صواب بی شمار
حاصل آید وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ تمام شد نسخهٔ
مفتاح الجنان در روز آدینهٔ بیست و پنجم
شوال سنه ثلاث و تسعین و ثمانمائه
تمت بعون
الملک الوهاب

[illegible]

بسم الله الرحمن الرحیم

Marfat.com



Marfat.com

زنجبیل ده سنگ سیوم چشمه سلسبیل ده سنگ و هم شاخ شادم هر خیمه دو یعنی
سنگ یک شاخ طوبی کرده سنگ و در ده سنگ دوم شاخ شانزده سنگ سدرت
المنتهی سنگ مایده در هر خیمه صد هزار مهانیل کانسه بر از هر مایده مابره یکهزار
ده بدم یعنی طعام در کانسه یکهزار یعنی یک سمنده تمت
نسخه مجموع خانی بوقت ظهر بروز جمعه بتاریخ یازدهم محرم الحرام سنه ۱۱۰۸ هجری مالکها
میرزائی میرزا مراد بیک و کاتبها احقر العباد هدایت الله طالب العلم و مقام تحریر قصبه آرا
سرکار شاه آباد مضاف بصوبه بهار شد من نوشتم صرف کردم روزگار من نمانم
این بماند یادگار

KUTUBKHANA - E - EMADIA
KHANDAN ... MANGAL TALAB
PATNA CITY-800008.

Marfat.com

هذا خ لكن عبره اخ بشعر بذلك فوله ... وكلا اشتباه حكما وسلما فانه يفهم منه اصالتهما فصل
الخصومات والعلم بامور الدين واما اعتراض سليمان عليه السلام مبنى على ان ترك الاولى كبعض
من الانبياء عليهم السلام بمنزلة الخطاء عن غيرهم اعترض عليه بان الاجماع اه يعنى ان الاجماع بان
الثابت بالنص واحدا نما هو فيما ثبت صريحا وهو فى غير الاجتهاديات والبحث فى الاجتهاديات.
الثابت حكمها بالنص مبنى فلا يستلزم الدليل المطلوب لعدم تكرر الاوسط اذ بصر الدليل بكذا
الثابت بالقياس ثابت بالنص مبنى وكلما هو ثابت بالنص صريحا وهو واحد على ان القياس
اه اى على انا لانلزم ان القياس مظهر فانه عند الخصم الفاعل بان كل مجتهد مصيب مثبت بالحكم فلا يتم الدليل
اعترض عليه بانه ان اريد اه يعنى ان اريد انه لا يعرف فى العمومات الواردة انه لا فرق بين
الاشخاص فيما ثبت بالعمومات صريحا وهو احكام الغير الاجتهادية فسلم لكنه لا يسلم المطلوب الذى
ان الحق فى الاجتهاديات واحد وهو انما نيم لو سلم التفرقة بين الاشخاص فيها وان اريد انه
لا يعرف فى العمومات بالنسبة الى الحكم الثابت مطلقا سواء كان اجتهاديا او غيره فممنوع
بل هو اول المسئلة وكلمة ان تراخ فالتراخى فى النوع والاصوب ان يقال لو كان كل مجتهد مصيبا
يلزم الجمع بين المتنافيين بالنسبة الى شخص واحد فيما اذا استفسر عامى لم يلزم تقليد مجتهد بعين
مجتهدين حنفيا وشافعيا فافتاه احدهما باباحة الشيء والاخر بحرمته ولم يرجح احدهما عنده
ولم يستقر على شيء ۱۲

تمت تمام شد

نسخه حاشیه محکم مرتضوی است بخط خاکسار عبد الغفار بحسب فرموده جناب شاه عالم اکبر صاحب
بتاریخ نوزدهم شهر سلطان اکرم سنه ۱۲۶۶ هجری النبوی وصلی الله تعالی علی خیر خلقه محمد وآله واصحابه اجمعین
من خواند طلب دعا دارم ... زانکه من بنده گنهکارم

Marfat.com

Marfat.com



Marfat.com



[illegible]

بالاجماع وكسب المرتدة جميعاً لورثتها المسلمين بلا خلاف به

فلا يرث من احد لا من مسلم ولا من مرتد مثله وكذلك المرتدة لانها ليست ذات

ملة الا اذا ارتد اهل ناحية باجمعهم فح يتوارثون فصل في الاسير

حكم الاسير كحكم سائر المسلمين في الميراث ما لم يفارق دينه فان فارق دينه

فحكمه حكم المرتد فان لم يعلم ردته ولا حيوته ولا موته فحكمه حكم المفقود

فلا يقسم ماله فصل في الغرقى والحرقى والهدمى اذا مات جماعة

بينهم قرابة ولا يدرى ايهم مات اولاً جعلوا كانهم ماتوا معاً

فمال كل واحد منهم لورثته الاحياء ولا يرث بعض هؤلاء من بعض وقال

علي وابن مسعود رض يرث بعضهم من بعض الا مما ورث كل واحد منهم من صاحبه

تم في اليوم السابع عشر من ذي القعدة من السنة التاسعة والعشرين بعد الف ومائتين من الهجرة

والكاتب الفقير ظهور الحق لابنائه جعلهم الله مستسعدين به وغفر له ولهم برحمته

Marfat.com

معه وان كان له عصا لم يقل له اعزل ويقال له معزل على التكة

قالوا الطراد فقلنا تلك عادتنا ... وتنزلون فانا معشر نزل

ويروى قالوا الركوب يقول ان طاردتم بالرماح فتلك عادتنا وان نزلتم

تجادلون بالسيوف نزلت

قد تخضب العين من مكنون فاضله

وقد يشيط على ارماحنا البطل

الفائل عرق يجري من الخوف الى الفخذ ومكنون الفائل الدم وقال ابو عمرو

المكنون خربة في الفخذ والفائل لحم الخربة والخربة والخرابة دائرة في الفخذ

لا عظم عليها وقال ابو عبيدة الفائل عرق في الفخذ ليس جوانبه عظم

فاذا كان في الساق قيل له النساء ويشيط صلى ...

تمت والحمد لله رب العالمين وصلى الله على سيدنا

محمد وآله الطيبين الطاهرين

الحمد لله دوازدهم شهر شعبان المعظم سنه ... جلوس والا

مطابق ... هجري فقير حقير محمد حسين ابن ... امين

مشهدي بتمام رسيد ...

Marfat.com

جناب مصباح الحق عمادی
خدا بخش لائبریری، پٹنہ

ترقیمہ اور اس کی افادیت
خانقاہ عمادیہ کے مخطوطات کی روشنی میں

کسی مخطوطہ کی اہمیت جہاں اس کے موضوع، مصنف، زبان، نایاب اور کمیاب ہونے کی وجہ سے ہوتی ہے وہیں اس کو اہم مقام دلانے میں ترقیمہ کا بھی بڑا حصہ ہوتا ہے۔ ترقیمہ دراصل کتاب کے خاتمہ کی اطلاع ہے جو صرف تمت، تم، تم، تم، اور اسی طرح دوسرے مختصر الفاظ میں سے کسی ایک لفظ سے بھی ہوسکتا ہے۔ اور اس میں ایک یا ایک سے زیادہ اطلاعات ایک یا چند جملوں میں بھی ہوسکتی ہیں اور کبھی ایک ایک صفحہ طویل بھی ہو سکتا ہے۔ ترقیمہ میں کتاب کا نام، تاریخ، سنہ کتابت اور کاتب وغیرہ کا نام ہوتا ہے، اور کبھی تفصیلی یا زیادہ اطلاعات بہم پہنچانے والے ترقیمے سے مخطوطہ کی اہمیت پر روشنی پرتی ہے۔

کبھی کسی مخطوطہ کا پہلا ورق یا ابتدائی چند اوراق غائب ہوتے ہیں یا مقدمۃ الکتاب میں کتاب کا نام نہیں ہوتا اور نہ سرورق پر نام ہوتا ہے ایسی صورت میں ترقیمہ میں لکھے ہوئے نام سے کتاب کی پہچان ہوپاتی ہے۔

جتنے بھی ترقیموں کا میں نے یہاں ذکر کیا ہے وہ سب خانقاہ عمادیہ، منگل تالاب پٹنہ سٹی کے کتب خانہ کے مخطوطات ہیں۔ ملاحظہ ہو مثنوی مولانا روم کا یہ ترقیمہ :

"تمت هذا الكتاب المثنوى المولوى المعنوى فى يوم الثلثاء ثانى عشر من ربيع الاول سنة اثنى و مائة والف من هجرة النبى صلى الله عليه وسلم"

مفتاح الجنان کا مندرجہ ذیل ترقیمہ جس کے نیچے تاج العارفین پیر مجیب اللہ پھلواروی علیہ الرحمۃ کا دستخط بھی موجود ہے :

"تمام شد نسخہ مفتاح الجنان در روز آدینہ بیست و پنجم شوال سنہ ثلاث و تسعین وثمانمایۃ تمت بعون الملک الوھاب"

ان دونوں ترقیموں میں کاتب نے کتاب کا نام روز کتابت اور تاریخ و سنہ لکھا ہے۔ اسی کے ذریعہ اس

Marfat.com

کانام معلوم ہوتا ہے، مگر کاتب نے اپنانام نہیں دیا ہے۔

سنہ کتابت سے کتاب کی قدامت، کس عہد میں لکھی گئی اور اس سے اس عہد کی تاریخ میں بڑی مدد ملتی ہے۔ اکثر سنہ ہجری سال میں دئے جاتے ہیں فصلی کم اور عیسوی بہت کم بالخصوص عربی و فارسی مخطوطات میں۔

ترقیمہ میں دی گئی تفصیل سے کبھی بہت زیادہ قیمتی معلومات حاصل ہوتی ہیں۔ مصنف کے حالات، کاتب کے متعلق ذاتی، اس کے پس منظر میں کچھ خاندانی معلومات حاصل ہوتی ہیں۔ مصنف، کاتب، فرمایس کنندہ یا جس کے لیے کتاب لکھی گئی ہے، کے متعلق یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ اس سال تک باحیات تھے۔ اور ان کے ذوق علمی کا پتہ ملتا ہے اور یہ بھی کہ انہیں جن فنون میں زیادہ دلچسپی ہے، ان کی سوانح حیات کی ترتیب میں مدد ملتی ہے اور جہاں کتابت ہوئی ہے اس مقام کی بھی بہت کچھ باتیں معلوم ہوتی ہیں۔ خصوصاً اس علاقے کا علمی ماحول وہاں کے امرا، فضلا، اور ذی علم شخصیتوں پر روشنی پڑتی ہے۔ مصنف کے نام کے ساتھ لگائے گئے القاب آداب سے اس کی قدر و منزلت کا اظہار ہوتا ہے۔ اور کتاب کی کتابت کہیں اور تصنیف کسی دوسری جگہ، اس سے اس کتاب کی مقبولیت و شہرت کا اندازہ ہوتا ہے۔ اور یہ تمام اطلاعات ترقیمہ سے ملتی ہیں۔

نسخہ شرح هداية الحكمة المشهور به ميبذی کا یہ ترقیمہ :

"قدوقع الفراغ عن تسويد هذه الاوراق من النسخة المعظمة المتبركة المسماة بشرح هداية الحكمة بخط العبدالعاصی سيد مظهر علی عفا الله تعالیٰ عنه وعن والديه ومالكها هو ما مضی من الهجرة النبوية اثناعشرماية واثنان واربعون سنة"

اس ترقیمہ میں کتاب کا نام اور سنہ کتابت تو ہے لیکن مصنف کا نام نہیں ہے اور کاتب نے اپنی ولدیت بھی نہیں دی ہے۔ جس سے کاتب کے نام اور اس کی ملکیت کے علاوہ اس سے متعلق کوئی اور بات معلوم نہیں ہوتی ہے۔

کسی کاتب نے اپنے زمانہ طالب علمی میں اگر کتابت کی ہے تو اکثر اس کا تذکرہ بھی ترقیمہ میں کرتا ہے۔ جیسے کتاب مجموع خانی کا یہ ترقیمہ :

"تمت نسخہ مجموع خانی بوقت ظہر بروز جمعہ بتاریخ یازدہم محرم الحرام ۱۱۰۸ ہجری

Marfat.com

ملکہا میر زائی مرزا مراد بیگ وکاتبہا احقر العباد ہدایت اللہ طالبعلم ومقام تحریر قصبہ آرہ
سرکار شاہ آباد مضاف بصوبہ بہار"

یہاں کاتب نے تاریخ کتابت مالک کتاب اور اپنا نام، سنہ اور مقام کتابت بالتفصیل دیا ہے، لیکن مصنف کا نام نہیں دیا ہے۔

"فرغت من کتابة سبحة الابرار فی یوم الثلثا ثانی عشرشهر جمیدالثانی سنة اثنی و خمسین وتسعماية من الهجرة النبوية اللهم اغفر لکاتبه لصاحبه ولناظره ولسامعه و لمن نظر فیه ولمن دعاهم بالخیر"

یہاں کاتب خود کے لیے اور دوسروں کے لیے دعائیہ کلمات لکھتا ہے، لیکن اسنے اپنا اور مصنف کتاب کا نام نہیں لکھا ہے۔ کاتب نے اگر کسی کی فرمایش پر کتابت کی ہے، اور فرمایش کرنے والی تخصیت بادشاہ، نواب، امرا، میں سے ہے یا اس سے کاتب کا روحانی تعلق ہے، جیسے استاد، پیر و مرشد وغیرہ تو ترقیمہ میں اس کا بھی اکثر تذکرہ ہوتا ہے اور اس سے فرمایش کرنے والے کے ذوق علم کا پتہ بھی چلتا ہے۔ جیسے کتاب حاشیہ عبدالحکیم برشرح عقایدنسفی کا یہ ترقیمہ ملاحظہ ہو:

"تمت تمام شد نسخہ حاشیہ عبدالحکیم کہ برخیالی است بندہ خاکسار عبدالغفار بموجب فرمودہ جناب شاہ علی امیرالحق صاحب بتاریخ نوزدہم شہر شوال المکرم ۱۲۶۶ ہجرۃ النبوی وصلعم مطابق ۱۷ بھادوں ۱۲۵۷ فصلی تحریر نمود"

کاتب عبدالغفار جو حضرت شاہ علی امیر الحق عمادی علیہ الرحمۃ کے مرید و معتقد تھے، انہوں نے پیر و مرشد کی فرمایش پر کتابت کی ہے۔ غیر پیشہ ور کاتبین علی العموم اپنے مطالعہ یا ذاتی کتب خانہ کے لیے لکھتے ہیں۔ اور وہ زیادہ تر علما، فضلا، اور صوفیا میں سے ہوتے ہیں، اس سے ان کے ذوق علمی کا بھی پتہ چلتا ہے یا پھر ایسے کاتبین ہوتے ہیں جو اپنے کسی عزیز کے لیے کتابت کرتے ہیں یہ بھی ترقیمہ سے ہی معلوم ہوتا ہے۔ ایسے ترقیمہ میں درج ذیل باتوں کا یقینی علم ہوتا ہے :۔

(الف)۔ استاد نے کسی شاگرد رشید کے لیے کتاب لکھی تو شاگرد کا نام سنہ کتابت ہے اس کے زمانہ طالب علمی اور استاد کا نام بھی معلوم ہوتا ہے۔

(ب)۔ والد نے اگر اپنے بیٹے کے لیے کتابت کی ہے تو ترقیمہ میں اس کا تذکرہ ہوتا ہے اس سے والد کا اپنے بیٹے کو تعلیم دلوانے کا جذبہ اور بیٹے کے زمانہ طالب علمی کا علم۔ اور یہ بھی ممکن

Marfat.com

ہے کہ وہ کتاب خود والد نے اپنے بیٹے کو پڑھائی ہو۔

مذکورہ صورتوں میں اگر شاگرد کی شخصیت بعد کو بڑی اور اہم ہو جاتی ہے تو اس کتاب کی اہمیت بھی بڑھ جاتی ہے اور شخصیت کی سوانح حیات لکھتے وقت وہ ترقیمہ معاون ثابت ہوتا ہے۔

نسخہ وافیہ فی حل مشکلات الشافیہ یعنی شرح جاربردی از احمد بن حسن جاربردی کا یہ ترقیمہ :

"قدتم الکتاب الحمد الذی وفقنی لتحریر هذه النسخه الوافیة فی حل مشکلات الشافیه الشهیرة بشرح جاربردی اخذت الانتساخ فی الیوم الثانی من شهر الشوال بعد صلوة الجمعة ختمتها فی الیوم الثانی من شهر ذی الحجة یوم الاثنین قبل الاستواء فکان مدة الکتابة بستین یوماً من السنة السابعة وجوده تعالی وتقدس ان ینفع بها الطالبین ویختص من بینهم بزیادة النفع بها ابن ابنی وقرة عینی الموسوم بنصیرالحق ولد قرة عینی مولوی ظهورالحق اطال الله عمرهما سلمهما و ابقاهما و وقاهما و رزقهما ما رزق اولیائه واصفیائه من الصلاح والتقویٰ والاستقامة علی الدین القویم المحمدی وعلی سنن الشیوخ الکاملین اجمعین آمین یارب العالمین ۱۲۷۲ من هجرة النبوی صلی الله علیه وآله سلّم"

اس ترقیمہ میں کاتب کا نام موجود نہیں لیکن بیٹے اور پوتے کے نام سے کاتب کا پتہ چلتا ہے کہ اس کے کاتب نورالحق طپاں ہیں، ان کے فرزند ظہورالحق محدث اور ان کے بڑے بیٹے شاہ نصیرالحق عمادی تھے۔ انہیں کے لیے یہ کتاب دادا نورالحق نے تحریر فرمائی تھی۔ اس ترقیمہ میں کاتب نے اپنے بیٹے اور پوتے کے لیے دعائیہ کلمات لکھے ہیں جن سے نورالحق طپاں کے صوفیانہ خیالات پر بھی واضح روشنی پڑتی ہے۔ موصوف کا شمار پھلواری کے اجل صوفیا میں ہوتا ہے، حضرت خواجہ عمادالدین قلندر علیہ الرحمۃ کی خانقاہ کے سجادہ نشیں تھے (یہ خانقاہ، خانقاہ عمادیہ قلندریہ کے نام سے منگل تالاب پٹنہ سٹی میں ہے)۔ یہاں ترقیمہ میں پوتے اور بیٹے کے لیے دعائیہ کلمات میں دنیاوی دعا نہ دے کر لکھتے ہیں کہ **رزقهمامارزق اولیائه واصفیائه** اور تقویٰ، استقامت دین اور

Marfat.com

شیوخ کاملین کی سنت پر عمل کے لیے دعائیں دیتے ہیں۔ صوفیا کا یہی طریقہ بھی رہا ہے۔

کبھی ترقیمہ میں مدت کتابت بھی درج ہوتی ہے۔ مذکورہ 'الوافیہ' کا ترقیمہ جس میں ساٹھ دنوں کی مدت درج ہے۔

اکثر کاتبیں اپنے نام کے ساتھ عاجزانہ وانکسارانہ الفاظ حقیر سراپا تقصیر بندہ کمترین، اضعف العباد، خاکسار، **بندہ گناہ گار** وغیرہ اور آخر میں اکثر دعائیہ کلمات۔ مختصراً اور کبھی طویل بھی، اپنے لیے ہی نہیں والدین، استاد، قاری، یہاں تک کہ تمام مومنین کے لیے دعا ہوتی ہے۔ اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ کاتب کے دل میں دوسروں کے لیے کس قدر خیر کے جذبات ہیں۔

ترقیمہ :

"قدحصل الفراغ من تسويد هذه النسخة المباركة الموسوم به شواهد النبوة لمولانا الفاضل العالم العاقل العارف الكامل مولوى عبدالرحمن الجامى روح الله روحه وقدس سره بيداحقرالعباد واقلهم العبد النحيف محمد نورالحق ابن محمد عبدالحق ابن حضرت تاح العارفين المشتهر به محمد مجيب الله الجعفرى مدالله تعالىٰ ظلال عنايتهما و افاض علينا من فيوضاتهما فى ليلة الثالثة من شهر الصفرالمظفر فى سنة الف وماية و تسعة و سبعين من هجرة النبوية صلى الله عليه وعلى اله واصحابه وسلم قدكان المنقول عنه مكتوباً فى حضورالمصنف و معتمداً و صحيحاً بلااحتمال التحريف فيه فكتبت عنه ونقلت به مستعجلا باستعجال مالكه كتبت فى مدة خمسةو عشرين يوماً اللهم بارك لى ولجميع المومنين و وفقنا بتوفيق كمال ايقان هداية ولجميع المومنين امة محمدصلى الله عليه واله واصحابه وسلم بحرمة نبيك وحبيبك صلى الله علے واله واصحابه وسلم"

"اللهم احفظه من ايدى الظالمين والمنكرين عنه اللهم

Marfat.com

صل علی بیدنا محمدالنبی الامی واله و اهل بیته
واصحابه وبارك وسلم وصل وسلم علیه وعلیهم اجمعین"

"..... بتاریخ سیزدہم..... از صحت مقابلہ منقول عنہ فرغت.... دست داد....

الحمد للہ علی ذلک والصلوۃ والسلام....."

اس ترقیمہ میں مخطوطہ کا نام مع مصنف مندرج ہے۔ کاتب کا نام بھی مع ولدیت و جدیت ہے۔ جس سے مستفاد ہوتا ہے کہ اس وقت کاتب کے دادا حضرت تاج العارفین پیر مجیب اللہ علیہ الرحمۃ باحیات تھے۔ اور ایک اہم اطلاع یہ بھی اس ترقیمہ میں دی گئی ہے کہ جس نسخہ سے یہ نقل کیا گیا ہے وہ مصنف کے سامنے کا لکھا ہوا تھا، اور ترقیمہ بہ زبان عربی کی وجہ سے لفظ حضور سے یہ بھی واضح ہوتا ہے کہ صرف مصنف کے زمانے کا ہی نہیں بلکہ ان کی نظر کے سامنے سے گزرا ہوا ہے۔ اس سے اس مخطوطہ کی صحت کا بھی علم یقینی ہوتا ہے۔ ترقیمہ کے بائیں طرف حاشیہ پر ایک اور عبارت ہے، جس میں یہ اطلاع ہے کہ منقول عنہ سے اس کا مقابلہ بھی کیا گیا ہے۔ ترقیمہ کے متصل میں نے وہ عبارت بھی نقل کر دی ہے۔

کچھ ترقیمے مختصر مگر جامع ہوتے ہیں اور اس سے ایک سے زیادہ اطلاعات ملتی ہیں، جیسے نسخہ سراجی کا یہ ترقیمہ :

"تم فی الیوم السابع عشر من ذی القعدة من السنة التاسعة والعشرین بعد الف و مایتین من الهجرة والکاتب الفقیر ظهورالحق لابنائه جعلهم الله مستسعدین به و غفرله ولهم برحمته"۔

اور شرح قصائد سبعہ معلقہ کا یہ ترقیمہ :

"بتاریخ دوازدہم شہر شعبان المعظم ۴۱ جلوس والا مطابق ۱۰۱۹ ہجری فقیر حقیر محمد حسین ابن محمد امین مشہدی باتمام رسید بحیدرآباد"۔

اس فن کے ماہرین توجہ دیں اور اس سلسلہ میں ضابطہ و اصول بنا کر ترقیموں کے اقسام و انواع متعین کریں تاکہ زیادہ سے زیادہ فائدے حاصل ہوں۔

••

Marfat.com

ڈاکٹر افتخار احمد مدنی
خدا بخش لائبریری، پٹنہ

خدا بخش فارسی مخطوطات کے ترقیمے میں تاریخی شواہد

میں نے اس سیمینار کے لیے ترقیمہ پر کچھ کام کرنے کا ارادہ کیا تھا۔ مخطوطات دیکھتے ہوئے میری نگاہ ایک ایسے مخطوطہ پر پڑی جس کے ترقیمہ میں کاتب نے سنہ کتابت کے ساتھ ساتھ اسی تاریخ میں واقع ایک تاریخی واقعہ کا ذکر کیا تھا۔ مخطوطات کے ترقیمہ میں یہ بات یقین سے کہنا کہ جس تاریخ کتابت کا اس میں ذکر ہے، کیا مخطوطہ اسی تاریخ میں لکھا گیا۔ ہمارے سامنے ایسی کئی مثالیں موجود ہیں۔ ترقیمہ میں لکھی تاریخ، کاتب کا نام غلط لکھ دیا جاتا ہے۔ مثلاً اگر کوئی مشہور کاتب ہے تو حصول زر کے لیے ترقیمہ میں اس کا نام لکھ دیا جاتا تھا، اور اسے لوگوں کے سامنے پیش کیا جاتا تھا تاکہ اسے اس کی زیادہ سے زیادہ قیمت دی جا سکے۔ کسی مشہور بزرگ یا شخصیت کے نام سے کتاب منسوب کر کے اسے کئی سو سال پہلے کی تحریر ثابت کرنے کی کوشش بھی منظر عام پر آ چکی ہے۔ ابھی لائبریری میں کام کرتے ہوئے میری نظر قرآن مجید کے ایک فارسی ترجمہ پر پڑی جس کے سرورق پر یہ عبارت مذکور ہے۔

"این صحیفہ متبرکہ کہ کلام الٰہی است در عہد سعادت خلیفہ ابوالمظفر یوسف مستنجد باللہ العباسی از قلم عبد جانی فقیر عبدالقادر جیلانی بخیر تحریر در ۵۵۶ ہجری باتمام رسید۔"

آخر کے تین اوراق دوسری تحریر میں ہیں جس کے آخر میں بغیر تاریخ کی یہ عبارت ہے:

"این نسخہ را در ریعان شباب ۴۸۴ھ نوشتہ لکن آخری اوراق این کلام پاک ضائع شدہ بود بدینوجہ این حقیر بخط خام خود نوشتہ این را کمل نمودم احقر حافظ محمد یحییٰ"

اس کے نیچے یہ عبارت ہے:

"از تلاوت اکثر آیات شریفہ و قرأت ترجمہ بر حقیر فقیر واضح شد کہ این قرآن مجید و فرقان حمید نوشتہ قلم اہل ولایت ایران ست زیرا کہ اصل قرآن شریف بخط نیریز است و ترجمہ خط شکست ہر گاہ دلم یقین این مضمون میکند و در تصدیق و تائید تحریر جناب حافظ محمد یحییٰ صاحب باک ندارم والسلام۔ کتبہ اقل الکاتبین سید محمد حسن ۱۱۷۱ء"

اس کے علاوہ ہمارے یہاں امام غزالی کی مشہور تصنیف "کیمیا سعادت" کا بھی ایک نسخہ موجود ہے جس کے

Marfat.com

ابتدائی اور آخری ورق پر مرزا محمد زاہد مرحوم اور محمد فاضل مرحوم کے حوالے سے یہ عبارت مذکور ہے:۔

"اوراق کہنہ ایں نسخہ شریف دکتاب لطیف بخط مصنف علیہ رحمت است و چند جزا دل و چہاردہ ورق آخر بخط کاتب است"۔

میرے نزدیک صرف مہر، ترقیمہ یا عرض دیدہ کی کوئی خاص اہمیت نہیں، یہ تو ہوتا ہی ہے لیکن اس کی اہمیت اس وقت اور بڑھ جاتی ہے جب کاتب نے سال کتابت کے ساتھ ساتھ اس موقع سے وقوع پذیر کسی واقعہ کا ذکر بھی کر دیا ہو۔

میں اب خدا بخش میں موجود چند ایسے مخطوطات کا ذکر کر رہا ہوں جس پر کاتب نے سنہ کتابت کے ساتھ ساتھ اس موقع سے وقوع پذیر کسی تاریخی واقعہ کا ذکر بھی کیا ہے۔

رسالہ قوانی مصنف مولوی محمد سعد الجزا اوّل ۱۳۲ اوراق (ACC. 4072)

اس کا نام مصنف نے دیباچہ میں 'تبصرۃ الشعراء' لکھا ہے۔ یہ کتاب ایک مقدمہ دس باب اور ایک خاتمہ پر مشتمل ہے۔ کتاب قدرے کرم خوردہ ہے۔ ترقیمہ کی عبارت یہ ہے:

"تمام شد نسخہ رسالہ قوانی من تصنیف مولوی محمد سعد بوقت ظہر بروز یکشنبہ بتاریخ ہفدہم شہر رمضان المبارک سنہ احد جلوس والا مطابق ۱۱۷۲ یکہزار و یکصد و ہفتاد و دو ہجری موافق ۱۱۶۷ فصلے حق مالک ایں کتاب فتح اللہ بخط ولد شیخ محمد امین بن شیخ عبدالغنی بن شیخ عبدالنبی بن شیخ عبدالصمد ساکن موضع غیاث پور علہ پرگنہ شاہ پور منیر سرکار و صوبہ بہار صاحب صوبہ نواب جعفر علی خاں نائب در عظیم آباد مہاراجہ رام نرائن بروز شنبہ شاہزادہ بقلعہ پیوست"۔

شرح یوسف زلیخا مصنف محمد سعد (ACC 4166)

یہ کتاب ۱۰۹۵ میں تصنیف کی گئی۔ کتاب ۱۴۷ اوراق پر مشتمل ہے۔ ترقیمہ کی عبارت یہ ہے:

"تمام شد شرح نسخہ یوسف زلیخا' واقع بتاریخ یازدہم شہر صفر المظفر بخط خام سید حسین بخش انتظام [illegible] ماہ ماگھ ۱۲۲۲ فصلے در ہنگامہ نے پال (نیپال)"۔

ظفرنامہ فتح کانگرہ (ACC. 3955)

ترقیمہ کی عبارت یہ ہے:

"تمت النسخہ شریفہ من تصنیف جلالا طبا طبائے بخط شکستہ ... فقیر گلاب رائے پندت کول بر مطالعہ برادر عزیز از جان ... بتاریخ بست سیوم شہر ذیحجہ سنہ ۲۳ جلوس بادشاہ عالم شاہ دمختاری نواب

Marfat.com

نجف الدولہ بہادر درایام ... بجہۃ اشغال روزمرہ ودرستے خطا ... بموجب اصلاح منشے جہانگیر ... صورت ارقام پزیرفت اگر سہوئے یا خطائے واقع شدہ باشد بدیں کرم بنویسند وقلم اصلاح ... "

مثنوی نل دمن مصنف فیضی (Acc. 2523)

یہ کتاب ۱۱۵۰ اوراق پر مشتمل ہے۔ کتاب قدرے کرم خوردہ ہے۔ ترقیمہ کی عبارت یہ ہے:

"تمت تمام شد ہذا الکتاب نل دمن من تصنیف شیخ فیاضی ... بوقت صبح روز جمعہ تاریخ ... رمضان المبارک ۱۲۱۳ ہجری درہنگامیکہ نواب سعادت علی خاں برمسند وزارت رونق افزا بودند ونواب وزیر علی خاں بہادر ... صاحبان انگریز ادر بنارس کشتہ ... نجات یافتہ برتالاے کوہ بتول ... اوقات اقبال بودند در مدافع انگریز انست ورسیدن خود برمسند وزارت کوشید۔

ساکن کاکوری برای خاطر۔

خاکہای رام راے کاتب بروز یکشنبہ بتاریخ نہم شہر ذی الحجہ ۱۱۹۸ ہجری حسن تحریر یزرست ایں چند ابیات کاتب لطروف ایں کتاب

Marfat.com

مدانم ؛ یک کافر جادو ؛ کان بشکند از طرهٔ مشکین بمدارا ؛
هر لحظه سپاهی ؛ بر عشق من و حسن تو کو نکته نخواهد ؛ از این جنایت
بر معجز موسی نبود دست و عصا را ؛ حاجت بگواهی ؛

تمام شد نسخهٔ رسالهٔ قوافی من تصنیف [illegible] محمد [illegible] بوقت ظهر
بروز یکشنبه بتاریخ هفدهم شهر رمضان المبارک [illegible] احد
جلوس والا مطابق سنه ۱۱۷۲ یکهزار و یکصد و هفتاد و دو هجری
موافق سنه ۱۱۶۷ فصلی حق مالک این کتاب فتح الله بخط ولد شیخ
محمد امین بن شیخ عبد الغنی بن شیخ [illegible] بن شیخ [illegible]
موضع غیاث پور عمله پرگنه شاه پور منیر سرکار [illegible] صوبه بهار صاحب صوبه
نواب جعفر علی خان نایب در عظیم آباد مهاراجه رام [illegible]

بیت

قاریا بر من مکن قهر و عتاب ؛
گر خطائی رفته باشد در کتاب ؛

بیت

الهی بیامرز این هر سه را ؛ مصنف نویسنده خواننده را ؛

دوهره

لکهارهی بهت جون نه متاوی لوی ؛
لیکهنهارا باپرا سو کلکل مانتی هوی ؛

[illegible] الحقیر الضعیف محمد [illegible] بن شیخ [illegible] عباسپوری [illegible]

4072

Marfat.com

61

امیر حسین واعظ و کتب دیگر که از احصا و استقصا بیرون است احصا
بالکسر تنگ گرفتن و استقصا نهایت چیزی رسیدن نور بالضم روشن
[illegible] از نور مصحف مجید است زیرا که موجب رفع ظلمت جهالت
[illegible] رفع تاریکی ضلالت است منزل بالضم و والفتح را فرو فرستاده
شده نور منزل حضرت قرآن یعنی قرآن را که الله تعالی چنانکه بر لفظ
ناس تمام کرد این کتاب را بر نام امیر علی شیر تمام کردم
جوا [illegible] نیک پی کن :: یعنی قدمهاش نیز طی کن ::
تاریخ و تمام ساز و این اوراق :: در سال هزار و نود و پنج :: و
اوایل شوال تمام شد و تمام آن وقت شود که پسند خاطر
نیک سرانجام گردد شد تمام از سعی کلک تیز گام
دو سه سطر نگارین والسلام تمت تمام شد شرح نسخه یوسف
زلیخا واقع بتاریخ یازدهم شهر صفر المظفر [illegible] سید حسین
اختتام رسید مطابق ماه ماکه سنه ۱۲۳۳ [illegible] در هنگامه
نے پال

بقلم خاص سید بشارت حسین
العبد سید بشارت حسین
ولد سید اظهر حسین مرحوم
غفر فور

Acc No 15
Khuda Bakhsh Library
Acc. No. 4166

Marfat.com

Marfat.com



Marfat.com

جناب محمد بدرالدین
خدا بخش لائبریری پٹنہ

مثنوی خسرو و شیریں

از مرزا جعفر بیگ

HL.530
Cat.274

کیٹلاگر نے اس کی کوئی اطلاع نہیں دی کہ اس کتاب کے سرورق پہ اتنا کچھ ہے :

مہر : "فدوی فاضل خاں خانہ زاد بادشاہ عالمگیر غازی"

سال : ۱۱۱۳ھ/۱۱۲۳ھ **قیمت :** پچاس رُپے

دیگر : ملا محمد حسین کشمیری (م ۱۰۲۰ھ/۱۶۴۰ء) کا دستخط بھی موجود ہے۔ جنہیں اکبر نے زریں رقم کا خطاب دیا تھا۔ یہ مولانا عبدالعزیز کے شاگرد ہیں اور استاد کو بھی فن خطاطی میں پیچھے چھوڑ دیا۔

کتابت : ہشتم رمضان المبارک یک ہزار و یک صد و پنجاہ ہجری کو مرید خان نے لکھا تھا۔ (۱۱۵۰ھ)

سال تصنیف : شدم در مثنوی دنبال تاریخ ہزار نوزدہ شد سال تاریخ
۱۰۱۹ھ

آخر میں شاہ عالم بادشاہ غازی کی چند رباعیاں ہیں۔

اصل میں یہ کتاب ملا محمد حسین کشمیری کی کتابت کا نمونہ ہے۔ اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا ہے چونکہ یہ امر بھی حقیقی ہے کہ اساتذہ کی تحریروں پہ مابعد کے لوگوں نے خامہ فرسائی کی ہے اور جس کی متعدد مثالیں آپ کو ملیں گی۔ یہ حتمی ہے کہ ملا حسین کشمیری کی کتابت پر مرید خاں نے بھی خامہ فرسائی کی ہے۔

نواب مرید خاں (م دور محمد شاہی ۱۱۳۱ھ سے ۱۱۶۱ھ تک کے درمیان) اپنے وقت کے مایہ ناز خطاط تھے۔ انھوں نے خاص طور سے نسخ میں بڑا نام پیدا کیا۔

ملا محمد حسین کشمیری کی اکثر تحریروں میں دستخط اور موقع دستخط آپ کو یکساں ملیں گے۔ کئی نسخوں سے اس کا موازنہ کرنے کے بعد یہ اندازہ ہوا کہ یہ کتاب دراصل محمد حسین کشمیری ہی کی کتابت ہے۔ مگر یہ نامکمل ہے۔ مرید خاں کا تو صرف نوٹ ہے جس سے التباس ہوتا ہے کہ اس کا کاتب مرید خاں ہے۔

Marfat.com

نواب مرید خاں عالمگیر بادشاہ کے دربار میں میر بخشی گری کے عہدہ پر فائز تھا۔ جلوس عالمگیری کے ۴۰ ویں سال اس عہدہ سے وہ چند وجوہ کی بنا پر معزول کر دیا گیا۔ (مآثر الامرا۔ ج اول ص۸۰)

مآثر الامرا میں نواب مرید خاں کا تذکرہ براہ راست نہیں آیا بلکہ ضمناً ہے حالانکہ نواب مرید خاں اسی دور کے ہیں۔

اب مذکورہ بالا یادداشتوں کی اجمالی تفصیل ملاحظہ ہو" مثنوی خسرو و شیریں" مرزا قوام الدین جعفر بیگ المعروف بہ آصف خاں کی تصنیف ہے۔ یہ عظیم مغل بادشاہ اکبر کے امرا میں سے ہیں۔ بقول "طبقات اکبری" دو ہزاری منصب پر فائز تھے۔

مثنوی خسرو و شیریں ۱۰۱۹ھ کی تصنیف ہے۔ ملا محمد حسین کشمیری کی وفات ۱۰۲۰ھ میں ہوئی۔ لہذا یہ اغلب ہے کہ ملا محمد حسین کشمیری نے اس کی کتابت شروع کی اور تکمیل سے قبل انتقال فرمایا۔ اسوقت سے یہ کتاب ادھوری پڑی رہی۔ بعد کو ۱۱۵۰ھ میں نواب مرید خان نے اسے دیکھا تو مکمل کر دیا اور چونکہ کتابت کی تکمیل کے بعد ترقیمہ لکھا جاتا ہے۔ چنانچہ انھوں نے ترقیمہ بھی لکھ دیا۔ اس سے ایک نکتہ یہ بھی سامنے آتا ہے کہ ملا محمد حسین کشمیری کتابت شروع کرنے سے پہلے پہلے ورق پر اپنا دستخط ثبت کر دیا کرتے تھے۔ کتاب کے آخر میں شاہ عالم بادشاہ کی جو چند رباعیاں ہیں اس کی نشاندہی کسی تذکرے میں نہیں کی گئی ہے۔ اگر کوئی صاحب شاہ عالم بادشاہ کے اشعار کی طرف توجہ کریں تو یہ چیز ان کے لیے نادر ہوگی۔

میں نے اپنے مقالے میں یہ کوشش کی ہے کہ نفس کتاب کے علاوہ جتنی چیزیں شروع، درمیان اور آخر کتاب میں ہیں سبھی کو حاضرین کے سامنے پیش کر دوں۔ تاکہ لوگوں کی توجہ مہروں، عرض دیدوں اور ترقیموں تک محدود نہ رہ کر کتاب پر پائی جانے والی تمام تحریروں کی طرف ہو۔

Marfat.com

جناب محمد شاہجہاں قاسمی
خدا بخش لائبریری، پٹنہ

مآثر رحیمی کا ایک اہم نسخہ

یہ نسخہ خدا بخش لائبریری میں HL ۲۴۸ پر موجود ہے۔

مصنف:۔ عبدالباقی نہاوندی، **پیدائش:۔** ۹۷۸ھ، **تصنیف کا سال:۔** ۱۰۲۵ھ

امان اللہ خاں فیروز جنگ کے ذخیرہ کا مخطوطہ ہے۔ م ۱۰۴۶ھ۔ یہ مہابت خاں زمانہ بیگ کے لڑکے ہیں جو اکبر، جہانگیر اور شاہجہاں کے زمانہ میں ممتاز عہدوں پر فائز رہ چکے ہیں۔

سرورق کی تفصیلات

۱۴ر شعبان ۱۰۶۹ھ کا عرض دیدہ موجود (۱۴ر شعبان ۱۰۶۹ھ دیدہ شد)۔ کٹیلاگر کے مطابق مہریں غیر خواندہ لیکن کوشش سے چند کی قرأت اس طرح۔ عرض دیدہ کی دائیں طرف والی مہر عبدالغفار۔

چند عبارتیں:۔

- الاول (ربیع یا جمادی) سنہ ساز وجود منعم بیگ تحویل مراد بیگ شد۔
- ۲۷ر رجب سنہ ساز وجود مراد بیگ تحویل اعظم بیگ شد۔
- تذکرہ مآثر رحیمی بتاریخ ششم ربیع الاول سنہ ۱۲۶۳ھ کمال رسید۔
- محمد سرخ اوپر سے تیسری (سنہ ۱۲۶۱ھ خاتم احمد علی سلطان عالم بابت نور باوا تا فروغ اختار)۔
- ۱۱ر ذی قعدہ سنہ ... عرض دیدہ۔
- ۴ر ربیع الاول ہجری احداز و اعظم بیگ تحویل مسعود شد۔
تمت رسالہ بعون اللہ فی شہور سنا تسع عشر والف ختمہ العبد الفقیر عماد الحسنی۔ شہور کا لفظ لکھ کر کاتب نے بے وجہ وقت کی حد بندی کرتے کرتے اسے ایک سال کی طویل مدت تک پھیلا دیا۔ اب یہ کیسے سمجھا جائے کہ یہ کتاب سال کے اوائل، اواسط یا اواخر کس زمانے میں مکمل ہوئی، بظاہر اس کتاب میں کوئی اور اندراج بھی نہیں جسے شہور کی یک سالہ مدت کو یوم و ماہ کے دائرے میں قید کیا جا سکے۔ اس کے برعکس ایک اور مثال عرض کروں، یہ دیوان غالب بخط غالب کے ترقیمے پر پائی جاتی ہے، یہاں غالب دن مہینہ تاریخ سب لکھ گئے سن کا لفظ بھی لکھ دیا مگر ہندسوں کا اندراج چھوڑ دیا۔ اب یہ سہواً ہوا یا عمداً کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ البتہ غالب کی دیگر تحریروں کے مطالعہ سے یہ ضرور معلوم ہوتا ہے کہ وہ سال کا اندراج ضروری نہیں جانتے تھے۔ اور اکثر جگہ تاریخ کے بعد سال حال لکھ کر چھوڑ دیتے تھے جیسے وقت کوئی رواں دواں نہیں بلکہ جامد ہے۔ اس ترقیمے میں غالب نے عقیدت و محبت کے انداز میں مرزا عبد القادر بیدل کا نام لیا ہے۔ ترقیموں میں تعلق خاطر کے طور پر یہ اندراج اس لیے اہم ہے کہ اس اظہار سے غالب کی کوئی یافت وابستہ نہیں۔ ان دو مثالوں سے معلوم ہوا کہ ترقیمہ جسے کتاب کی عمر کے تعین میں حتمی حیثیت کا مالک ہونا چاہیئے تھا کبھی کبھی چیستاں بھی بن جاتا ہے اور یہ صورت اکثر رونما ہوتی رہتی ہے۔ چنانچہ دوسرے ذرائع استعمال کر کے محققین اسے حل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

دوسری زیر بحث چیز مہر ہے یہ بالعموم ایسے مخطوطات پر پائی جاتی ہے جو کسی نہ کسی صاحب حیثیت شخص کی ملکیت میں رہے ہوں۔ یہ حیثیت مال، منصب، علم تینوں کی ہو سکتی ہے مثلاً سلاطین امرا علما وغیرہ۔ ملکیت کے علاوہ ہمیشہ تو نہیں لیکن متعدد مواقع پر مہر مخطوطے کی عمر متعین کرنے میں مدد دیتی ہے۔ مہر کے لیے یہ ضروری نہ تھا کہ وہ اپنے نقوش سے جس سن کا اظہار کر رہی ہے اسی میں ثبت کی جائے، یہ عمل دس بیس برس بعد بلکہ صاحب مہر کی تمام عمر میں کبھی بھی ہو سکتا ہے ہاں مالک کتاب کا تعین ضرور ہو جاتا ہے۔ کبھی کبھی مہر بغیر کتاب پر ثبت ہوئے بھی اپنا کام دکھا جاتی ہے اور کتاب کے زمانہ کتابت کو متعین کرنے میں مدد دیتی ہے۔ یہ بڑی دلچسپ صورتحال ہے۔ دیوان غالب بخط غالب کے زمانہ کتابت کا تعین غالب کے ایک ہی سال میں تیار کردہ دو مہروں سے ہوا تھا جن میں سے ایک پر ان کا نام اور عرف اور دوسری پر نام اور تخلص دونوں درج تھے جبکہ یہ دونوں

Marfat.com

مہریں مخطوطے پر موجود نہیں تھیں۔

تیسری زیر بحث چیز عرضدیدہ ہے۔ عرضدیدہ کا مطلب میری رائے میں شاہی ذخیرہ کتب ہے جب کوئی کتاب اپنی کسی بھی خصوصیت کے باعث بادشاہ کے مطالعے یا ملاحظے میں لائی جاتی تھی تو اس ذخیرے کا کتابدار یا امرا میں سے کوئی شخص جو ملاحظے میں لانے کی خدمت انجام دیتا تھا، "عرض دیدہ شد" لکھ دیا کرتا تھا یعنی بملاحظہ حضور اس سے کتاب کی اہمیت میں اضافہ ہوجاتا تھا کہ ظل الٰہی نے اس کتاب میں خاصی دلچسپی لی۔ مجھے عرضدیدہ حامل جو نسخے یاد آتے ہیں وہ مغل شاہی کتبخانے کے ہیں اس لیے میں کم از کم یہ نتیجہ نکالتا ہوں کہ یہ رسم مغل بادشاہوں نے ڈالی تھی۔ اس جملے کے اوپر کبھی کبھی بادشاہ وقت کی مہر بھی ثبت کر دی جاتی تھی تاکہ اظہار واقعہ زیادہ معتبر ہوجائے عرضدیدہ کو اسٹاک ویریفیکیشن کا بھی نشان قرار دیا جاتا ہے مگر میری رائے میں اگر ایسا ہوتا تو کثرت سے عرضدیدہ لکھا ہوا ملتا جبکہ ایسا نہیں ہے۔ عرضدیدہ بادشاہوں کے ذوق طبع کو سمجھنے میں بھی مددگار بن سکتی ہے کہ کس بادشاہ نے کس کتاب کو کتنی اہمیت دی۔ اور یہ سلسلہ کتنی نسلوں تک چلا۔ یعنی کتنے بادشاہوں کے زمانے میں عرضدیدہ لکھا گیا یا مہریں لگائی گئیں۔ اس ضمن میں اکبر، جہانگیر اور شاہجہاں کے دور کے عرضدیدہ کے نمونے خاصی تعداد میں مل جاتے ہیں بلکہ جہانگیر اور شاہجہاں نے دلچسپی کا اظہار اپنی ملکیت کی تحریریں لکھ کر بھی کیا ہے۔ شاہجہاں تو اپنے والد سے ایک قدم آگے بڑھ گیا اور خاصا اوّل، دوم، سوم، اور کبھی کبھی قیمت یک ہزار روپیہ وغیرہ جیسے اندراجات کے ذریعہ اپنی دلچسپی قدر افزائی بلکہ مخطوطہ شناسی کے کئی ثبوت ہمارے لیے چھوڑ گیا۔ مختصراً ترقیمے، مہریں اور عرضدیدے، یعنی کم و بیش تینوں مخطوطہ شناسی میں نشان راہ کا کام کرتے ہیں اور ان کے تفصیلی مطالعے کی ضرورت کا احساس دلا کر خدا بخش لائبریری نے بہت اچھا کام کیا ہے جو حل مشکلات کرے گا اور نتیجہ خیز ثابت ہوگا۔ اگر مختلف زبانوں کے نمونے تاریخی ترتیب سے سامنے رکھ کر ان کا مطالعہ کیا جائے تو بہتر نتائج برآمد ہو سکتے ہیں۔ ترقیمے کی روایت کو آج تک لانے کے لیے اگر میں عرض کروں کہ میں یعنی اس فقیر بندہ تقصیر نے یہ تحریر آج بتاریخ ۲۸ ستمبر ۱۹۹۴ء کو معمار خانہ خدا بخش لائبریری میں مکمل کیا اور اسکے دوسرے اجلاس میں پڑھا تو کچھ بیجا نہ ہوگا۔ ختم کلام شد تمت تمام شد۔

ڈاکٹر امیر حسن عابدی، ڈاکٹر اکبر علیخان، ڈاکٹر انصار اللہ کے مقالے پر بحث

ڈاکٹر عطا خورشید:

عابدی صاحب سے ایک سوال کرنا چاہوں گا کہ پہلے جس نسخے کا انھوں نے تعارف کرایا وہ تذکرۃ الاولیا کا قدیم ترین نسخہ اور سعید نفیسی کے حوالے سے انھوں نے بتایا کہ اس کا سال تصنیف ۶۱۷ھ ہے۔

Marfat.com

اور انھیں نیشنل میوزیم میں جو نسخہ ملا وہ ۶۱۳ ھجر کا لکھا ہوا ہے تو یہ بتائیں کہ تصنیف سے چار سال قبل کس طرح اسکی کتابت ہوگئی اگر ۶۱۷ ھ میں کتاب لکھی ہی گئی تو ۶۱۳ھ میں اسکی کتابت کیسے ہوگئی۔

ڈاکٹر عتیق الرحمٰن :

عابدی صاحب کا مقالہ بڑا پر مغز ہے، آپ نے فرمایا کہ فلاں نسخہ ظہوری پر یہ لکھا ہوا ہے کہ یہ ظہوری کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے، اسطرح کی بہت ساری تحریریں ملتی ہیں کہ یہ فلاں مصنف کا لکھا ہوا نسخہ ہے تو کیا اس سے مان لیا جائے کہ یہ اسی کے ہاتھ کا لکھا ہوا نسخہ ہے یا اس کے لیے مزید کوئی اور بات غور وخوض کرنی ہوگی۔

دوسری بات عرضدیدہ جسے ہم استعمال کرتے ہیں اسکی تعریف سامنے آجائے کہ عرضدیدہ کسے کہتے ہیں اور اس کے حدود کیا ہیں۔

شاہجہاں قاسمی :

مہروں عرضدیدوں اور ترقیموں کے حوالے سے جو ہم مخطوطے کی تعیین وتصدیق کرتے ہیں تو خود ان مہروں عرضدیدوں کی تصدیق کی بھی کوئی صورت ہے، ممکن ہے کسی نے لکھ دیا ہو آج سے ایک ہزار سال پہلے کسی شخص کے بارے میں، مہر اسطرح کی بنا کر لگا دی ہو کوئی ترقیمہ لکھ دیا ہو اسکی تحقیق کی کیا صورت ہوگی۔

مصباح الحق :

جامی کی تفسیر سورہ یوسف کی تفسیر کی کتابت مہر بانو بیگم نے کی اور آپ نے ان کا سال پیدائش ۸۹۶ھ کا تخمینہ لگایا اور وہ کتاب مصنف کے پاس پیش کی گئی اور مصنف کی اس پر اصلاح ہے تو جامی کا خود انتقال ۸۹۶ میں ہوا تو اس پر اصلاح کیسے ہو سکتی ہے جبکہ مہر بانو بیگم کی ولادت ۸۹۶ھ میں ہوئی ہے۔

● — جانیوس کی جس کتاب کا آپ اپنے مقالے میں حوالہ دیا ہے اس کتاب کا پورا نام کیا ہے۔

ڈاکٹر رحمت علی خاں :

انصار اللہ صاحب کے مقالے کے سلسلے میں ایک چھوٹا سا اضافہ کرنا چاہوں گا کہ آج کل کچھ ایسی چیزیں نکلی ہیں جس سے ہم مٹائی ہوئی کھرچی ہوئی تحریریں پڑھ سکتے ہیں تو اس سے بھی فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔

مہر الٰہی :

ترقیمے کے لیے انگریزی لفظ کالوفون استعمال کیا گیا جس کے معنی Finish یا Submit ہیں تو کیا یہ ترقیمے کے لیے صحیح لفظ ہے۔

Marfat.com

ڈاکٹر عطا خورشید:

انصار اللہ صاحب نے ترقیمہ کے لیے تتمہ کا لفظ استعمال کیا اس سے پہلے ایک لفظ خاتمہ کی بات بھی آئی تھی۔ میرا خیال ہے تتمہ یا ضمیمہ یا خاتمہ اسکا تعلق براہ راست ٹکسٹ یعنی متن سے ہوگا اور خاتمہ کیلیے کیٹلاگرس آخری عبارت کا استعمال کرتے ہیں۔ دوسری چیز انھوں نے غالباً انجمن ترقی اُردو پاکستان کی فہرست سے ایک سنگھاسن تبیسی کے نسخے کا حوالہ دیا اور فرمایا کہ یہ دو نسخے ایک ہی دن ۴ محرم ۱۲۹۴ھ میں لکھے گئے۔ یہ ناممکن ہے کہ دو نسخے ایک ہی دن لکھ دیئے جائیں لیکن اکثر ایسا بھی ہوتا ہے کہ ترقیمے دو تین چار بھی ہوتے ہیں ایک مصنف کا ترقیمہ، دوسرا اس سے جو نقل ہوا تیسرا جو نسخہ نقل کیا گیا وہ ترقیمہ، ممکن ہے اس میں ایک اصل نسخہ ہو جو ۱۲۹۴ھ کا ہو دوسرا نسخہ دوسرے کاتب نے اپنا ترقیمہ نقل کیا وہ پہلے ہی ترقیمے کو نقل کر کے چھوڑ دیا ہو۔

ڈاکٹر عبدالباری:

آپ نے فرمایا ایک دن میں دو نسخے تیار نہیں ہو سکتے ہیں۔ ترقیموں کے سلسلے میں تو ایسا ہو سکتا ہے کہ دو یا تین یا چار کتابیں رہی ہوں اور صرف آخری کا حصہ اگر رکھا جائے تو میرا خیال ہے دو یا تین بھی ممکن ہے۔

شاہ اسماعیل:

دونوں نسخوں میں من وعن وہی کتابت ہے وہی کاتب ہے تو بات آگے بڑھے ورنہ وہیں پر ختم ہو جائے گی۔

ڈاکٹر افتخار احمد مدنی:

ترقیمے کے سلسلے میں بات آئی، دو مخطوطے پر ایک ہی تاریخ، تو عام طور پر ایسا دیکھا جا رہا ہے کہ کاتب جس نسخے سے نقل کرتا ہے اس سے یہ تو بات سامنے آگئی کہ بہت سارے مخطوطات میں سنہ کتابت موجود نہیں ہے یا کاتب کا نام موجود نہیں ہے جبکہ مخطوطہ پورے طور پر مکمل ہے۔ ایسا بھی دیکھنے میں آیا ہے کہ بعض جگہوں پر جس کاتب نے جس نسخے سے نقل کیا ہے اسے تو مکمل کر دیا ترقیمہ بھی تحریر کر دیا لیکن خود اپنی طرف سے اضافہ نہیں کیا، اہم مخطوطات اور مشہور کاتبوں کے نام سے جعلی نسخوں کا بھی ایک سلسلہ چلا ہے۔ صرف ترقیمے کی بنیاد پر کسی کتاب کو غلط نہیں کہا جا سکتا۔ جعلی کتاب لکھنے کا سلسلہ ملفوظات سے ہی شروع ہوا ہے میرا جہاں تک اپنا مطالعہ ہے۔

Marfat.com

ڈاکٹر امیر حسن عابدی:

وہ تو بالکل صاف عبارت ہے تمت اور سعید نفیسی نے کس بنیاد پر یہ لکھا کہ وہ ۶۱۷ھ میں مکمل ہوا میں نہیں جانتا۔ انھوں نے اپنا ایک دعویٰ کیا ہے۔ ایسا لکھا ہے، یہ سب ترقیمے تو ان کے سامنے تھے نہیں، انھوں نے تو عطار پر ایک مفصل کتاب لکھی ہے اور بہت سی کتابیں، مثنویاں جو انکی طرف منسوب ہیں اور تمام کیٹلاگرس بھی اس میں شامل ہیں انھوں نے اسکی تحقیق نہیں کی۔ نولکشور کا جو نسخہ چھپا ہے اسمیں بھی جعلی مثنویاں ہیں۔ ان کی محقق تو چند مثنویاں ہیں اور نثر میں تذکرۃ الاولیا ہے۔ تذکرۃ الاولیا کے سلسلے میں انھوں نے یہ لکھا کہ ۶۱۷ھ میں انھوں نے مکمل کیا۔ یہ ترقیمہ یا تتمہ تو ان کے سامنے تھا نہیں لیکن ۶۱۳ھ کی بات یہ ہے کہ کم از کم یہ کتاب اس سال مکمل ہوئی۔ اگر تمت الکتاب کا مطلب ہے کہ کاتب نے اس کو مکمل کیا تب تو اور اہم ہے، بہر حال یہ قدیم ترین نسخہ ہے جو قونیہ میں لکھا گیا اور ۶۹۱ھ سے بہت پہلے کا لکھا ہوا ہے انھوں نے ۶۱۷ھ کا کوئی ثبوت نہیں دیا ہے۔ ۶۲۲ھ یا ۶۲۷ھ میں وہ مرے ہیں وہ اسمیں دیا ہوا ہے۔ تو کم سے کم کتاب مکمل ہوئی ۶۱۳ھ میں اور قونیہ میں یہ نسخہ لکھا گیا خود قونیہ میں اس نسخے کا لکھنا، بہت اہم ہے نسخہ بھی عمدہ ہے خط نسخ میں ہے۔

نسخہ ظہوری کے سلسلے میں انھوں نے لکھا ہے کہ یہ ان کی نظروں سے گذرا ہے اور بہت سی جگہوں پر انھوں نے دو شعروں کا اپنی طرف سے کسی غزل میں اضافہ کر دیا ہے، ایک پوری غزل ان کے ہاتھ کی ہے جو بمبئی یونیورسٹی کے کیٹلاگ میں چھپا ہے، نذیر صاحب کی ظہوری پر تھیسس تھی انھوں نے اپنا عکس اس کتاب میں دیا ہے لیکن انھوں نے خود اس نسخے کو نہیں دیکھا میں نے اس پہلے صفحے کا حوالہ دیا ہے جس میں یہ لکھا ہوا ہے کہ ان کی نظر سے گذرا انھوں نے بعض اضافے کئے ہیں اور وہ تحریر اس صفحے سے ملتی ہے جو نذیر صاحب نے دی ہے۔ تو کچھ نہ کچھ تو بھروسہ کرنا ہوگا، ہر چیز کو آپ جعلی کہہ دیں یہ مناسب نہیں ہے۔

ہاں جامی کے سلسلے میں جو سوال اٹھایا گیا۔ دراصل میں جس وقت مقالہ لکھ رہا تھا اسوقت وہ نسخہ میرے سامنے نہیں تھا۔ ظاہر ہے وہ قلمی نسخہ بھی ہے جسکی کتابت بابر بادشاہ کی چھوٹی بہن مہر بانو بیگم نے کی تھی۔ نیز خود جامی نے اس پر اصلاحیں کی ہیں مہر بانو بیگم بابر بادشاہ سے آٹھ برس چھوٹی تھیں اس لیے انکی ولادت ۸۹۶ھ میں ہوئی ہوگی میں نے مہر بانو کے سلسلے میں کہیں اور سے اطلاع حاصل کی یہ چھوٹی بہن تھی یا بڑی بہن تھی یہ ٹامس ولیم وھیل کی کتاب میں غالباً میں نے دیکھا اس کے متعلق تو مجھے یہ ملا، میری نظر میں پورا نسخہ

Marfat.com

فی الحال نہیں ہے، بہرحال ان کی مہر تو موجود ہے جو مہربانو بیگم کی ہے۔ مہربانو بیگم کی اسکے اندر تحریر ہے، انھوں نے نسخہ کی کتابت کی تھی اور اس پر اصلاحیں خود جامی کی ہیں۔

ڈاکٹر انصار اللہ :

ابھی یہ بات آئی کہ کتاب مکمل ہونے سے پہلے کیسے لکھی گئی۔ جب پی ایچ ڈی میں میرا داخلہ ہوا "میر علی اوسط رشک" میرا موضوع تھا اس کا مطبوعہ دیوان مجھے دیا گیا اس دیوان کو دیکھتے ہی میرے ذہن نے یہ کہا کہ یہ کتاب اس سے پہلے مکمل ہو چکی ہے۔ اس کا جو مطبوعہ نسخہ ہے وہ ۱۲۶۳ھ کے بعد کا ہے مگر اس کا کوئی اندراج نہیں تھا، میرے ذہن نے ایک بات کہی کہ یہ یقیناً اس سے پہلے کی کتاب ہے چنانچہ میں نے تلاش کیا اور مجھ کو اس سے پہلے کا چھپا ہوا نسخہ مل گیا۔ تو کوئی اندراج نہیں ہے کسی قسم کا کوئی اشارہ نہیں ہے کسی مورخ کسی تذکرہ نویس نے یہ ذکر نہیں کیا کہ یہ دیوان ۱۲۶۳ھ سے پہلے مکمل ہوا ہے لیکن اس سے پہلے کا مکمل شدہ نسخہ میرے پاس موجود ہے اور اسکی نقل میں نے خدا بخش لائبریری کو دی ہے تو یہ دنیا بڑی عجیب و غریب جگہ ہے یہاں ہر نا ممکن چیز ممکن ہوتی ہے اور اسکی مثالیں مل سکتی ہیں۔

شاہ اسماعیل :

ترقیمہ عموماً کاتب کا ہوتا ہے، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ عادی کاتب نہیں ہے اسکو یاد ہی نہیں آیا کہ سن کیا ہے بات تو پھنس رہی۔ نسخہ کون صحیح ہے کون جعلی۔ اسکے لیے تو پھر بہت ساری چیزوں کو دیکھنا ہوگا اس کے بعد فیصلہ کر سکتے ہیں۔ کتابت کس زمانے کی ہے کس رنگ کی ہے کس ڈھنگ کی ہے کاغذ کیسا ہے یہ سب کچھ دیکھنا ہوگا۔

ڈاکٹر عابد رضا بیدار :

بہتر یہ ہوگا جیسے پچھلے سیشن میں یہ بات آئی کہ اصطلاح ترقیمہ، تتمہ، خاتمہ، کیا یہ سب کے سب کالوفن کے ترجمے کے طور سے استعمال کیے جا سکتے ہیں یا ایک درجے کے مطابق تتمہ اختیار کیا جائے یا خاتمہ۔ کیا یہ سب کے سب کالوفن کے ترجمے کے طور سے استعمال کیے جا سکتے ہیں۔ ایک بات یہ آئی کہ دو نسخوں میں ایک ہی سنہ لکھا ہوا تھا ایک ہی دن ایک ہی تاریخ ایک ہی مہینہ وہ کیا ایک دن میں بیٹھ کے لکھ دیا یا برابر برابر۔ ایک نکتہ یہ ہے کہ وہ آدھا صفحہ اس کا لکھتا تھا آدھا صفحہ اس کا لکھتا تھا اور آخری دن یوم ذی الحجہ تھا تو اس دن اس نے آخری صفحہ لکھا آخری دن اس نے وہ لکھ دی۔ آپ آڑے نہیں آسکتے اگر آخری دن وہ آخری صفحے

Marfat.com

لکھ دے۔ لیکن یہ بہت اہم بات نہیں ہے۔ وہ کسی دوسرے نسخے کا من وعن نقل بھی تو ہو سکتا ہے جس پر وہ تاریخ لکھی ہو۔ اب کسی جگہ لکھا ہو ہے بخط آزاد بلگرامی ہمارے یہاں ایک نسخہ ہے اب مقابلہ کرتے ہیں تو تحریر ملتی نہیں ہے۔ شبہ ہے۔ بعض اور لائبریریوں میں بھی اس قسم کی چیزیں ہیں۔ محمود حسن قیصر صاحب نے بھی کچھ مسائل چھیڑے۔ علیگڑھ کے بارے میں کچھ اور سننے کو آیا۔ حسن نظامی نے شائع کر دیا بخط اورنگ زیب عالمگیر بادشاہ غازی وہ آدمی جو قرآن شریف لکھ رہا ہے کیا ایسا لکھے گا۔ حسن نظامی کو آپ سب جانتے ہیں لیکن یہ کر لکھا ہوا ہے تو ہم مان لیں کیا۔

فرخ جلالی :

حیدر آباد میں بلگرامیوں کا ایک مجلہ موجود ہے اور خاص طور سے یہ نسخہ ہے جو عماد الملک اور سید علی بلگرامی کے کتابخانے پر مشتمل تھا اس لیے بہت ہی نادر مطبوعہ کتاب سنہ ۱۶۰۰ء کی "گلستان" علیگڑھ میں موجود ہے اسکی اطلاع ایران میں بھی ہے، تو یہ بات اہم ہے کہ شاہی کتابخانوں کے یہ نسخے کیسے بلگرام پہنچے اور اسکی ایک بڑی شہادت یہ ہے جو جہانگیر نے پہلے ہی دن شاہی محل میں چند کتابوں کے جو جائزے لکھے تھے ان میں دو حیدر آباد سے آئی ہے ایک ورق سبحان اللہ کلکشن میں موجود ہے جسے شجاع الدین بلگرامی نے پیش کیا۔ ایک بات یہ کہ خود بہار میں نور الحسن بلگرامی بڑی اہم شخصیت گزری ہے جن کو ایک دور میں بنارس کی نوابی بھی انگریز دینا چاہتے تھے اپنے اثرات کی وجہ سے اور اس وقت تک اس کتبخانے کی کتابیں برابر بک رہی ہیں۔

عرضدیدہ کے سلسلے میں آپ نے بڑی اہم بات کہی کہ بادشاہ کو پیش کی گئی۔ یہ عرض کا لفظ قدیم زمانے سے فارسی میں اصل میں وزارت کے لیے استعمال ہوتا رہا ہے تو ایک حصہ جو کتابخانوں کی دید کرتا رہا تھا ان عرضدیدوں میں ٹرانسفر کا بھی ذکر ہے کہ ایک تحویلدار جسے محمد باقر چارج دے رہے ہیں، اور ایک ہی تاریخ کے کئی عرضدیدے مختلف کتابوں میں موجود ہیں اس سے اس بات کی تصدیق بھی ہوتی ہے کہ رجسٹر ہے اور اس میں یہ بھی لکھا جا رہا ہے کہ اسمیں کتنے ورق ہیں اور کتنی تصویریں ہیں۔ بعض مخطوطہ ایسا ہے جس میں یہ نوٹنگ موجود ہے کہ اس میں سے دو تصویریں یا تین ورق کم ہیں۔ ترقیمے کی بات جو بیدار صاحب نے اٹھائی اس کے لیے ایک اور لفظ ہے وہ بھی بڑا اہم ہے۔ ترقیمے کی ترکیب پر بھی عربی والوں کو کچھ اعتراض ہوگا۔ دیوان سودا اور اس سلسلے کی جو بات آئی مہروں کی تو میں نے اسّی سے زیادہ کتابوں کی فہرست تیار کی اسمیں سب مہریں عموماً سرخ اور مستطیل ہیں صرف ایک دو مہریں کالی نظر آئیں۔

Marfat.com

ڈاکٹر رحمت علیخاں:

سب سے پہلے عرشی زادہ صاحب نے بحث اٹھائی ہے کہ عرضدیدہ زیادہ تر بادشاہوں کے لیے ہوتا ہے، شاہی لائبریریوں کا نسخہ اگر ہو تو اسے عرضدیدہ کہدیا مگر میرے حساب سے ایسا نہیں ہے۔ کئی امرا کے کتابخانے میں ہم نے پڑھا ہے کہ عرضدیدہ حیدر علی خاں عرضدیدہ منیر الدولہ قلی خاں وغیرہ تو اسطرح امرا یعنی اس زمانے کے بڑے قسم کے لوگوں کے کتبخانوں کی چیزوں پر عرضدیدہ ہو سکتا ہے، یہ صرف بادشاہوں کے لیے مخصوص نہیں۔ یہ بھی نہیں سمجھنا چاہیئے کہ صرف مغلوں کی حد تک مخصوص تھا بلکہ ہر جگہ ایسا تھا۔

ڈاکٹر عتیق الرحمٰن:

عرضدیدہ کے لیے ضروری نہیں کہ بادشاہ یا امراہوں اور انہی کی خدمت میں پیش کیا جائے بلکہ عرضدیدے اور بھی ملتے ہیں جو دوسروں کے نام ہیں جو زیادہ معروف نہیں۔ جہاں تک عرضدیدہ کا لوفن اور مہروں کا مسئلہ ہے تو کیا جو مہر کاغذوں پر لگ جائے یا جو عرضدیدہ کسی کاغذ پر لکھ دیا جائے یا جو ترقیمہ کسی کاغذ پر لکھ دیا جائے وہ صحیح مان لیا جائے۔

ترقیمے، عرضدیدے یا مہروں کی صحت کے لیے تین چار چیزوں کا ہونا بہت ضروری ہے ایک یہ کہ اگر دسویں یا بارہوں صدی کا کوئی نسخہ ہے اور اس پر کوئی عرضدیدہ یا کوئی کالوفن ہے تو کاغذ کے بارے میں سوچنا ہے کہ کاغذ کس زمانے کا ہے کیونکہ کاغذ کی ہسٹری خود بتاتی ہے اسکی نوعیت خود بتائیگی نسخے کی قدامت کے سلسلے میں۔ کاغذ ایک بنیادی چیز ہونی چاہیئے فیصلہ کرنے کے لیے کہ وہ عرضدیدہ یا اسطرح کی معلومات صحیح ہیں یا غلط۔ دوسری چیز ہے روشنائی۔ آج کی روشنائی اور پانچ سو سال پہلے کی روشنائی میں لازماً فرق ہوگا اس لحاظ سے روشنائی بھی ایک حقیقت بنتی ہے۔ فیصلہ کرنے کے لیے کہ کون سا مخطوطہ کس زمانے کا قرار دیا جائے اور صحیح یا غلط کا کیا معیار ہونا چاہیئے۔ تیسری چیز ہے رسم الخط، ہر صدی کا رسم الخط چونکہ الگ الگ ہوتا ہے اس لیے رسم الخط بھی بنیادی چیز ہوئی کہ اس زمانے کا رواج کیا تھا اور جو لہجہ اختیار کیا گیا لکھنے کا وہ کیسا ہے اور کیوں؛ مثلاً اکبر کے عہد میں اللہ اکبر لکھنے کا رواج تھا۔ اسطرح کی اور بھی چیزیں ہو سکتی ہیں۔

ڈاکٹر امیر حسن عابدی:

بہار میں ضلع آرہ میں جو اب رہتاس ضلع میں ہو گیا ہے ایک بڑا کتب خانہ تھا۔ آپ نے اس کا نام نہیں لیا صرف ہارہرہ، بلگرام اور حیدر آباد کا ذکر کیا بہت بڑا کتب خانہ تھا وہاں بلکہ اسکی کتابیں بکی ہیں۔

Marfat.com

اور ہم تک پہنچی ہیں اسمیں سے ایک صاحب گرفتار بھی ہوئے تھے، یہ لوگ بھی بڑے رئیس تھے۔ تو اس کا نسخہ تو بہت جگہ مل جائے گا۔

پروفیسر ابو محفوظ الکریم المعصومی :

بلگرام کے سلسلے میں اگر گفتگو کی جائے تو بنیادی بات یہ ہونی چاہیئے کہ بلگرامیوں میں سے سادات حسینی کون تھے۔ سادات زیدی کون تھے۔ سادات حسنی کون کون تھے۔ ترمذی کتنے تھے اور اس میں سے کس نے کہاں جاکر پناہ لی یا کہاں وہ منتقل ہوئے اور ان کے ساتھ کتابیں کس طرح منتقل ہوئیں۔ ان جگہوں کی کتابوں کا منتقل ہونا الگ بحث ہے بہت مفید ہے۔ بہت تاریخی ہے۔

مہر الٰہی :

عرضدیدہ کے سلسلے میں عرض ہے کہ بعض نسخوں پر ایک لفظ ملتا ہے تحویل اور داخل کتبخانہ اور عربی کے بعض الفاظ ملتے ہیں جس کے معنی ہیں میری تحویل میں آیا۔ "انتقل" یہ کیا اسی سے جڑے ہوئے ہیں یا اس سے الگ۔ ہمارے سامنے جب کوئی مخطوطہ آئے تو اعداد پر ہمیں نظر کرنی چاہیئے، ہندسوں کی ساخت بھی اہم ہیں مختلف زمانوں میں بعض حروف کی ساخت مختلف رہی ہے اس پر نظر کرنی چاہیئے، ترقیموں میں مہروں میں مختلف کیلنڈر کے سن لکھے جاتے ہیں ہمیں معلوم کرنا چاہیئے کہ کس کیلنڈر کا استعمال کب سے شروع ہوا۔ مثلاً ہجری سنہ کی بات ہے تو ذخیرہ شیرانی میں قدیم ترین مہر ۱۸۸۱ء کی ہے جو میرے علم میں ہے ممکن ہے اس سے پہلے بھی رہی ہو اسی طرح عیسوی کیلنڈر کا سترہ سو کچھ میں چلن ہوا۔ اگر ہمیں یہ معلوم ہو جائے تو بہت پہلے کی اگر کوئی مہر لگا رہا ہے تو ہم اسے دیکھ سکتے ہیں اور بہت سارے سنہ استعمال میں رہے ہیں بعض سنہ تو مقامی ہیں وہاں ان کا استعمال ہے تو ٹھیک ہے لیکن دوسری جگہ اس سنہ کا استعمال مشتبہ ہو سکتا ہے تو سنہ پر نظر کرنے کی ضرورت ہے حروف کی ساخت پر غور کرنے کی ضرورت ہے، مثال کے طور پر کلکتہ میں 'ت' ۱۸۰۰ء کے قریب ط سے لکھنے لگے تھے لیکن ت پر دو نقطے اور اس کے اوپر 'ط' یہ ۱۸۲۵ء بلکہ ۱۸۳۰ء تک لکھنؤ میں رائج تھا۔ ت پر چار نقطے غالب غدر کے بعد تک بنا رہے ہیں۔ تو اس سلسلے میں مختلف زمانوں مختلف علاقوں کی تحریروں کے نمونے ہمارے سامنے ہونے چاہئیں۔ کوئی کیٹلاگ بن جائے تو اس سے ہمیں بڑی سہولت ہو جائے گی۔

Marfat.com

پروفیسر ابو محفوظ الکریم المعصومی :

عرضدیدہ کی تحقیق شاہان مغلیہ یا شاہان وقت سے کرنی درست نہیں بلکہ دیگر حضرات کو بھی حق پہنچتا تھا کہ حسب موقع یا صوابدید عرضدیدہ لکھیں۔

ڈاکٹر اعجاز حسین :

ایک صاحب نے جو مقالہ پڑھا ہے جسمیں انھوں نے لال روشنائی کے متعلق جو بات کہی کہ واجد علی شاہ کی کچھ مہریں ایسی ملی ہیں جو لال روشنائی میں ہیں اور اس بنیاد پر انھوں نے کہا کہ یہ جعلی ہیں ۔ واجد علی شاہ کا کتب خانہ مٹیا برج کلکتہ میں ہے وہاں ان کے پرپوتے پرنس انجم قدر صاحب کی اجازت سے میں نے کتب خانے کے کچھ نسخے دیکھے ہیں ان پر لال روشنائی میں کچھ مہریں بھی میں نے پائی ہیں ۔ تو واجد علی شاہ سعادت علی خاں سے برجیس قدر کے زمانے تک جتنے بھی مخطوطے ملے ہیں ان کے اوپر خاص طور سے لال روشنائی یا کالی روشنائی میں جو مہریں ہیں اُن کے اوپر دو مچھلیوں کی تصویریں پائی جاتی ہیں وہی اسکے اصل ہونے کی بنیاد ہے اور لال روشنائی کالی روشنائی کی ایسی کوئی بات نہیں ہے جہاں تک میرا علم ہے۔

ڈاکٹر امیر حسن عابدی :

میں بھی وہاں ایک کانفرنس میں گیا تھا انجم قدر صاحب نے گائیڈ کیا تھا۔ وہاں کوئی کتب خانہ ہی نہیں ہے ان کا جو وہاں بہت بڑا امام باڑہ ہے وہیں انھوں نے دعوت کی تھی، ان سے میں نے کہا کہ کم از کم واجد علی شاہ کی جتنی کتابیں شائع ہوئیں یا جو کچھ بھی ہو اسے رکھئے۔

پروفیسر ابو محفوظ الکریم المعصومی :

میں تتمہ کے طور پر عرض کرنا چاہتا ہوں کہ مٹیا برج کلکتہ میں اساتذہ فارسی کے کانفرنس کے موقع پر اتفاق سے میں بھی شریک تھا، انجم قدر صاحب نے اس موقع پر خاص طور سے دعوت دی تھی طعام و کلام کے بعد یہ اس کا موقع ہی نہیں تھا کہ وہ مخطوطات وغیرہ دکھائیں شاید موقع نہیں تھا ورنہ وہاں کافی چیزیں موجود ہیں علیگڑھ میں ان کے بھائی کوکب قدر صاحب کا بھی بیان ہے کہ وہاں ذخیرہ ہے لیکن وہ عام طور پر لوگوں کو نہیں دکھاتے ہیں۔

ڈاکٹر عطا خورشید :

اکبر علیخاں صاحب سے یہ معلوم کرنا تھا کہ انھوں نے پہلا ترقیمہ ابن حلہ کا بتایا ہے اگر وہ فارسی ہے تو اس کے متعلق میں کچھ نہیں کہہ سکتا لیکن عربی ترقیمے اس کے قبل سے لکھے جا رہے ہیں کیا وہ فارسی کا پہلا ترقیمہ ہے

Marfat.com

یا دنیا کا سب سے پہلا ترقیمہ وہی ہے۔ اگر وہ عربی ہے تو جو سنہ انھوں نے بتایا ابن مقلہ کا اس سے تین چار سو سال قبل سے ترقیمے کی روایت ملتی ہے لیکن مولانا آزاد لائبریری میں مثنوی معنوی کا جو نسخہ ہے وہ سات سو کچھ کا ہے اس پر ترقیمہ عربی میں ہے۔ انھوں نے ۹۳۹ جو سنہ وفات دیا ہے اگر ابن مقلہ کا ۹۳۹ دیتے ہیں تو وہ غلط ہے۔

ڈاکٹر حسین احمد:

میں نے روشنائی پر بحث نہیں کی تھی میں نے مہروں کے سائز پر مہروں کے انداز پر بحث کی تھی۔ اور ساتھ ساتھ یہ بھی کہا تھا کہ کالی روشنائی آمیں ہے اور اس میں لال روشنائی ہے، اب آپ لوگ دیکھ کر پھر فیصلہ کریں گے۔ دوسری بات جو امیر حسن عابدی صاحب نے کی کہ ہر جمن بدھو کی مہروں پر بحث نہیں ہونی چاہیئے۔ لیکن میں کہتا ہوں کہ بحث ہونی چاہیئے مخطوطات کے لیے یہ بہت ضروری ہے مخطوطات کی قدامت متعین کرنے میں مہروں سے بہت آسانی ہو جاتی ہے۔

اکبر علیخاں:

میں سمجھتا ہوں کہ شاید اس میں میرا کچھ عجز بیان بھی شامل رہا جو میں واضح نہیں کر سکا، میں نے یہ نہیں کہا تھا کہ "عرضدیدہ شد" مہروں کے ساتھ مخصوص ہو کر رہ گیا تھا بلکہ مزید مجھے یہ بھی کہنا چاہیئے تھا کہ جس طرح مغلوں کی نقالی نوابین اور راجے مہاراجے کرتے رہے تھے اسی طرح دیگر امرا نے بھی نقالی کی جسکی مثالیں بھی ملتی ہیں۔ ان کی اصل بھی مہروں پر جا کر ہی ختم ہوگی جہاں تک میری نظر سے وہ کتابیں گزری ہیں۔

"عرضدیدہ شد" کا مطلب یہ ہے کہ حضور میں پیش کی گئی، انھوں نے ملاحظہ فرمائی دوسرے یہ کہ وہ خود کہہ رہا ہے Verify کرنے والا کہ ہمارے سامنے پیش کی گئی اور ہم نے اسے Verify کیا میں سمجھتا ہوں انمیں سے پہلی صورت زیادہ میرے دل کو لگتی ہے، اسلیے کہ دوسری صورت میں جب وہ کسی کتابدار کے سامنے پیش کی جاتی اور وہ Verify کر کے اس پر دستخط کرتا تو بہت کثرت ہونی چاہیئے تھی، عرضدیدہ کی اتنی کثرت نہیں ہے۔ اس لیے یہ بالعموم ایسی ہی صورت میں ہونا چاہیئے کہ وہ کتاب بڑی اہم تھی بادشاہ یا امیر کو اسکی ضرورت پیش آئی یا کتابدار نے یہ ضروری سمجھا کہ ملاحظے میں لائے اور بطور تبرک اس بات کا اظہار کر دیا۔

تحویل کتابخانہ والے نوٹ کی جو بات ہے میری رائے میں یہ بالکل الگ چیز ہے۔ تحویل کی تحریریں بہت مل جائیں گی اس لیے کہ وہ کثرت سے ایک تحویل سے دوسری تحویل میں جائیں گی جہاں تک میں سمجھتا ہوں۔

تیسری بات یہ کہ میں نے جو ابن البواب کا تذکرہ کیا تھا تو وہ کسی روایت یا کسی اور قرات کی بنا پر نہیں کیا تھا

Marfat.com

میرا مقصد تو صرف اتنا تھا کہ ابن البوّاب نے جو ترقیمہ لکھا ہے اس میں اسنے تاریخ لکھی ہے اور یہ دونوں ابن المقلہ اور ابن البوّاب میں بڑے فصل کی بات نہیں ہے۔

ایک سوال یہ اٹھایا گیا کہ کیا یہ قدیم ترین کتاب ہے جس کا میں نے ترقیمہ عرض کیا میں یہ کہوں گا کہ میرے علم کی حد تک قدیم ترین ہے اسلئے کہ میں نے شاید عیسوی نہ کہا ہوگا سنہ کے ساتھ ہجری کہہ دیا گیا وہ ۱۳۹ سنہ ہے۔

پروفیسر ابو محفوظ الکریم المعصومی :

عرضدیدہ کے سلسلے میں میرے مقالے میں کچھ میرے اپنے خیال کی باتیں ہیں اس لیے کہ یہ چیزیں تحریری طور پر کسی دفتر معلومات میں شاید ابتک درج نہیں ہیں۔ یا اگر ہیں تو میرے علم میں نہیں ہیں تحویل شدہ کے بارے میں عرض کر رہا ہوں عرضدیدہ و تحویل فلاں کردہ شد اور شدہ، دونوں کا ساتھ ساتھ بھی وجود ہے جسکی بڑی اہمیت ہے اور ایک خاص نقطہ نظر سے ایک ہی انٹری میں دونوں باتوں کا آنا قابل غور بھی ہے اور کچھ اندازے سے اس کے معانی و مفاہیم طے کیے جا سکتے ہیں۔ لفظ تتمہ یا امضا کے بارے میں قطعاً غیر مطمئن ہوں مجھے اختلاف ہے اس تجویز سے کہ کالوفن کے لیے ختام یا خاتمہ چھوڑ کر تتمہ یا ضمیمہ یا تمام شد وغیرہ اصطلاحیں وضع کی جائیں ہمارے بزرگوں کی اصطلاحیں دوسری تھیں اور ہم ضرورت کے مطابق اصطلاح وضع کر سکتے ہیں لیکن ایسی اصطلاح وضع کریں کہ ماقبل کے لوگوں کے مصطلحات اور ہماری جدید اصطلاح میں تشابہ پیدا نہ ہو۔ ورنہ آئندہ نسل کے لوگوں کو زیادہ پریشانی ہو سکتی ہے توقیع کا بھی ایک لفظ آتا ہے اسکی بھی میں حمایت نہیں کر سکتا ورنہ توقیع بھی ہے امضا بھی ہے تتمہ بھی ہے۔ ترقیمہ کو ہم استعمال نہیں کرتے ہیں لیکن یہ جدید ترین طور پر اب اس کا استعمال شروع ہوا ہے اور اسکو مناسبت ہے رقم الثوب سے اور الرقیم سے کیونکہ رقیم کہتے ہیں کوئی لوح یا کوئی ورق جس پر کوئی تحریر ثبت ہو اسے الرقیم بھی کہتے ہیں اور لوح کے لیے بھی کہتے ہیں۔ قرآن مجید میں جو الرقیم ہے وہ تو اپنی جگہ پر ہے ہی لغتاً بھی قدیم زمانے سے یعنی تدوین لغت کے زمانے سے الرقیم کا یہ مفہوم موجود ہے۔ لہذا ترقیمہ کا اس سے تعلق نہیں رہا۔ عام طور پر عربوں کے ہاں ختام کا لفظ آتا ہے ختام الکتاب و ختام النسخہ دو الگ الگ چیزیں ہیں۔ ختام التصنیف ایک الگ چیز ہے اور ختام الکتابہ ایک الگ چیز ہے جو کاتب کے نسخے کی بابت ہوتی ہے۔

ڈاکٹر ضیاء الدین ڈسائی :

عرض دیدہ ٹرانسفر آف چارج کے لیے بھی کبھی آیا ہوا اور آیا ہے میرا جو ذہن جاتا ہے اور کہیں ٹرانسفر آف چارج بالکل نہیں ہے اور کہیں ٹرانسفر آف چارج کا یہ عالم ہے کہ پھر عرضدیدہ طویل شدیہ بھی موجود ہے طویل شد تو

Marfat.com

مکمل کر دیا اور کہیں عرضدیدہ بغیر کسی Indicator کے ہے تو عرضدیدہ کا پہلے مفہوم اور اسکی ترکیب متعین ہو جائے تو بہتر ہے اسٹینگاس کے خیال میں عرضدیدہ بلا اضافت ہی درست ہے۔

ڈاکٹر شریف حسین قاسمی:

صرف عرض میں چونکہ ہم نے اضافت لگادی اس لیے یہ سارے مسائل پیدا ہوئے کہیں عرضے نہیں لکھا گیا عرض دیدہ شد میں عرض کو آپ Noun تصور کریں، چیزے کہ عرض کردہ شد آج بھی ہم جدید فارسی میں استعمال کرتے ہیں بہت زیادہ عرض کردن۔ یعنی چیزے کہ ما بکسی تقدیم می کنی، چیزے کہ ما بکسی نشان می دہی، کہ ایں یک چیزے ہست شما بگیرید۔ تو یہاں اسمیں اتنا الجھنے کی بات نہیں ہے۔ آج جو استعمال کرتے ہیں عرض کردن، پیش کرنا اور یہ وہی لفظ ہے عرض دیدہ شد، عرضے دیدہ شد نہیں ہے۔ یعنی چیزے کہ عرض کردہ شدہ بود آں را من دیدہ۔

ڈاکٹر عابد رضا بیدار:

عرض دیدن مصدر نہیں ہے اور یہ طے ہو گیا ہے کہ اسمیں اضافت نہیں ہے۔ عرضے دیدن کہیں گے لیکن مطلب اس کا عرض دیدن ہوگا، آخری بات یہ کہ کوئی چیز پیش کی گئی وہ دیدہ شد اس بات میں میرا خیال ہے کسی کو اختلاف نہیں ہے۔

فرخ جلالی:

اسٹینگاس معتمد نہیں ہے۔

ڈاکٹر عابد رضا بیدار:

اسٹینگاس میرے پاس نہیں ہے اتفاق سے وہ خدا ہے جسے آپ معتبر مانیں گے عرض دیدن اسمیں دیا ہوا ہے، کہتے ہیں۔ درعرف حال معنی موجودات گرفتن است انند راج کے کچھ شعر انھوں نے کوٹ کیے ہیں۔ عرض کردن کی طرح عرض دیدن بھی آتا ہے۔ تو یہ بات واضح ہو گئی کہ یہ مصدر سے نہیں ہو رہا ہے عرض الگ ہے دیدہ شد الگ ہے۔

پروفیسر ابو محفوظ الکریم المعصومی:

دیدن اپنی جگہ پر مصدر ہے لیکن عرض دیدن ایک مصدر مرکب ہو گیا اسمیں عرض کا لفظ چیز کے معنی میں ہے۔ جیسا کہ وہ خدا نے لکھا ہے چیزے بجنسے یا مختلف چیزوں کو خود انھوں نے دیا ہے انند راج کے حوالے سے اور جیسا کہ قاسمی صاحب نے فرمایا اور خود ہی آبات ضیاء الدین ڈسائی صاحب بھی کہہ رہے ہیں یہی بات حکیم سید ظل الرحمٰن صاحب نے بھی فرمائی ہے تو عرض اصل میں شئ معروف کے معنی میں ہے مفعول کے معنی میں ہے

Marfat.com

ایک کتاب بادشاہ کو پیش کی گئی انھوں نے دیکھی یہ چیز وہاں نوٹ کر لی گئی۔ ظاہر ہے کتاب کی واپسی کے بعد ہی نوٹ کی گئی اسلیے عرضدیدہ ایک ثبوت ہے کہ کسی موقع پر بادشاہ نے کتاب دیکھی تھی بارے دگر پھر دیکھی ہو تو دوبارہ لکھتے ہیں عرض دیدہ اس کے ساتھ ساتھ تحویل کا بھی لفظ آجاتا ہے۔

ڈاکٹر انصار اللہ:

عرضدیدہ خود بادشاہ لکھتا تھا یا نہیں۔ ایک تحریر ملتی ہے لاہور میں ذخیرہ شیرانی میں یوسف زلیخا کا نسخہ ہے اور اس کے لیے یہ بتایا گیا ہے کہ جہانگیر بادشاہ کے ہاتھ کی تحریر ہے عرض دیدہ شد۔

ڈاکٹر ضیاء الدین ڈسائی:

اگر آپ نے اسے دیکھا ہو یا اس کا فوٹو ہو تو میں ماننے کو تیار ہوں ورنہ بڑے بڑے فہرست نگاروں سے بھی غلطیاں ہوئی ہیں میں نے جتنے بھی بادشاہوں کی تحریریں دیکھی ہیں تقریباً ایک درجن شاہجہاں کی تحریریں دیکھی ہیں جہانگیر کی بھی کئی تحریریں دیکھی ہیں لیکن کہیں بادشاہ کے لکھنے کا کوئی سوال پیدا نہیں ہوتا بادشاہ تو حکمراں تھا بادشاہ عرض کراتا تھا وہ خود عرض نہیں کرتا تھا۔

ڈاکٹر عطا خورشید:

مولانا آزاد لائبریری علیگڑھ میں ایک نسخہ ہے عراقی کا جس پر بہت سارے عرض دیدے ہیں اور جہانگیر کی تحریر بھی ہے میرا خیال ہے وہ تحریر جہانگیر ہی کی ہے۔

فرخ جلالی:

وہ تحریر پنجم آذر کی ہے اسمیں عرضدیدہ جہانگیر کے ہاتھ کا نہیں لکھا ہے جو ایک دوسرا ترکی کا دیوان ہے فرق اسمیں صرف یہ ہے کہ ترجیعات عراقی کی تحریر میں جہانگیر نے آگرہ کا لفظ اور بڑھایا لیکن اس کتاب میں اور عرضدیدے تو ہیں لیکن جہانگیر کی تحریر میں لفظ عرضدیدہ نہیں ہے۔

ڈاکٹر ضیاء الدین ڈسائی:

یہ جو بھی Endorsement ہوتے ہیں یہ مہریں اور Endorsement جو ہوتی ہیں ان میں تطابق کرنا بڑا مشکل ہے عرضدیدے کے ساتھ اس وقت Signature تو ہوتی نہیں تھی عام طور پر مہریں Signature کے طور پر لگائی جاتی تھیں تو یہ دیکھنے پر ہی پتہ چلے گا کہ عرضدیدہ کا تعلق جہانگیر کی تحریر سے ہے یا نہیں۔

Marfat.com

فرخ جلالی:

وہ خدا کی لغت جو ابھی منگائی گئی خود اسمیں فرہنگ انندراج کا حوالہ ہے. جو خود انیسویں صدی میں مدراس میں بیٹھ کر لکھی گئی وہ خود جامع ضرور ہے لیکن معتبر نہیں۔

پروفیسر ابو محفوظ الکریم المعصومی:

فرہنگ انندراج کو جب وہ خدا نے تسلیم کر لیا ہے تو میں سمجھتا ہوں اب اس سے زیادہ انکار کرنے کی گنجائش تو خیر نکل سکتی ہے، وہ خدا سے بھی غلطیاں ہوئی ہیں جیسی کہ فرہنگ انندراج سے نہیں ہوئی ہے بعض الفاظ کے سلسلے میں۔ بہرحال جب وہ خدا نے تسلیم کر لیا ہے تو ہمیں بھی تسلیم کر لینا چاہیئے۔ ہندستان کی فارسی میں کچھ ایسے اجزا ہیں جو اور ریجنل پرشین ہیں اصل ایرانی ہیں۔ جسکو اب ایران والوں نے فراموش کر دیا ہے اور اس بات کی توضیح خود آپ کی اور ڈاکٹر نذیر احمد کی تجویزوں میں بہت زیادہ آتی رہتی ہے۔

ڈاکٹر ضیاء الدین ڈسائی:

خود وہ خدا بھی انندراج کو مانتا ہے ان کا حوالہ دیتا ہے تو پھر ایرانی اور ہندستانی کا اب سوال ہی کہاں ہے۔

● ہماری ساری بحث اس لغت کے مطابق غلط سمت میں جارہی ہے۔ اس لغت سے تو معاملہ یہ قرار پاتا ہے "موجودات گرفتن است" اسٹاک چیکنگ سے زیادہ اس کے معنی نہیں ہوسکتے۔ جائزہ لینا، دیکھنا، چیک کرنا یہی معنی ہے "موجودات گرفتن" کا۔

اکبر علیخاں:

عرض دیدہ بہت زیادہ تعداد میں نہیں ملتا ہے اور جیسا کہ ضیاء الدین ڈیسائی صاحب نے فرمایا بالعموم بادشاہوں کے حضور اگر کوئی کتاب پیش کی گئی ہے تبھی لکھا گیا ہے اس لیے کہ وہیں پر بادشاہ کی اتفاق سے تحریر بھی ہے ماضی کے بارے میں حتمی طور پر تو الہامی کیفیت میں ہی فیصلہ لیا جاسکتا ہے۔ ہمارے سامنے جس تعداد میں مثالیں ہیں میں نے اس سلسلے میں یہ عرض کیا تھا کہ یہ اکبر، جہانگیر، شاہجہاں اور عالمگیر کے زمانے کی کتابوں پر زیادہ ہے اسلیے اسے یہ نہیں سمجھنا چاہیئے کہ ہندستان سے باہر کی کوئی چیز ہے یہ ہماری ہی اصطلاح ہے جو کچھ بھی ہے۔ دوسری بات یہ کہ یہ تو ان کتابوں پر لکھی گئی ہے جو بادشاہوں کے ملاحظے میں لائی گئی ہیں۔ کل میرے سامنے یہ لغت نہیں تھی اس لیے اس وقت میری رائے تو یہ تھی کہ عرض دیدہ شد جیسے بملاحظہ حضور آمدہ شد اگر یہ اسٹاک ویریفیکیشن کے لیے ہوتا تو کثیر تعداد میں اسکی مثالیں ملنی چاہیئے تھیں جو نہیں ملتیں۔

Marfat.com

●—— کتبخانہ شاہان اودھ کی جتنی کتابیں ہیں سب پر اودھ کے بادشاہوں کی مہریں ہیں اور اسمیں عرضدیدہ کا ایک جگہ بھی کہیں اندراج نہیں ہے، "بجائزہ رسید" اور پوری کتابوں کی صرف تین بار چیکنگ ہوئی ہے چوتھی بار آپ دکھا دیجئے کسی کتاب پر، اتنے برس تک وہ کتابخانے وہاں موجود رہے لیکن جائزہ صرف تین بار لیا۔

اکبر علیخاں:

کیا ضروری ہے کہ وہ روایت لکھنؤ بھی پہنچی ہو۔

ڈاکٹر عطا خورشید:

اسٹاک ویریفیکیشن کی جو بات آپ کر رہے ہیں میرا خیال ہے کہ عرضدیدہ شد خالص مغلیہ اور شرق شاہی کتبخانوں کی اطلاع تھی، نہ بہمنی سلاطین کے یہاں یہ اطلاع ملتی ہے نہ شاہان اودھ کے یہاں۔

ڈاکٹر عتیق الرحمٰن:

موجود گرفتن کو اسٹاک ویریفیکیشن کے بجائے پیش کرنے حاضر کرنے کے معنی میں لیا جائے تو کیا حرج ہے اس Context میں جو ہندستان میں رائج ہے اس معنی میں وہ صحیح ہو جاتا ہے۔

عطا خورشید کے مقالے پر بحث

ڈاکٹر انصار اللہ:

آپ نے جو مقالہ پیش کیا اس سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ بادشاہ بھی عرضدیدہ لکھتا تھا۔

ڈاکٹر ضیاء الدین ڈسائی:

جب تک جہانگیر کی اور تحریریں آپ ملا کر نہ دیکھیں، مولانا آزاد کے پاس ۱۹۵۳ء میں جہانگیر کی تزک کا نسخہ آیا کہ یہ خودنوشت نسخہ آج نیشنل میوزیم میں ہے تو مولینا آزاد نے فائل پر لکھ دیا۔ ایسا مجھے لگ تو رہا ہے کہ جہانگیر کی تحریر ہے لیکن کیشٹر جی ام پٹی کلکشن میں میں نے جہانگیر کی تحریر کی ایک تصویر دیکھی ہے وہ مجھے پیش کر دیا جائے۔ آرکیالوجی کے ڈائرکٹر جنرل کو لکھا ہے پھر کیشٹر جی ام پٹی کی وہ کتاب منگا کر دیکھا، اسے ملایا اسکے بعد مولینا نے کہا ہاں یہ درست ہے اس زمانے میں شاید پانچ ہزار روپے میں وہ کتاب خریدی تھی آج نیشنل میوزیم میں ہے۔ تو جب تک آپ دیکھیں نہیں اس پر غور نہ کریں تب تک کوئی فیصلہ کرنا مشکل ہے۔ میر نظام الدین احمد صاحب طبقات الکبریٰ کی لائبریری کا عرضدیدہ میں دکھا سکتا ہوں میرے پاس فوٹو ہے مہر کے ساتھ جسمیں یہ عبارت ہے عرضدیدہ شد اور نیچے مہر، تو جو بڑی لائبریریاں ہوتی تھیں شاہی کتبخانے ہوں یا امرا و نوابین کی لائبریریں ہو جب تک چیزیں سامنے نہ ہوں یہ کہنا مشکل ہے کہ بادشاہ نے خود عرضدیدہ لکھا ہے یا اورنگ زیب نے۔

Marfat.com

فرخ جلالی :

آپ نے جو یہ بات کہی کہ اس کا اندراج باقاعدہ اس کتاب کے سوا نہیں ہوتا تھا، سیاق کی بہت سی کتابیں ہیں کہ کیسے دفتر چلائے جاتے تھے اصطلاحات کیا کیا تھیں ہر چیز کا ایک رجسٹر ہوتا تھا اور اس رجسٹر میں اس کا وہ نام نہیں ہوتا تھا جو نام اس زبان میں ہوتا تھا مثال کے طور پر اگر ہاتھیوں کی فہرست ہوتی تھی تو اسمیں زنجیر لکھا جاتا تھا رجسٹر میں لفظ فیل نہیں لکھا جاتا تھا اسی طرح دستور السیاق کی جتنی کتابیں ہیں اسمیں یہ رجسٹر کتابوں کا بھی موجود ہے۔ اردو میں بھی ایک قدیم کتاب موجود ہے جس کا نام ہے مکتب نامہ۔ آخر زمانے مین جو ریاستیں تھیں وہاں مغل پیٹرن کے دفتر Maintain کیے جارہے تھے۔ اس قسم کی کتابیں فارسی کے علاوہ اردو میں بھی شائع ہوئی ہیں کتابوں کے رجسٹر تو Maintain کیے جاتے تھے اسکی اطلاع حتمی طور پر ہے۔

دوسری بات جو سنہ الٰہی کی ہے وہ تو دیا ہی جاتا ہے، آپ نے فرمایا ایک ہی دن میں تین عرضدیدے، کہ ایسا کسی جگہ ہوا ہو، تو یہ ہو سکتا ہے۔ لیکن اصل میں یہ دیکھنا ہے کہ دستخط جو ہیں وہ ہیں یا نہیں۔ شاہی کتب خانے کی جو کتابیں ہیں ان کی کچھ علامات بھی ہیں اس پر میں نے کچھ کام الگ سے کیا ہے لیکن ان کتابوں سے جو یول آف اسکالرشپ تیموری مغلوں کا معلوم ہوتا ہے اس کے مختلف موضوعات ہیں۔ مثال کے طور پر ایک کتاب نواب رحمت اللہ خاں شروانی صاحب کے کتبخانے میں ہے شبلی نے بھی اس پر مضمون لکھا ہے وہ آنکھوں سے متعلق سرجری کی کتاب ہے اور وہ شاہی کتبخانے کی کتاب ہے اور بہت خاص کتاب ہے جس کا ایک خاص نشان ہوتا ہے۔ امرا میں صادق خاں اور ان جیسے کچھ اور امرا جو بحر العلوم قسم کے ہیں تعداد میں کم ہیں عام طور پر امرا صاحب سیف ہوا کرتے تھے۔ وہ دینیات کی کتابیں، سائنس کی کتابیں یا اور علوم کی کتابیں اس طریقے سے نہیں پڑھا کرتے تھے۔ لہذا میرا خیال ہے کہ امرا کے ایشوز ریکارڈ کا عرضدیدہ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ عبدالرحیم کا کتب خانہ بہت مشہور ہے۔ عبدالرحیم کے کتبخانے کا ایک دستخط رام پور میں ہے اسمیں وہ تحریریں عبدالرحیم بن بیرم علی کی موجود ہیں، اس قسم کی تحریروں میں کہیں عرضدیدہ کا لفظ استعمال نہیں ہوا ہے وہ کتب خانہ بھی بہت زبردست تھا، اہل علم جانتے ہیں اس لیے یہ نتیجہ نکالنا کہ عرضدیدہ ایشور کارڈ ہے درست نہیں ہے۔

ڈاکٹر انصار اللہ :

کیا کتبخانے کے مالکوں نے بھی کہیں عرضدیدہ لکھا ہے۔

Marfat.com

ڈاکٹر ضیاء الدین ڈسائی:

میں نے کافی کتبخانوں کے مخطوطات دیکھے ہیں اور میرا یہ دلچسپ مشغلہ رہا ہے کہ مہریں اور جو انکی یادداشت جسے Endorsement کہتے ہیں میرے پاس صرف پیر محمد شاہ کے اتنے Endorsement یہاں ہیں میں انھیں پڑھ نہیں سکتا۔ مالک کتاب ہمیشہ اپنے نام لکھتا تھا عام طور پر اور نیچے اپنی مہر لگاتا تھا۔ Signature کے طور پر اگر وہ نام لکھے تو کوئی یہ نہیں کہے گا یہ اسکے Signature ہیں۔ تو ایک ہی مخطوطہ دو، چار، چھ، آٹھ آٹھ مالکوں کا ملتا ہے اور اس میں یہ لکھتے ہیں من متملکات فلاں، پھر بالشراء، اگر خریدی ہو اگر ورثے میں آئی ہو تو لکھے گا بالارث۔ ایسی کئی چیزیں مالکوں کی ہوتی تھیں لیکن عرضدیدہ کا سوال ہی نہیں ہے کیونکہ عرضدیدہ کا مقصد بالکل الگ تھا۔

ڈاکٹر رحمت علیخاں:

عرضدیدہ کسی مالک نے نہیں لکھا جیسے آپ نے کہا متملکات اور دوسرے الفاظ استعمال کیے ہیں مالکوں نے عرضدیدہ نہیں لکھا البتہ مہر لگادی، دستخط کر دیئے۔

ڈاکٹر ضیاء الدین ڈسائی:

اکبر کے زمانے میں سنہ الٰہی کا سلسلہ شروع ہوا تو شاہجہاں کے عہد کی ابتدا تک چلتا رہا اس لیے عام طور پر ہمیشہ یہی ملتا ہے۔ بتاریخ چہارم اسفندارموز، بتاریخ چہارم شہری در سنہ الٰہی۔ تو چونکہ وہ Official era تھا، اس لیے شاہی لائبریریوں کی جو چیزیں ایسی ہیں اور مہر کے بعد کوئی عبارت ہے تو اس مہر کے دو معنی ہیں۔ یا تو یہ کہ اسکی اپنی ذاتی ملکیت میں رہی ہے یا یہ کہ وہ لائبریری میں کام کرتا رہا ہے اور اس نے اپنی مہر لگائی ہے۔ یہ دونوں قسم کی مہریں ملتی ہیں اب امانت خاں۔ شاہجہاں کے زمانے میں دو امانت خاں گزرے ہیں ایک تو امانت خاں شیرازی، جو لائبریرین رہا ہے۔ مہروں میں کچھ اور چیزیں ہے اگر وہ شاہی ملازمت میں ہو تو وہ مہر میں ہمیشہ سنہ جلوس بھی لکھے گا اور ہجری بھی۔ آپ غور سے دیکھیں مہر کے اندر ہوگا۔ فدوی فلاں مرید فلاں خانہ زاد فلاں بندہ فلاں۔ اگر اسمیں عام طور پر سنہ عہد یا سنہ ۲۰۲ ہندسوں میں اور ساتھ ساتھ ہجری یہ دونوں چیزیں آتی ہیں جیسے سکوں میں تو اس کے بھی معنی ہیں وہ عام طور پر شاہی ملازم ہوگا۔ اپنی ذاتی کتاب پر بھی وہ مہر لگائے گا تو اس کے بھی معنی ہیں یہ اس کی اپنی کتاب ہے لیکن یہ شاہی ملازم ہے۔ بندہ درگاہ اور ایسے ہی Endorsement وغیرہ ہے۔ ابھی میرے پاس لاس اینجلس سے ایک کتاب آئی تھی اسمیں محی الدین

Marfat.com

فدوی نظام الملک یہ مہر پر ہے اور ۱۱۴۲ھ یا کچھ ہے تو سمجھیے یہ محمد شاہ کا سنہ جلوس ہے۔ اب اسے کسی نے پڑھا نظام الملک فدوی محی الدین اور اس پر یہ قیاس آرائیاں کہ یہ محی الدین ہو سکتا ہے عالمگیر ہو تو یہ عالمگیر کے ملازم تھے یا ہو سکتا ہے یہ محی الدین حضرت عبدالقادر محی الدین جیلانی ہوں، تو ان کے مرید ہوں تو یہ قیاس آرائیاں درست نہیں۔

ڈاکٹر امیر حسن عابدی:

کوئی بھی کتبخانہ ایسا نہیں تھا جہاں رجسٹر نہ ہوتا تھا، ہمیشہ پندرہ بیس ہزار کتابیں قلمی کتابیں اسوقت ہوتی تھیں بغیر رجسٹر کے کیسے ہو سکتی تھیں۔ مہروں کے سلسلے میں عرض ہے کہ یہ لازم نہیں کہ میرے کتبخانے کی ہر کتاب پر میری مہر ہو وہ تو جو لائبریرین ہوتے تھے امرا کے یہاں جو مہریں ہوتی تھیں تو یہ لازم نہیں کہ ہر امیر کے کتبخانے میں اسکی مہر بھی ہو یہ تو ان کے شوق کے اوپر ہے۔ اسی طرح بادشاہوں کے کتب خانے میں ہر ایک پر عرضدیدہ نہیں تھا وہ تو کوئی اہتمام ہوتا تھا۔ جہانگیر تو بڑا شوقین تھا ان سب چیزوں کا ممکن ہے اس نے خود بھی لکھا ہو۔ مصور جو نسخے ہوتے تھے اسمیں کتاب سے زیادہ اہمیت تصویروں کی اور پینٹنگ کی ہوتی تھی اور کوئی ایسی عربی وغیرہ کی کوئی نادر کتاب آجاتی تھی تو لائبریرین اسے اہتمام سے پیش کرتا تھا۔ جہاں تک جہانگیر کا تعلق ہے وہ خود رائٹر تھا اور مغل دور کا سب سے عمدہ جو زمانہ تھا آرام و آرائش کا وہ جہانگیر کا زمانہ تھا اور جہانگیر اپنا زیادہ تر وقت تصویروں پر لگاتا تھا، کشمیر میں خود کھڑا ہو کر اک اک درخت کو ناپ رہا ہے یہ کتنا چوڑا ہے لوگ کہتے ہیں اسمیں تین آدمی داخل ہو سکتے ہیں، ہم نے دیکھا نہیں دو ہی آدمی داخل ہو سکتے ہیں یہی سب کام کیا کرتا تھا آدمی بڑا باذوق تھا لیکن ملک میں ہزاروں مسائل تھے اس سے کوئی دلچسپی نہیں تھی۔

فرخ جلالی:

Ancient-histoian نے جس طرح اپنے دور کے Inscription سے استفادہ کیا ہے اس طریقے سے مڈیول ہسٹورین نے اس کا کوئی خاص فائدہ نہیں اٹھایا ہے۔ اور جو بڑے بڑے مطالعے سامنے آئے ہیں اس میں بھی اس سے کوئی استفادہ نہیں کیا گیا ہے۔ مورخین نے عرضدیدے کی شکل میں اور جو شاہی تحریریں ہیں یا علما کی تحریریں ہیں پھر ترقیمے یا امضا میں جو تاریخ، جغرافیہ زمانے کے سماجی و دینی حالات کے بارے میں جو اطلاع ہیں اسکو مورخین نے ابتک استعمال نہیں کیا ہے۔ ہر اچھی حکومت کے انتظام اور استحکام کے پیچھے معلومات کا ایک دریا بہہ رہا ہے جب اس کے بہاؤ کی برتری کمزور ہوئی اور سلطنت کے

Marfat.com

اقبال کی جگہ ادبار اور زوال نے لے لی تو علم اور معلومات پر توجہ کم ہوئی اور کم ہوتی چلی گئی۔

ڈاکٹر عابد رضا بیدار:

کالوفن کے لیے اُردو میں کیا لفظ استعمال کیا جانا مناسب ہوگا۔

ڈاکٹر انصار اللہ:

جہاں تک اردو مخطوطات کا تعلق ہے ترقیمہ دیکھنے میں نہیں آیا۔ چونکہ اُردو والے اس لفظ کا استعمال کر رہے ہیں اس لیے اب اس لفظ کو ہمیں قبول کر لینا چاہیئے اور اگر اس لفظ کو ہٹائیں گے یا بدلنے کی کوشش کریں گے تو سوائے الجھن کے کوئی بڑا فائدہ نہیں ہوگا۔

پروفیسر ابو محفوظ الکریم المعصومی:

ہمارے سامنے دو باتیں ہیں ایک یہ کہ اس وقت تک فہرست نگاری میں عربی فارسی یہاں تک کہ اُردو دست نویس نسخوں کی جو فہرستیں لکھی جا رہی ہیں یا لکھی جا چکی ہیں ان میں فہرست نگاروں نے بہر حال ایک اصطلاح کے طور پر کالوفن کے لیے کوئی نہ کوئی لفظ استعمال کیا ہے تو یہ ایک پہلو ہے۔ دوسرا پہلو یہ کہ ہمیں کالوفن کے لیے کس لفظ کا انتخاب کرنا چاہیئے جو زیادہ مناسب ہو۔ پہلے پہلو کے سلسلے میں اس بات کا قائل ہوں کہ عربی کے کیٹلاگر، بلکہ گیارہویں بارہویں صدی تک کے مصنفین اپنی کتاب ختم کر کے خود ہی کالوفن لکھتے ہیں، انھوں نے ایسی جگہ پر ختام الکتاب کا لفظ استعمال کیا ہے، پھر ایسے شخص نے یہ لفظ استعمال کیا ہے جو عربی زبان کے سلسلے میں اپنے عہد کا عربوں اور غیر عربوں میں عربی زبان کا سب سے مستند محقق سمجھا جاتا ہے۔

دوسری چیز یہ ہے کہ ساتویں آٹھویں صدی تک کے مصنفین کو بھی میں نے پایا ہے کہ وہ کالوفن یعنی ختام الکتاب لکھتے ہیں اپنے مضمون کو ختم کرنے کے بعد اور پھر وہ مختصر روداد کتاب کے سلسلے میں یا کتاب کی تاریخ یا کن حالات میں انھوں نے کتاب ختم کی ہے اسکی طرف اختصار یا تفصیل کے ساتھ روشنی ڈالتے ہیں۔ اُردو والے کالوفن سے کیا مراد لیتے ہیں ظاہر ہے کہ وہ بھی یہی مفہوم مراد لیتے ہیں کہ اصل کتاب کے ختم کے بعد نسخہ مخطوطہ کے اوپر کوئی ایسی عبارت ہمیں ملے جس کے ذریعہ کاتب اپنے نام کی بابت تاریخ اور مقام کی بابت، اگر ضروری سمجھا ہو تو مصنف کے نام کی بابت بھی اس نے اطلاع فراہم کی ہو تو میں کچھ اور بھی تفصیلات جوڑی جا سکتی ہیں۔ کالوفن سے مراد وہی ہے جسے ہم نے اپنے مصنفین کے یہاں ختام کے

Marfat.com

لفظ کے تحت پایا ہے ۔ لفظ ترقیمہ کو بعینہ مخطوطات میں پانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اس لیے کہ یہ لفظ تو پچاس ساٹھ سال کے اندر ہی وجود میں آیا اگر کاتب نے کوئی تاریخ لکھی ہے اپنے طور پر اپنے نسخے کی تاریخ بتانے کے لیے تو اس کے لیے ہم کاتب کی تحریر کو ممیز کرنے کے لیے ختام الکتاب یا ختام الکتابہ بھی قرار دینے کے حق میں ہیں ۔ اس لیے کہ حقیقی معنوں میں کتاب کے جزو کی حیثیت سے کالوفن جسکو ہونا چاہیئے وہ ختام المصنف ہے کاتب کی اپنی تحریر ہے وہ حقیقی کالوفن نہیں ہے مگر مجازاً ہم کثرت استعمال میں دونوں ہی کو کالوفن کہتے ہیں اور کیٹلاگر کالوفن بول کر ہی دونوں کو پیش کرتے رہتے ہیں۔

ڈاکٹر عبدالباری :

میں بھی سمجھتا ہوں کہ عربی کی مناسبت سے ختام کا لفظ بہتر ہے اب فارسی اور اردو کی مناسبتیں دیکھی جائیں۔

اکبر علیخاں:

ابتک کے جو فہرست نگار ہیں اُردو کے، انھوں نے ایسے موقع پر کس لفظ کا استعمال کیا اگر وہ ترقیمہ ہے اور ترقیمے کو سننے کے بعد ہی سمجھ میں آتا ہے کہ یہ کالوفن کے لیے استعمال ہوا ہے تو میرے خیال میں اسے قبول کر لینے میں کوئی قباحت نہیں ہونی چاہیئے یہ الگ بات ہے اگر عربی کتابوں کی فہرست آپ بنائیں اور عبارت ہی میں اسکی تفصیلات دی جائیں تو ختام الکتاب رکھا جائے یا فارسی کے لیے اس زبان کا جو بھی لفظ بہتر طور پر اس مفہوم کو ادا کر سکے یا فارسی کے فہرست نگاروں نے جس لفظ کو کثرت سے استعمال کیا ہو اسے اپنایا جائے بہتر صورت یہی معلوم ہوتی ہے۔

پروفیسر عطاء الرحمٰن عطا کاکوی:

میرے خیال میں ترقیمہ جو لفظ ہے اسی کو برقرار رکھنا چاہیئے دوسرا لفظ رکھا جائے گا تو شبہات پیدا ہوں گے کہ کاتب نے لکھا ہے، یہ کاتب کی تحریر ہے یا کیا ہے۔

ڈاکٹر ضیاء الدین ڈسائی:

چونکہ لفظ ترقیمہ کالوفن کے معنی میں ہمارے ہاں چلن پا گیا ہے اس لیے اسی کو ہمیں رکھنا چاہیئے۔ خاتمہ میں پھر بھی ابہام کی گنجائش ہے کہ وہ خاتمہ مصنف کا ہے، کاتب کا ہے یا کسی اور کا، ترقیمہ میں اس ابہام کی گنجائش بھی نہیں ہے۔

Marfat.com

ڈاکٹر رحمت علیخاں :

اس زمانے کے لحاظ سے ترقیمہ ذرا گنجلک لفظ ہے۔ میرے خیال سے تمت کیا جا سکتا ہے یا تام زیادہ بہتر ہے۔

ڈاکٹر امیر حسن عابدی:

تمت سے تتمہ بنے گا اور کتبہ سے کچھ نہیں بنتا ہے۔

ڈاکٹر انصار اللہ:

عربی، فارسی، اُردو کے علاوہ ہندی اور سنسکرت زبان میں بھی ترقیمے لکھے گئے ہیں اور چونکہ وہاں سنسکرت میں اتی کا لفظ آیا ہے، ہندی میں سماپتی کا لفظ آیا ہے، عربی میں کتبہ یا تمت کا لفظ آسکتا ہے لیکن اردو کے مخطوطات میں یہ الفاظ موجود ہیں تو یہاں ساری چیزوں کی رعایت لازماً کرنی چاہیئے ترقیمے کا لفظ ہمارے یہاں مروج ہو چکا ہے اس لیے اس لفظ کو ہمیں جاری رکھنا چاہیئے۔

عبدالصمد خاں:

جہاں تک ہمارے کتب خانہ اُردو ریسرچ سنٹر (حیدرآباد) کا سوال ہے تو ہم تو ابتدائیہ اور خاتمہ استعمال کرتے ہیں شروع کے جملے ابتدائیہ اور خاتمہ کے جملے خاتمہ۔

ڈاکٹر شریف حسین قاسمی:

خاتمہ ایک کتاب کا خاتمہ ہے یعنی کتاب کہاں ختم ہو رہی ہے اس لیے خاتمہ کا مفہوم ہے آخری جملہ۔ لیکن ترقیمہ تو بالکل الگ چیز ہے ٹکنیکل چیز ہے اس ترقیمے کا تعلق اصل متن کتب سے کچھ نہیں ہوتا اور یہ لفظ اس قدر رائج ہے کہ آپ نے لفظ ترقیمہ کہا اور سننے والے نے جو متعلق آدمی ہوا سے سمجھ لیا۔ اس کا تعلق کتاب سے نہیں ہے ایک ایسی چیز کے بارے میں ہم گفتگو کر رہے ہیں جو کاتب نے کتاب میں اضافہ کر دیا ہے۔

● ــــ میرا خیال ہے جو اصطلاحات وضع ہو جاتی ہیں چلن پا جاتی ہیں تو ان میں تبدیلی کی کوشش نہیں ہونی چاہیئے ترقیمہ ہمارے یہاں رائج ہو چکا ہے۔ غالب نے اپنی ساری کتابوں میں خاتمہ لکھا ہے۔ خاتمہ کل رمنا" اس میں کہیں ذکر نہیں ہے کہ کب کتاب لکھی گئی کیوں لکھی گئی کچھ تفصیلات ہیں لیکن ترقیمے سے جو چیز ہمارے ذہن میں آتی ہے کہ کب کتاب لکھی گئی کس تاریخ کو مکمل ہوئی وہ چیز خاتمہ میں نہیں ہے۔

Marfat.com

مہرالٰہی :

ابتک جو فہرستیں چھپ چکیں اسمیں یہ لفظ برابر استعمال ہو رہا ہے اور لائبریری سائنس کی دنیا میں ہم نے اسکو Accept کر لیا اس لیے اسے بدلنے کا کوئی سوال پیدا نہیں ہوتا ہے۔

فرخ جلالی :

میں ترقیمے کے حق میں ہوں چونکہ عربی، فارسی کی کتابوں کا معاملہ چلتا رہتا ہے تو کبھی کبھی عربی والے لفظ ترقیمہ پر قواعد کی رو سے اعتراض کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اس کے بجائے امضا ہونا چاہیئے، کبھی کبھی امضا کے استعمال کو بھی جائز سمجھنا چاہیئے۔

مضطر مجاز :

فرخ جلالی صاحب نے اپنے مقالے میں فرمایا کہ تزک بابری کا ایک نسخہ رام پور لائبریری میں ہے۔ کچھ دنوں پہلے ہندی میں ایک تفصیلی آرٹکل آئی تھی جس میں کسی صاحب نے لکھا تھا کہ رام پور رضا لائبریری سے کافی خط و کتابت ہوئی لیکن کوئی جواب نہیں ملا، کافی دنوں بعد انھیں اطلاع دی گئی کہ تزک بابری رامپور لائبریری میں موجود نہیں ہے۔ ہم یہ جاننا چاہیں گے کہ کیا واقعی تزک بابری وہاں موجود نہیں ہے۔ اس مخطوطے کی شدہ شدہ مجھے یہ بھی اطلاع ملی کہ ہمارے یہاں جو مشہور ہسٹورین تھے ہارون خاں شروانی ان کے کتب خانے میں تزک بابری کا نسخہ ہے چنانچہ ان کو انھوں نے لکھا، اس کا زیراکس ان کو روانہ کیا گیا۔ تو ہم یہ جاننا چاہیں گے کہ واقعی وہ نسخہ اسوقت انڈیا میں کم از کم ہارون خاں شروانی کے ذخیرے میں ہے یا رام پور لائبریری میں بھی ہے۔

اکبر علیخاں :

اصل بات یہ ہے کہ تزک بابری کا کوئی بھی نسخہ وہاں موجود نہیں ہے، جب فرخ جلالی صاحب ارشاد فرما رہے تھے تو میں خاموش اسلیے رہا کہ شاید انہیں یہ غلط فہمی ہو کہ واقعات بابری کا ایک نسخہ وہاں ہے، اسی کو وہ ریفر کر رہے ہوں۔

ڈاکٹر امیر حسن عابدی :

لال قلعہ میں مغل بادشاہوں کا جو میوزیم ہے اس کے اندر شاہناموں کا بہت اچھا مصور نسخہ ہے اور اسمیں تمام بادشاہوں کا نام ہے، پورا دائرہ ہے یوں۔

ڈاکٹر رحمت علیخاں :

ایک صاحب نے جہانگیر کی ایک تحریر پیش کی ہے وہ میرے خیال سے فرضی ہے۔ دوسرا سوال یہ کہ

Marfat.com

چہرے سے کیا مراد ہوتا ہے، مخطوطات میں کئی جگہ آیا ہے چہرہ اور ہدیہ سابق۔

فرخ جلالی :

تزک بابری میں نے خود نہیں دیکھا ہے، یہ اطلاع مجھے ایک مضمون سے ملی کہ تزک کا ایک نسخہ وہاں ہے۔ آپ کی جو اطلاع ہے وہ صحیح ہے۔ اصل تزک ترکی میں ہے، اس کا ایک نسخہ سوویت یونین میں ہے دوسرے نسخے کی اطلاع یہ ہے کہ آگرہ میں بھی کسی کالج میں تھا اب شاید وہ نیشنل میوزیم میں پہنچ گیا۔

ڈاکٹر رحمت علیخاں:

تزک بابری کا دوسرا نسخہ سالار جنگ میوزیم میں ہے۔

فرخ جلالی :

شاہنامے کا جو مسئلہ ہے اسمیں الگ الگ بادشاہوں کی مہریں ہیں۔ اور اسمیں پورا شجرہ تیمور تک دینا مغل بادشاہوں شہزادوں کا معمول رہا ہے، اسکے سکّے بھی ملتے ہیں۔ سرسید کو بھی ایک سکہ ملا تھا ابھی حال میں لندن میں بکا ہے جس میں سو تولے کی ایک اشرفی تھی اور سرسید نے پورے پانچ دس، تیس، چالیس اور سو تولے کی اشرفیوں کے مختلف نام اور اس کا عکس بھی دیا ہے جو ان کو اسوقت ملا تھا اس قسم کا پورا شجرہ تزک میں شائع ہوا ہے۔

چہرہ اور ہدیہ یہ تیموری اصطلاح ہے تیموریوں کے یہاں چہرے لکھنے کا خاص رواج تھا اسکی ایک تفصیل دی جاتی تھی اس کا ایک پیٹرن دیا گیا ہے اسی طریقے سے کتاب کے مختلف سائز اور جزو کے سلسلے میں اس قسم کے رجسٹر تو نہیں دیکھنے میں آئے ہیں لیکن جو سیاق کی کتابیں ہیں اسمیں یہ دیا ہوا ہے کہ کس قسم کی اطلاعات ہونگی اور ہدیہ سابق تو یہ ہے کہ اس کتاب کی قیمت کیا ادا کی گئی یا اس وقت اس کتاب کی قیمت کیا ہے Valuation کے لیے ہدیے کا لفظ استعمال کیا گیا۔

چہرے سے مراد ہے کتاب کے اوراق کتنے ہیں، کتنی اس کے اندر تصویریں ہیں، کتنے سطور ہیں اس قسم کی اطلاعات اسمیں ملتی ہیں۔

ڈاکٹر خلیف نقوی :

خانقاہ عمادیہ پٹنہ سیٹی منگل تالاب کے مخطوطوں کے سلسلے میں ایک مقالہ جو آپ نے پیش فرمایا۔ اردو نثر کا ایک قدیم ترین نمونہ اسی کتب خانے سے دستیاب ہوا تھا۔ "سید ھا راستہ" اور اس کا جو ترجمہ تھا

Marfat.com

ربیع الاوّل ۱۰۸۱ھ، اسے ایک عرصہ تک اردو نثر کا قدیم ترین نمونہ سمجھا گیا۔ قاضی صاحب نے بھی اسکو قدیم ترین نمونہ سمجھا ——— اور اسکو قدیم ترین نمونہ کے طور پر پیش کیا، رسالہ معیار میں چھاپا۔ بعد میں یہ طے ہوا کہ یہ جعلی ہے۔ سوال یہ ہے کہ ترقیموں کو اتنی آسانی سے مان لینا اور نتیجے نکال لینا مناسب نہیں۔ وہ خانقاہ عمادیہ کا ہی نسخہ تھا۔ حضرت شاہ عماد الدین قلندر سے منسوب تھا وہ تو جعلی تھا ہی، بعد میں یہ ثابت بھی ہوگیا۔

ڈاکٹر انصار اللہ:

مجھے عرض کرنا ہے سنہ کے سلسلے میں پچھلے دنوں اردو کی ایک کتاب کا ذکر آیا اس پر سنہ جلوس شاہجہانی لکھا ہے کتاب کی زبان بہت قدیم نہیں ہے، میرا خیال ہے وہ شاہجہاں کے زمانے کی نہیں شاہجہاں ثانی کے زمانے کی ہے، تو جہاں واضح طور پر سنہ لکھا ہو وہاں بھی گنجائش ہوتی ہے غور و فکر کی مختلف زمانوں میں مختلف سنہ رائج رہے ہیں ابراہیم نامہ پر سنہ شہور تحریر ہے جب علی گڑھ سے تاریخ ادب اردو چھپی تو اسمیں اس لفظ شہور پر نگاہ نہیں کی گئی اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس کا زمانہ قدیم تر خیال کیا گیا بعد میں اسکی تصحیح کی گئی تو یہ دیکھنا چاہیئے کہ کون کون سے سنہ کس کس زمانے میں جاری تھے۔ اس پر میم لکھا ہے تو م کے معنی آج ہم میلادی یا مسیحی سمجھ سکتے ہیں۔ کسی زمانے میں کوئی ایسا بھی سنہ ہو سکتا ہے کہ اس کے مخفف کے طور پر 'م' کا استعمال ہو۔

مہر الٰہی کے مقالے پر بحث

ڈاکٹر امیر حسن عابدی:

رواج یہ ہوتا تھا کہ کاغذ کی قلت ہوتی تھی اب بہت سے مخطوطات ہیں اسمیں طب کے بھی نسخے ہیں کاغذ بچا ہے تو اسمیں ایک حکایت نقل کر دیا، کسی حکیم نے نسخہ نقل کر دیا اس کتاب کے اوپر مصلح الدین نے کہیں کچھ لکھا ہوگا اسکو یہاں نقل کیا ہے، لیکن یہ جو خط ہے اس زمانے میں اس کا رواج نہیں تھا۔ عبد الضعیف کسی نے پڑھا ہے ضعیف تو ہے ہی نہیں۔ اور مصلح الدین المشتہر کیا خود سعدی اپنے لیے لکھے گا۔ یہ تو کسی نے لکھا ہے اسکو نقل کیا ہے۔ یہ سعدی کے زمانے کا خط ہی نہیں ہے اس زمانے میں تو خط نسخ کا رواج تھا یہ اکبر کے زمانے کا خط معلوم ہوتا ہے۔

یحییٰ ندوی:

مہر الٰہی صاحب نے اپنے مقالے میں کشاف کے شروع کے مقدمے کا جو حصہ سورہ فاتحہ سے ملتا ہے وہ نقل کر کے پیش کیا ہے، وہ چھٹی صدی کی کتابت نہیں ہے آٹھویں صدی سے جو قریب تر ہے وہ کتابت ہے۔

Marfat.com

طیبی کا جو نسخہ مولانا آزاد لائبریری میں ہے بعینہٖ یہی کتابت ہے۔ یہ کتاب جو ایک صفحہ ہے بالکل کشاف ہے۔ عبارت وہی ہے۔ یہ بات میری سمجھ میں نہیں آرہی ہے کہ جس وقت شیخ سعدی نے اس کتاب کا مطالعہ کیا اس وقت ان کی عمر کیا تھی میں نے رام پور سے پورا طیبی کا نسخہ لایا اسمیں سو صفحے غایب ہیں۔ طیبی نے اپنی کتاب کا جو ذکر کیا اس میں ایک لفظ امیر الخیل ہے اس زمانے میں خیل یا آفندی کا لفظ رائج تھا۔ یا نہیں یہ بہت اہم چیز ہے۔ آفندی کا لفظ کب سے رائج ہوا یا امیر الجبل ہوتا تو عرب کے علاقے میں بہت سے اسما ہیں جن کا نام جبل ہے خیل کا مطلب قبیلہ خیل جو ہوا یہ کب سے ہوا اویس آفندی کے زمانے میں وہ تھے یا نہیں اسکی کتابت بھی بتاتی ہے کہ شیخ سعدی کے زمانے کی نہیں ہے۔

فرخ جلالی :

دراصل اسمیں سعدی کا جو نام دیا ہے وہ مصلح الدین دیا ہے اور معاصر عرب کے تذکروں میں ایک جگہ یہی نام استعمال ہوا ہے۔ کافی جگہوں پر ایران میں بھی یہ بحث چل رہی ہے کہ سعدی کا اصل نام مصلح الدین تھا یا مشرف الدین یا اس کے علاوہ اور کوئی نام تھا۔ یہ بات بھی خاصی اہم ہے، اس کا سواد خط اس زمانے سے مطابقت نہیں رکھتا یہ کہنا درست نہیں۔

مہر الٰہی :

میں نے بحیثیت لائبریرین آپ کے سامنے ایک چیز پیش کی میں دعویٰ نہیں کرتا کہ یہ شیخ سعدی ہی کی تحریر ہے جو چیز ملی آپ کے سامنے پیش کر دی۔ وہ نسخہ کتنا قدیم ہے میں صرف یہ جاننا چاہتا ہوں دوسری بات اس پر جو 'م' ہے وہ کیا ہے۔

ڈاکٹر امیر حسن عابدی :

صرف خط نسخ تھا اس زمانے میں ایران میں جیسے میلادی کا لفظ لکھتے ہیں تو 'م' ہے وہاں پہ یا مسیحی تو 'م' سے کوئی لازم نہیں کہ اس سے مراد اس زمانے کا آپ لیں۔ یہ تحریر سعدی کی نہیں ہے یہ بھول جائیے۔ وہ کبھی اپنے لیے نہیں لکھے گا المشتہر۔

اکبر علیخاں :

اسے لازماً 'م' کیوں سمجھا جا رہا ہے یہ تو جیسے خاتمے پر کوئی لکیر کھینچ دی جاتی ہے۔ یہ تو میم ہرگز نہیں ہے جیسے دستخط کے نیچے ایک لکیر بالکل وہی حیثیت ہے۔

Marfat.com

ڈاکٹر عبدالباری/شریف حسین قاسمی کے مقالے پر بحث

پروفیسر حکیم ظل الرحمٰن:

یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ ابن سینا کے ایک ذاتی نسخے کا آپ نے تذکرہ کیا اس کا بیک گراؤنڈ کیا ہے کتاب کون سی ہے۔

فرخ جلالی:

کئی دیوانوں کا ذکر آیا ہے حافظ کا انتقال ۷۹۱ھ میں میرے خیال میں صحیح نہیں ہے کیونکہ یہ انتخاب دیوان کا سال ہے ۷۹۳ھ میں شیراز کے مزاروں کی فہرست ہے جس میں حافظ بحیثیت وفات پائے ہوئے، کا ذکر نہیں ہے اور یہ جو ۷۹۵ھ پڑھا گیا اسے ۷۹۵ھ پڑھنے میں بھی میرے خیال میں کوئی قباحت نہیں ہے جو ایک دیوان وہاں موجود ہے، اس حیثیت سے یہ بات زیادہ اہم ہے۔

دوسری بات عبدالباری صاحب کے مقالے میں علیم اللہ جالندھری کا جو ذکر آیا وہ بڑا اہم ہے یہ عموماً لغات میں دلچسپی رکھتے ہیں، فرہنگ غواص بھی شاید ان کے پاس رہ چکی ہے۔ علیم اللہ جالندھری کا ذکر تذکرہ علماء ہند میں بھی موجود ہے کیا یہ وہی ہیں۔

● ڈاکٹر عبدالباری صاحب سے یہ پوچھنا ہے کہ انھوں نے ایک مہر کی عبارت کے بارے میں فرمایا کہ قابل تحریر نہیں ہے، اس سے کیا مراد ہے کیا کوئی فحش بات ہے یا Readable نہیں ہے۔

ڈاکٹر عبدالباری:

اسکی تفصیلات میں نے زیادہ نہیں دیکھی ہے۔

پروفیسر ابو محفوظ الکریم المعصومی:

ڈاکٹر شریف حسین قاسمی نے منظوم ترقیمے کا ذکر تو دو بار کیا لیکن اس کا کوئی نمونہ سننے میں نہیں آیا۔

ڈاکٹر ضیاء الدین ڈسائی:

ایک منظوم ترقیمہ ہے۔ مجھے اس وقت یاد نہیں ہے۔ پیر محمد شاہ درگاہ کے کتب خانہ کی ایک کتاب میں بارہویں صدی کی ابتدا یا نصف اوّل کا ایک منظوم ترقیمہ ہے جو بڑا دلچسپ ہے۔ اسمیں صوبے کا پھر دیوان کا پھر قاضی کا، سب کے نام آتے ہیں کہ یہ دیوان تھا، اس وقت یہ کتاب لکھی گئی۔

Marfat.com

پروفیسر حکیم ظل الرحمٰن :

ابن سینا کے زمانے کے جن صاحب کا آپ نے نام لیا کہ یہ بہت بڑے لغت کے ماہر تھے اپنے زمانے میں۔ تو دربار میں لغت پر بحث چل رہی تھی ابن سینا نے اس سے اختلاف کیا جو لغت کے تعلق سے بیان کر رہے تھے انہوں نے طنز کرتے ہوئے ابن سینا سے کہا کہ آپ تو فلسفہ، طب یا طبیعیات، کیمیا، اور مابعد الطبیعیات کے آدمی ہیں لیکن لغت سے آپ کا کیا تعلق جو آپ مداخلت فرما رہے ہیں۔ ابن سینا خاموش ہو گیا اور خاموش ہو کر گھر آ گیا اس کے بعد اس نے لغت پر ایک نہایت جامع کتاب تصنیف کی اور تصنیف کے بعد اسکو مٹی میں دبایا، کاغذ بھی بہت بوسیدہ اس نے استعمال کیا تھا اور بہت پرانی سی جلد بندھوا کے اس کے یہاں بھجوا دی اور کہا کہ صاحب یہ پرانی لغت میرے ہاتھ آئی ہے ذرا اسکی وضاحت فرما دیں اور مطلب بتا دیں تو اسقدر ادق مسائل اس نے لغت کے اٹھائے تھے کہ وہ اس کے حل کرنے سے عاجز رہے بالآخران کو یہ یقین ہو گیا کہ ابن سینا نے انہیں بیوقوف بنانے کے لیے یہ کارروائی کی ہے۔

منظوم ترقیمے کا نمونہ :

ڈاکٹر شریف حسین قاسمی:

ہمچناں دل در تحیر مست بود — گاہ اندر حمد و گاہی در درود
حق تعالیٰ از مدد درہا گشاد — اتفاقم ختم ایں نسخہ فتاد
شد بدست خسرو ایں نسخہ تمام — روز بست و پنجم از ماہ صیام
خسرو گویندۂ آں فخر دیں — خادم بیچارۂ بی کبر و کین
سال اندر بست و ہفت و ہفتصد — بود چوں ایں دولتم آمد بصد
گفت عطار از ہمہ مرداں سخن — گر تو مردی ہم بخیر شش یاد کن
جان او از نور حق آسودہ باد — نام او در آسماں بستودہ باد

ڈاکٹر افتخار احمد مدنی۔ ڈاکٹر اعجاز حسین کے مقالے پر بحث

ڈاکٹر رحمت علیخاں:

شانتی نکیتن میں جو نگرستان ہے اسمیں آپنے فرمایا کہ ء قصیدہ بھی ہے اس کے نیچے لکھا ہوا ہے تحویلاً تو اس کا تال میل کچھ سمجھ میں نہیں آیا۔ دوسری بات بیجاپور میں روپیہ نہیں ہوم چلتا تھا آپ نے لکھا کہ بیجاپور میں

Marfat.com

کچھ روپیوں میں خریدا گیا وہ کس طرح۔

محمد ذاکر حسین :

مجموعہ الانساب کا آپ نے نام لیا ہے یہ کس موضوع پر ہے۔

ڈاکٹر رحمت علیخاں :

چار مقالے پڑھے گئے عام طور پر ہمیں ڈاکٹر عبدالباری صاحب سے بہت زیادہ امید ہوتی ہے کہ ان کا مقالہ بڑا پر مغز ہو گا لیکن شاید انھیں کچھ زیادہ وقت نہیں مل سکا۔

ڈاکٹر شریف حسین قاسمی نے اچھا مقالہ پیش کیا کچھ نئی باتیں پیش کیں جو ابتک آئی نہیں تھیں۔ ڈاکٹر افتخار احمد مدنی کو اپنے مضمون کو پھیلانا چاہیئے تھا کیونکہ وہ جو کہنا چاہ رہے ہیں اس سے وضاحت نہیں ہوتی ہے۔ ڈاکٹر اعجاز حسین کے مقالے میں بھی کچھ وضاحتیں مطلوب ہیں وہ ہو جائیں تو اچھا رہے گا۔

ڈاکٹر عتیق الرحمٰن شائستہ خاں شاہجہاں قاسمی کے مقالے پر بحث

ڈاکٹر امیر حسن عابدی :

یہ جو مقالے آپ لوگوں نے پڑھے یہ کیا جو چھپے ہوئے ہیں ان پر Based ہیں۔

ڈاکٹر عتیق الرحمٰن :

جو کچھ کتاب میں ترقیمہ لکھا ہوا ہے اسے دیکھ کر مقالہ لکھا گیا ہے۔ جو قدیم نسخے کیٹلاگ ہو چکے ہیں اور جو نئے کلکشن آئے ہیں اس پر بھی کام ہو رہا ہے۔

ڈاکٹر افتخار احمد مدنی :

میرے مقالے میں جن مخطوطات کا ذکر آیا ہے وہ نہ مخطوطات کی توضیحی فہرست میں ہیں نہ ہینڈ لسٹ میں۔

شاہجہاں قاسمی :

بنیادی طور پر مقالہ مخطوطہ دیکھ کر لکھا گیا ہے، یہ الگ بات ہے کہ اس کا کیٹلاگ بھی موجود ہے لیکن مہروں اور عرضدیدوں کی تفصیلات کیٹلاگ میں موجود نہیں۔

پروفیسر حکیم ظل الرحمٰن :

آپ نے جس نسخے کا حوالہ دیا ہے ۴۸۳ کیا اس سے قدیم نسخہ ہندستان میں کہیں ہے۔

Marfat.com

ڈاکٹر رحمت علیخاں:

یہ ۴۳۴ھ کا نسخہ ہے، چھوٹے چھوٹے طب کے رسالے ہیں مجموعہ رسائل ہے۔

فرخ جلالی:

آپنے ابھی سراج کا جو حوالہ دیا ہے کیا یہ وہی مصنف ہیں جنھوں نے اسلامی فرقوں پر ایک رسالہ لکھا ہے یا دوسرے مصنف ہیں۔

دلارام:

خدا بخش لائبریری میں جو ترکی مخطوطات ہیں ان کی تعداد تقریباً تیس ہے، ان میں سے پچیس مخطوطات میں کوئی نہ کوئی مہر ضرور ہے اور کو لوفن بھی ہیں ترکی مخطوطات میں جو ترقیمے ہیں وہ ترکی زبان میں نہیں ہیں بلکہ فارسی زبان میں ہیں، کبھی کبھی صرف تمام شد یا انشوہ کتاب تمام بلدز، ترکی میں صرف یہ لکھا ہوا ہے۔ میں صرف تین نسخوں کے بارے میں کچھ بتاؤنگی۔ پہلی کتاب عرضداشت فضولی، یہ چھوٹی سی کتاب ہے اسمیں تین مخطوطے ہیں، دو فارسی کے نسخے ہیں اور ایک ترکی میں ہے۔ اس چھوٹی سی کتاب میں دس مہریں ملتی ہیں ان دس مہروں میں دراصل صرف پانچ مہریں ہیں۔ کیونکہ سید ولایت خان اور مرشد نواب وہ لوگ ہمیں جو اتنا زیادہ مہر لگانے کو پسند کرتے ہیں کہ سرورق پر بھی مہر ہے بیچ میں بھی مہر اور آخر میں بھی مہر لگاتے ہیں۔ اس مخطوطہ میں جو مہر ہے یہ سب پٹنہ ہی کے رہنے والوں کا ہے یہ مخطوطہ گیارہویں صدی میں لکھا گیا اور یہ مخطوطہ علی ناقل کا ہے۔ دوسرا مخطوطہ بارہویں صدی کا ہے ۱۱۵۶ھ کا یہ محمد مہدی کا ہے اس کے بعد مہر از کتب خانہ سید ولایت علی خاں ۱۲۰۰ھ کا ہے اور آخری نسخہ نواب خورشید کا اس کا سال آتا ہے ۱۲۹۰ھ ان مخطوطوں پر جو چار پانچ مہریں ہیں اسمیں الگ الگ جو تاریخیں ہیں اس سے ہمیں اندازہ ہوتا ہے کہ اس آدمی کے پاس یہ مخطوطہ اتنے سال رہا اس کے بعد یہ اس آدمی کے پاس گیا ہے۔

حکیم ظل الرحمٰن کے مقالہ پر بحث

ڈاکٹر امیر حسن عابدی:

اس کی کم از کم اردو زبان میں ہینڈ لسٹ شائع کرادیں تاکہ لوگوں کو اس سے فائدہ ہو۔ کیٹلاگ یا ہینڈ لسٹ کے بغیر کوئی لائبریری دنیا میں زندہ نہیں رہتی۔

Marfat.com

ڈاکٹر انصار اللہ:

عام طور پر یہ سمجھا جاتا ہے کہ کسی مخطوطہ پر جلد بندی کی مہر لگی ہے اسکی کتابت اس سے پہلے ہوئی ہوگی۔ بات کہی بھی گئی کہ مخطوطہ پر ۱۳۰۰ھ کی مہر ہے اسکی کتابت اس سے پہلے ہوئی ہوگی۔ یہ ضروری نہیں ۱۳۰۰ھ میں ایک شخص نے مہر لگوائی چالیس سال مزید زندہ رہا تو وہ چالیس سال کے اندر استعمال کر سکتا ہے۔ کوئی اسکو روکنے والا نہیں ہے استعمال ہوتی رہتی ہے اسکی مثالیں بہت مل سکتی ہیں۔ دوسری بات یہ کہ منتظم الدولہ کی کتاب کے سال کتابت میں سنہ نہیں پایا وہ مجھے بتادیں۔

ڈاکٹر شریف حسین قاسمی:

جس طرح ہمارے یہاں ترقیمہ ایک لفظ ہے جو کاتب، کتاب اور نسخے کے آخر میں اپنی طرف سے لکھتا ہے اسی طرح ایک دوسرا لفظ بھی ہے جسے ہم ظہر یا ظہریہ کہتے ہیں جسے انگریزی میں فلائی لیف کہتے ہیں زیادہ تر مخطوطات جو آپ نے بتائے ہیں وہ اسی فلائی لیف سے متعلق ہیں۔ اسی طرح ایک کتاب کا آپ نے نام لیا اختیار قاسمی، میں نے وہ کتاب دیکھی ہے وہ اختیارات قاسمی ہے۔

● ــــ محترمہ دلارام سے صرف معلومات کے لیے پوچھنا چاہتا ہوں کہ ترکی مخطوطے کی پٹنہ میں جو کتابت ہوئی ہے اس کا سنہ کیا ہے کس سنہ میں کتابت ہوئی۔

دلارام:

کتاب کے بارے میں میں نے یہ بات کہی ہوگی کہ جو مہر اسمیں آئی ہے وہ سلطان ولایت خاں اور خورشید نواب کا ہے یہ پٹنہ ہی کے رہنے والے تھے یہ ایک خاندان تھا یہاں کا۔

پروفیسر حکیم ظل الرحمٰن:

منتظم الدولہ سے متعلق کتبخانے کی کتاب میں ایک کا نام ہے مجربات منتظمی، دوسری کتاب مفتاح الفرح یہ دو کتابیں منگولال کی ہیں جو انکی سرکار سے وابستہ تھا ان کا سنہ ہے چہاردہم ذیقعدہ ۱۲۷۲ ھجری۔

پروفیسر شاہ عطار الرحمٰن:

ایک سمینار ہونا چاہیئے کہ بخط مصنف کتنے مخطوطات کہاں کہاں ہیں۔

ڈاکٹر افتخار احمد مدنی:

اس سمینار میں اس بات کی کوشش نہیں کی گئی کہ تحقیق کی جائے۔ ترقیمہ میں جو کچھ لکھا گیا وہ صحیح ہے۔

Marfat.com

یہاں قرآن شریف کا ایک ترجمہ ہے خدا بخش لائبریری میں یہ فارسی ترجمہ ہے اسمیں ترقیمہ نہیں ہے آخر میں دو تین اوراق نہیں ہیں۔ جسکی تکمیل کے بعد مکمل کرنے والے نے یہ لکھا ہے۔

"ایں نسخہ را در ربیعان شباب ۴۸۴ھ نوشتہ لکن آخری اوراق ایں کلام پاک ضائع شدہ بود بدیں وجہ ایں فقیر بخط خام خود نوشتہ ایں را مکمل نمود" اس کے نیچے اس کا نام ہے حافظ محمد یحییٰ اس کے نیچے یہ عبارت ہے۔ "از تلاوت اکثر آیات شریفہ و قرأت ترجمہ بر حقیر فقیر واضح شد کہ ایں قرآن مجید و فرقان حمید نوشتہ قلم اہل ولایت ایران است زیرا کہ اصل قرآن شریف بخط نیریزاست و ترجمہ خط شکست ہر گاہ دلم یقین این مضمون می کند و در تصدیق و تائید تحریر جناب حافظ محمد یحییٰ صاحب باک ندارم۔

ابتدا میں پہلے ورق پر ایک عبارت ہے جس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ عباسی خلیفہ کے عہد میں لکھا گیا اور یہاں انھوں نے کاتب کا نام دیا ہے فقیر عبدالقادر جیلانی تحریر در ۵۵۶ھ باتمام رسید۔

ابو محفوظ الکریم المعصومی کے مقالے پر بحث

ڈاکٹر امیر حسن عابدی:

خط بہار ہے خط بہار نہیں ہے۔ ملا جیون کا لکھا ہوا قرآن نیشنل میوزیم میں موجود ہے۔ پروفیسر حسن عسکری نے اس کی تصدیق کی تھی۔

فرخ جلالی:

جس کتاب پر ابن اسلام خاں کا نام ہے۔ ابن اسلام خاں نام کے دو گورنر ہیں بنگال میں جہانگیر کے عہد میں۔ ایک شیخ سلیم چشتی کے بیٹے ہیں دوسرے کوئی اور ہیں۔ کیا یہ شاہی کتبخانے کی کتاب جیسی کوئی شہادت آپ کو کتاب میں ملی۔ تیسری بات ملا جیون اورنگ زیب کے استاد بتائے جاتے ہیں یہ الگ بات ہے کہ انھوں نے اپنے لکڑ دادا، پردادا کا نام عبدالرزاق جو بتایا ہے تو اس میں خاصہ خدا ان کے لیے عزت کا جملہ ہے تو جو سنہ انھوں نے بیان کیے ہیں اسکی روشنی میں کیا ملا جیون اورنگ زیب کے بادشاہ ہونے کے بعد استاد ہوئے یا پہلے ہوئے۔

ڈاکٹر ضیاء الدین ڈسائی:

خط بہار پر ایک جی۔ اس۔ فرید کا مضمون انڈو ایرانیکا میں چھپا تھا۔ دوسرا مفصل مضمون وحید قریشی کا رسالہ تحقیق پنجاب یونیورسٹی کے جرنل میں چھپا ہے وہ بڑا معرکہ ہے۔ میرا خیال ہے یہ خط بہار ہے تیرہویں صدی کے جو کتبے ملتے ہیں مشرقی ہندستان کے جو فرید صاحب نے شائع کئے ہیں اس سے یہ

Marfat.com

خط ملتا ہے۔ خطِ بہار کی جو تعریف ہے وہ ان کتبوں کے خط پر بھی صادق آتی ہے دوسری بات یہ کہ یہ نویں اور دسویں صدی تک محدود ہے دسویں صدی کے بعد اس خط میں کوئی نسخہ نہیں ملتا ہے، نویں صدی کے تاریخ والے نسخے ملتے ہیں اور اکثر و بیشتر قرآن شریف کے نسخے ملتے ہیں کچھ دوسرے غیر مذہبی نسخے بھی ملتے ہیں لیکن بہت کم۔

پروفیسر ابو محفوظ الکریم المعصومی :

کسی شاہ یا شہنشاہ کے ملاحظے کے نتیجے کے طور پر عرضدیدہ کا رواج ملتا ہے امرا اور ثانوی درجے کے امرا کے یہاں بھی عرضدیدہ عرض کرنے کا ثبوت ملتا ہے۔ دوسرے شاہی کتبخانوں میں ریمارک لکھنے، مہر لگنے اور مغلوں سے پہلے بھی مہر پائے جانے کا یقیناً ثبوت ملتا ہے۔ مغلوں سے پہلے کا مطلب ہندستان میں بھی دکن کی تعلیم میں شاہی دور یا اس سے کچھ پہلے کے اخباروں میں بھی یہ چیزیں ہیں لیکن ہندستان سے باہر ان نسخوں پر ان مذاہب کا ہمیشہ پایا جانا ضروری نہیں۔

ڈاکٹر انصار اللہ :

ایک الگ سمینار ہونا چاہیئے جسمیں مہروں کے مسائل بھی سامنے آئیں۔

ڈاکٹر امیر حسن عابدی :

عرضدیدہ چونکہ زیادہ نہیں ہے بیس سے تیس ہو سکتا ہے لیکن یہ سب الگ الگ موضوعات ہیں الگ الگ سمینار ہونا چاہیئے مہریں بہت اہم ہیں ہزاروں مہریں ہیں وہ کب سے شروع ہوئیں کس کس طرح کی مہر ہوتی تھی قدیم زمانے میں، ان سب پر بحث ہونی چاہیئے۔

ڈاکٹر افتخار احمد مدنی :

خدا بخش لائبریری میں کیمیائے سعادت کا ایک نسخہ موجود ہے جسمیں آخر میں چند اوراق کا اضافہ کیا گیا ہے اور ابتدا میں اور اس کے اضافے میں یہ لکھا گیا ہے کچھ مختلف لوگوں کے حوالے سے جس کے ابتدائی اوراق کاتب کے ہیں کاتب نے اپنا نام لکھا ہے اور بقیہ کتابت خود امام غزالی کی ہے۔ تو کس طرح ہم طے کریں تو اب تک جو کچھ لکھا ہے کیا ہم اسے مان لیں۔ جو اصول بنائے گئے ہیں کتابت کے سلسلے میں، زمانے کے تعین کے سلسلے میں کیا اسے بالکل نظر انداز کر دیا جائے۔ شاہی نسخے یا مختلف زمانے میں تحریروں کے سلسلے میں جو چیزیں سامنے آئی ہیں کیا اسکو عمل میں نہ لایا جائے صرف ترقیموں کو دیکھ کر ختم کر دیا جائے۔ مہر کے سلسلے میں ایک وسیع مطالعے کی ضرورت ہے۔ ایک بار ایک آدمی نے مہر بنائی اور ایک زمانے تک وہ لگتی رہی تو کیا یہ مان لیا

Marfat.com

جائے کہ یہ فلاں صدی کی مہر ہے یا ایک آدمی نے کئی بار مہریں بنوائی ہیں۔ ہمارے یہاں اسکی مثالیں ہیں۔ تو مختلف اوقات میں مختلف مہریں بنتی رہی ہیں لائبریریوں میں جو مہریں موجود ہیں اسے جمع کیا جائے اس سے یہ معلوم ہوگا کہ ایک ہی آدمی کی مہر کس کس زمانے میں کس کس سنہ کے تحت کیسے کیسے لگی۔

شاہجہاں قاسمی :

عرض دیدہ کا رواج کب سے ہوا اس کا پس منظر کیا ہے، کیا صرف یہ فارسی زبان میں ملتا ہے یا دوسری زبانوں کی کتابوں میں بھی عرضدیدے ملتے ہیں مہروں کی بھی تاریخی حیثیت سامنے آنی چاہیئے یعنی مہریں کب سے شروع ہوئیں اس کا رواج کب سے ہوا، مہروں کی تحقیق ہم کیسے کریں کہ یہ مہر صحیح ہے یا غلط۔ کیا زمانہ کتابت کی تحقیق کاغذ اور روشنائی کے حوالے سے بھی کی جا سکتی ہے۔

ڈاکٹر ضیاء الدین ڈسائی :

اس سمینار کے موضوع میں سب سے بڑی کمی لفظ تحریر کی ہے، آپ نے یہاں لکھا ہے :

Study of Mss. in Colophons, Arzdeedas & Seals

آپ نے تحریر کا لفظ چھوڑ دیا، تحریر سے میری مراد وہ ہے، عرضدیدہ الگ چیز ہے ترقیمہ الگ چیز ہے، مہر الگ چیز ہے، تحریر الگ چیز ہے اور تقریباً کوئی مخطوطہ ایسا نہیں ہوتا جس پر کوئی تحریر نہ ہو اور یہ تحریر ہی کی وجہ سے Seal وجود میں آیا ہے، میں ابھی اس کی غرض وغایت پر عرض کرتا ہوں کہ ہمارے یہاں اس چیز کا بہت کم خیال ہے لوگوں کو کہ یہ مہریں کیوں ابھی ایک حضرت نے فرمایا کہ قدامت لیا ہے مہریں کب شروع ہوئیں جب سے انسان نے لکھنا پڑھنا سیکھا جب انسان نے کسی کتاب یا کسی تحریر کو اپنی ملک میں پایا۔ مہریں کچھ عرصہ پہلے تک یعنی جب تک انکا رواج نہیں ہوا، انگریز زمانے سے کچھ پہلے تک جبکہ Signature پہچانی جاتی تھی مہر Signature کا کام دیتی تھی یعنی کسی زمانے میں اورنگ زیب یا شاہجہاں لکھے کہ ابھی یہ کتاب آئی اور اس پر اپنی ملکیت جتانے کے لیے لکھے تو کوئی یہ نہ پہچانے کہ یہ شاہجہاں ہیں آج تو ہم Asserv بھی کراتے ہیں آج ہمیں ذرا اندازہ بھی ہے۔ مہر محض اس لیے لگائی جاتی ہے تحریروں کے نیچے عام طور پر مہر ہوتی ہے آپ ہمیشہ یہ دیکھیں گے، اگر تحریر کے بغیر مہر ہو تو اس کا مقصد اسکی ملکیت بتانے کا ہے، میرے پاس کوئی کتاب آئی کوئی مخطوطہ آیا میں نے اپنی مہر لگا دی یہ میری کتاب ہے یہ مہر جسکی ہے یہ اسی کی کتاب ہے اور اگر وہ لکھنا چاہے تو وہ لکھ دے گا یہ فلاں وقت میرے ملک میں آئی یا اتنے روپے میں میں نے اسے خریدی

Marfat.com

یا یہ کیا وہ کیا، جو بھی ہو، یہ تحریر ہے تو مہر کی غرض و غایت یہی ہے مہر اسی لیے وجود میں آئی۔

رہا عرضدیدہ، تو میرے نزدیک عرضدیدہ اتنا اہم نہیں ہے یعنی مخطوطات کی اہمیت جتانے کے لیے عرضدیدہ کی اتنی زیادہ اہمیت نہیں ہے جتنی مہروں کی اور جتنی تحریروں کی، ترقیموں کی۔ ترقیمے بھی نہایت اہم چیز ہیں تو عرضدیدے جو ہیں اور اس سلسلے میں کافی مجھے اطمینان ہے کہ میں صحیح ہوں، غلط تو ہر آدمی ہو سکتا ہے کہ عرضدیدے صرف صاحبان ثروت اور صاحبان سلطنت کی لائبریریوں کے لیے ہوتے تھے، جیسے نواب صاحب ہوں وہ اپنی کتاب منگوائیں ان کو لانے کے لیے ہوں تب وہ عرضدیدے ہیں۔ میرے پاس ایک مثال ہے ایک فوٹو ہے جسمیں عرضدیدے ہیں لیکن یہ کہنا کہ یہ امیر کا ہے یا بادشاہ کا یہ مشکل ہے کیونکہ بعد میں ایک ہی صفحہ پر کئی لوگوں کی مہریں آگئیں۔ اصل مالک کی آئی، پھر شاہی کتب خانے میں گئی وہ آئی، پھر امیر کی ہوئی وہ آئی۔ اچھا اس زمانے میں بھی معلوم ہوتا ہے کہ کتابوں کو غائب کرانا، کتابخانوں سے شاہی کتابخانوں سے مشکل نہیں تھا، بڑا آسان تھا۔ یعنی ہم ان تحریروں اور مہروں کے ذریعہ یہ دیکھتے ہیں کہ مغل شاہی کتبخانے کی کتاب ہے اور تیس سال بعد دیکھتے ہیں کہ ایک پرائیوٹ آدمی کے پاس آرہی ہے، تو مہروں سے کئی چیزوں کا پتہ چلتا ہے لیکن خود مہروں کی نوعیت پر کسی نے روشنی نہیں ڈالی۔ مہروں کی کئی نوعیت ہوتی ہے۔ خاص طور پر اسکی جو Legend ہوتی ہے جو نام ہوتا ہے جس کے نام کی مہر ہے ایک تو صرف سادہ نام یعنی فلاں بن فلاں اور عموماً یہ جو ایک صاحب نے فرمایا یہ مہر کس زمانے کی ہے تو عام طور پر صاحب مہر اپنا نام اور سنہ اسمیں کھدواتا ہے یعنی ہر مہر میں تقریباً سنہ بھی ہوتا ہے۔ البتہ مہر جعلی ہے یا نہیں اسکی شناخت کرنا اتنا مشکل نہیں ہے جتنا کہ سمجھا جاتا ہے، البتہ بڑے سے بڑا بھی جو ماہر ہے وہ بھی دھوکے کھا جاتا ہے یہ اور بات ہے لیکن جیسے کل جو مہریں دکھائی گئیں فرخ جلالی صاحب یا مہر الٰہی صاحب والی جسمیں معصومی صاحب نے بھی کہا، وہ جو اکبر کی مہر بتائی جاتی ہے جلال الدین محمد اکبر بن محمد ہمایوں، یا جو کچھ بھی ہو اس کے بھی ہونے میں مجھے خود بھی شبہ ہے کہ وہ شاید صحیح نہ ہو۔ اس لیے کہ اسکے خط، اسکے طرز کی اکبر کی کوئی مہر میں نے آج تک نہیں دیکھی، نہ سکوں میں نہ کسی اور چیز میں کہ جس میں اس نے اپنے والد کا نام لکھا ہو، عام طور پر یہ بہت کم ہے سوائے سکوں میں اور وہ بھی منظوم، بہرحال وہ اور چیز ہے تو یہ بات مہروں کے سلسلے میں آدمی کہہ سکتا ہے لیکن عام طور پر پھر اس کا خط بھی ہے ہمارے یہاں نستعلیق میں جو مہریں ملتی ہیں وہ زیادہ سے زیادہ دسویں صدی ہجری میں بھی بہت کم، دسویں صدی اور گیارہویں صدی سے اس کا رواج ہے۔ دسویں صدی سے پہلے کی کوئی مہر عام طور پر نستعلیق میں نہیں ملتی کیونکہ

Marfat.com

نستعلیق کا چلن اور رواج پانا بھی کافی دیر سے ہوا۔ ہندستان میں تو صرف نویں صدی کے اواخر میں بھی بطور استثنا دو چار نمونے ملتے ہیں نویں صدی کے، دسویں صدی سے البتہ ملنا شروع ہوتے ہیں۔ آپ دیکھیں گے کہ ہر مہر پر تاریخ بھی اسکی ہوگی، آج بھی جو مہر بنائے گا یہ ٹھیک ہے کہ اب آج کا مجھے معلوم نہیں ورنہ پچھلی صدی سے ٹکیت رائے وغیرہ میں بھی مہریں ہیں اس لیے یہ کہہ رہے ہیں کہ مہاراجہ ٹکیت رائے کی اس زمانے کی ہے۔ اس پر بھی میں آتا ہوں کہ کیوں الگ الگ زمانہ ہے، تو یہ مہروں کی نوعیت ابھی میں عرض کر رہا تھا کہ مہروں کی قدامت کو پرکھنے کے لیے اتنا مشکل نہیں ہے البتہ جیسا میں نے ابھی عرض کیا کہ اچھے سے اچھے ماہر کو گیت گووند کا پتہ نہیں ہے، گیت گووند ایک بڑا اہم مخطوطہ ہے وہ نیشنل میوزیم کے لیے خریدا گیا، نیشنل میوزیم میں کال کھنڈال والا، کپیلا داس سے لیکر بڑے سے بڑے ماہرین ہیں اور بعد میں پتہ چلا اور خود جس نے جعل کیا اس نے اعتراف کیا کہ یہ میرا کیا ہوا ہے اور وہ ثابت ہو گیا اور یہ ایک مسئلہ بن گیا تو ویسے تو بڑے سے بڑا ماہر بھی دھوکہ کھا جائے لیکن جہاں تک ہو سکے آدمی کچھ ایک حد تک وہ کر سکتا ہے۔ ابھی میں عرض یہ کر رہا تھا کہ مہر ایک تو آدمی کے صرف نام پر کہ فلاں بن فلاں یا فلاں، دوسرا تنوع کے طور پر سمجھئے یا جو ہو سجع بناتا تھا جیسے سکوں میں بھی منظوم نام وغیرہ ہوتا تھا اسطرح مہروں میں بھی منظوم نام ملتے ہیں جسے سجع ہم کہتے ہیں تو سجع میں بہت کم لیکن کبھی کبھی پورا شعر بھی ہوتا تھا، کل بھی ایک دو میں نے دیکھا جسمیں پورا شعر تھا، خاص طور پر اودھ کے نوابوں کی جتنی بھی مہریں ہیں ان میں چاہے واجد علی شاہ کی ہو، سلیمان جاہ کی ہو، امجد علی شاہ کی ہو جتنی بھی ہو پورا شعر مہر پر ہوتا ہے لیکن عام طور پر چونکہ پورا شعر ایک مہر میں سما دینا ذرا مشکل ہوتا ہے تو عام طور پر وہ سجع ہوتا ہے تو سجع میں البتہ ہمارے اچھے سے اچھے فہرست نگاروں نے بھی سجع پڑھنے میں غلطیاں ہوئی ہیں۔ میرے پاس مثالیں ہیں اور یہ صرف ہندستان میں نہیں ہمارے ایران میں بھی ابھی کچھ دن پہلے ایران کا میں ایک کیٹلاگ دیکھ رہا تھا اسمیں بھی ایک مہر کا ذکر تھا، سجع تھا وہ غلط انھوں نے پڑھا، وہ سمجھے ہوں گے کہ یہ نثر میں ہیں یا جو کچھ بھی ہو۔ سالار جنگ میوزیم اس لحاظ سے میں سمجھتا ہوں کہ ہندستان کے کم از کم کتب خانوں کی فہرستوں میں سالار جنگ کی فہرست (کیٹلاگ) کو ایک طرح کی انفرادیت حاصل ہے وہ یہ ہے کہ کیٹلاگ کو جو ڈسکرپٹو کیٹلاگ کہتے ہیں صحیح معنوں میں ڈسکرپٹو کیٹلاگ ہے۔ ہمارے خود خدا بخش کی جو فہرستیں ہیں وہ چونکہ سر ڈینی سن راس کی رہنمائی میں اس کی ابتدا ہوئی اس لیے وہ بھی کافی حد تک ڈسکرپٹو ہے لیکن پھر بھی اسمیں اس چیز کی قید نہیں رکھی گئی جو سالار جنگ میں رکھی گئی۔ ——— لوگوں کو تعجب ہوگا کہ محمد اشرف مرحوم ہو گئے ہیں وہ میرے بہت قدیم ملنے والے

Marfat.com

تھے ۱۹۵۳ء سے ۱۹۵۴ء سے میری ملاقات ہے اور وہ پیشے سے انجنیئر تھے۔ فارسی عربی انھوں نے ویسے ہی اپنے طور پر پڑھی عربی تو شاید کم ہوگی ان کی میری طرح میں بھی عربی داں نہیں ہوں لیکن فارسی انھوں نے ہو سکتا ہے۔ مدرسے میں تعلیم پائی ہو یا جو کچھ بھی ہو، تو وہ جو انھوں نے خدمت انجام دی ہے انھوں نے مہروں کا بالالتزام ترقیمہ اور مہر اپنے یہاں یہ دونوں چیزیں دی ہیں لیکن اس میں کئی جگہ کیونکہ اشرف صاحب نے جب تک وہ کام نہیں کیا، تب تک ان کا اس چیز سے تعلق نہیں تھا، میں جب بھی سالار جنگ جاتا تھا، جب وہ پرانی بلڈنگ میں فہرست لکھا کرتے تھے اور میں جاتا تھا، کئی چیزیں مجھے یاد ہیں آج بھی کہ گل رعنا کا جو نسخہ خود نوشت غالباً ہے یہ شفیق کا ہے شاید لچھمی نرائن شفیق، تو مجھ سے انھوں نے مشورہ بھی کیا تھا کہ یہ کیا ہے۔ بہرحال میں عرض کر رہا تھا کہ ان کے کیٹلاگ میں کچھ اغلاط رہ گئے ہیں۔ یہ تو بڑے سے بڑے تھے، ایک ترقیمہ پڑھنے میں آئیون آکس سے بھی بڑی غلطی ہوگئی جو میں آئندہ کہوں گا، بہرحال مہروں میں ایک تو سجع ہوتا ہے سجع سے مراد مثلاً عبداللطیف کا ہے تو وہ خود اگر شاعر ہو تو خود سجع اپنے نام کا بنائے گا، اگر شاعر نہیں ہے تو کسی اچھے شاعر سے وہ کرائے گا تو کئی مرتبہ تو نام کی مناسبت سے وہ سجع ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر ایک: قوام الدین بہ محشر سربلند است۔ اس سجع میں ابہام ہے۔ بعض سجع جیسے کل پڑھا محمد شفیع کا معصومی صاحب نے ذکر کیا تو وہاں تو صاف ہے کہ یہ نام محمد شفیع ہے لیکن بعض جگہ صرف محمد ہو لیکن وہ دارد امید شفاعت یا شفیع محمد، تو وہ محمد کے ساتھ شفیع لینا یا شفاعت لینا ذرا ابہام ہے، ابھی جو میں نے سجع عرض کیا اسمیں ابہام ہے قوام الدین اور سربلند، دونوں سربلند خاں ٹائٹل بھی ہوتا تھا لیکن میرے خیال میں نام اس کا قوام الدین ہے اور سربلند ویسے استعمال ہوا کہ وہ نام آور ہے سربلند ہے محشر میں کیونکہ نام بھی اس کا قوام الدین ہے یعنی دین کا قوام تو اس وجہ سے محشر میں اپنے آپ کو سربلند کہتا ہے۔ بہرحال تو یہ سجع ہے۔

کچھ سجع ابھی میں نے عرض کیا ابہام کا پہلو لیے ہوئے ہے، تو یہ سالار جنگ میوزیم کا کیٹلاک دیکھیں گے تو اسمیں انھوں نے ایک انڈکس بھی دی ہے جسمیں تمام مہروں کے جو Legends ہیں وہ بھی سب دیئے ہیں اور بعض بڑے دلچسپ ہوتے ہیں جیسے اگر تنی یا حیدر اگر تن۔ ان کا نام حیدر علی خاں ہو یا جو کچھ بھی ہو مطلب میرا یہ ہے کہ اسطرح کے بڑے دلچسپ، یہ جو عام لوگوں کی مہریں ہوتی تھیں وہ یا امیر ہوں یا یہ ہوں، اور جیسا میں نے عرض کیا یہ ملکیت جتانے کے لیے مہریں عمل میں آئیں، شاہی کتب خانوں کے مہروں کی بھی یہی ہے غرض وغایت وہ کوئی اور وجہ نہیں تھی، وجہ یہی تھی کہ یہ ملکیت فلاں جگہ کی ہے چاہے امیر کی ہو چاہے بادشاہ

Marfat.com

کی ہو چاہے کسی کی بھی ہو تو شاہی کتب خانوں کے مہروں کی یہ بات ہے کہ وہ شاہی کتب خانے میں جب داخل ہوئی تو عام طور پر شاہی کتبخانے کا جو کتابدار تھا، لائبریرین تھا، ایک چیز یہاں عرض کر دوں کہ شاہی کتب خانہ کوئی معمولی ایک دو آدمی کا تو تھا نہیں جیسے خدا بخش لائبریری میں بھی کئی لوگ ہیں ڈائرکٹر ہیں۔ اسسٹنٹ ڈائرکٹر ہیں اسی طرح لائبریری میں بھی کئی لوگ اور عام طور پر اچھے سے اچھا خطاط بھی ہوتا تھا وہ بھی لائبریری میں ہوتا تھا ان کو منصب دیا جاتا تھا، صدی کا منصب۔

عبدالرشید دیلمی مشہور عماد قزوینی کا جن کو بھانجہ بتایا جاتا ہے وہ نستعلیق کا وہ ہے اسکی جو مہر ہے اس کا جو سجع ہے سب لوگوں نے اس کو صحیح نہیں پڑھا۔ اس کا ہے: بندہ شاہ جہاں عبدالرشید دیلمی۔

عام طور پر لوگ عبدالرشید دیلمی بندہ شاہجہاں پڑھتے ہیں۔ لیکن وہ اصل میں بندہ شاہ جہاں عبدالرشید دیلمی ہے اور وہ تاریخ بھی دیتے ہیں تو وہ تاریخ سے مراد عام طور پر یہ ہے کہ اس سنہ میں وہ وہاں ہوتا تھا، جب بھی کوئی امیر یا کوئی شاہی ملازم چاہے لائبریری کی ملازمت میں ہو یا کسی اور جگہ وہ داخل ہوتا تھا تو جب اپنی مہر بناتا تھا تو وہ اس حساب سے بناتا تھا اگر بحیثیت اپنی نجی مہر یعنی پرائیوٹ آدمی کے طور پر مہر ہو، پھر تو وہ استعمال میں نہیں لاتا تھا وہ بادشاہ کی ملازمت میں آنے کے بعد مہر بناتا تھا اسمیں اگر وہ بڑا آدمی ہے یا کوئی وہ ہے تو اپنے آپ کو فدوی فلاں یا اسطرح کا لاتا تھا۔ تو وہ بھی دو تین قسمیں ہیں۔ اسمیں وہ بالعموم تقریباً بلا استثناء وہ سنہ جلوس بادشاہ کا اور ہجری سنہ دیتا تھا، تو یہ بھی مہر کی تاریخ ہے اسمیں بھی یہ دیکھا جائے گا۔ اسمیں بھی ایک آدمی کی دو دو تین تین مہریں ہوتی تھیں۔ ایک چیز اور یہ بھی ہے اور یہ مسئلہ ہے جو میں کہنے والا تھا اس کا حل فرخ جلالی صاحب جیسے جو بڑے اس میدان کے تجربہ کار ہیں وہ بھی بتائیں کہ ایک آدمی ہے جہانگیر کی ملازمت میں ہے اسوقت اس نے مہر بنوائی، جہانگیر کے بعد شاہجہاں کے دور میں جب وہ Continue رہا تو پھر وہ اپنی مہر دوسری بنائے گا عام طور پر کیونکہ وہ سنہ جلوس اسکو لکھنا پڑتا ہے تو مہریں جو سنہ جلوس ہوتا تھا اور نام یہ مہریں سجع بھی ہوتی تھی صرف نام بھی ہوتا تھا یعنی نثر میں وہ کیا ہوگا کہ عنایت خاں بندہ شاہجہاں، اگر اسکو وہ بحر میں لا سکتا ہے تو اس کا سجع بنا دے گا اعتماد خاں بندہ شاہجہاں پھر عارف کی مہریں ہیں وہ سجع ٹائپ کی ہیں۔ بندہ شاہجہاں شد محمد عارف کئی ایسی مہریں ہیں تو اسطرح کی یا معمولی نثر میں یا سجع کے طور پر ہوتی تھیں۔

ابھی جو میں نے عرض کیا وہ مکیت رائے والا جواب ہے کہ ابھی دس دن پہلے میں نے اس کا عکس

Marfat.com

دیکھا ہے لاس اینجلس سے کتاب چھپی ہے، وہ ہے مناجات حضرت علی، امیر المومنین حضرت علی لکھا ہوا ہے اور یہ شہنشاہ کشمیری مجھے خیال ہے کہ میں نے کہیں اس کا حوالہ پڑھا ہے اس کا نام آیا ہے، اس نے یہ مناجات حضرت علی کو ایک ہزار چوبیس ہجری میں ۱۰۲۴ھ، دار الخیر اجمیر میں، اجمیر کا نام دار الخیر تھا جیسے اجین کا دار الفتح تھا، اسطرح دار السلطنت وغیرہ دار الخلافت تو ہے۔

اسی طرح دار السرور برہان پور، دار الجہاد حیدر آباد۔ بہر حال اس مناجات حضرت علی پر ایک ہی آدمی کی ایسی دو مہریں ہیں آپ نے تو شاید ٹکیت رائے کی الگ الگ کتابوں کو دیکھی ہوگی تو ایک ہی کتاب پر دو مہریں ہیں ایک ہی کے دو سنہ ہوں گے کیونکہ وہ جہانگیر کے امیر کی حیثیت سے امیر ہو منصبدار ہو ملازم ہو جو بھی ہو اسکی حیثیت سے ایک مہر تھی اسکی ملکیت جتانے کے لیے کہ یہ کتاب میری محمد یوسف عرف عرج تاوجی اور پھر تاریخ دی ہے کہ تاریخ فلاں فلاں اور نیچے مہر ہے اور عام طور پر آپ یہ دیکھیں گے کہ مہریں آپ کو عبارت کے نیچے ملیں گی۔ چاہے دائیں طرف چاہے بائیں طرف، عام طور پر بائیں طرف ہوتی ہیں لیکن کبھی جگہ ہوئی نہ ہوئی اسمیں بھی بھلوگوں کو کئی مرتبہ دھوکہ ہو جاتا ہے کہ ایک ہی صفحہ پر اگر زیادہ مہریں ہوں اسطرح اسمیں اگر گنجائش نہ ہو تو تحریر سے تھوڑی الگ بھی ہو جاتی ہے۔ اس لیے یہ بھی دھوکہ میں آنے کی بات ہے اس سے کئی غلط فہمیاں ہو جاتی ہیں بہر حال محمد یوسف کی ایک مہر جہانگیر کے زمانے کی ہے اور اسکی عبارت بھی الگ ہے، ایک میں اشعار ہیں یعنی شعر ہے اور ایک میں صرف نام ہے اور دوسری شاہ جہاں کے زمانے کی اور ــــ جہانگیر کے زمانے کی جو مہر ہے وہ تو صرف اسکی ملکیت کی مہر ہے اور شاہ جہاں کی ذاتی جو مہر ہے یہ ضروری نہیں لیکن چونکہ وہ بھی اس کی ملکیت کی ہے لیکن وہ اس زمانے کی ہے جب وہ بادشاہ کو پیش کر رہا تھا تو وہ پیشکش کے طور پر اس کے نیچے جو شاہی کتابدار کی تحریر ہے اس پر مہر نہیں ہے وہ عرضدیدہ ٹائپ کی ایک تحریر ہے عرضدیدہ نہیں ہے لیکن یہ داخل کتبخانہ ہیں جیسے لکھتے ہیں ازوجوہ فلاں از بابت فلاں یہ دو لفظ عام طور پر آتے ہیں کیونکہ شاہی زمانے میں ہر ایک چیز منصبدار ہو بڑا امیر ہو، اعتماد الدولہ ہو، عبد الرحیم خانخاناں ہو اسکی جو بھی چیز ہوتی وہ ملک ہوتی تھی گورنمنٹ کی یعنی جب وہ مرے توارث کے طور پر اسکے بچوں کو نہیں جاتی تھی وہ شاہی خزانے میں پھر بادشاہ جو طے کرے اس کے مطابق ہوتا تھا آپلوگوں کو علم ہوگا، کئی لوگوں کو جنھوں نے پڑھا ہے کہ خانخاناں پر جب جہانگیر ناراض ہوا ہے تو جہانگیر نے اس کا کتبخانہ ضبط کر دیا تھا یعنی اپنے تعین میں لے لیا تھا، خانخاناں ایک کتاب بھی اسمیں سے استعمال نہیں کر سکا، ایک نسخہ ناسخہ مثنوی ہے جس پر نذیر صاحب کا مضمون

Marfat.com

ایران میں چھپا ہے۔ نسخہ ناسخہ مولانا روم کی میرے خیال میں عربی فارسی میں تو غالبًا یہ پہلی ایسی کتاب ہے جو جہانگیر، اکبر، شاہجہاں کے زمانے کی ہے، لیکن ہوسکتا ہے یوروپین زبانوں میں بھی یہ ہو جسکو ہم آج کرٹیکل ایڈیشن کہتے ہیں، یہ فرسٹ کرٹیکل ایڈیشن ہے۔ مثنوی مولانا روم کا اور یہ عبداللطیف عباسی گجراتی بہت مشہور ہے مثنوی کی جسکی شرح بھی ہے مثنوی کی لغات بھی ہے جو لطائف مثنوی کے نام سے کئی مرتبہ چھپ بھی چکی ہے اور شرح ہے تو عبداللطیف عباسی نے بھی زائد نسخے جمع کر کے مثنوی کی تصحیح کی ہے نہ صرف یہ کہ تصحیح کی ہے بلکہ اس نے ایسے کاتب رکھے تھے کہ جو اس کے تصحیح شدہ نسخے سے آپ کے پاس مثنوی کا نسخہ ہے تو کہتا تھا کہ لاؤ میں اسکی تصحیح کرادوں اور تصحیح کرا کے واپس کرتا تھا تو خانخاناں کے پاس اس نے سنا کہ مثنوی کا ایک نہایت قدیم نسخہ ہے تو اس نے ایک خط میں لکھا، ایک خط موجود ہے اس کا کہ اب سنا ہے کہ آپ کا کتبخانہ بادشاہ نے واپس دے دیا ہے، جہانگیر نے جب اسکو معاف کر دیا، تو اس کا کتابخانہ بھی اسکو واپس کر دیا۔ اب وہ نسخہ جو آپ نے مجھے وعدہ کیا تھا کہ میں دوں گا تو آپ مجھے دیجئے تو میں اپنے استعمال میں لاؤں اس کا مقابلہ کروں اگر آپ کے ہاں کاتب نہ ہوں تو میں اپنا کاتب بھیجوں جو آپ کے کتبخانے میں بیٹھ کر تصحیح کر دے تو یہ پیشکش کیا کرتے تھے تو اس وقت شاہی کتابدار لکھتا تھا از بابت فلاں ــــ تو یہ محمد یوسف جس کا میں نے ذکر کیا جہانگیر اور شاہجہاں کا تو شاہجہاں کے زمانے میں یہ مناجات حضرت علی شاہی کتبخانے میں آئی اور اس پر تاریخ بھی دی ہے شاید چھٹا سنہ جلوس ہے سنہ ۱۰۴۲ھ یا سنہ ۱۰۴۳ھ کہ یہ آج فلاں روز، اسمیں عام طور پر دن مہینہ اور سنہ یہ بالعموم دیتے تھے، اور جیسے میں نے کہا کہ جہانگیر اور اکبر کے زمانے میں عام طور پر ایرانی وہ جو Solar year ہے شمسی وہ دیتے تھے اور شاہجہاں نے چونکہ اپنے زمانے میں اسے بند کر دیا تو کچھ وقت تک چلا کچھ وقت سنہ ہجری ورنہ سنہ جلوس تو اورنگ زیب اور آخر مغل بادشاہوں تک رہا ہے تو سنہ ۶ جلوس میں غالبًا آئی تو اسکی پوری عبارت ہے اور عام طور پر ایسی عبارتوں پر وہ قیمت تو کم از کم لکھتے تھے بالعموم یعنی کبھی نہ لکھا ہو ایسا بھی ہوسکتا ہے اور کاغذ جیسے کل کسی نے کہا، اس کا چہرہ جسے کہیں کتاب کا، کتاب کے کتنے اوراق اور نسخوں میں اسکی وہ دیتے تھے بیس پچیس روپے پانچ روپے اور بروقت جب بادشاہ بدلتا تھا تو عام طور پر دوسرے بادشاہ کے وقت وہ عرضدیدے جو خاص خاص کتابیں خود بادشاہ منگوا کے دیکھتا تھا، تو کتابدار اس پر بھی لکھ دیتا تھا اور اسمیں پھر قیمت دوبارہ لکھتا تھا تو بعض جو دیوان کامران یہاں ہے اس کی آپ تحریریں اور عرضدیدے دیکھیں تو اس سے اندازہ ہوگا غالبًا ہشت اشرفی ہے یا ہشتاد اشرفی ہے غالبًا اسّی مہروں کا ہے سونے کے تو

Marfat.com

آپ دیکھیں گے کہ کامران کا دیوان جب آیا ہے غالباً پہلی مرتبہ جہانگیر کے عہد میں آیا ہے۔ اسوقت بھی قیمت یہی تھی اور جب یہ شاہجہاں اور بعد میں بھی آیا ہے تو بھی ان کا کتابدار اسکی قیمت وہی لکھ رہا ہے بہرحال یہ چیزیں ہوتی تھیں۔ یہ مناجات حضرت علی پر کم ازکم آٹھ عرضدیدے ہیں صرف یہ کہ سنہ ۱۰ جلوس میں فلاں مہینہ عرضدیدہ شد۔ سنہ ۱۴، سنہ ۱۲، سنہ ۶، سنہ ۸ جلوس عرضدیدہ شد۔ آخری دوسری، تیسری مہر جو ہے وہ تو ایک آدمی کی ہے، تیسری مہر وہ ہے جس کا میں نے کل ذکر کیا وہ محی الدین فدوی یا مرید، مرید یا فدوی نظام الملک سنہ ۱۱۴۲ھ اس پر ہے وہ مجھے یاد نہیں کہ سنہ ۱۱ جلوس اسمیں آیا ہے یا نہیں میں نے تو فوٹو اس کا دیکھا ہے چھپا ہوا۔ تو پڑھنے والے نے اسکو نظام الملک فدوی یا مرید محی الدین کیا اسکو جو غلط نتیجہ نکالا۔ تو یہ جو مہریں ہوتی تھیں امیروں کی منصبداروں کی ہوتی تھیں۔ اور اسمیں اچھا سے اچھا امیر بھی یعنی جو بعد میں مثلاً عنایت خاں ہیں اسمیں دھوکہ ہوسکتا ہے اس لیے کہ عنایت خاں نام کے شاہجہاں ہی کے دو تین امیر ہوئے ہیں۔ یکے بعد دیگرے، اب ایک عنایت خاں تو مشہور عنایت خاں ہیں ظفر خان احسن کا لڑکا، ظفر خاں احسن یہ ابوالحسن ترتبی کا لڑکا تھا، ابوالحسن ترتبی یہ اعتماد الدولہ اور شاہی خاندان سے بھی وابستہ تھا اور اس کا لڑکا ظفر خان احسن جو کشمیر کا گورنر بھی رہا ہے۔ اور جس پر عابدی صاحب کے شاگرد اور دہلی یونیورسٹی کے ایک احسن خاں صاحب نے دیوان اور سب کچھ چھاپا ہے اس کا لڑکا تھا عنایت خاں جو شاہجہاں نامہ کا مصنف بھی ہے یہ ملخص کیا ہے اس نے عبدالحمید لاہوری کا یہ عنایت خاں بھی لائبریری میں تھوڑے دن رہا، امانت خاں شیرازی جس نے تاج محل کے کتبے لکھے ہیں وہ بھی وہاں تھا بلکہ اس کو تاج محل کے کتبے لکھنے کے لیے دیا گیا ہے ان سے پہلے اسکی جو مہر ہے اس کا دوسرا جواب ہے کہ اسکی بعض مہریں عبدالحق بن قاسم شیرازی کے نام سے ہیں لوگوں کو بہت کم علم ہے کہ اس کے والد کا نام قاسم شیرازی تھا۔ البتہ قاسم شیرازی کے متعلق زیادہ معلومات ہمیں نہیں ہیں لیکن اسی زمانے میں قاسم شیرازی ایک ایران کا بڑا مشہور نقاش بھی ہے۔ اب آج تک میں طے نہیں کر پایا کہ ایا قاسم شیرازی وہی ہے، زمانہ وہی ہے، قرائن تو کہتے ہیں کہ ہوسکتا ہے کہ ہو باپ کا بیٹا بھی آرٹسٹ بنا ہو، بہرحال عبدالحق شیرازی جو ہیں جس کے کتبے تاج محل میں اس سے پہلے اکبر کے مقبرے پر جو کتبے ہیں اسی عبدالحق شیرازی کے کتبے ہیں اس نے جب ممتاز محل کے کتبے بنائے تو امانت خان کا اسکو خطاب دیا، جہانگیر نے اور وہ بھی شاہجہاں کے کتابخانے میں تھا، اسکی مہر کی کئی کتابیں ملتی ہیں ہندستان اور بیرون ہندستان کے کتب خانے میں اور اسمیں امانت خاں کے نام سے بعد میں اسکی تو وفات ہوگئی سنہ ۴۵ یا مجھے سنہ یاد نہیں۔ اس کے بعد ایک

Marfat.com

امانت خان ہیں اسکی بھی مہریں ہیں تو صرف امانت خان ہو تو یہ کرنا مشکل ہے لیکن جب سنہ ہوتا ہے اس میں اس سے اندازہ ہو جاتا ہے کہ اس زمانے میں یہ امانت خاں تھے، اچھا دوسرا ایک لفظ مہروں کے نام میں ملتا ہے۔ مرید فلاں تو مرید کے معنی اس وقت جسے آج بھی ایران میں ارادت مند کہتے ہیں مرید انگریزی میں بالکل جسے Faith fully کہتے ہیں Yours faith fully، یہ بالکل Faith ارادت، کسی میں Faith رکھنا، ہمارے یہاں پیر اور مرید کا جو تصور ہے وہ اسی لحاظ سے ہے چونکہ مرید میں اتنا اعتقاد ہو فنافی الشیخ ہو جو کچھ بھی ہو، تو مرید فلاں، فلاں مرید عالمگیر بادشاہ، تیسرا ایک لفظ ہے خانہ زاد کا کہ فلاں خانہ زاد شاہجہاں بادشاہ غازی خانہ زاد عالمگیر بادشاہ یہ عام طور پر جہانگیر کے زمانے میں تو بہت کم مہریں دیکھی ہیں میں نے، میرا خیال ہے شاید مجھے یاد نہیں ہے لیکن شاہجہاں اور بعد میں یہ خانہ زاد کا لفظ کاٹ دیا تو خانہ زاد میں بھی جو اس لفظ کا صحیح مفہوم تو سب جانتا ہے خانہ زاد کے کیا معنی ہیں لیکن اس کا صحیح Connotation کیا ہے یہ جو میں عرض کر رہا ہوں اسی کتاب میں ایک دوسری جگہ خانہ زاد کی مہر ہے اور وہاں انھوں نے اسکو کچھ اور طریقے سے لیا ہے تو خانہ زاد کے معنی یہ تھے انگریزی میں ہلوگ اسکا ترجمہ کرتے ہیں House born slave یہ اس کا لغوی ترجمہ ہے، وہ ملازم یا بندہ جو گھر میں پیدا ہوا تو مطلب اس کا یہ تھا کہ وہ آدمی جسکی پیدائش کے وقت اس کا باپ شاہی ملازم ہو وہ خانہ زاد کہلاتا تھا۔ مطلب یہ ہے کہ اگر عبدالرحیم خاں بن بیرم، عام طور پر بڑے امیروں کو ضرورت نہیں ہوتی تھی لیکن اگر وہ خانہ زاد لکھتا تو چونکہ بیرم خان بھی خاندان کا نوکر تھا اسلیے وہ خانہ زاد کہلاتا تھا اسطرح یہ اپنے آپکو فخر سمجھتے تھے جیسے حیدرآباد کے حضرات کو معلوم ہے کہ نظام اسعد جاہ صاحب کے زمانے میں بھی فخر مخدوم، خادم کہلانے کا جیسے ہوتا ہے تو خانہ زاد کہلانا بھی ایک فخر ہوتا تھا اس زمانے میں بلکہ بادشاہ خود بھی کہتا تھا کہ آپ جیسے خانہ زاد ہو کر آپ یہ کرتے ہیں اسطرح کے بھی ہمیں حوالے ملتے ہیں تو مہروں کی نوعیت میں چیزیں اور بھی ہیں۔

میرے نزدیک عرضیدوں کی اتنی اہمیت نہیں ہے مخطوطات کے مطالعے میں میرے نزدیک مخطوطات کا جو مطالعہ ہے اسکی اہمیت ہے تاریخی اہمیت ہے اور ظاہر ہے کہ وہ مخطوطہ صحیح ہے یا نہیں یہ مستند ہے یا نہیں اسکی تاریخی اہمیت کو ہم مانیں گے تو عرضیدوں کی صرف نسخے کی قدامت کے لیے وہ کافی ہوتی ہے کہ فلاں سنہ میں یہ شاہی یا امیر کے کتب خانے میں تھا، اصل چیز یہ مہریں ہیں لیکن اس

Marfat.com

سے بھی زیادہ ترقیمے ہیں۔ ترقیمہ تو کافی لوگوں نے لکھا ہے۔ میں صرف دو تین مثالیں دوں گا۔
کیمیائے سعادت کے سلسلے میں ابھی کسی نے جو ذکر کیا، آپ نے جو کہا وہ ترقیمہ نہیں تحریر ہے اور ایسی بیشمار کتابیں ملتی ہیں کہ جو ناقص الاول اور ناقص الآخر ہو، اور بعد میں کسی نے اسکو مکمل کر دیا ہو، سرورق کو ترقیمے میں شامل نہیں کیا جاسکتا، سرورق کی جو تحریر ہو اسکو ترقیمے میں جو کیا ہے اس کا کوئی تال میل نہیں ہے وہ ٹھیک ہے کہ تطابق پا جائے تطابق نہ پائے تو یہ کوئی ضروری نہیں کہ سرورق میں جو کہا وہ تحریر الگ چیز ہے ترقیمہ الگ چیز ہے۔ ترقیمہ کا سب سے بڑا Pet fall یہ ہے کہ کسی بھی مخطوطے کا اہتمام کئی جگہ ہم نے مصنف کے احوال کو، مخطوطہ کا جو اہتمام ہے اسمیں یہ لکھے گا کہ قد فرغ فلاں بن فلاں ....
سنہ ہے، ہم سمجھتے ہیں کہ یہ ترقیمہ اسکی تصنیف کا ہے۔ ملا علی قاری کی ایک شرح ہے، بعض مصنف جو ہوتے تھے وہ اپنی ہر تصنیف کے آخر میں اپنی سنہ تصنیف اسی طرح دیتے تھے کہ اس کی تمہید سے پہلے....
یہ میں نے وہ کیا فلاں سنہ میں اب اسکو ہم اگر ترقیمہ سمجھ لیں تو ہم یہ کہیں گے یہ آٹوگراف ہے تو کسی کاتب نے اسی کو نقل کر دیا اور اس نے اپنا ترقیمہ نہ لکھا تو ہم کہیں گے کہ یہ آٹوگراف ہے اور ایسی غلطیاں ہو جاتی ہیں۔
بہر حال ترقیمہ اور چیز ہے تحریر اور چیز ہے کسی مخطوطے کے آخر میں کوئی بھی تحریر ہو تو ہر تحریر ترقیمہ نہیں ترقیمہ تو صرف جہاں وہ صاف کہے کہ اس کتاب کی کتابت سے میں فلاں تاریخ کو فارغ ہوا یا کتابت میں نے فلاں تاریخ کو کی اور یہ ترقیمے کی میرے نزدیک مخطوطے کا نام بھی کئی مرتبہ اس سے ملتا ہے اس سے بہر حال گنجائش رہتی ہے غلط فہمی کی بعض مخطوطے ناقص الاول ہوں اس کا ہمیں پتہ نہیں بعض نسخے تمام ہیں اس کے نام کا ہمیں پتہ نہیں، مخطوطہ میں بھی نام نہیں ملتا اکثر جگہ وہ حمد اور نعت کے بعد وہ شروع کر دیتے ہیں اسمیں کئی جگہ ترقیمے کی مدد سے مخطوطے کا کتاب کا نام ملتا ہے لیکن اسمیں البتہ تھوڑی سی اشتباہ کی گنجائش رہ جاتی ہے۔ وہ کاتب پر ہے، عام طور پر زیادہ کاتب زیادہ باسواد نہیں ہوتا لیکن کاتب اچھے لوگ بھی ہوتے تھے اچھے اچھے لوگ ہوتے تھے۔
بہر حال پیچھے جو لکھتا ہے تو ترقیمے کی اہمیت کتاب کی Authenticity کتاب کی قدامت جتانے کے لیے ہے وہ تو مسلم ہے لیکن دوسری طرف اسکی جو تاریخی اہمیت ہے وہ بھی اہم ہے اور کئی اسکے پہلو ہیں۔
جسکی تفاصیل میں جانا نہیں چاہتا اصل میں عابدی صاحب نے کہا کہ ایسے سمینار کی تیاری ۶ مہینہ پہلے کرنی چاہیئے، ۶ مہینہ پہلے اطلاع کرنی چاہیئے ایک تو میں بیمار آدمی ہوں دوسرا میں ایک اور کام کر رہا ہوں۔ شاہجہاں کی تاریخ کے سلسلے میں تو مجھے ایک منٹ کی یہاں آنے کی بھی فرصت نہیں لیکن چونکہ یہ میرا مشغلہ

Marfat.com

دلچسپ ہے اور ہندستان میں کم لوگ ہوں گے جنھوں نے مہریں تحریریں میں جہاں بھی گیا وہاں اور ہمارے درگاہ پیر محمد شاہ میں تین ساڑھے تین ہزار مخطوطات ہیں اسکی تقریباً سب تو نہیں لیکن میں نے سینکڑوں کتابوں کی مہروں اور ترقیموں کا وہ کیا ہے۔ بہرحال میں عرض کر رہا تھا کہ ترقیمے نہایت اہم ہیں لیکن سب سے اول شرط ہر چیز میں چاہے عرضدیدہ ہو چاہے مہر ہو یا ترقیمہ ہو یا تحریر، جو صحیح چیز ہے اسکو صحیح پڑھنا، صحیح پڑھنا اگر نہ ہو تو وہ چیز غلط ہو جاتی ہے۔

میں عرض یہ کر رہا تھا کہ سب سے پہلی شرط یہ ہے کہ جو بھی چیز چاہے مہر ہو چاہے تحریر ہو چاہے ترقیمہ ہو چاہے عرضدیدہ اسکو صحیح پڑھنا، یہ سب سے پہلی شرط ہے جو بھی اس میٹریل کو ہینڈل کرے اسے یہ چاہیے، جیسے ابھی میں نے ذکر کیا لاس اینجلس کی یہ نیٹنگ کا کیٹلاگ چھپا ہے اس پر جو بھی فارسی عربی میں تحریریں ہیں ان لوگوں نے بلکہ سائمن ڈگ وی جیسے آدمی کو، فارسی کا بھی ملکہ ہے۔ انھوں نے بھی بیرم خاں کی غزل کے تین اشعار دیے ہیں تصویر پر، کیونکہ لکھنے میں پ کے تین نقطوں کی طرح "ب" اور "ری" لکھا ہوا ہے تو اس نے بیرم پڑھا لسے اور اس سے جو نتیجہ نکالا وہ الگ ہے لیکن وہ صحیح بیرم ہے تو میٹریل کو صحیح ہینڈل کرنا بھی بہت ضروری ہے۔ ایک اور مثال دیدوں کہ ایک جگہ ہے بیرم عبدالرحیم خانخاناں بن بیرم عفی عنہ اب انھوں نے عفی کو الف پڑھ کے بیرم علی کر دیا عبدالرحیم بن بیرم علی حالانکہ بیرم علی اس کا نام نہیں تھا اس کا نام تو تھا بیرم یا بیرم خاں تو جب تک آپ یہ نہ کہیں تب تک آپ یہ نہیں کر سکتے پھر ترقیموں کی اہمیت پر میں یہ کہہ رہا تھا کہ صحیح پڑھنا، یہ ترقیمہ ہے یا کتاب کا اختتام، ترقیموں کے بارے میں جو بھی نام آپ کہیں اختتام یا خاتمہ یہ غلط ہے کہ خاتمہ اور اختتام سے ابہام پیدا ہوتا ہے چاہے وہ مصنف کا اختتام ہو یا کتابت کا تو ترقیمے کا لفظ جو بھی اس کے معنی ہوں جب چلن پا گیا ہے تو جب الگ کاوفن کے معنی میں وہ استعمال ہوتا ہے تو وہ ہونا چاہیئے تو یہ کتاب کا ترقیمہ ہے یا کتاب کا خاتمہ ہے یہ سب سے پہلے طے کرنا چاہیئے، بہت کم مخطوطات ہیں جسمیں اس کی ضرورت پیش آتی ہے، انھیں میں جہاں میں نے جیسا عرض کیا کہ مصنف نے خود اپنی کتاب کے خاتمے کے طور پر اپنا نام اور تاریخ وغیرہ دیا ہے۔ کیونکہ عام طور پر ہم یہ سمجھتے ہیں کہ کتاب یا مخطوطے کے آخر میں جو تاریخ والی عبارت ہو وہ ترقیمہ ہے، یہ صحیح نہیں ہے اسلیے کہ مصنف اپنی کتاب کی تصنیف کا سال بھی تو دیتا ہے وہ بھی اسوقت دیتا ہے تو پھر سال بھی دیتا ہے۔ فلاں سال بہرحال تو ترقیمہ کی کئی قسم کی اہمیت ہے۔ دوسرا یہ ہے کہ خود شوق آدمی کا ذاتی۔ کئی لوگ لکھواتے ہیں تو ترقیمے میں ہوتا ہے کہ فلاں نے یہ لکھوایا۔ ایک احمد آباد میں نسخہ ہے مرصاد العباد مشہور فارسی کا نسخہ ہے۔

Marfat.com

وہ جہانگیر کے لیے ہے یعنی یہ دیکھئے کہ بادشاہ کو پیش کرنے کے لیے منصبدار یا ملازمت کا خواہشمند جو بادشاہی ملازمت کا خواہشمند ہوتا تھا وہ اچھی کتابیں اچھے کاتبوں سے اچھے نقاشوں سے اچھے مذہبوں سے وہ کرواتا تھا تو مرصاد العباد کا جو نسخہ ہے اس پر کئی تحریریں بھی ہیں ترقیمہ جو ہے وہ یہ ہے کہ یہ کتاب دارالسرور برہانپور میں ۱۰۱۵ یا ۱۰۲۵ جو بھی ہو، جہانگیر بادشاہ کو پیش کرنے کے لیے فلاں تاریخ کو لکھوائی گئی اور پھر اسمیں ترقیمہ یہ ہے کہ محمد مومن عرب شیرازی ۱۰۵۱ھ میں اسکے بھانجے یا بھتیجے نے یہ کتاب پیشکش کے طور پر شاہجہاں کو پیش کی اب یہ عرب شیرازی قطب شاہیوں کا بڑا مشہور خطاط رہا ہے اس کے کتبے بھی ملتے ہیں اس کی کئی کتابیں بھی ملتی ہیں یہاں ایک نسخہ ہے جہانگیر نامے کا جو میرا خیال ہے اس لحاظ سے قدیم ترین ہے اس کے بارے میں انھوں نے ہملوگوں کو سرکلیٹ کیا ہے اسمیں لکھا ہے کہ پروفیسر نورالحسن کو اسکی Authenticity میں شک ہے۔ میرے نزدیک اسمیں کوئی شک نہیں وہ تو خط ہے عرب شیرازی کا ہے یعنی وہ یہ کہہ رہا ہے کہ میں نے یہ گولکنڈہ کے سلطان محمد قطب شاہ یا اس کے کتابخانے میں لکھی اس کا خط ہے اسکی نستعلیق اتنی بہترین ہے اسکی اور کتابیں ملتی ہیں اور پھر غالباً اس پر مہر ہے قطب شاہ کی پھر اس صورت میں اسکو یہ کہنا کہ یہ Authentic نہیں ہے، میرے نزدیک صحیح نہیں ہے۔ بہرحال تو ترقیمے جو ہیں کتاب کی Authen ticity۔ کا پتہ دیتے ہیں اور اسکی تاریخی اہمیت بھی ہے اور یہ تاریخی اہمیت کئی طرح کی ہوتی ہے۔

جہاں تک روشنائی اور مخطوطات کی قدامت کا تعلق ہے تو پروفیسر محمد شفیع پرنسپل حافظ محمود خان شیرانی بہ برصغیر میں دو اشخاص ایسے تھے جو مخطوطہ دیکھ کر اس کا سنہ کہدیتے تھے شفیع صاحب کو بھی وہ تھی وہ کاغذ اور روشنائی سے کہ یہ فلاں سنہ کا ہے تو ان چیزوں کی تو رہتی ہے لیکن مہریں ترقیمے یہ جبتک Authentic ہو تو ظاہر ہے یہ سب سے زیادہ جو لکھی ہوئی چیز ہے وہ کاغذ اور روشنائی سے بھی نہیں۔ بیجاپور میں ایک صاحب تھے، ایک بانگی فیملی ہے جو ایسے مخطوطات لکھوا کر زمین میں دفن کروا دیتے تھے نکال کر پرانا نظر آئے تو بیچتے تھے یہ فلاں ہے فلاں ہے وہ فلاں، کتبے بیچے ہیں دلی میں پتھر کے کتبے بلند شہر کے ایک صاحب نے۔

(ڈاکٹر ضیاء الدین ڈسائی کے خطبے پر بحث)

ڈاکٹر انصار اللہ:

مہروں پر سنہ جلوس اور سنہ ہجری لکھا جاتا تھا لازماً ایسا نہیں ہے، کبھی ایک سنہ ہوتا ہے کبھی دونوں سنہ ہوتے ہیں یا کبھی یہ ہوتا ہے کہ محض تیسویں سنہ، کوئی بھی سنہ ہو سکتا ہے اور نہیں بھی ہو سکتا ہے اسی

Marfat.com

طرح کسی نے یہ فرمایا کہ شاہان لکھنؤ کی تمام مہروں پر شعر ہوتے تھے، یہ بالکل صحیح ہے، — حیدر سے واجد علی شاہ تک ہر ایک کی ایسی مہر ملتی ہے جسمیں ایک شعر لکھا ہوتا ہے لیکن ایسی مہریں بھی ہیں جسمیں شعر نہیں ہیں۔ دونوں شکلیں ہیں۔ بات یہ بھی آئی کہ بعض ناموں کے پتے وغیرہ، تو محض پتے نہیں ہوتے تھے بلکہ بعض وقت واقعات کی طرف اشارہ ہوتا تھا مثلاً فلاں کو یہ اعزاز ملا، اس قسم کی مہریں بھی مل جائیں گی۔

ڈاکٹر امیر حسن عابدی:

ضیاء الدین ڈسائی صاحب کی ایک بات عجیب لگی کہ پہلے زمانے میں کسی کی پروپرٹی نہیں ہوتی تھی سب کی پروپرٹی ہوتی تھی۔ جو بادشاہ ہوتے تھے دوسرے بادشاہوں کو قتل کر کے، فتح کر کے قبضہ کر لیتے تھے، میں رام پور کی بات بتا رہا ہوں کہ نواب صاحب خوش ہیں تو کچھ دے دیا جس روز ناخوش ہوئے سب کچھ لے لیا، انگریزوں کے زمانے میں ہندستان میں ایسا ہوتا تھا۔ آپ نے جو کہا کہ کسی کی پروپرٹی نہیں ہوتی تھی یہ مناسب نہیں ہے۔ رضا شاہ ایران میں جب بادشاہ ہوا تو کتنے آدمیوں کو اجڑوایا جہاں کا وہ رہنے والا تھا، کتنی زمینیں چھین لی۔

مہروں کے بارے میں یہ عرض ہے کہ ایک رئیس ہے اس نے ۱۹۵۴ء میں ایک مہر بنائی سال دو سال بعد کوئی آدمی آیا اس نے کہا یہ مہر زیادہ خوبصورت ہے وہ مہر لگا دیا تو مہر ہر سال تھوڑے ہی بناتا تھا وہ، مہر پر ۱۹۲۱ء لکھا ہوا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ ۱۹۲۱ء میں ہوا تو مہر جو بنی تو وہ پچاس سال تک چلے گی اور اس پر ۱۹۲۱ء ہی لکھا رہے گا۔

● — جلال الدین اکبر کی مہر کے سلسلے میں انھوں نے بتایا کہ اس پر جلال الدین محمد اکبر بن ہمایوں لکھا ہوا ہے اور یہ بھی کہا کہ اسطرح کا کوئی سکہ معلومات میں نہیں آیا اس لیے اسطرح کا سکہ مشکوک ہے۔ میرا ذاتی خیال ہے کہ دو سال پہلے کلکتہ میں اکبر کا ایک سکہ آیا تھا جس پر جلال الدین محمد اکبر بن ہمایوں لکھا ہوا تھا اور یہ سکہ وہاں کے ایک ڈیلر بابو لال جین کے ہاتھ آیا تھا بعد میں یہ سکہ کریفٹن یونیورسٹی کے سکریٹری نے دس ہزار روپے میں خرید لیا، یہ سکہ ابھی کینا ڈا میں ان کے ساتھ موجود ہے جس پر جلال الدین محمد اکبر بن ہمایوں کندہ ہے۔

فرخ جلالی:

شاہجہاں سے محمد شاہ کے عہد تک مغل بادشاہوں کا یہ رواج رہا تھا کہ ایک خاص منصب تک کے عہدیدار جب کبھی بھی کہیں پہنچتے تھے تو سارا مال گورنمنٹ پروپرٹی ہوتا تھا اسکی ایک فہرست بنتی تھی اس کے بعد

Marfat.com

بادشاہ اسمیں سے ایک بڑا حصّہ اسکے وارثان میں تقسیم کر دیتا تھا یہ اصول ہوتا تھا۔ اسکی تاریخی استناد میں کوئی شبہ نہیں۔

● ایک تصنیف ہے تفریح طبع جس کا سنہ تصنیف ہے ۱۲۳۲ھ اس کا ایک مخطوطہ میرے پاس ہے جس پر تین مہر لگی ہوئی ہے۔ ایک مہر ہے... صلاح الدین خاں ... محمد شاہ باشد ۱۱۴۵ھ لکھا ہے۔ کتاب تصنیف کب کی گئی، لکھی کب گئی۔ یہ پتہ نہیں اسپر مہر لگی ہوئی ہے ۱۱۴۵ھ کی۔

ترقیموں میں جعل سازی بہت کی گئی اور جعل کی گرفت آسان ہے۔ پہلے جو جعل کیے جاتے تھے اسکی مثال موجود ہے۔ غالب کی ایک کتاب پنج آہنگ کا ایک نسخہ بنارس ہندو یونیورسٹی لائبریری میں ہے جس پر لکھا ہوا ہے زمان ۱۱۴۳ھ۔ غالب پیدا بھی نہیں ہوئے تھے اس وقت جس شخص نے جعل بنایا وہ نہیں جانتا تھا کہ غالب کس زمانے کا تھا۔ اسکو ایک مخطوطہ ملا اس نے کاتب کی تحریر سے ملا کر کسی روشنائی سے لکھ دیا اگر یہ معلوم نہ ہوتا کہ غالب ۱۱۴۳ھ کے بعد پیدا ہوئے ہیں تو یہ جعل پکڑا ہی نہ جاتا اس پر غور کیا تو معلوم ہوا خط بھی مختلف ہے سیاہی بھی مختلف ہے ایک اور نسخہ بنارس ہندو یونیورسٹی لائبریری میں ہے کلیات سودا جو ناقص الآخر ہے، یہ بھی نسخے کی ایک کمی ہے یا یہ کہ اسمیں اسی قسم کا کاغذ اس پر لگا دیا ہے سلیقے کے ساتھ اور ترقیمہ ہے۔ تمت تمام شد، دیوان کلیات سودا بتاریخ ۱۵ مارچ ۱۹۱۶ء بوقت دوپہر بانجام رسید"۔ نسخہ یقیناً اس سے بہت پرانا ہے لیکن اسکو مکمل دکھانا تھا کہ یہ مکمل ہے تو ان سارے موضوعات پر علیحدہ علیحدہ سمینار کرنے اور غور کرنے کی ضرورت ہے۔

پروفیسر ابو محفوظ الکریم المعصومی:

مخطوطات کی غصبیت کے سلسلے میں عرض ہے کہ مستقل سمینار ہو اسلیے کہ مصنف کی طرف پوری کی پوری کتاب پورا کا پورا متن منسوب کر دیا جاتا ہے۔ شکوک و شبہات بھی پیدا ہوتے رہتے ہیں۔ بہت سارے محققین بھی اس اشتباہ میں ہوتے ہیں کہ وہ صحیح نسبت ہے، اس قسم کی چیزوں پر بھی غور کرنے کی ضرورت ہے جس دکان کا مخطوطہ ہو اس دکان پر حتی الامکان عبور، اور موجودہ نسل کو اس میں جوڑنا اور اسکے ساتھ بقیہ فروع پر غور و خوض کرنا کہ یہ متن مکمل طور پر یا جزوی طور پر، یا بڑا حصّہ اس کا جعلی ہو اور فلاں فلاں سے منسوب ہو فارسی عربی یہاں تک کہ اردو میں بھی اسکی مثالیں ملتی ہیں۔ ان مسئلوں پر بھی غور کرنے کی ضرورت ہے۔

Marfat.com

ڈاکٹر شریف حسین قاسمی:

یہ ایک Exploratory قسم کا سمینار ہے ہمیں پہلی مرتبہ توجہ سے ان مسائل پر سوچنے کا موقع ملا۔ کسی مخطوطے میں اگر کوئی کالوفن ہے تو ہر کالوفن ایک دوسرے سے مختلف ہوتا ہے، نئے نئے مسائل ہوتے ہیں۔ نئی نئی جستجو ہے نئی نئی اطلاعات ہیں دیکھنا یہ ہے کہ یہ کالوفن Genuine ہے یا نہیں۔ ان مسائل پر جب تک پوری ٹیم بیٹھ کر غور نہ کرے صحیح نتیجہ اخذ نہیں ہو سکتا۔

ڈاکٹر ضیاء الدین ڈسائی:

میں نے چونکہ مقالہ لکھا نہیں زبانی کہا اور کئی چیزیں ایک ساتھ کہیں اسلیے اس میں کچھ غلط فہمی ہو گئی۔ میں نے یہ نہیں کہا کہ شاہان اودھ کی صرف منظوم مہریں تھیں۔ رہا ملک کا معاملہ تو فرخ جلالی صاحب نے ٹھیک ہی کہا کہ منصبداروں کی جو بھی مہر ہوتی تھی اسمیں وہ لفظ میں نے غلط استعمال کیا یا صحیح استعمال کیا مجھے یاد نہیں لیکن منصبدار کی جو چیز ہوتی تھی وہ شاہی پروپرٹی مانی جاتی تھی ایسی بے شمار مثالیں ہیں۔ کہ جب کسی منصبدار کی دکن میں وفات ہوئی تو فلاں کو بھیجا گیا اس نے پوری فہرست بنائی اتنا ہاتھی، اتنے گھوڑے، اتنی یہ اتنی وہ، وہ فہرست بادشاہ کو بھیجی گئی انھوں نے ہاتھی رکھ کر۔ باقی چیزیں ان کے بچوں کو بخش دیں ان کے بچوں کو وہ منصب بھی دیتے تھے، سعد اللہ خان شاہجہاں کا وزیر اعظم جب مرا تو بادشاہ نے اس کے پانچ سو اونٹ ضبط کر لیے۔ یہ سنہ جلوس کے بارے میں جو آپ کہہ رہے ہیں کہ بادشاہ کے علاوہ نہیں ہے۔ مہروں پر آپ عنایت خاں کا ہی دیکھ لیجئے کسی بھی امیر کا دیکھ لیجئے کہ سنہ جلوس ہے ہر ایک کا۔ امانت خاں شیرازی کی اکثر مہروں پر سنہ عہد آپ کو ملے گا ۱۰۳۰ھ آپ نے جوسکے کے بارے میں کہا تو وہ تو جب تک دیکھیں نہیں تب تک کچھ کہنا مشکل ہے۔ میں نے ایک عام بات کہی تھی جلال الدین محمد اکبر کے بارے میں اس کے جو خط ہیں اور سب چیزیں ہیں۔

میرے نزدیک سمینار کرنے کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ ایک موضوع پر ایک Key note paper تیار کیا جائے چاہے لائبریری کی طرف سے ہو چاہے جو اس لائبریری کے ماہرین ہوں انکی طرف سے ہو اور یہ Key note paper سارے مدعوئین کو پہلے بھیجیں اور ان سے کہیں کہ ایک مقالہ اس موضوع پر آپ پیش کریں اور پھر اس پر سمینار میں بحث ہو تو ایک موضوع پر پوری چیزیں سامنے آجائیں ورنہ یہ چیز نہیں ہو پائیگی۔

ڈاکٹر عابد رضا بیدار:

میں آپ سب کا شکر گذار ہوں۔ سمینار میں کوئی بات طے نہیں ہوتی ہے۔ سمینار طے کرنے

Marfat.com

